ما شاء الله لا قوة الا بالله
بعون عنایت ایزدی [illegible] بجناب حکیم احسان علی صاحب بار دوم بعد نظر ثانی جناب ممدوح
مع ضمیمہ
قرابادین احسانی
باہتمام حاجی عفی عن المجید عبد الرحمن خان بن حاجی محمد روشن خان مغفور تربیت یافتہ خدمت در امعظم محمد مصطفی خان مرحوم
در مطبع نظامی واقع کانپور مطبوع گردید ۱۲۸۱ھ

## بسم اللہ الرحمن الرحیم

بعد حمد و سپاس اوس حکیم نعیم کے جسنے ارکان مختلف الکوائف سے نسخۂ ایجاد و تکوین کو بتراکیب گوناگون مرکب کیا
اور اجساد انسان کو مجمع قوتہاے متنوعہ و مظہر صنائع متلونہ فرمایا و نعت سرور کائنات باعث ظہور موجودات کے
کہ معجون ملت حقیقی کو اجزاے اربعۂ شریعت و طریقت و حقیقت و معرفت سے ترکیب و شربت ہدایت کو مقالات
اصحاب خلت مآب و ائمۂ کریمہ سے ترتیب دیا صلی اللہ علیہ و علی آلہ و اصحابہ و اتباعہ و سلم واضح ہو کہ جب قول مستقیم
و ہدایت حمیم حکیم حاذق مخبر صادق یعنی لِکُلِّ دَاءٍ دَوَاءٌ کی مولوی روم نے یہ شرح کی شعر گفت پیغمبر
کہ یزدانِ مجید: از پی ہر درد درمان آفرید: تب مفروض و مسنون ہونا معالجے کا باحسن الوجوہ ثابت
و اعانت و امداد ایسے امر صواب کی خالی از ثواب نہین معہذا باوجود کثرت مشاغل حصول معاش و توسل حکام
عالیمقام و تقرب عمائد ذوی الاحترام کہ اقصی ترین اسباب انتشار طبیعت سے ہی بعد تالیف طب احسانی و اوراد احسانی
بخواہش اصحاب کریم و ترغیب احباب صمیم بہت بے بضاعت مائل اسکی ہوئی کہ کوئی تحریر ایسی کیجاوے جس سے نفع عام
و یادگار مستہام رہے لہذا اتفاق تحریر اس قرابادین احسانی کا متضمن بمقدمہ و تین مقالہ و خاتمہ کے ہوتا ہے
اللہ تعالی شانہ مفید عام و نافع انام فرماوے وَاللہُ مُجِیْبُ الدُّعَاءِ وَ مُعْطِی الْمَرَامِ: اور چونکہ معرفت
مفردات کا مقدم ہو مرکبات پر لہذا دستورات اخذ و تدابیر اصلاح و تحفظ مفردات کے مقدم لکھے گئے

## مقدمہ مشتمل اوپر تین فصلون کے

**فصل اول** تمہید و ضرورت ترکیب دواؤن مین خالق تعالی شانہ نے چارون کیفیت مین ایسی ضد بنائی ہو
کہ حرارت ساتھہ برودت کے اور رطوبت ساتھہ یبوست کے جمع نہین ہو سکتی اور ان چارون کیفیت مین ایک ایک قوت
عطا فرمائی ہو حرارت و برودت مین فاعلہ رطوبت و یبوست مین منفعلہ اور بدون جمع ہونے دونو قوت فاعلہ و منفعلہ کے
کسی ایک قوت کا ظہور نہین ہو سکتا یعنی جب تک قوت منفعلہ موجود نہو قوت فاعلہ کا فعل کسکے ذریعے سے ظاہر ہو سکے
پس ہر دوا مین دو کیفیت کا موجود ہونا یقینی ہی حرارت ساتھہ رطوبت خواہ یبوست کے برودت ساتھہ
رطوبت خواہ یبوست کے اور استعمال دوا سے ان چارون کیفیت مین چار درجے نکلتے ہین یعنی استعمال سے اگر کسی کیفیت کا
اثر ظاہر نہو مگر بکثرت یا بتکرار تو درجہ اول ہی اور اگر ظاہر ہو مگر مضر افعال نہو تو درجہ دوم ہی اور اگر مضر ہو مگر حد
قتل تک نہ پہونچاوے تو درجہ سوم ہی اور اگر مضرات افعال تا بحد قتل پہونچاوے تو درجہ چہارم ہی پس یہ بات بخوبی ثابت
ہوگئی کہ ہر دوا مین دو کیفیت کسی درجے مین موجود ہین اور یہ بات عقلاً و نقلاً ثابت ہی کہ ہر مرض ایسی دوا سے جو اوسکی
ضد ہووے دفع ہوتا ہی مثلاً مرض حار رطب دوا بارد یابس سے و مرض بارد یابس دوا حار رطب سے پس لازم ہوا کہ ایک مرض
ایک ہی دوا سے دفع ہوا کرے مگر ضرورت مرکب کرنے دوا کی باسباب چند ہوتی ہی ایک یہ کہ ایسی دوا مفرد جو بمقابلہ
مرض کے کافی ہووے میسر آنہ دوسرے دوا کی بو یا مزے کی تیزی کو کم کرنا یا دفع کرنا ضرور ہو تیسرے دوا کی بو
یا مزہ متغیر کرنے کو چوتھے دوا کی قوت کو کم یا زیادہ کرنا ضرور ہو پانچوین نفوذ دوا کو تیز یا سست کرنا مناسب ہو
چھٹوین عضو خاص مین دوا کی تاثیر پہنچانا بدون ملانے دوسری دوا کے ممکن نہوئے ساتوین مرض چند عضو مین ہووے
اور ہر عضو کے لیے خاص خاص دوا ایجاد کرنا ضرور ہوا آٹھوین خود مرض مرکب ہووے اور ہر جز و مرض کے واسطے ادویہ
مفردہ کو مرکب کرنا ضرور ہووے نوین واسطے زیادہ کرنے ایام بقاے قوت دوا کے دسوین بغرض آسانی استعمال کے

**فصل دوسری** بیان اختراعات ابتداے مرکبات مین **سفوف** یعنی چورن و پھنکی سب قسم کیبون سے مقدم ہی

سفوف

کتاب الصناعات مین حکیم دیغوربدوس کا قول اسطرح پر منقول ہی کہ مخترع اوسکا بقراط شاگرد اسقلیبوس کا ہی نہ وہ
بقراط متاخر جو ہم عصر سکندر ذو القرنین کا مشہور ہی اوسکے بعد اسما جداگانہ مقرر ہوگئے باعتبار استعمال جیسا
حمول و ذرور و نفوخ یا باعتبار افعال جیسا عطوس آور پوتھی ہر سنگرہ مولفہ پرسرام بید مین منقول ہی کہ بنسلرج
نامے بید ملک اوتراکھنڈ مین پیدا ہوا تھا اوسنے ہندوستان مین اختراع چورن یعنی سفوف کا کیا تھا اوسکے بعد
جگناتھ نامے ملک کشمیر مین پیدا ہوا اوسنے فلزات یعنی دھات کو کشتہ کرکے سفوف بنایا حب یعنی گولی کتاب الصناعات مین

حب

لکھا ہی کہ مخترع حب کے اسما مین بہت اختلاف ہی بعض نے سولون جدمادری افلاطون کو لکھا ہی اور بعض نے لقمان کو

اور بعض نے جاماسب اوسکے شاگرد کو لکھا ہی اولاً اجزاے تر و تازہ سے خرد و مدور بنتی تھی اوسکے بعد اور ترکیبوان سے
اور صورتون پر مثل بنادق و شیاف و مثلث کے بزمان مختلف اختراع ہوا اور کتب ہندیہ مین مرقوم ہی کہ دھانتر بید نے
ابتدا علم بید کی ہی اولا پارے کی گولی بنائی اوسکا نام گوٹکا رکھا و فوائد عظیم دیکھے اوسکے بعد اور چیزون کی گولیان بنائین

**معجون**

**معجون** کشف الرجال مین لکھا ہی کہ سقراطس نے جسکو سقراط کہتے ہین معجون کا اختراع کیا ہی مگر بعضون نے لکھا ہی
کہ دیو جالس نے یہ ترکیب کی تھی اولا سفوف کو شہد مین ملا کر بنایا تھا اوسکے بعد اور ترکیبین ہوئین اور باعتبار قوام
و تاثیرات کے اسماے جداگانہ مثل خمیرہ و مفرح و لعوق کے ہوتا گیا اور پوتھی سربسنگرہ مین لکھا ہی کہ ہندوستان مین

**شربت**

معجون جسکو اولیہ کہتے ہین دھانتر مذکور سے شروع ہوا اوس سے قوام سخت قابل گولی کے بنایا تھا **شربت**
اکثرون کا اتفاق اسپر ہی کہ فیساغورس نے شربت کا اختراع کیا مگر شیخ الرئیس بوعلی نے لکھا ہی کہ فیساغورس نے
صرف سکنجبین کا اختراع کیا تھا شربت کو بطلیموس نے بنایا تھا اولاً ہر دوا کا پانی نچوڑ کر شیرینی کے ساتھہ
قوام کیا گیا تھا اوسکے بعد خشک دوا کے جوشاندے سے ہی بنانے لگے اور پوتھی تیکشتھائن مین لکھا ہی کہ دھرن پل
نامے بید جو ملک بھد اول مین پیدا ہوا تھا اوسنے سات قسم پر کاڑھا یعنی دوا کے جوشاندے کا اختراع کیا

**مرہم**

اوسی نے شربت بھی بنایا مگر شربت کو اقسام کاڑھا مین داخل رکھا کوئی نام مخصوص نکیا مرہم پہلے اختراع اسکا
حکیم بقراط یونانی نے کیا اور اپنی تصانیف مین لکھا ہی کہ قوت مرہم کی مدتون تک باقی رہتی ہی جسمین
روغن زیت داخل ہو اوسکی قوت کبھی ساقط نہین ہوتی اور جسمین گوند بکثرت ہو اوسکی قوت بیس برس تک رہتی ہی

**روشنائی**

**برود**

اور جسمین چربی ملی ہو اوسکی قوت ایک سال تک رہتی ہی **روشنائی** یعنی سرمۂ مقوی بصر سب سے پہلے
حکیم فیساغورس نے واسطے سلطان ارسلندون والی صقلیہ کے بنایا تھا **برود** اولاً حکیم سقیانوس نے سلطان
وقت کے لیے واسطے دفع سوزش چشم کے اجزاے بارد سے طیار کیا تھا اوسکے بعد اور اجزاے مناسب بھی مخلوط ہونے لگے

## فصل تیسری مشعر بیان امور خاص متعلقہ اس کتاب کے

**فائدہ** نسخہ مرکب مین ضرور ہی کہ اوسکا کوئی مزاج
قائم ہو یعنی کیفیات مختلف ہر ایک اجزا کی ملکر دونون کیفیت فاعلہ و منفعلہ کسی ایک ایک درجے پر قائم ہو جاوین
اور جن جن امراض کے واسطے وہ مرکب کیا گیا ہی جملہ مراعات اوس مزاج کے ساتھہ موجود ہوون مگر یہ سب باتین اوس وقت
حاصل ہوتی ہین کہ اجزا اصل ترکیب کے اعداد اور وزن مین کم و بیش نہوون اور اگر کوئی چیز میسر نہوئی ہو تو اوسی
کیفیت کی دوسری دوا شامل کی گئی ہو الا وزن اصلی ہر دوا کا قائم رہنا پر ضرور ہی ورنہ کیفیت اصلی قائم نہین ہوتی
پس ہر گاہ نسخے مین نام اوزان کا ساتھہ الفاظ غیر متعارفہ مثل اوقیہ و استار و پل و بندقہ و ترمسہ و جوزہ و دانق

وشبکر حبہ وطسوج و مثقال و درم و دانگ کے لکھا ہی و مقدار اوزان مذکور مین بھی باقوال اطبا متقدمین کے اختلاف موجود ہی
بلکہ ہر مقام کے وزن تولہ وغیرہ مختلف ہوتے ہین تب مزاج نسخہ مرکب کا کیونکر قابل تشفی و اطمینان کے درست متصور ہو سکتا ہی
بلکہ اکثر یہی امر موجب تشویش و باعث عدم ظہور تاثیرات کا ہوتا ہی لہذا اس کتاب مین اوزان سابقہ تحقیق و تطبیق کر کے
اوزان تفصیل ذیل تعین کیے گئے ہین ماشہ آٹھ رتی یعنی گھنگچی کا اور تولہ بارہ ماشے کا اور رطل چالیس تولے کا اور سیر
اسّی تولے اور من چالیس سیر کا **فائدہ** اس کتاب مین اکثر نسخجات مؤلفہ اطبا متقدمین بھی منقول ہین اگر مقابلہ
دوسری کتاب کے تجاوز اور تفاوت پایا جاوے تو سبب اوسکے یہ ہین اول اکثر قرابادینات کے نسخہا متعدد دیکھکر کے اونکی
ترکیبون کو دیکھا تو بسبب مرور دہور و کثرت نقول کے بہت تجاوز و تفاوت پایا گیا اونمین سے وہ ترکیب لکھی گئی جو چند
نقلونمین تھی اور قرین صحت کے معلوم ہوئی دوسرے جہان اقوال مختلف لکھے دیکھے تو اونمین سے ایک قول کو از روے تعقل و
قیاس خواہ تجربہ کے اختیار کیا گیا تیسرے اوزان سابقہ بہ تفتیش و احتیاط تمام باوزان متذکرہ بالا تبدیل کیے گئی ہین چوتھے جو دوا نایاب
یا ملیبات یا از قبیل غیر متعارف معلوم ہوئی یا کہ میسر آتی ہی مگر صحت اوسکی مشتبہ رہتی ہی اوسکا بدل لکھا گیا ہی خواہ کسی جزو دیگر
کا وزن ایسا قائم کیا گیا کہ اوسکی ضرورت باقی نہین ہی **فائدہ** نسخجات معروف کہ جنکے بعض اجزا ہرگز صحیح میسر نہین
آتے اور کمتر کسیکو ارادہ اونکے بنانے کا ہوتا ہی مثل تریاق فاروق و لبوب کبیر و کلکلانج کے اونکا لکھنا اس مختصر مین
مصلحت معلوم نہوا شائق کو قرابادینات سابقہ سے دیکھنا چاہیے **فائدہ** جو نسخہ مثلاً پانچ مرضونکے واسطے مفید لکھا
ہی اوسکا یہ مطلب نہین ہی کہ جب امراض متذکرہ یکجا ہون تب استعمال کیا جاوے بلکہ اونمین سے جو مرض یا امراض موجود ہون
اونکے دفع کے لیے استعمال کرنا چاہیے **فائدہ** تعداد خوراک کی اکثر نسخون مین اس غرض سے نہین لکھی ہی کہ اوسکی
مقدار برعایت حالات مریض کے طبیب خود تجویز کریگا **فائدہ** جس ترکیب مین ہلیلہ و بلیلہ و آملہ لکھا ہی اوس سے یہ مراد ہی کہ تخم نکالے
ہوے بوزن مرقوم ہون اور صرف لفظ ہلیلہ سے مراد ہلیلہ زرد ہی اور لفظ ہلیلجات و ہر سہ ہلیلہ سے مراد ہلیلہ زرد و ہلیلہ کابلی و ہلیلہ
سیاہ ہی ہر سہ ہلیلہ بوزن مساوی ملکر دوسری چیز کے ساتھ وزن مین اوسکے برابر ہون اور لفظ تریپھلا سے مراد ہلیلہ زرد و بلیلہ
و آملہ ہی کہ ان تینون سے ہر ایک کا وزن برابر ہو **فائدہ** جس ترکیب مین مویز داخل ہی اوس سے تخم برآوردہ مقصود ہی
**فائدہ** سفوف مین زنجبیل قسم میدہ و دیگر ترکیب مین زنجبیل ریشہ دار مقصود ہی **فائدہ** ریوند مطلق سے مراد ریوند چینی
ہی **فائدہ** بہمنین سے مراد بہمن سرخ و سفید ہی و تودرین سے مراد تودری سفید تودری زرد تودری سرخ
موصلین سے مراد موصلی سیاہ و موصلی سفید ہی فاقلتین سے مراد الایچی سفید و الایچی سرخ و فلفلین سے مراد فلفل دراز
و فلفل گرد یعنی پیپر و مرچ ہی و صندلین سے مراد صندل سفید و صندل سرخ ہی کہ ان سب سے ہر واحد بوزن

مرقومہ سکے ہوئے **فائدہ** جس ترکیب مین شہد داخل ہو شہد کف گرفتہ سے مراد ہو اس سے یہ ہی کہ اولاً شہد کو آگ پہ جسمین
جب اوسمین کف ظاہر ہوئے کپڑے سے چھان لیوین و بحالت گرم رہنے کے دوا کو ملاوین اور جس ترکیب مین شکر اور شہد دونو
داخل ہوئے شکر و شہد یکجا کچھ پانی ملا کر آگ پر رکھین جب شکر گھل جاوے اور شہد کا کف نمایان ہووے کپڑے مین چھان کر
قوام بنا کے دوا ملاوین **فائدہ** جس ترکیب جوشاندہ یا خیساندہ مین تخم کشوث و افتیمون داخل ہو اونکو کپڑے کی
پوٹلی مین باندھکر خیساندہ یا جوشاندہ مین ڈالکے بدون ملنے کے نچوڑ لین **فائدہ** ہموزن و مساوی الوزن سے مراد یہ ہی کہ سب
دوا کا وزن برابر ہوئے و چندان سے مراد ہی کہ سب دوا کی وزن ہوا ایسا ہی و الفاظ مین مثل سہ چندان وغیرہ کے **فائدہ**
نیرۂ مدبر یہ ہی کہ نیرہ سیاہ کو سرکے مین تر کرین اور نکال کے خشک کرین اور پھر تر کرین تین بار تک **فائدہ** بودادہ یہ ہی
کہ دوا کو کفگیر مین رکھکر آگ پر رکھین جب بو بھننے کی پیدا ہووے اور رنگ متغیر ہو جاوے علیحدہ کر لین **فائدہ** تسقیہ یہ ہی
کہ دوا خشک نیمکوفتہ کو کسی چیز کے پانی مین تر کرکے خشک کرنا و تین بار سے کم تسقیۂ کامل نہین ہو **فائدہ** شیر بسیر کی اصطلاح
یہ ہی کہ عورت بیٹا جنی ہو وہ دودھ اوسکو پلاتی ہو ایسا ہی شیر دختر ہی **فائدہ** گل حکمت یہ ہی کہ ایک کھلا آب نا رسیدہ مین
دوا رکھکے اوپر سے دیا لی نئی رکھکر آٹے سے وصل کرین اور کپڑا تر کرکے اوس سب پر لپیٹ کے مٹی لگا کے آگ مین اوقات معینہ تک
اوسکو رکھنا **فائدہ** عرق کھینچنا ہو تو دوا مین آب دریا ڈالنا بہتر ہی باقی ادویہ مین آب چاہ شیرین چاہیے الا حقنہ مین آب چاہ شور دالی

## مقالۂ اول بیان امور کلیہ متعلق ادویہ مین

**فصل اول** بیان اوقات لینے ادویہ اور مدت بقاے قوت اونکی مین عمدہ طریق یہ ہی کہ جو دوا جس مقام کی اچھی ہوتی ہو
وہین کی مستعمل کی جاوی اور دریافت کرنا اس امر کا اون کتابون سے چاہیے جسمین ادویہ مفردات کا بیان ہی یا بیان
اشخاص ہوشیار و سیاح سے اور سبب وامکان مرطوب اور نہایت گرم یا نہایت سرد اور ہوای تند اور گرد و غبار مین رکھنے سے
خراب و کم قوت و ناقص ہو جاتی ہی جاننا چاہیے کہ دوا کی تین قسم ہین جمادات و نباتات و حیوانات یا انھین تین قسم سے پیدا ہین

جمادات

**جمادات** وہ چیز ہین جنکا نہ درخت ہو نہ جاندار ہون اونکے لینے کے واسطے کوئی وقت مخصوص نہین کیا گیا اور نہ
اونکے رکھے سے تیز ہو سکتی ہی کہ یہ کسوقت اپنے مقام سے لی گئی ہی الا اگر ایام معتدل اور ایام بہار مین اپنے مقام سے
لی جاوے تو بہتر ہو لیکن خوبی اونکی یہی ہی کہ ادویہ متحجر اور منجمد کے ہر جز کا آب و تاب اور رنگ اصلی برابر اور قائم ہووے اور جو جز
سیال اور نرم ہووے اور اوسمین کوئی چیز دوسری مخلوط نہوئی ہو اوسکی قوت کبھی زائل نہین ہوتی الا خراب و ناقص ہو جاتی ہی

نباتات

اور نہایت کہنہ ہونے سے کم قوت ہو جاتی ہی **نباتات** وہ چیز ہین کہ جنکا درخت جمتا ہی اور وہ بھی دو قسم ہین
ایک وہ جسکا درخت چند سال تک رہتا ہی اور بعد شباب کے ہر سال بہار لاتا ہی دوسرا ہر سال کسی فصل مین پیدا ہوتا ہی

اور سال بھر سے زیادہ نہین رہتا الا نادر و اتفاقیہ قلیل خواہ کثیر باقی رہتے ہین اور کل نباتات کا ہر جزو سڑنے
بعد گھنے اور تغیر رنگ او رمزہ اور بو سے خراب ہو جاتا ہی اور قبل انقضاے مدت معینہ بقاے قوت کے سے قابل استعمال کے
نہین رہتا درختان قسم اول کا برگ اوسوقت لیا جاتا ہی جب بعد خزان کے پتے نکلتے ہین اور کلی جب قریب کھلنے کے ہوئی ہو
پھول جب تک درخت سے جدا نہوا ہو گے پھل خام اور پختہ دونو لیا جاتا ہی اور اپنے اپنے موقع پر مستعمل ہوتا ہی مثلاً
ببول کا پھل خام لیا جاتا ہی اور اوسی مین قوت کامل ہوتی ہی اور آملہ کا پھل رسیدہ لیا جاتا ہی خام ناقص ہی تخم
پھل پختہ کا لیا جاتا ہی چوب اور بیخ اور پوست اونکی اوسوقت لینا چاہیے جب درخت قابل بہار لانے کے ہوئے یا بہار لا کے
اور درختون سے جو چیز ہر سال پیدا ہوتی ہی یعنی پتی اور کلی اور پھول اور پھل اور تخم اونکی قوت کامل صرف ایکسال تک
رہتی ہی اور اوسکے بعد کم قوت ہو جاتے ہین اگر احتیاط سے رہے تو قابل استعمال کے رہتے ہین نہ بالکل خراب ہو جاتے ہین مگر ترکیب سے
زیادہ دنون تک قوت رہتی ہی جیسا مربی یا گلقند بنانے سے خواہ کسی ترکیب مین داخل ہو جانے سے صمغ یعنی گوند جس
قسم کے درختونمین ہوتی ہی بروقت شباب درخت کے اکثر بایام سرد خود بخود چٹاہٹ کر خارج مین جمع ہوتی ہو
اور موٹے چمڑے درخت پر زخم کر دینے سے بھی نکلتی ہی شیر یعنی دودھ رطوبت سفید رنگ ہو کہ بعض درخت زخم ہونے سے
خواہ شاخ پتلی توڑنے سے سیلان کرتی ہی اوسکے رکھنے کی چند تدبیر ہین ایک یہ کہ کسی ظرف مین یکجا کرکے خشک کی جاوے
دوسری کوئی کپڑا ترکر کے خشک کر لیا جاوے بوقت ضرورت اوسکو ترکر کے نچوڑ لیا جاوے تیسری درخت شیردار کے
پوست خشک خواہ ترکو جوش کر کے اور جنبش خوب دیکے صاف کر کے خشک کر لیا جاوے **فائدہ** جو رطوبت
خشک ہونے کے بعد ترکرنے سے لزج یا سیاہ یا سرخ ہو جاوے اوسکو صمغ اور گوند اور گاد کہتے ہین اور جو سفید
خواہ نیم رنگ اور غیر لزج ہوئے اوسکو شیر اور دودھ کہتے ہین اور قوت اونکی اصلی اوسوقت تک قائم رہتی ہو
جب تک رنگ و بو و مزہ تبدیل نہوئے درختان قسم دوم جو ہر سال خودرو یا بونے سے پیدا ہوتے ہین انکے سب
اجزا کی قوت اصلی ایکسال تک رہتی ہی اوسکے بعد قوت کم ہو جاتی ہی مگر جب تک کہ سڑے اور گھنے نہین اور رنگ و بو
وغیرہ تبدیل نہوئے قابل استعمال کے ہی برگ اوسوقت لینا چاہیے جب قریب پھولنے پھلنے کے ہوئے کلی اور پھول
اور پھل اور تخم باوقات معینہ قسم اول کے لینا چاہیے بیخ اور پوست اوسکا اور چوب اور پوست اوسکا اوسوقت
لینا چاہیے کہ جب بعد پھولنے پھلنے کے درخت قریب خشکی کے ہو جاوے **فائدہ** جن اجزا کے لینے کے اوقات
لکھے گئے اوس سے یہ غرض ہی کہ اوسوقت اون اجزا کو قوت کامل ہوتی ہی نہ یہ کہ قبل و بعد وقت کے لینے سے
لائق استعمال کے نہوئے **حیوانات** دوامین تین طرح پر مستعمل ہوتے ہین ایک بالکل مثل بیر بہوٹی اور کچوا کے دوسرا

احشا دفع کرکے شل ریگ ماہی ورسرطان کے تمیز بعض عضو کسی حیوان کا شل ملخہ ماہی اور جند بیدستر کے
جاننا چاہیے کہ حیوان جوان و قوی کے کل اجزا بہتر ہوتے ہین اور شناخت جوانی ہر حیوان کی علامات حدا گانہ
ہوتی ہی جسکی صراحت کی گنجایش ہونا اس مختصر مین غیر ممکن ہی اور قوت ہر حیوان کی اوسکی حرکت توانائی اور زور
اور فربہی اور لاغری سے دریافت ہوتی ہی اور ہر حیوان کا کل یا جزو بوقت جوانی اوسکے قابل لینے
کے ہی اور خشک کرنے اور رکھنے مین ایسی احتیاط چاہیے کہ متعفن نہو جاوے اور کیڑے پیدا نہو جاوین
اور جب تک رنگ و بو اور مزہ متغیر نہو جاوے قابل استعمال کے ہے +

**فصل دوسری** بیچ قواعد بنانے دوائے مفرد کے دوائے مفرد سے بغرض لطافت یا بقائے قوت یا جودت تاثیر

رُب

کے رُب بیخ یا چوب تازہ کو پانی مین پیس کر چھان لین اور پانی کو آگ مین پکا دین جب گاڑھا ہو جاوے
دھوپ مین خشک کر لیوین اور اگر چوب و بیخ خشک ہی تو اوسکو نیم کوفتہ کرکے پانی مین جوش کرکے مل کے صاف
کرکے پکا دین جب گاڑھا ہو جاوے خشک کر لین اور پھلون کا رُب اسطرح سے بنایا جاتا ہی کہ آب افشردہ

عصارہ

کو پکا کے خشک کر لیتے مین **عصارہ** صرف پتی اور پھول تازہ کا بن سکتا ہی اوسکو کچل کر پانی اوسکا

ست

نچوڑکر دھوپ مین خشک کر لیوین **ست** صرف لکڑی اور جڑ کا بنتا ہی اگر تر ہی تو اوسکو کچل کر اور اگر خشک
ہی تو پانی مین تر کرکے کچل کر ہاتھون سے خوب زور سے ملکر اور کپڑے مین چھان کر پانی کو کسی برتن

کھار

مین رکھین جب تہ نشین ہو جائے اور پانی نتھر جائے تب بتی لگا کے ٹپکا کر پانی کو دفع کر دیوین
اور اوسکو دھوپ مین خشک کر لیوین **کھار** یعنی نمک ہر چیز کی کھار نکالنے کا یہی قاعدہ ہی کہ اوسکو جلا کے
خاک تھوڑے پانی مین دو تین پہر تک تر رکھے اوسکے بعد ایک کپڑے سنگین مین رکھکر چارون گوشے کپڑے کے
علیحدہ علیحدہ باندھکے نیچے لٹکے اوسکے ایک برتن رکھکر اوس خاک پر پانی ڈال دیوین کھار نیچے ٹپک آوے گا
اوس پانی کو پھر خاک پر ڈال دین اسی طرح دو تین مرتبہ ٹپکا کر پانی کو ایک دیگچے مین آگ پر چڑھا دین جب ایک

دھوان

جوش آوے ٹھنڈا کرین کچھ خاک تہ نشین ہو جاوے گی اوسکو دفع کرکے پانی کو جلا دیوین کھار شل نمک کے جم جاویگا **دھوان**
جسکو کاجل بھی کہتے ہین اسکے بنانیکے تین دستور ہین ایک یہ کہ صرف دوا کو ہوا سے محفوظ رکھکے جلا دین اور اوسکے
دھوین پر ظرف گلی خام کو رکھین اوسمین دھوان جسقدر لپٹ جاوے جدا کر رکھے دوسرے دوا خشک کو سفوف کرکے
کپڑے مین بطور بتی کے لپیٹ کر چراغ مین رکھکر تیل ڈالکر جلا دین اور بدستور دھوان لیوین تیسرے دوا خشک
کو پانی مین پیسکر خواہ دوا تر کا پانی نچوڑکر اوس پانی مین کپڑا تر کرکے خشک کرین اور بتی بناکر بقاعدہ دوم دھوان

کویلہ
خاک
روغن
مروارید
صدف و مرجان
عقیق و یاقوت
و یشب
گھریا
پھٹکری
خبث الحدید
پارہ بہروزہ
گندھک
توتیا
مردار سنگ

لیتے ہیں کوئلہ جسمین اکثر سانا ہو اوسکو ریزہ ریزہ کرکے گل حکمت بناکر بھاڑ یا بھوبل مین جلاوین کہ اوسکا
دھوان اور شعلہ خارج نہو **خاک** اگر گل حکمت مین جلاوین کہ دھوان اور شعلہ اوسکا نہ نکلے اور کوئلہ زرسے
خاک ہوجاوے تو عمدہ ہی اور اگر خارج مین جلاوین تو جس چیز سے بیٹھا دین اوسکی خاک جدا کرنے مین کوشش کرین
**روغن** اکثر تخم کا روغن لیا جاتا ہی اوسکی تدبیر روغنون کے ساتھ مذکور ہوگی

**فصل تیسری** بیچ قواعد اصلاح اور تدبیر اجزاے مفردہ کے جس سے قوت اوسکی زیادہ اور سریع التاثیر اور
لطیف ہوجاتی ہی اور مضرت باقی نہین رہتی خواہ وہ مفرد استعمال ہوے خواہ داخل ترکیب کی جاوے اور سب دوائین ایسی
نہین ہین کہ بلا اصلاح کے استعمال اونکا ناجائز ہوے **اصلاح و تدبیر جمادات کی مروارید**
یعنی موتی کو گاے کے دودھ مین جوش دیوین پھر پانی سے دھوکر موتی کو کھرل مین گرین **صدف و مرجان**
**و بیخ مرجان** کو گل حکمت کرکے اسقدر آنچ دیوین کہ رنگ اونکا مائل بسفیدی ہوجاوے **عقیق و یاقوت**
**و یشب** کو اور مانند اوسکے آگ مین گرم کرکے پانی مین بوجھاوین قطع نظر اصلاح کے گھسنا بھی آسان
ہوجاتا ہی **گھریا** چاندی اور سونیکی آگ مین خوب گرم کرکے ایکبار سرکے مین اوسکے بعد ایکبار پانی مین بوجھاوین
تلن بعد گھس کر پانی ملا کر تہ نشین کرلین **پھٹکری** کو چمچہ آہنی یا مسی مین آگ پر رکھین کہ پگھل کر خشک ہوجاوے
ایضاً گل حکمت کرکے تھوڑی دیر آگ مین رکھین **خبث الحدید** کو سات مرتبہ خوب گرم کرکے سرکے مین بوجھاوین
پھر ایک ہفتے تک سرکے مین ڈوبا رکھین پھر اوسکو روغن گاو مین صلایہ کرکے پانی مین گھول دیوین جو کچھ تہ نشین ہوے
اوسے لیکر سات مرتبہ پانی کی تجدید کرین **پارہ** چالیس مرتبے سنگین کپڑے مین صاف کرلین **بہروزہ** ایک ہانڈی مین
بقدر نصف کے پانی بھرکے اوسکے مونہہ پر کپڑا جھرجھرا باندھ کے اوسپر بہروزہ رکھکے سرپوش سے بند کردین
اور ہانڈی کو آگ پر رکھین جب بہروزہ پانی کی گرمی سے ٹپک ہانڈی مین گرجاوے کپڑا مع کدورت دفع کردین اسیطرح
پانچ چار دفعہ کرین کہ قابل سفوف کے ہوجاوے **گندھک** ایک دیگچی مین بقدر نصف کے دودھ گاے کا رکھکر اوسکے
مونہہ پر کپڑا جھرجھرا باندھکر گرد اوسکے آٹا سان کر ملفوف کردین اور گندھک کو ریزہ ریزہ کرکے کپڑے پر رکھین
اور اوسپر اولٹا توا اسطرح رکھین کہ گندھک سے ملا رہے توے پر آگ کوئلے کی رکھین کہ گندھک پگھل کر دودھ مین ٹپکے
پھر گندھک کو لیکر رطوبت اوسکی دوسرے کپڑے مین جذب کرڈالین **توتیا** کو باریک گھس کے پانی سے ٹکیہ بنا کے
آگ پر رکھین کہ خشک ہوجاوے **ایضاً** توتیا کو پانی مین صلایہ کرکے گھول دین اور تہ نشین کو لیوین سات بار
تجدید پانی کی کرین **مردار سنگ** کو رگڑ کر پانی مین ملاوین اور تین روز تک کسی برتن مین کھارے سے بہرون

دو تین بار جنبش کر دیا کرین پھر پانی کو دفع کرکے تہ نشین مین پانی جدید ملا کے رکھین جب تہ نشین ہو جاوے
پانی نتھا کے صاف کر لین ہرتال کو ریزہ ریزہ کرکے ایک کوزے مین رکھکر دیا سے اوسکا مونہہ آٹا لگا کے بند کرین
اور ایک سوراخ دیا مین کرکے خفیف آگ پر رکھین جب تک دھوان سیاہ نکلے سلگاتے رہین جب دھوان سفید
نکلنے لگے اوتار لیوین سنگ سرمہ کو روئی مین لپیٹ کر جلا دین جب دھوان نکلنا موقوف ہووے صاف کر لین
ایضاً چربی گوسفند لپیٹ کر آگ مین رکھین جب چربی جل جاوے سرمہ سرخ ہو جاوے نکال کر شیر پسر مین خواہ شیر گاو مین
سرد کر لین ایضاً کھرل کرکے پانی مین گھول کر تہ نشین کو خشک کر لین نمک ایک دیگچی مین رکھکر سرپوش بند کرکے
آگ پر رکھین جب تک اوسکا چٹکنا موقوف ہووے سجی کو ریزہ ریزہ کرکے ایک مٹی کی سفالی مین آگ پر رکھین
بعدہ کہ رنگت اوسکی تبدیل ہو جاوے سنگ بصری کو آگ مین سرخ کرکے چند بار گلاب یا آب جغرات یا آب برگ
یا عرق لیمون مین سرد کرین چونہ و مٹی کو پانی مین گھول چھان کے رکھہ لین و تہ نشین کو پانی سے جدا کرکے
خشک کرلین **اصلاح و تدبیر نباتات** افیون کو ریزہ ریزہ کرکے پانی خواہ گلاب مین
چار پہر تک کے آگ پر رکھین و خوب ملین کہ حل ہو جاوے پھر چھان کر ثفل دفع کرکے پانی پکا لین کہ قابل گولی
باندھنے کے ہو جاوے اگر شراب انگوری بقدر نصف کے ملا کے پکاوین زیادہ خوش کیفیت و خالی مضرت سے
ہو جاوے و افیون بہتر وہی کہ پانی مین جلد گھلے اور آگ مین مشتعل ہو و آفتاب مین پگھل جاوے و بوے تند ہووے
اندراق یعنی گوچلہ تین روز تک پانی مین تر رکھین و ہر روز پانی تبدیل کیا کرین بعدہ شیر گاو مین
جوش دیکر پوست دفع کرکے باریک ناخنہ چاقو سے تراش کرکے خشک کرین ایلوہ کو سیب یا بہی یا شلجم
یا گذر مین رکھکر کپڑا لپیٹ کر آٹا لگا کے آگ مین ڈال دیوین ایک لحظہ کے بعد کہ گرمی ایلوہ تک پہونچ گئی ہو نکال کر
خشک کر لیوین بلادر یعنی بھلانوان دو پتھر یا کرچھے گرم مین دو پارہ کرکے دباوین جو شہد سا نکلے اوسکو چھری
جدا کر لین و اگر مع چرم استعمال کرین تو کچھ خواہ مغز اخروٹ کے ساتھہ کوٹین و ملاوین بھنگ یعنی بھانگ
جسکو قنب کہتے ہین گرد و غبار سے صاف کرکے آب برگ دو دفعہ آب نخود مین ملکر خشک کرین بعدہ روغن گاو
ملکے کورے ٹھیکرے مین آگ پر بریان کرین کہ جلنے نپاوے تربد پوست اوپر کا و مغز اندر کا دفع کرین چشخام
یعنی چاکسو پوٹلی مین باندھ کر پا دیان خواہ مونگ کی دال خواہ سرگین خر مین جوش دیکر پوست اوسکا دفع
کردین حب النیل جسکو کالا دانہ کہتے ہین کچھ دیر تک آگ پر رکھین کہ رنگ و بو تبدیل ہو جاوے
حب السلاطین یعنی جمال گوٹہ ایک پوٹلی مین رکھکے پہلے گدھے کی لید مین پانی ملا کر جوش دیوین یا دسکے بعد

ہرتال
سنگ سرمہ
نمک
سجی
سنگ بصری
چونہ و مٹی
افیون
اندراقی
ایلوہ
بلادر
بھنگ
تربد چشخام
حب النیل
حب السلاطین

وہی مین جوش دیوین پھر چھیل کر دو بار جو کر کے بیچ کا جسم ناخن سانکال ڈالین **روغن** ہر قسم کو آب سرد مین
ملا کر پانی سے جدا کر لیوین **عفص** یعنی مازو روغن گاو مین اسقدر بریان کرین کہ شق ہو جاوے سوختہ نہووے
**عنصل** دو قسم کا ہی ایک پر مغز وہ خوردنی نہین ہی دوسرا تو یہ کھایا جاتا ہی اوسپر آٹا سان کر لپیٹین
و خاک گرم مین مدفون کرین کہ آٹا پک جاوے گرمی اوس تک پہونچے پھر آٹے کو وضع کر کے استعمال کرین **غاریقون**
مین ریشہ ہای سخت درمیان مین ہوتے ہین وہ ناقص ہین اوسکا استعمال ممنوع ہی لہذا اوسکے نکالنے کی تدبیر یہ ہی
کہ غاریقون کو مل کر کے موٹے کپڑے مو بلہ خواہ گزینہ مین چھانین کہ ریشے علحدہ ہو جاوین **گوکھرو** کلان
و خرد کو شیر گاو تازہ مین تر کر کے خشک کر لیوین **لک** یعنی لاکھہ پانی مین جوش دیکر جو تہ نشین ہو جاوے
لے لین پانی وضع کر کے مکرر سہ کرر ایسا ہی کرین **ہلیلہ سیاہ** روغن گاو مین بریان کرین کہ پھول کر رنگ
اوسکا مائل بسرخی ہو جاوے **تدبیر و اصلاح حیوانات مین** **ابریشم** کو صاف کر کے کسی برتن مین
آگ پر رکھین کہ گرمی خفیف ہی پہنچنے سے کرخت قابل سفوف کرنیکے ہو جاوے **بال** کو صابون سے صاف کر کے
ایک برتن مین آگ پر رکھین کہ اوسمین آجاوے مگر سوختہ نہووے **پوست بیضہ** دو روز نمک و پانی مین
تر کر کے پوست اندرونی و آلایش سے صاف کر کے گل حکمت مین جلاوین **سرطان** اطراف و احشا دفع کر کے
گل حکمت کر کے تنور خواہ بھاڑ مین اسقدر عرصے تک رکھین کہ خشک و مائل بسفیدی قابل گھسنے کے ہو جاوے
جلکر کویلا نہو جاوے واضح ہو کہ سرطان مادہ بہتر ہی نر سے اور علامت اوسکی یہ ہو کہ پیٹھہ پر سوزن لگاوین
اگر رطوبت سفید نکلے تو مادہ ہی **شاخ گوزن** و اور شیا مثل اوسکے گل حکمت مین جلانا چاہیے مگر معالجات خارجی مین
حاجت جلانیکی نہین ہی **عقرب** نر بہتر ہی مادہ سے اور شناخت نر کی یہ ہی کہ وہ بلا پتلا ہوتا ہی گل حکمت کر کے
اسقدر آنچ مین رکھین کہ کویلا نہو جاوے اور جب خاک کرنا منظور رہوے تو اوسقدر آنچ دیوین کہ خاکستر ہو جاوے
**موم** آگ پر پگھلا کر سرد پانی مین جسمین نمک گھولا ہو ٹپکاوین اور ایک لکڑی سے پانی و موم کو جنبش دیتے
جائین کہ کدورت تہ نشین ہو جائیگی موم صاف اوپر آئیگا اور اگر چند بار ایسا ہی کرین تو زیادہ صاف ہو جاوے

**فصل چوتھی قواعد بنانے ایسے ادویہ کے جسکی کیفیت صالحہ سریع الزوال ہو** **قاعدہ خیساندہ بنانے کا**
جسکو نقوع کہتے ہین دوائین جو پھول و پتی ہون بدستور اور جو بیج و چوب و تخم ہو اوسکو نیمکوب کر کے نیم گرم
پانی مین تر کر کے اوسکا زلال لیکر خواہ خفیف ملکر چھان لیوین **قاعدہ جوشاندہ بنانے کا** جسکو مطبوخ و طبیخ
و مغلی بھی کہتے ہین جو اون کو خیساندہ کے دستور سے پانی مین تر کر کے پکاوین جب بقدر مناسب پانی جل جاوے

روغن
عفص
عنصل
غاریقون
گوکھرو
لک
ہلیلہ سیاہ
ابریشم
بال
پوست بیضہ
سرطان
شاخ گوزن
عقرب
موم

زلال اوسکا خواہ خفیف ملکر چھان لیوین **قاعدہ** شیرہ بنانے کا دواؤن کو پانی کے ساتھ پیسکر چھان
لیوین اور اگر شیرہ مغز ہاے تخم روغن دار کا ہو تو احتیاط چاہیے کہ روغن اوسکا صافی مین جذب نہو جاوے و مغز ہاے
مقشر کو صرف گھسنا خوب کافی ہو **قاعدہ** آب مروق کا دوا کی تازہ پتی کو حل کرکے پانی نچوڑ لین اور ایک پیالے مین
آگ پر رکھین جب گرم ہوکے پھٹ جاوے صافی سے پانی چھان لیوین **قاعدہ** ماء القرع کا چھوٹی لوکی پر
کپڑا تر لپیٹ کر اوسپر مٹی لگاوین اور خشک کرکے گلخن یا خاکستر گرم مین ایسا مدفون کرین کہ سوختہ نہو جاوے
پھر نکال کر مٹی و کپڑا دفع کرکے سرد کرین اور صافی سے پانی نچوڑ لیوین **قاعدہ** ماء الخیار و ماء التربز
و امثال اونکے مثل ماء القرع کے ہو **قاعدہ** ماء البقول کا مثل آب مروق کے ہی **قاعدہ** ماء الاصول یہ ہی
کہ دواؤن کی جڑ مثل بیخ کاسنی و بیخ بادیان کے نیمکوب کرکے بست چند پانی مین شب کو تر رکھین صبح کو
خفیف آنچ مین جوش دیوین جب چہارم حصہ پانی باقی رہے سرد کرکے سنگین کپڑے مین چھان کر بوتل
یا شیشے مین رکھ لین اور اوس پانی جوشاندہ سے بقدر ضرورت استعمال کرین جب تک اوس پانی کی
کیفیت تبدیل نہو اور اگر ہر روز جدید بنایا کرین تو اولی ہو **قاعدہ** ماء البزور مثل ماء الاصول کے ہی **قاعدہ**
آب گوشت کہ کم طاقت آدمی کو غذا و دوا ہی دو طریق ہی ایک یہ کہ صرف گوشت کو پوٹلی الایچی و کشنیز کی و نمک
ڈالکر جوش کرین جب گوشت گھل جاوے پانی لیکر روغن زرد سے خوشبو یعنی بگھار لیوین اسکو آب یخنی کہتے ہین
دوسرا یہ کہ گوشت مین اور مصالح معمولی و نمک ملاکے پکاوین جب گھل جاوے وہی و غیرہ ڈالکر بھونین جب
خوشبو ہو جاوے تب پانی ڈالکر دو تین جوش دیکے پانی لیکر استعمال کرین اسکو مرق و شوربا کہتے ہین

## فصل پانچوین

دستورات بنانے ایسے ادویہ کے جنکی ماہیت و کیفیت دیر تک قائم و باقی رہتی ہی دستور

انوشدارو

بنانے انوشدارو کا اگر آملہ پختہ و تر و تازہ ہو وزن کرکے پانی مین پکاکر خوب ملکر تخم اوسکے علحدہ کرین اور
جھرجھرے کپڑے مین چھانین کہ سواے ریشے کے جرم آملہ نکل آوے تب تخم و ریشہ کو وزن کرکے وزن جرم آملہ کا
معلوم کرین اور دو چند جرم آملہ کے شیرینی ملاکے قوام پختہ کرین اور بحالت گرمی قوام کے دوسرے اجزا کا سفوف مخلوط
کرین اور اگر آملہ خشک ہوے تو تخم اوسکے دفع کرکے وزن کرین اور آملہ کو دھو ڈالین کہ آلودگی سے صاف ہو جاوے
تب اسقدر شیر گاو مین تر کرین کہ آملہ ڈوب جاوے بعد چار پہر زیادہ پانی ڈالکے جوش دیوین کہ عفونت آملہ کی
و دسومت دودھ کی نکل جاوے پھر دوسرے پانی مین جوش دیکر بدستور مقدم الذکر طیار کرین دستور بنانے

گلقند

گلقند کا گلقند ترتیب دیا جاتا ہی پھول تازہ سے جسکا زیرہ اور سبزی دفع کی گئی ہو اور شکر سفید یا سرخ

یا نبات یا قند سفوف کردہ یا شہد خالص سے ملکر اور شیرینی ہم وزن پھول سے دو نیم چند تک اولی او چہار چند تک
جاسکتی ہی زیادتی شیرینی سے علی الترتیب قوت کم ہوتی جاتی ہی اور شہد کے ساتھ بنانے سے قوت مسہلہ وملینہ و اخراج
فضلات اعضاے تنفس کی زیادہ ہوجاتی ہی اور گلقند دو قسم ہی ایک آفتابی دوسرا آبی اول مین تلیین زیادہ ہی
دوسرے مین تبرید و ترطیب زیادہ ہی قسم اول پھول اور شیرینی کو مل کردو ہفتے تک دھوپ مین رکھین اور اس
اثنا مین دو تین بار خفیف مالش کردین قسم دوم پھول اور شیرینی ملکر ایک ظرف مین کہ چہارم اوسکا خالی رہے
رکھکر ظرف کو سربستہ کرکے تین ہفتے تک تابکلو پانی مین ڈوبا رکھین **فائدہ** اگر پھول تازہ میسر نہو پھول
خشک کو تھوڑے عرق گلاب خواہ پانی مین کچھ دیر تک ترکرین تب شیرینی مین ملاوین دستور بنانے مربا کا

**رب میوہ جات**

چونکہ ہر مربا کے بنانے کا طریق جداگانہ ہی لہذا اوسی کے ساتھ لکھا جائیگا دستور بنانے رب میوہ جات کا یہ ہی میوہ جات
آبدار مثل لیموں و سنترہ و انار وغیرہ کے زیرہ یا دانہ صاف کرکے اوسکا پانی ملکر نچوڑ لیوین اور اوس پانی کو چہارم وزن
شیرینی ملاکے پکاوین جب خوب گاڑھا ہوجاوے رکھ لیوین اور میوہ جات کا آب جوشاندہ یا خیساندہ لیکر چہارم وزن

**شراب مکیف**

سے شیرینی ملاکر قوام گاڑھا کرلیوین دستور بنانے شراب مکیف کا یہ ہی کہ آب افشردہ میوہ آبدار مثل سنترہ
وغیرہ کو کپڑے مین چھان کر سولھوان حصہ شیرینی ملاکے پکاوین جب چہارم حصہ عرق جل جاوے اوسکو دھوپ مین

**شربت میوہ جات آبدار**

رکھین جب اوسمین ترشی ظاہر ہووے تب استعمال کرین کیف خفیف ہوتا ہی دستور بنانے شربت میوہ جات آبدار کا یہ ہی
کہ پانی میوہ جات کا جس طرح اوپر لکھا ہی نکال کر دو نیم چند اوسکے شیرینی مناسب ملاکر قوام کرلیوین علامت
پختہ ہوجانے قوام کی یہ ہی کہ ایک دو قطرہ قوام کا علحدہ رکھکے انگلی سے اوٹھاوین جب اوسمین دو تین تار لانبے نکلین تب

**شربت اجزاے خشک**

پختہ ہی دستور بنانے شربت اجزاے خشک کا یہ ہی کہ بقاعدے خیساندہ دواؤن کو ترکرکے جوش دیوین جب سوم
حصہ پانی باقی رہے خفیف ملکر چھان لیوین اور شیرینی مناسب ملاکے قوام پکالیوین دستور بنانے شربت اون

**شربت مثل آلو وعناب**

میوہ جات کا جسکا پانی نچوڑنے سے جدا نہین ہوتا یہ ہی کہ اگر میوہ جات ترش ہین مثل آلو و تمر ہندی تو اوسکے
آب خیساندہ مین شیرینی ملاکے قوام کرین اور اگر میوہ شیرین ہو مثل عناب و انجیر کے تو آب جوشاندہ اوسکے مین شیرینی

**معجون**

ملاکے قوام کرین دستور بنانے معجون کا یہ ہی کہ اگر سب اجزا اوسکے سفوف کے لائق ہون تو سفوف کرکے
شیرینی کے قوام مین کہ گرم ہووے خوب مخلوط کرین اور اگر کچھ اجزا قابل جوشاندے کے ہون تو بقاعدہ خیساندہ اوسکے
آب جوشاندہ مین شیرینی ملاکے قوام بناوین اور اوسمین سفوف مخلوط کرین اور اگر کچھ شیرہ جات ملانا ہووے تو شیرہ جات کو

**اطریفلات**

قوام مین مخلوط کرنے کے بعد ایک جوش کے سفوف ملاوین دستور اطریفلات بنانے کا یہ ہی کہ ہلیلجات کے سفوف کو

کسی روغن مناسب کے ساتھ چرب کرکے مخلوط کرین کہ اس سے قوت اوسکی دیر تک رہتی ہی اور قوام نرم رہتا ہو دستور

**مفرح وخمیرہ یاقوتی**

مفرح وخمیرہ کا مثل دستور معجون کے ہو دستور بنانے یاقوتی کا مثل دستور معجون کے ہی الا سفوف حجریات کو قبل ملانے

سفوف دیگر اجزا کے قوام مین بخوبی مخلوط کرنا چاہیے کہ تمام قوام مین ملجاوے ایسا ہی اوراق طلا و نقرہ بھی قبل سفوف کے

**سفوف حجریات**

ملانا بہتر ہی کہ تمام قوام مین شکستہ ہوکے ملجاوین دستور سفوف حجریات کا یہ ہی کہ یاقوت وغیرہ کو بعد اصلاح کے

باریک کرکے عرق مناسب کے ساتھ پانچ روز تک کھرل کرکے اجزاے دیگر مثل عنبر ومشک وغیرہ اگر ملانا ہووے ملاکے ایک روز

اور کھرل کرین اور خشک کرین ان بعد اگر جلد طیار کرنا ہووے سرمہ سا کرکے نا ورنہ گولیان بنا رکھین بوقت ضرورت

**لعوق**

سرمہ سا کرکے بناوین کیونکہ سفوف رکھنے سے قوت اونکی کمتر ہو جاتی ہی دستور بنانے لعوق یعنی چٹنی کا جسکو

لعوق (چٹنی)

لعوق
لعوق

معلتجشا بھی کہتے ہین یہ ہی کہ شربت سے گاڑھا اور معجون سے پتلا ہووے تاکہ زبان سے بتدریج فرو ہووے اور چونکہ تاثیر اوسکی

خوردنی ونوشیدنی کی بذریعہ استحالہ معدیہ کے اعضاے متنفس کو بتوقف پہونچتی ہی لہذا اطبا نے یہ ترکیب اختراع کی

**جوارش**

کہ مرور مجرا سے تاثیر جلد پہونچے دستور بنانے جوارش کا مثل معجون کے ہی مگر سفوف اوسکا جریش یعنی دردرا

**لبوب**

ہووے تاکہ معدے مین قیام پاوے دستور بنانے لبوب کا ابتداءً اختراع اس وضع پر تھا کہ بعض تخم کے مغز کا شیرہ نکال کر

شہد کے ساتھ قوام کرتے تھے ازان بعد معجون مین لبوب داخل کرنے لگے اب کبھی شیرہ کبھی تراشہ کبھی نیکوفتہ مخلوط کرتے

**عرق ماء اللحم**

ہین دستور عرق ماء اللحم کا چونکہ قوت گوشت کی لینا بطور عرق کے مقصود ہی وگوشت خام کا عرق بابو ہوتا ہی

واگر علحدہ بریان کرتے ہین تو قوت وغذائیت اوسکی اولا نکل جاتی ہی لہذا چاہیے کہ پہلے بطور یخنی کے ظرف سربستہ مین

پکاوین جب پختہ ہو جاوے ویسا ہی سربستہ سرد کرکے مفرد یا دوسرے اجزا مین بطبق گوشت کا شامل کرکے عرق کھینچین

**شراب منشی**

دستور بنانے شراب منشی قندی کا یہ ہی کہ قند سیاہ وپوست تازہ درخت ببول وپوست تازہ درخت کنار

کمر انکا کرکے سب کو خم مین ڈالکر بقدر مناسب پانی ڈالین اور بدون گلیکان کے لہن معقول نہین اوٹھتا لہذا دہم حصہ

قند سیاہ کا میوہ خشک ایک تھیلی پارچہ مین بہت ڈھیلا باندھ کر خم مین چھوڑین اور اگر میوہ جات مثل کشمش

ومویز کے ملانا ہووے تو اوسے بھی خم مین ڈالین جب لہن اوٹھے تو تھیلی میوے کی جدا کرکے بدستور عرق کھینچین

واگر چاہین کہ نشا زیادہ ہووے تو بزر البنج وبھانگ وتخم دھتورا وپوست خشخاش بقدر مناسب ایک شبانہ روز

تر کرکے بروقت کشیدگی لہن مین ملاوین ایسا ہی جو اجزاے مقوی وغیرہ ملانا ہووے ایک شبانہ روز بقاعدہ خیساندہ کرکے

بروقت کشیدگی لہن مین ملاوین کسواسطے کہ ایسے اجزا خم مین ڈالنے سے لہن خراب ہوتا ہی اور ان اجزا کی بھی کیفیت وتاثیر خراب

ہو جاتی ہی اور اگر آب گوشت ملانا ہووے تو بقاعدہ آب یخنی بروقت کشیدگی ملاوین اگر دودھ ملانا ہووے تو شیر گاو خام

**در بهره**

و تازه بزوری فت کشید گی لهن مین ڈالین دستور بنانے دربهره کا کہ منشی ہوتا ہی یہ ہی کہ سب اجزا کو ایک ظرف
مٹی کا گلی مین بہگوکر پانی ڈالین و نصف ظرف خالی رکھین و ظرف کو لید اسپ مین ایسا مدفون کرین کہ مونهہ ظرف کا
کھولنا و بند کرنا سکین اور قریب دفن کرنیکے تین چار روز تک لکڑی سے دوا کو حرکت دیوین بعد ازان نگران رہین
جب دوا جوش مار کے خود بخود جوش فرو ہو جائے تب بدون ملنے اور جنبش کے پارچہ سنگین سے چھانکر ظروف شیشہ

**نبیذ**

یا چینی مین رکھین دستور بنانے نبیذ کا کہ منشی ہوتا ہی یہ ہی کہ چند اجزا کو خیسانده کرکے جوش دین جب
نصف پانی جلجاوے تب دوسرے اجزا ملاکے بجنسہ ایسے ظرف گلی مین ڈالکر دهوپ مین رکھین کہ نصف ظرف خالی رہے
دو چار بار لکڑی سے دوا کو جنبش دیا کرین بعد ازان نگران رہین کہ جب جوش مارکے جوش فرو ہو جاوے تب پارچہ

**گولی**

سنگین مین بلا جنبش و مالش کے چھانکر ظرف چینی یا شیشے مین رکھہ لیوین دستور بنانے گولی کا یہ ہی کہ جو گولی
واسطے ہضم و اشتہا طعام و دیگر امراض معدہ کے ہو اجزا اوسکے نہایت باریک نہون کہ معدہ مین کچھہ دیر تک ٹھیرین

**قرص**

باقی گولی کے اجزا نہایت باریک و سرمہ سا ہون کہ جلد مستحیل ہو جاوین دستور بنانے قرص کا مثل دستور گولی کے ہی د

**شیاف عرق تیزاب**

دستور بنانے شیاف کا یہ ہی کہ ایک طرف موٹی ہو جدہر سے رکھی جاوے دستور عرق تیزاب کھینچنے کا دواؤن کو نیمکوب
کرکے ایک گھڑے مین رکھین اور اوسکے مونہہ پر ایک ہانڈی منہ نہر گرد کر دونونکا مونہہ آٹے سے وصل کرکے چولہے پر
گھڑے کو منحرف یعنی ترچھا رکھکر آنچ کرین اور ہانڈیکو ایسی چیز پر رکھین کہ وہ بھی مثل چولہے کے ہووے اور ہانڈی کی
کمر مین ایک سوراخ کرکے بال کی بتی لگاکے پیالہ چینی خواه شیشہ وغیرہ اوسکے مقابل رکھین کہ اوسی مین عرق ٹپکے

**روغن موم روغن بہروزه**

دستور روغن موم اور روغن بہروزه کا بھی ایسا ہی ہی مگر بجاے ہانڈی گھڑا وصل کرنا چاہیے اور بجاے منحرف کے
برابر رکھنا چاہیے اور موم کے ساتھہ سوم حصہ نمک سانبھر موم کے نیچے رکھنا چاہیے اور بہروزے کے ساتھہ نصف اوسکی

**روغن پهولونکا**

ریگ بختہ اوسکے نیچے رکھنا چاہیے دستور بنانے روغن پهولون کا چند طرح پر ہی ایک یہ کہ پهول تازہ مصفی
چار جز روغن کنجد سفید پانچ جز مین ڈالکر آفتاب مین رکھین جب بعد متعفن ہونیکے بوے اصلی پیدا ہووے تب
پھولون کو ملکر روغن صاف کرلین اور اوسمین تین جز اور پهول تازہ ملاکے ویسا ہی آفتاب مین رکھکے صاف
کرکے پھر دو جز پهول تازه ملاکے ویسا ہی آفتاب مین رکھکر صاف کر رکھین دوسری یک نیم جند پهول تازه مصفی
خواہ ہم وزن روغن مذکور کے ملاکر آفتاب مین رکھین اور بعد متعفن ہونیکے جب رطوبت پهولون کی باقی نرہے
خوب ملکر روغن کو صاف کرلیوین اور اگر اثر رطوبت کا معلوم ہووے تو آفتاب مین رکھکر فنا کر دین تیسری پهول
تازه کا شیره نکال کر یک نیم وزن شیرہ کے روغن مذکور ملاکے پکاوین جب شیرہ جل جاوے روغن صاف کرلین

چوتھی پھول خشک کا جوشاندہ بناکے آب جوشاندہ مین و چندان پھول کا روغن مذکور ملاکے جوش دین جب
اثر پانی کا نکلجاوے روغن صاف کرلین فائدہ روغن کی قوت پھولون کی قلت اور کثرت سے متعلق ہو مگر تدبیر
اول مخصوص گلاب کے پھول سے ہو اور تدبیر اول و دوم مین اگر کسی قدر پھول جدید بعد انجام تدبیر کے ممزوج کرکے
جائین اور رطوبت اونکی آفتاب مین فنا کیجاوے تو اولی و عمدہ ہو دستور بنانے روغن برگ و بیخ و چوب تر و تازہ

روغن برگ و بیخ تر

و تخمہاے کم روغن کا بتدبیر سوم پھولونکے ہو مگر تھوڑا پانی ملاکے شیرہ نکالنا چاہیے کہ اثر اوسکا بخوبی نکلے دستور
بنانے روغن برگ و بیخ و چوب خشک کا بتدبیر چہارم پھولونکے ہو فائدہ چوب و بیخ دار و تخم کم روغن کا تیل بطور

روغن برگ و بیخ خشک

ڈول جنتر کے بھی نکالا جاتا ہو دستور نکالنے روغن اون تخمون کا جسمین دہنیت زیادہ ہو مثل بادام و چلغوزہ کے

روغن مثل بادام وغیرہ

چند طرح پر ہو ایک یہ کہ اگر تخم زیادہ ہو تو کولھو مین پیلکر نکالتے ہین دوسری مغز تخم کو خوب کوٹ کر پانی مین پکاتے ہین
روغن بالاے آب و فضلہ تہ آب ہو جاتا ہو سرد کرکے روغن کو جدا کرلیتے ہین تیسری مغز تخم کو کوٹ کر تھوڑی
نبات سفید ملاکے اندک پانی مخلوط کرکے نیمگرم نچوڑتے ہین روغن ٹپک آتا ہو چوتھی مغز کوفتہ مین قدرے نبات سفید
و تھوڑا پانی ملاکے ایک کنارے طشت کے رکھکے اوسکے نیچے آگ رکھدیتے ہین اوسکی گرمی سے روغن طشت کے
دوسرے کنارے کی طرف جو نیچا رہتا ہو سیلان کرتا ہو دستور سب قسم کے انڈے کے تیل کا چند طریق ہو ایک یہ

روغن بیضہا

کہ انڈے کو جوش کرکے زردی اوسکی جدا کرلین اور سب زردیون کو ہاتھ سے خوب ملکر فی زردی کلان ایک ماشہ نوشادر
معدنی و خورد مین کم اوس سے سفوف کرکے ملاوین اور اوسکو ایک شیشے خواہ بوتل مین بھرکے اوسپر گل حکمت کرین
اور مونہہ مین سیکین لگاوین اور ایک ٹھیکرے مین سوراخ کرکے چولھے پر رکھین اور گردن شیشے کی اوس سوراخ سے نیچے
ٹھیکرے کے نکالین اور ٹھیکرے مین کنڈا خواہ چپلی کی آگ کرین اور بوتل کے مونہہ کے نیچے ایک پیالی چینی کی رکھین کہ
روغن اوسمین ٹپکے دوسری تدبیر یہ ہو کہ انڈا جوش کرکے زردی جدا کرکے ایک تھالی مین آتش نرم پر [illegible]
سخت مین بھونین جس طرف انڈا ہووے بلند رکھین دوسری طرف نیچی کور روغن تھالی مین جمع ہو جائیگا تیسری تدبیر یہ ہو
کہ انڈا جوش کرکے زردی نکال لیوین اور ہاتھ سے خوب ملکر آنچ دکھلا دکھلا نچوڑین دستور روغن نخود و گندم و جو کے

روغن نخود وغیرہ

نکالنے کا ایک یہ کہ غلہ صاف کو ایک شبانروز اسقدر پانی مین تر رکھین کہ تمام پانی اوسمین جذب ہو جاوے اوسکے بعد
شیشے مین بھرکے اوسی طریق سے ٹپکاوین جیسا روغن بیضہ مین مذکور ہو چکا دوسرا یہ ہو کہ نہایت گرم چاقو پر غلہ
رکھکر ہتوڑے نہایت گرم سے دباوین کہ روغن جدا ہوتا ہو اوسکو علحدہ کرکے یوہین چند مرتبہ تھوڑے دانون سے
کسیقدر روغن جمع ہو جاتا ہو اور اگر دادیا کلف وغیرہ پر لگاتا ہووے تو ویسا ہی تازہ لگا لینا مناسب ہوتا ہو دستور

مرہم

طلائے مرہم کا عمدہ دواوں کی ترکیب یہ ہی کہ مجموع اجزا چھہ جز ہون اور روغن پانچ جز ہوسے اور موم اڑھائی جز یعنی نصف روغن کا ہووے اور اسطرح بناوین کہ پہلے موم کو روغن اور چربی کے ساتھہ گداخت کرین اور اگر گوند ہو تو سفوف کرکے ملادین جب بخوبی مخلوط ہو جاوین تب دوسرے اجزا سرمہ ساکر کے مخلوط کرین

**فصل چھٹوین** قواعد استعمال بعض ادویہ داخلی مین **قاعدہ** جوارش و خمیرہ و گلقند و معجون مفرح یاقوتی پر بلا ضرورت کوئی عرق یا پانی نہ پینا چاہیے الا بطور بدرقہ کے **قاعدہ** شربت کو کسی عرق مناسب یا پانی مین گھول کر اسواسطے پینا چاہیے کہ بسبب رقت کے جلد مستحیل و نافذ ہو جاوے **قاعدہ** حبوب یا سفوف یا کوئی چیز جو واسطے دفع کھانسی یا نفث الدم وغیرہ عوارض آلات تنفس کے مستعمل کیجاوے منہہ مین رکھکر بتدریج چوسی اور نگلی جاوے کہ تاخیر مرور سے قصبۂ ریہ مین اثر بخوبی پہونچتا ہی اور اوسکے بعد پانی پینا مطلقاً نچاہیے کہ موجب ضعف تاثیر کا ہوتا ہی **قاعدہ** لعوق پر پانی پینا موجب نقصان تاثیر کا ہی **قاعدہ** ایارجات و دیگر حبوب مسہلہ کو نیمگرم پانی سے نگلنا چاہیے کہ باعث قوت اثر کا ہوتا ہی اور گلقند مین مخلوط کرکے نیمگرم پانی سے نگلنا زیادہ تر قوت دیتا ہی **قاعدہ** جو گولی یا سفوف واسطے ہاضم طعام و تقویت معدہ کے کھائی جاوے اوسپر پانی پینا موجب نقصان قوت دوا کا ہی اور دیگر امراض مین سفوف و حبوب کے بعد کوئی عرق مناسب یا پانی سرد خواہ نیمگرم ضرور ہی واسطے تعجیل تاثیر کے

آبزن

**فصل ساتوین** طریق ہاے استعمال ادویہ خارجی کے بیان مین **طریق آبزن** آب جوشاندۂ ادویہ مین آب نیمگرم ملا کے ایسے ظرف وسیع مین ڈالین جسمین مریض بیٹھہ سکے امراض اسافل و مقعد و گردہ و مثانہ و رحم و امعا مین تا بناف امراض معدہ و سینہ و پہلو مین تا بشانہ و امراض تمام جسم مین تا بگردن مریض کو ڈبانا چاہیے اور اگر پانی گرم آبزن کا بوتل مین بھر کر مقام مرض کو سینک کرین تب بھی فائدہ ہوتا ہی

انکباب

**طریق انکباب** جسکو بھپارہ کہتے ہین دوا کو ظرف سربستہ مین جوش کرکے سرپوش جدا کرکے دوسرا سرپوش جسمین ایک سوراخ چھوٹا ہووے رکھکر عضو خاص پر دھوان پونہچاوین اور اگر تمام بدن مین دھوان دینا منظور ہووے مریض کو تا بگردن ڈھانک کر سرپوش ظرف گرم دوا سے جدا کر لین اور احتیاط رکھین کہ زیادہ گرمی دھوین کی نہ پونہچے ورنہ موجب غشی کا ہوتا ہی

بخور

**طریق بخور** یعنی دھونی دوا خشک آگ پر ڈال ڈال دھوان اوسکا بطریق انکباب کے پونہچاوین

پاشویہ

**طریق پاشویہ** اسکا اختراع بعد انکباب کے ہوا ہی اسی سے یہ رواج ہی کہ پاشویہ کی دوا سے پہلے انکباب تمام بدن کا کرتے ہین اور پاشویہ ایسے مکان مین چاہیے جہان مرور ہوا کا نہو اور مریض کو تا بگردن کپڑے سے ڈھانک کر دونون پانون اوسکے نیمگرم پانی پاشویہ مین رکھین اور وہی پانی گھٹنون سے ڈال ڈال اوپر سے نیچے کو سوتین جب پانی مذکور کی گرمی کم ہو جاوے

کپڑے سے پانون پونچھ کر اوپر سے نیچے کو باندھین تلوے کھولے رکھین اور مریض کو کپڑا اوڑھا کر لٹاوین بعد
دو تین گھڑی کے کپڑا مذکور اسفل پانون سے کھولین اور جہان خوف صعود ابخرہ کا ہووے تلوے کو گرم پانی مین ڈھکر کپڑا پانون سے
جدا کرین اور اگر ضرورت خالی شاخین لگانے کی بھی پانون مین ہو تو اوسے پاشویہ سے مقدم کرین مگر روز بحران و شدت

**حقنہ**

حرارت تپ مین پاشویہ منع ہی و اگر ضرورۃً اتفاق ہووے تو صرف آب گرم و نمک سے کرین طریق حقنہ آب جوشاندہ
دوا کو چمڑے کی تھیلی مین جسکے مونہہ پر کوئی چیز پتلی سوراخ دار مثل مہنال حقے کے باندھی ہو بھرکر مہنالی کو مبرز مین رکھین
اور آہستہ آہستہ تھیلی کو دباوین کہ دوا حقنے کی امعا مین پہونچے اور اگر مریض کچھ دوا پی سکے تو دوا دویہ مسہلہ پلا کر حقنہ
کرین کہ اس تدبیر سے اخراج مواد بخوبی ہوتا ہی اور حقنے کی دوا بہت غلیظ نہو کہ تا بین فضلہ و امعا کے جا نہ سکے اور بہت
رقیق بھی نہو کہ فضلے پر لپٹ نہ سکے و نیمگرم ہووے کہ تحریک اخراج کی بخوبی کرے اور کوئی روغن ملایا ہووے کہ اخراج فضلہ

**روغن**

باسانی ہووے طریق روغن جو روغن کہ بدن پر لگایا جاوے مالش کم کیا جاوے کہ عضو مؤف نہووے و مالش خفیف
دافع غلظت روغن و موجب سرعت نفوذ کی ہی اور اگر موقع ہو تو کوئی پتا مناسب رکھکر باندھنا ضرور ہے کہ اس سے

**زروق**

نفوذ قرار واقعی ہوتا ہی طریق زروق یعنی پچکاری دوا کا شیرہ یا خیساندہ یا جوشاندہ لیکر اگر کوئی دوا خشک
ملانا ہو تو سفوف ساکرکے ملاوین و مثل حقنہ کے احلیل مین رکھکر چند قطرے پونچاوین کہ زیادہ پانی پہونچنے سے

**سعوط**

کبھی عوارض شدید مثل فتق وغیرہ کے ہو جاتے ہین اور دوا بارد بالفعل ہونا چاہیے طریق سعوط مریض کو سیدھا
لٹا کر دوا رقیق ناک مین ٹپکانا اور اگر مریض خود دوا رقیق کو بطرف دماغ کے کھینچے تو اسیکو نشوق کہتے ہین

**شموم**

مگر ملا سدید کا قول ہی کہ جو دوا رقیق کہین ٹپکائی جائے سب سعوط ہی طریق شموم دوا بودار دافع مرض سونگھنا

**شیاف**

طریق شیاف شیاف کو کسی عرق یا روغن یا پانی مین گھسکر سرد یا گرم طلا کرنا یا ٹپکانا اور اگر شیاف نہایت

**شافہ**

باریک ہو تو بجنسہ شگاف بدن یا ناصور مین رکھنا طریق شافہ دوا کی شیاف لانبی روغن مناسب سے
چرب کرکے خواہ اوسپر کوئی دوا مناسب کا سفوف باریک بھی چھڑک کر پتلی طرف سے مبرز مین رکھنا کہ قوت

**صبغ ضماد وطلا**

دافعہ کو آمادۂ دفع براز کرے طریق صبغ دوا کو پیسکر ویسا ہی سر و عضو مریض پر لگانا طریق ضماد و طلا
امراض حار مین بارد بالفعل و امراض بارد مین حار بالفعل لگانا چاہیے و ضربہ سقطہ مین نیمگرم لگانا واسطے
ترقیق و تحلیل خون منجمد کے مناسب ہی اور جو طلا کہ قضیب پر لگایا جاوے حشفہ چھوڑ کر لگانا چاہیے اسواسطے
کہ جلد حشفہ کی ازبس رقیق و حساس ہی حدت دوا سے مؤف ہو جاتی ہی اور پتا گرم خاصیت اوسپر باندھنا
موجب سرعت نفوذ کا ہی اور داد کو کھجلا کر طلا لگانا اسواسطے چاہیے کہ خشونت داد کی مانع نفوذ دوا کی ہو

غرغرہ · غمرہ · غالیہ · فتیلہ · فرزجہ · قیروطی · قطور · کماد · کبوس · لخلخہ · لطوخ · مرہم · مضمضہ · نطول · نفوخ · وجور

طریق غرغرہ غرغرے کی دوا تاثیر گرم ہونا چاہیے و احتیاط درکار ہے کہ پانی اوسکا قصبۂ ریہ مین نجاوے
ایسا پانی پھیپھڑے کو مضر شدید ہے طریق غمرہ یعنی بٹنا اجزا کو پانی یا عرق مناسب مین پیس کر پھر یا تمام
بدن پر لگانا اور بعد چند ساعت کے مالش خفیف کرکے دھونا طریق غالیہ یعنی ارگجا اجزاے خوشبو کو
مخلوط کرکے سونگھنا یا کسی عضو یا تمام بدن پر لگانا طریق فتیلہ فتیلے کو دواے رقیق مین تر کرکے خواہ اوس پر
خشک بھی چھڑک کر یا فتیلہ خشک پر دوا غلیظ لگاکے شگاف بدن یا ناصور مین رکھنا طریق فرزجہ صوف
دواے کپڑے کی پوٹلی برابر عناب کے باندھکر فرج مین رکھنا کہ پوٹلی دہن رحم تک پہنچے اور کپڑا پوٹلی کا واسطے
کھینچ لینے کے بڑھا رہے یا سفوف کو کپڑے مین لپیٹکر فتیلہ بناکے رکھا جاوے مگر دونون صورت مین کپڑا باریک نا چاہیے
کہ دوا کی تاثیر بخوبی ہووے طریق قیروطی موم روغن کو بجنسہ مقام مرض کے طلاے قلیل المقدار لگانا چاہیے طریق قطور
دواے رقیق شگاف بدن یا رحم یا قرحہ یا ناصور مین ٹپکانا مگر کان مین قطور بارد بالفعل نچاہیے کہ کان کے پردے کو اوس سے
مضرت ہوتی ہے اور اسیواسطے دواے غلیظ بھی نہ ٹپکانا چاہیے فتیلے کے طریق سے استعمال کرنا چاہیے طریق کماد دوا خشک
نیمکوفتہ یا سفوف کرکے بجنسہ یا کسی روغن مین چرب کرکے یا دوا تر کو کچل کر دو پوٹلی کپڑے مین باندھ کرکے بعد
دیگرے عضو پر گرم گرم کرکے رکھنا طریق کبوس دواے تر یا خشک کو پیسکر بڑی یا چھوٹی ٹکیہ بناکے مقام مرض پر
رکھکر پتہ تازہ و مناسب سے باندھنا کہ رطوبت دوا کی دیر تک رہے طریق لخلخہ دواے رقیق خوشبو کو کسی ظرف مین
رکھکر سونگھنا یا دوا کو پوٹلی مین باندھ کر تر کرکے سونگھنا طریق لطوخ جسکو لازق بھی کہتے ہین پرچہ کاغذ مین
بہت سے سوراخ کرکے یا کپڑے پر دوا گاڑھی مثل طلا کے لگاکر مرض کے مقام پر چپکانا طریق مرہم کپڑے پر لگاکے چپکانا
چاہیے مگر نئے کپڑے سے پھاہا بنانا اسواسطے ممنوع ہو کہ قوت دوا کو نیا کپڑا جذب کرلیتا ہی قرحۂ عمیق مین پورانی روئی پر
مرہم لگاکے رکھنا اور اوسپر پھاہا لگانا چاہیے و ناصور مین فتیلے پر لگاکے رکھا جاوے طریق مضمضہ امراض باردہ رطب
و نزلے مین حار بالفعل و امراض حارہ و نزلۂ حار مین بارد بالفعل چاہیے طریق نطول یعنی آب جوشاندہ یا خیساندہ
ادویہ کا کسی عضو خاص پر تھوڑے فاصلے سے گرانا کہ تاثیر دوا کا نفوذ باحسن وجہ ہووے و امراض گردہ و مثانہ مین آب نطول سے
آبزن کرنا بھی مفید ہی طریق نفوخ سفوف باریک ادویہ کو کاغذ کی پونگی مین رکھکر ناک یا حلق یا دوسرے
مقام مریض مین پھونکنا طریق وجور جبکہ مریض دوا پی نہ سکے تب دواے رقیق کو اوسکے حلق مین ٹپکانا

## مقالہ دوسرا بیان بعض ادویہ و اغذیہ مین

جنکی نسبت احادیث نبوی مروی ہین واضح ہو کہ جناب خاتم النبیین رحمة للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

مَنْ حَفِظَ اَرْبَعِيْنَ حَدِيْثًا مِّنْ اُمَّتِيْ سَمَّاهُ اللّٰهُ فِي السَّمَآءِ وَلِيًّا وَّفِي الْاَرْضِ فَقِيْهًا وَّيَحْشُرُهُ اللّٰهُ مَعَ الصّٰلِحِيْنَ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ

اگرچہ اس حدیث کا مضمون احادیث علم ادیان سے متعلق سمجھا جاتا ہی مگر بوجہ تعمیم کے علم ابدان سے بھی متعلق نہ جاننا چاہیے وعلاوہ تفضیل مذکور بالیقین برکت حفظ کے لکھنے احادیث سے طبابت کو قوت و خوبیان زیادہ ہونگی لہذا چند احادیث بتصحیح و تنقیح تمام لکھے جاتے ہین اگرچہ بعضی حدیث انمین کی عبارت ظاہر سے متعلق بعلم طب نہین معلوم ہوتی الا جب کہ حضرت صلعم کا کوئی قول و فعل خالی از حکمت نہ تھا و نیز جب کسی شی کی حقیقت یا مدح یا ذم بیان ہوئی تو متعلق ہونا اوسکا علم طب سے آشکارا ہی الا تحریر طبائع و خواص اجزا مین اقوال مختلفہ حکماے متقدمین کو بنظر طوالت واگذاشت کرکے جسقدر متفق و تجربہ و قیاس سے صحیح بمعلوم ہوا لکھا گیا

**فصل اول احادیث قولی مین** اترج نیبو زرد رنگ اکثر بڑا اور پوست اوسکا نہایت دبیز و مغز تھوڑا او شیرین ہوتا ہی فرمایا جناب رسول مقبول صلعم نے عَلَيْكُمْ بِالْاُتْرُجِّ فَاِنَّهٗ يَشُدُّ الْفُؤَادَ وَيَزِيْدُ فِي الدِّمَاغِ اور ایک روایت مین بلفظ يَزِيْدُ کی ہی زیرہ اوسکا سرد تر بدرجہ دوم و مرطب و مقوی دماغ و دل و مسکن حرارت ہی و پوست اوسکا گرم خشک بدرجہ دوم نہایت مقوی معدہ و ہاضمہ و مفرح طبع ہی اجزاے مناسب کے ساتھ **اثمد** یعنی سنگ سرمہ سیاہ درجہ اول مین سرد دوم مین خشک ہی اور بعضون نے روایت کی ہی کہ جب حضرت موسی علیہ السلام کو تجلی نور الٰہی کوہ طور پر دکھلائی گئی جلال نور سے تمام کوہ طور یا کوئی مقام اوسکا سوختہ مثل کوئلے ہوگیا وہی اثمد ہی فرمایا جناب رسالت مآب صلعم نے عَلَيْكُمْ بِالْاِثْمِدِ عِنْدَ النَّوْمِ فَاِنَّهٗ يَجْلُو الْبَصَرَ وَيُنْبِتُ الشَّعَرَ رات کو نزدیک وقت سونے کے یہ سرمہ لگانا بینائی کو طاقت دیتا اور برونی کے بالون کو گرنے سے محفوظ رکھتا ہی اور گرے ہوؤن کو جماتا ہی دوسرے اجزاے مناسب کے ساتھ مرکب کرکے کھانا بواسیر خونی کو نفع و خون تھوکنے کو دفع کرتا ہی **اہلیلج اسود** فارسی ہلیلہ سیاہ ہندی زنگی ہڑ اور نہایت چھوٹی چھوٹی کو جواہڑ کہتے ہین درجہ اول مین سرد دوم مین خشک ہی فرمایا جناب نبوت مآب صلعم نے عَلَيْكُمْ بِالْاِهْلِيْلَجِ الْاَسْوَدِ فَاشْرَبُوْهُ فَاِنَّهٗ مِنْ شَجَرِ الْجَنَّةِ طَعْمُهٗ مُرٌّ وَّهُوَ شِفَاءٌ مِّنْ كُلِّ دَاءٍ مسہل سودا مصفی خون محترقہ نافع بواسیر و جذام مقوی اعضاے اندرونی دافع رطوبات معدہ ہی **بنفسج** فارسی بنفشہ بقول صحیح درجہ اول مین سرد دوم مین تر ہی فرمایا نبی کریم صلعم نے سَيِّدُ الْاَدْهَانِ الْبَنَفْسَجُ وَاِنَّ فَضْلَ الْبَنَفْسَجِ عَلٰى سَائِرِ الْاَدْهَانِ كَفَضْلِيْ عَلٰى سَائِرِ الرِّجَالِ

کوئی حدیث ثابت نہین ۱۲ سفر السعادہ

مسہل صفرا و دافع خشونت سینہ و حلق و سینہ و سرفہ ہو کھانے مین درد گردہ و ذات الجنب و صداع و خناق
درد کلیم کو مفید ہو کھانے اور لگانے سے محلل اورام و دافع او جاع ہو لگانے سے **بطیخ** فارسی خربوزہ مرطوب مائل بحرارت
فرمایا جناب خاتم الانبیا صلعم نے اَلْبِطِّیْخُ قَبْلَ الطَّعَامِ یُغْسِلُ الْبَطْنَ اکثر مستحیل بصفرا ہوتا ہو ورنہ
بکیفیت غذا ئے موجودہ معدے کے ہوتا ہی مصلح اوسکا گرم مزاجون کو سکنجبین یا آب لیمون یا انار ترش
و بارد مزاجون کو زنجبیل ہو کثرت سے کھانا بدن کو فربہ کرتا ہو و طاقت باہ دیتا ہو مدر بول منقی گردہ و مثانہ
و امعا و دافع خشونت قصبۂ ریہ ہی و پوست و تخم پیسکر چہرے پر لگانا رنگ چہرے کو جلا دیتا ہو **بقر** فارسی
مادۂ گاو ہندی گائے فرمایا جناب رسول اللہ صلعم نے اَلْبَقَرُ لَحْمُہَا دَاءٌ وَلَبَنُہَا دَوَاءٌ یعنی گوشت گائے کا
موجب امراض ریحی و سوداوی کا دودھ اوسکا دافع امراض سوداوی و حار ہو **تمر** فارسی خرما ہندی چھوہارا
و کھجور در درجۂ اول ہین گرم و دوسرے مین تر ہی فرمایا جناب خاتم المرسلین صلعم نے بَیْتٌ لَا تَمَرَ فِیْہِ کَالْبَیْتِ
لَا طَعَامَ فِیْہِ مقوی باہ و گردہ و مولد خون صالح نافع خشونت شش و سینہ و دافع صلابت مفاصل ہو
**تین** فارسی انجیر درجۂ اول ہین گرم و دوسرے مین تر ہی فرمایا جناب شفیع المذنبین صلعم نے اُھْدِیَ اِلَی النَّبِیِّ
طَبَقٌ مِّنْ تِیْنٍ فَقَالَ لِاَصْحَابِہٖ کُلُوْا فَلَوْ قُلْتُ اِنَّ فَاکِھَۃً نَزَلَتْ مِنَ الْجَنَّۃِ بِلَا عَجَمٍ
لَقُلْتُ ھِیَ التِّیْنُ وَاِنَّہٗ یَذْھَبُ بِالْبَوَاسِیْرِ وَیَنْفَعُ النِّقْرِسَ پختگی پر جسکا رنگ سفید ہو جاوے
بہترین اقسام ہی زرد اوس سے کم سرخ اوس سے بھی کم مقوی باہ و مسمن بدن ملین طبع مفتح سدۂ جگر و طحال و دافع
امراض گردہ و کھانسی و خشونت شش و سینہ و انجیر خشک سب افعال میں ضعیف ہی نسبت تر کے **ثوم** فارسی سیر ہندی
لہسن گرم خشک ہی تیسرے درجے مین فرمایا جناب محبوب خدا صلعم نے نَھٰی عَنْ اَکْلِ الثُّوْمِ اِلَّا مَطْبُوْخًا
محلل ریاح و اخلاط غلیظہ و مجفف رطوبات معدہ و مفاصل و مدر حیض و مقوی باہ مبرودین مضر قوت بینائی
مصلح اوسکی ترشی و روغن زرد ہی و کثرت خورش اوسکی زن حاملہ کو نقصان دیتی ہی **حنا** ہندی مہندی
بقول صحیح مرکب القوی ہو فرمایا جناب مظہر انوار الٰہی صلعم نے سَیِّدُ رَیْحَانِ الْجَنَّۃِ الْحِنَّاءُ
مصلح خون فاسد یہان تک کہ اگر برگ اسکا سایے مین خشک کرکے سفوف بناکر چالیس روز متواتر کھایا جاوے
تو جذام کو فائدہ بین ہوتا ہو و برگ تازہ کو طلا کرنا نافع سوزش اطراف و محلل اورام و پھوڑی ہو و اکثر بثورات
اکال و قروح ساعیہ پر روغن السی لگاکے سفوف اسکے برگ کا چھڑکین دفع کرتا ہو و اگر شروع ظہور جدری
چیچک مین برگ تازہ پانؤن پر لگا دین آبلے کم نکلتے ہین و تکلیف بھی کم ہوتی ہو **خبز** فارسی نان ہندی

روٹی مطلق خبز سے مراد گیہون کے آٹے کی روٹی ہو وہ بدرجۂ اول گرم تر ہو فرمایا جناب فخر آدم صلعم نے خَیْرُ طَعَامِکُمُ الْخُبْزُ بہترین غذا ہی خلط صالح پیدا کرتی ہو وخشک روٹی سفوف کرکے میتھی مین پکا کے تھوڑا نمک ملا کے لگانا اورام سخت کو پختہ و منفجر کرتا ہی وخمیری روٹی میدے کی سفوف کرکے آب سرد مین گھول کر لگانا بواسیر کو تحلیل کرتی ہی اور میدے کی روٹی مقوی زیادہ سب اقسام سے ہی الا دیر ہضم ہی و سوجھی کی روٹی زود ہضم ہی وخمیری روٹی ٹکے خواہ میدے کی ہو بدن کو فربہ کرتی ہو

**خل** فارسی سرکہ مرکب القوی ہو و مطلق سرکے سے مراد سرکۂ انگوری ہو مگر جو آب نیشکر تازہ سے خواہ قند سیاہ کو پانی مین ڈال کر تیار کرتے ہین سب افعال مین قریب بلکہ مثل اوسکے ہین اور جو اور چیزون کا سرکہ بتراکیب مختلف بناتے ہین اوسکے خواص جدا گانہ ہین فرمایا رسول مکرم صلعم نے نِعْمَ الْاِدَامُ الْخَلُّ سریع النفوذ ملطف اخلاط ہاضم غذا محرک اشتہا مفتح سدۂ اعضائے اندرونی محلل بلغم و ریاح دافع ورم طحال قاطع تشنگی ہی کھانے مین و محلل اورام و دافع خارش و سوختگی آتش و نافع سموم حیوانات کی کاٹنے اور نیش مارنے کا ہی لگانے سے و مضر اعضائے عصبانی اور قوت باہ کو ہی

**خمر** مطلق خمر سے مراد شراب انگوری ہی فارسی مین شراب اور می اور بادہ ہندی مین دارو اور مد کہتے ہین اور ہر زبان مین اسکے نام متعدد باعتبار اقسام ترکیب و رنگ و مزے کے ہین گرم بدرجۂ سوم و تر بدرجۂ دوم ہی فرمایا رسول معظم صلعم نے اَلْخَمْرُ لَیْسَتْ بِدَوَاءٍ لٰکِنَّہَا دَاءٌ استعمال باعتدال مفرح قلب مقوی اعضا مدر بول دافع رطوبات مفتح مسام و سدہ و رنگ کو سرخ کرتی ہو بسبب تولید خون کے اور اگر قبل غذا کے تھوڑی شراب پی کر غذا کھانے کی عادت کی جاوے تو فربہ کرتی ہی بدن کو اور پانی پینا بعد شراب کے نہایت مضر ہی الا پانی ملا کے پینا مفید ہو و کثرت سے پینا اسکا موجب غشہ و انواع امراض رطوبی و توحش و خفقان کا ہی و شراب قند سیاہ کی مثل انگوری کے ہی الا نفع مین اوس سے کم و ضرر مین زیادہ ہی اور اگر بوقت اوٹھنے جوش کے ہشتم حصہ گل سرخ ملا کے کھینچین تو فائدہ زیادہ و مضرت کم ہو جاتی ہی

**خیری** فارسی شب بو گرم خشک ہی دوسرے درجے مین فرمایا نبی مکرم صلعم نے اَکْثَرُ دُهْنِ اَهْلِ الْجَنَّةِ الْخَیْرِیُّ باغی و جنگلی کئی قسم کی ہوتی ہو پھول سفید و زرد و سرخ و بنفسجی ہوتی ہو سونگھنا اسکے پھول کا ریاح و رطوبات دماغی کو تحلیل کرتا ہو و پھول یا پتی یا تخم یا جڑ کو پیس کر اوسکا پانی پینا خواہ بخور کرنا مدر حیض و مخرج مشیمہ و جنین مردے کا ہی و طلا اوسکا محلل اورام ہو و روغن اوسکا مثل روغن گل سرخ کے طیار کیا جاتا ہو و قول عوام ہو کہ اسکے پھول مین اکثر افعی رہتا ہو

حاشیہ: اچھا کھانا کھانا روٹی ہو — اچھا سالن سرکہ ہی — شراب دوا نہین ہو لیکن مرض ہو — اکثر تیل بہشتیون کا خیری ہو

نزدیک کے سونگھنے سے ناک مین جاتا رہتا ہی و مرض پینس پیدا کرتا ہی **دیک** فارسی مرغ ہندی مرگا گوشت اسکا
گرم و تر ہی بدرجۂ دوم فرمایا جناب سید المرسلین صلعم نے اَلدِّیْکُ اِذَا صَاحَ یَقُوْلُ اُذْکُرُوا اللّٰہَ فَاِنَّمَا
اسکو پھاڑ کر گرما گرم سر پر باندھنا سرسام کو دفع کرتا ہی و شوربا گرم پینا قولنج کو دفع کرتا ہی و پوست اندرونی
سنگدان اجزاے مناسبہ کے ساتھ سفوف کرکے کھانا دافع ہر قسم اسہال کا ہی و پوست سوختہ بیضۂ تخم مرغ سے
اکتحال دافع امراض چشم و سفوف اوسکا کھانا دافع سوزاک کہنہ کا ہی **رمان** فارسی انار قسم شیرین معتدل ہی حرارت
و برودت مین و تر بدرجۂ دوم ہی و قسم ترش سرد و تر بدرجۂ دوم و قسم میخوش سرد تر بدرجۂ اول و بدرجۂ دوم ہی
فرمایا نبی معظم صلعم نے خُلِقَتِ الْجَنَّۃُ وَالرُّمَّانُ وَالْعِنَبُ مِنْ فَضْلِ طِیْنَۃِ انار مقوی جگر و روح
مولد اخلاط صالح و نافع خفقان و مدر بول جالی رطوبات ہی بدن کو فربہ و رنگ چہرہ کو صاف و بہتر کرتا ہی
دافع حرارت و مصفی خون و مانع صعود ابخرہ و دانہ اوسکا مقوی معدہ و قابض ہی و پوست اوسکا قابض و
دافع سعال ہی **زبیب** فارسی مویز ہندی داکھہ گرم تر بدرجۂ اول ہی فرمایا جناب مقبول خدا صلعم نے
نِعْمَ مِنَ الزَّبِیْبِ وَالْبُسْرَانِ خُلِطَ بہترین اوسکا پر گوشت و کلان ہی منضج خلط غلیظ محلل ریاح
امعا و سینہ مقوی جگر نافع امراض گردہ و مثانہ دافع برودت و قبض شکم ہی و تخم اوسکا درجۂ اول مین سرد
دوم مین خشک ہی و قابض شکم و پیسکر پینا قی الدم و اسہال دموی و بواسیر خونی کو نفع کرتا ہی و پیس کر
چاٹنا خون تھوکنے کو دفع کرتا ہی **زبرجد** اقسام سنگ سے ہی درجۂ سوم مین سرد و خشک فرمایا
جناب مقتداے عالم صلعم نے تَخَتَّمُوْا بِالزَّبَرْجَدِ فَاِنَّہٗ یُسْرٌ لَا عُسْرَ فِیْہِ سب افعال مین
مثل زمرد کے ہی مفرح طبع مقوی باصرہ نافع جریان خون و جذام و باندھنا اوسکا ران حاملہ کی بائین
ران پر ولادت کو آسان کرتا ہی **زمرد** اقسام سنگ سے دوسرے درجے مین سرد خشک ہی فرمایا جناب پیشواے
رسل صلعم نے تَخَتَّمُوْا بِالزُّمُرُّدِ فَاِنَّہٗ یَنْفِی الْفَقْرَ مقوی جگر و دل و جوہر روح قاطع نزف دم
مدر بول و دافع سنگ گردہ و مثانہ تریاق زہر حیوانات ہی سرمہ لگانا اوسکا مقوی بصر ہی لیکن نقصان
کرتا ہی باہ کو مصلح شہد ہی **زعفران** ہندی کیسر درجۂ سوم مین گرم اول مین خشک ہی فرمایا جناب
پیشواے مرسلان صلعم نے اَلْحُوْرُ الْعِیْنُ خُلِقَتْ مِنَ الزَّعْفَرَانِ مفرح و مقوی حواس و جوہر
روح حیوانی و دل و جگر و احشا و آلات تنفس و محلل ریاح و اخلاط غلیظہ و مفتح سدۂ عروق و مدر
بول و منقی گردہ و مثانہ و مقوی باہ و منوم و مصدع ہی و مصلح اوسکا شکر و شہد ہی **زیت**

دیک

رمان

زبیب

زبرجد

زمرد

زعفران

زیت

بقول جالینوس گرم تر ہو بدرجۂ دوم فرمایا جناب خاتم المرسلین صلعم نے کُلُوا الزَّیْتَ وَادَّهِنُوا بِهٖ فَاِنَّهٗ
مِنْ شَجَرَۃٍ مُّبَارَکَۃٍ اقسام اسکے بہت ہین پھل اسکا مثل اور میوے کے کھاتے ہین روغن مفرد یا اجزا مناسب کے
ساتھ کھایا و لگایا جاتا ہی دافع سمیات خوردنی و زہر حیوانات و دردہای باردہ و ریاح و مفتح سدد ہی و زخمون کو
مندمل کرتا ہی نافع لقوہ و رعشہ و فالج و مقوی بصر و دافع بیاض چشم و جرب و سلعہ و مقوی لثہ و دندان نافع درد رحم
و مفتح سدد و مقوی اعضا و اعصاب روغن جسقدر پورانا ہوتا ہی قوت اوسکی زیادہ ہوتی ہی سفرجل فارسی
بہی معتدل سردی گرمی مین تر ہی دوسرے درجے مین فرمایا جناب خاتم الانبیا صلعم نے کُلُوا السَّفَرْجَلَ فَاِنَّهٗ یُجِمُّ
الْفُؤَادَ وَیُشَجِّعُ الْقَلْبَ وَیُحَسِّنُ الْوَلَدَ مقوی دل و دماغ و معدہ و جگر و روح نفسانی کا ہی و مدر بول و مانع
صعود ابخرہ و دافع غثیان و قی صفراوی و مطفی حرارت ہی سنا بہترین اوسکی مکی ہی گرم و خشک دوسرے درجے مین
فرمایا جناب افضل البشر صلعم نے عَلَیْکُمْ بِالسَّنَاءِ فَاِنَّهَا شِفَاءٌ مِّنْ کُلِّ دَاءٍ اِلَّا السَّامَ وَهُوَ الْمَوْتُ
مسہل بلغم و سودا بالتخصیص مسہل صفرا ہی عمق بدن مین نفوذ کرکے مواد نکالتی ہی منقی دماغ نافع
اوجاع مفاصل قاتل کرم شکم مصفی خون مدر بول مفتح سدد ہا و جس قسم کے پتے بڑے ہوتے ہین
ضعیف العمل ہی شعیر فارسی جو ہندی گو جئی دوسرے درجے مین سرد تر غذائیت مین گیہون سے کمتر ہی
فرمایا مخبر صادق صلعم نے اِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ الشَّعِیْرَ مِنْ بَعْدِ الْحِنْطَۃِ معتدل صفرا و باد انگیز ہی و آش جو
دوا و ہم غذا ہی تپ ہای گرم کو از بس مفید و طلا کرنا تنہا خواہ اجزای مناسب کے ساتھ محلل اورام و دافع
صداع گرم ہی طین فارسی گل ہندی مٹی ہی سرد خشک بدرجۂ دوم فرمایا جناب باعث ایجاد عالم
صلعم نے اَکْلُ الطِّیْنِ حَرَامٌ عَلٰی کُلِّ مُسْلِمٍ دوائً کھانا جائز کیا گیا ہی قابض و دافع اجزای خون و مسدد ہی
مصلح اوسکا عرق گلاب ہی و اورام پر گرم لگانا موجب تسکین حرارت و رادع مواد ہی عسل فارسی
شہد و انگبین ہندی مدہ ماکھی گرم تر بدرجۂ دوم ہی فرمایا جناب شافع روز محشر صلعم نے اَفْضَلُ الشَّرَابِ
الْعَسَلُ اسکی صفت مین اور حدیثین بھی ہین بہترین اوسکا سرخ رنگ مائل بہ زردی معتدل القوام و خوشبو
و شیرین جسکے نکالنے کو دو برس سے زیادہ نہوئے ہون بدترین اوسکا سبز و سیاہ و تلخ و ترش و کہنہ ہی
جالی و قاطع بلغم و رطوبات مخرج فضول دماغی و سینہ مصفی قروح مقوی باہ حافظ قوت ادویہ ہی اور
آنکھہ مین لگانا مقوی بصر ہی پانی مین گھول کر پینا مرطب تنہا پینا مجفف ہی عقیق سرد خشک ہی دوسرے
درجے مین فرمایا حضرت نور الہدیٰ بدر الدجیٰ صلعم نے تَخَتَّمُوْا بِالْعَقِیْقِ فَاِنَّهٗ مُبَارَکٌ سوختہ اوسکا

کھاؤ زیتون کو اور تیل لگاؤ کہ وہ درخت مبارک سے ۱۲

مشکوٰۃ عن ترمذی ۱۲

سفرجل کھاؤ بہی کو کہ وہ قوت دیتا ہی دل کو اور قوی کرتا ہی دل کو اور نیک کرتا ہی لڑکے کو ۱۲

طب نبوی ۱۲

سنا لازم پکڑو سنا کو کہ وہ شفا ہی ہر مرض سے سوا موت کے ۱۲

حدیث سفر السعادۃ ۱۲

شعیر پیدا کیا اللہ نے جو کو گیہون سے ۱۲

طین کھانا مٹی کا حرام ہو ہر مسلمان پر ۱۲

حدیث نفیس ۱۲

عسل افضل پینے کی چیزون کی شہد ہو ۱۲

حدیث طب نبوی ۱۲ سفر السعادۃ

عقیق انگوٹھی پہنو عقیق کی کہ وہ مبارک ہی ۱۲

حدیث نفیس ۱۲

کهانے مین لطیف زیادہ ہی مقوی قلب مفتح سدہای جگر و طحال مفتت سنگ گردہ و مثانہ مضر گردہ مصلح گوند ببول
**عنب** فارسی انگور و رز پوست اوسکا گرم خشک بدرجۂ اول مغز اوسکا گرم بدرجۂ اول و تر بدرجۂ دوم تخم
اوسکا سرد خشک بدرجۂ دوم ہی فرمایا[۲۵] جناب خیر الوریٰ صلعم نے خَیْرُ فَاکِھَتِکُمُ الْعِنَبُ غذائیت
مین بہترین میوہ جات ہی مولد خون صالح مصفی خون ناقص مقوی گردہ نافع سینہ و شش محلل ریاح مسمن
و مقوی بدن مضر معدۂ مرطوب مصلح انار شیرین **عود ہندی** دوسرے درجے مین گرم تیسرے مین خشک ہی بہترین
اوسکا سیاہ و سخت و براق و خوشبودار ہی جو پانی مین ڈوب جاوے فرمایا[۲۶] جناب سرور کائنات صلعم نے
عَلَيْكُنَّ بِهٰذَا الْعُوْدِ الْهِنْدِيِّ فَاِنَّ فِيْهِ سَبْعَةَ اَشْفِيَةٍ مِنْهَا ذَاتُ الْجَنْبِ يُسْعَطُ مِنَ
الْعُذْرَةِ وَيُلَدُّ بِهٖ مِنْ ذَاتِ الْجَنْبِ قاطع بلغم و مفرح و مفتح سدہ و محلل ریاح مقوی معدہ و دل و دماغ و جگر
و حواس و ہاضمہ و اعضاے باہ و احشا و دافع رطوبات معدہ و سرفہ و ضیق النفس و استسقا و غشی و ورم
طحال و حافظ صحت حاملہ و جنین و مصلح اوسکا گل سرخ ہی **قرع** فارسی کدو ہندی لوکی سرد و تر ہی بدرجۂ دوم
فرمایا[۲۷] جناب مفخر موجودات صلعم نے عَلَيْكُمْ بِالْقَرْعِ فَاِنَّهٗ يَزِيْدُ فِي الْعَقْلِ وَيُكَثِّرُ الدِّمَاغَ ملین
و مفتح و مدر بول و عرق و مسکن تشنگی و دافع حرارت قلب و ماء القرع جلد مستحیل ہوتا ہی طرف صفرا کے لہذا ترشی
ملا کے پینا چاہیے **کتم** فارسی وسمہ و نیل ہندی لیل اول درجے مین گرم دوم مین خشک ہی فرمایا[۳۱] حضرت صاحب
الوحی و الکتاب صلعم نے اِنَّ اَحْسَنَ مَا غُيِّرَ بِهِ الشَّيْبُ الْحِنَّاءُ وَالْكَتَمُ کهانے مین مستعمل نہین ہی
لگانے مین ہی اسکی بالون کو سیاہ کرتی ہی تنہا و ساتھ اور چیزون کے مولد درد سر ہی مصلح لونگ ہی
**کراث** فارسی گندنا گرم خشک ہی تیسرے درجے مین فرمایا[۳۲] جناب حبیب خدا صلعم نے اَلْكُرَّاثُ مِنْ
مَسْكِ اِبْلِيْسَ ملین طبع مدر حیض مقوی باہ و جگر و ہاضمہ محلل ریاح مفتح سدہ دافع قولنج نافع
اسہال مزمن و زحیر مصلح کشنیز **کندر** فارسی لوبان دوسرے درجے مین گرم تیسرے مین خشک ہی فرمایا[۳۳] جناب
اشرف الانبیا صلعم نے اَلْكُنْدُرُ مِنْ طِيْبِيْ وَطِيْبِ الْمَلَائِكَةِ ملطف و محلل ریاح مانع سیلان خون
دافع رقت منی و سوزاک کہنہ و جدید مقوی دل و معدہ و روح حیوانی و ہاضمہ و حافظہ و باہ مصدع
محرورین مصلح شکر بدل مصطکی **لبن** فارسی شیر ہندی دودھ مرکب القوی کہتے ہین فرمایا[۳۴] جناب
صاحب التاج و المعراج و البراق صلعم نے اَطْعِمُوا الْحَوَامِلَ الْاَلْبَانَ فَاِنَّهٗ يَزِيْدُ فِيْ عَقْلِ الصِّبْيَانِ
مہو بھی اکثر حدیثین دودھ کی صفت مین ہین مرکب ہی جبنیت و دہنیت و مائیت سے جبنیت اول درجے مین

سرد خشک دہنیت اول درجے مین گرم تر مائیت دوسرے درجے مین گرم تر ہی بعد شیر عورت کے بہترین شیر
شیر گاو ہی و شیر گاو میش کا غذائیت مین اقوی ہونا بعد شیر مادہ گاو و بز و گوسفند و شیر شتر مین غذائیت کثیر ہی
و شیر اسپ و خر و خچر و ہرن وغیرہ کا بمقام مناسب و اسطعل ہی و مطلق شیر سے مراد شیر گاو ہی مقوی باہ
و جوہر دماغ و مولد منی و حافظ رطوبات اصلی ملین طبع مصلح شکر و شہد بعد گوشت و بیضہ نیم برشت کے بہترین
اغذیہ ہی لحم فارسی گوشت ہندی مانس فرمایا حضرت سید المرسلین صلعم نے سَیِّدُ الطَّعَامِ لِاَهْلِ الدُّنْیَا
وَالْاٰخِرَةِ اللَّحْمُ و بہترین اغذیہ ہو اور بہت سی حدیثین گوشت کے اوصاف و تذکرے مین ہین اکثر روایات سے
ثابت ہی کہ حضرت صلعم کو گوشت بہت مرغوب تھا سب گوشت گرم تر ہی کوئی کم کوئی زیادہ باعتبار مزاج اوس
حیوان کے جسکا گوشت ہو مگر گوشت مچھلی کا سرد و خشک ہی و گوشت طیور جنگلی کا گرم خشک ہی و بہترین گوشت
گوسفند خصی فربہ جوان پروردہ چراگاہ کا ہی لاغر و کم طاقت و ضعیف کا ناقص ہی و حیوان صغیر الجثہ کا لطیف
و عظیم الجثہ کا غلیظ و کثیف ہو مرزنجوش فارسی و نام و اگر گرم خشک ہو دوسرے درجے مین و بقول جالینوس تیسرے
درجے مین فرمایا جناب اشرف المخلوقات صلعم نے عَلَیْكُمْ بِالْمَرْزَنْجُوْشِ فَاِنَّهُ جَیِّدٌ لِلْخُشَامِ محلل و مفتح و ملطف
و مفرح و مدر بول و حیض مفتت سنگ گردہ و مثانہ و احشا کو گرم و رطوبات معدہ و احشا کو خشک کرتا ہی
دافع قولنج و مغص ریحی و استسقا و لقوہ و درد سینہ و سعال و ضیق النفس ہی مصلح کاسنی بدل کلونجی ہی مسک
فارسی مشک ہندی کستوری دوسرے درجے مین گرم تیسرے مین خشک ہی و جسقدر پورانا ہوتا ہی خشکی اوسکی
زیادہ ہوتی ہی فرمایا جناب احمد مجتبی محمد مصطفی صلعم نے اَلْمِسْكُ اَطْیَبُ الطِّیْبِ مقوی اعضاء رئیسہ حرارت
غریزی و اعضاء ظاہری و باطنی و حواس و باہ کا و مفتح سدد و محلل اخلاط باردہ دافع سموم نافع امراض دماغی
باردہ مضر محرورین ہی و قوت ادویہ کو عمق بدن مین پونہچاتا ہی و مداومت اوسکے سونگھنے کی زرد کرتی ہی
رنگ کو مصلح کافور و گلاب بدل جند بیدستر ملح فارسی نمک ہندی نون سب قسم گرم و خشک ہی
دوسرے درجے مین کمی بیشی کیفیات کی و تفاوت خواص باعتبار اقسام ہی فرمایا جناب افضل البلاد و الانام صلعم نے
یَا عَلِیُّ اِبْدَأْ عَلٰی طَعَامِكَ بِالْمِلْحِ وَاخْتِمْ بِهٖ فَاِنَّ الْمِلْحَ شِفَاءٌ مِّنْ سَبْعِیْنَ دَاءً بہترین نمک
نمک سنگ یعنی نمک لاہوری ہی مسہل بلغم و سودا قاطع رطوبات لزجہ و کثرت سے کھانا اوسکا
مضعف بصر و مقلل منی و مورث خارش ہی ورد فارسی گل سرخ ہندی گلاب کا پھول مرکب القویٰ ہی
فرمایا جناب اول المخلوقات صلعم نے مَنْ اَرَادَ اَنْ یَّشُمَّ رَائِحَتِیْ فَلْیَشُمَّ الْوَرْدَ الْاَحْمَرَ

لحم — سردار طعامون کا واسطے ارباب دنیا و آخرت کے گوشت ۱۲۶

مرزنجوش

مسک

ملح

ورد

بہتر وہ ہی کہ قبل تمام پہونچنے کے توڑا جاوے اور چند قسم کا ہوتا ہی بعض فصلی اور بعض دوامی تفرقہ مزاج وخواص اوسکے اقسام مین باقوال صحیحہ نہین کھلتا گو بعضون نے متکلف تحریر کیا ہی مفرح ومقوی قلب مسہل ومعتدل صفرا وبلغم رقیق نافع غثیان وقی نافع ضعف معدہ وجگر وگردہ مضر دماغ وباہ وبواوسکی محرک نزلہ ہو ہندبا وفارسی کاسنی سرد تر ہی بدرجۂ دوم فرمایا جناب صاحب قاب قوسین اوادنی صلعم نے فِیْ کُلِّ وَرَقَۃٍ مِّنْ وَّرَاقِ الْھِنْدِبَاءِ مَاءٌ مِّنْ مَّاءِ الْجَنَّۃِ مفتح سدہ مقوی جگر مسکن حرارت خون وصفرا ومنقی مجاری بول وگردہ مضر سرفہ مصلح شکر یاقوت گرم وخشک ہی بدرجۂ اول وبقول شیخ الرئیس معتدل ہی فرمایا جناب صاحب فرقان الاعظم صلعم نے مَنْ تَخَتَّمَ بِالْیَاقُوْتِ الْاَصْفَرِ مَنَعَ مِنَ الطَّاعُوْنِ اطبا کے نزدیک کھلانے کو یاقوت ربانی اولی ہی نہایت مقوی دل ودماغ وارواح ومفرح طبع وتریاق سموم ہی

**فصل دوم** احادیث فعلی مین قَالَ اَنَسُ بْنُ مَالِکٍ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَجْمَعُ بَیْنَ الْخِرْبِزِ وَالرُّطَبِ خربوزے کا خاصہ ہی کہ جس چیز کو معدے مین پاتا ہی اوسکے موافق مستحیل ہوتا ہی جب رطب اوسکے ساتھ معدے مین وارد ہوا تو ضرور مستحیل بخون صالح ہو گا خربوزہ وخرما ساتھ کھانے مین اور حدیثین بھی ہین قَالَ اَبُوْ مُوْسٰی فَاِنِّیْ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَاْکُلُ لَحْمَ الدَّجَاجِ دجاج مادہ مرغ ہی گوشت نر ومادہ کا عقل اور دماغ کو زیادہ کرتا ہی وروح نفسانی کو طاقت زیادہ دیتا ہی نر کا گوشت جب تک بانگ نہ دیتا ہووے مادہ کا گوشت جب تک بیضہ نہ دیتی ہووے بہتر ہی قَالَ عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ جَعْفَرٍ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَاْکُلُ الْقِثَّاءَ بِالرُّطَبِ ککڑی کو رطب کے ساتھ کھانے مین یہ فائدہ مترتب ہی کہ ککڑی کی رطوبت رقیق مولد بلغم ہی اور کبھی مستحیل بصفرا ہوتی ہی ورطب مولد خون اور اپنی کیفیت ومزاج مین ککڑی سے قوی ہی اوسکے امتزاج مین دونون سے خون صالح اور کمیت مین زیادہ پیدا ہوتا ہی اور ان دونون کے ساتھ کھانے مین اور حدیثین بھی ہین قَالَ اَنَسُ بْنُ مَالِکٍ اِنَّ خَیَّاطًا دَعَا رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَرَّبَ اِلَیْہِ خُبْزًا مِّنْ شَعِیْرٍ وَّ مَرَقًا مِّنْ دُبَّاءٍ وَّقَدِیْدٍ اسمین حکمت معقول یہ ہی کہ جو اور کدو دونون سرد تر ہین اور گوشت نمک چڑھایا ہوا گرم خشک ہی اس امتزاج سے مجموع کا مزاج گرم تر ومولد خون ومؤید ارواح ہو گیا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَضْلُ عَائِشَۃَ عَلَی النِّسَاءِ کَفَضْلِ الثَّرِیْدِ عَلٰی سَائِرِ الطَّعَامِ ثرید ایک قسم کا کھانا ہی کہ روٹی کو شوربے مین ترکرتے ہین یہ کھانا نہایت جلد تحلیل ہوتا ہی وخوش ذائقہ ومولد خون صالح وارواح ہی وناتھین کو ازبس مفید ومزاج گرم تر ہو

واطبا نے دودھ مین روٹی بھگانے کو بھی ثرید لکھا ہی قَالَتْ عَائِشَةُ رض كَانَ النَّبِيُّ يُحِبُّ الْحَلْوَاءَ وَالْعَسَلَ
اگرچہ حلوے سے مراد سب میٹھی چیزون کا ہی مگر حلوا ایک کھانا ہو کہ میدے گندم کو گھی مین بھون کر شیرینی کا قوام
ملا کر پکاتے ہین خوش ذائقہ و حار رطب مولد خون وارواح الادیہ ہضم ہی قَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَلِيٍّ اَنَّ جَدَّتَهُ
سَلْمٰى رض اَخَذَتْ شَيْئًا مِّنَ الشَّعِيْرِ فَطَحَنَتْهُ ثُمَّ جَعَلَتْهُ فِيْ قِدْرٍ وَّصَبَّتْ عَلَيْهِ شَيْئًا مِّنْ زَيْتٍ
وَّدَقَّتِ الْفُلْفُلَ وَالتَّوَابِلَ فَقَرَّبَتْهُ وَقَالَتْ هٰذَا مِمَّا كَانَ يُعْجِبُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
وَيُحْسِنُ اَكْلَهُ یہ کھانا حضرت کو خوش آتا تھا و مزاج اسکا معتدل مائل بحرارت و رطوبت ہوتا ہی دافع بلغم
و مولد خون و مقوی طبیعت ہی قَالَتْ اُمُّ الْمُنْذِرِ دَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَمَعَهُ عَلِيٌّ وَّلَنَا دَوَالٍ
مُّعَلَّقَةٌ فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ يَاْكُلُ وَعَلِيٌّ مَّعَهُ يَاْكُلُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
لِعَلِيٍّ مَهْ يَا عَلِيُّ فَاِنَّكَ نَاقِهٌ قَالَتْ فَجَعَلْتُ لَهُمْ سِلْقًا وَّشَعِيْرًا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا عَلِيُّ مِنْ هٰذَا فَاَصِبْ فَاِنَّهٗ اَوْفَقُ لَكَ پس اس حدیث شریف سے ثابت ہوتا ہی
کہ رسول صلعم نے بحالت نقاہت خرما کھانے کو منع فرمایا ہی اسواسطے کہ خرما خشک ثقیل ہی معدے کو
اور چقندر اور جو کھانے کو اجازت فرمایا کیونکہ وہ دونو ملکر ملین طبع و کم حرارت و سریع الہضم و مولد خون
صالح ہو جاتے ہین قَالَ يُوْسُفُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ رَاَيْتُ النَّبِيَّ اَخَذَ كِسْرَةً مِّنْ خُبْزِ الشَّعِيْرِ
فَوَضَعَ عَلَيْهَا تَمْرَةً ثُمَّ قَالَ هٰذِهٖ اِدَامُ هٰذِهٖ فَاَكَلَ اس تدبیر سے کھانا موجب انواع
فائدہ کا ہی و واضح ہو کہ جن چیزون کے ساتھ حضرت صلعم نے خرما تناول فرمایا اگر شکر سرخ
و قند سیاہ کھایا جاوے تو بھی طبًا وہی فوائد ممکن ہین کیونکہ یہ دونو خرما کی طبیعت کے ساتھ قریب ہین

## مقالہ تیسرا اقسام ادویۂ مرکبہ مین

## حرف الالف

**فصل اول** بعض مرکبات مین جسکا ایک ہی نسخہ ہی **انقردیا** بمعنی صنوبری شکل واضع اسکا بقراط ہی
جو کہ بلادر صنوبری شکل اسکا جزو اعظم ہی لہذا اسی نام سے موسوم کیا فالج و لقوہ و صرع و خدر و نسیان و جملہ
امراض بلغمی کو دفع و قوت ہاضمہ و باہ کو زیادہ کرتا ہی **صع** عاقرقرحا شونیز قسط شیرین فلفل گرد وج زراوند مدحرج
ایک ایک تولہ شیطرج ہندی زنجبیل خردل نو نو ماشہ سعد کوفی سنبل الطیب کندر ہلیلۂ زرد ہلیلۂ سیاہ
چھ چھ ماشہ عسل بلادر پانچ تولہ شہد خالص یک نیم چند بدستور معجون کے بناوین **امروسیا**

بقراط نے واسطے ایک بادشاہ امروس نام کے بنایا تھا لہذا اس نام سے موسوم کیا مقوی معدہ و جگر و طحال و گردہ
و دافع سدہ عروق و سنگ گردہ و مثانہ و مدر بول و نافع ابتدائے استسقا ہی ص قسط شیرین فلفل سفید دار فلفل
کمون اذخر یک نیم یک نیم تولہ پودینہ و عود بلسان سلیخہ تخم کرفس وج پوست بیرون پستہ ایک ایک تولہ زعفران

**افلونیا**

چھہ ماشہ شہد دو چندان بدستور معجون کے بناوین **افلونیا** مخترعہ حکیم افلن رومی کا ہی اقسام نزلہ و درد و نفث الدم
و اسہال و موی قولنج و ہیضہ و سیلان طمث کو از بس مفید ہی ص فلفل سفید دار فلفل بزر البنج چھہ چھہ تولہ
افیون تین تولہ زعفران ڈیڑھ تولہ تخم کرفس کوہی سنبل الطیب دو قو سافج ہندی سلیخہ حب بلسان عقر قرحا
نو نو ماشہ شہد سہ چندان و بعد چھہ مہینے کے قابل استعمال کے ہی اور بعد کھانے کے قولنج مین جوشاندہ
تخم شبت و درد گردہ مین جوشاندہ تخم خربزہ و درد معدہ مین طبیخ انیسون و درد سپرز مین سکنجبین و درد

**ارسطون**

مثانہ مین طبیخ رازیانہ و باز رکھنے خون مین طبیخ سماق پینا چاہیے **ارسطون** موجد اسکا ارسطو ہی لہذا
اس نام سے موسوم ہوا درد رحم و درد شکم و قولنج و تپ ربع کو دفع کرتا ہی ص سلیخہ عقر قرحا پودینہ کمون ایک ایک تولہ

**ابکامہ**

فلفل گرد گوگرد زرد چھہ چھہ ماشہ زعفران تین ماشہ شہد یک نیم چندان معجون بناوین **ابکامہ** ایجاد
حکماے قدیم ہی مقوی معدہ و مشتہا و دافع و قاطع بلغم ہی و تھوڑی لاکھہ ملا کے پینا لاغر کرنے بدن مین
مجرب ہی ص گرم روٹی موٹی گیہون کی بوزن آدھ سیر ایک ہانڈی مین بند کر رکھین جب سبز ہو جاوے
خوب کوچل کر پانچ سیر سرکہ اور آدھ پاو نمک سانبھر ملا کے چار ہفتہ دھوپ مین رکھکر چھان لین اور پودینہ
چھہ تولہ زنجبیل تین تولہ فلفل گرد پانچ تولہ تخم پالک دو تولہ ملا کر ایک ہفتہ دھوپ مین رکھکر کپڑے سے

**اسود سلیم**

چھان کر شیشون مین رکھہ لین **اسود سلیم** مخترعہ حکیم سلیم کا ہی لہذا اس نام سے موسوم ہوا نافع فالج لقوہ
و خدر و صداع مزمن اور امراض باردہ ہی و عادت افیون کھانے کو چھوڑاتا ہی ص سنبل الطیب مصطگی زرنباد
افیون فلفل سفید کندش عقر قرحا کندر شیطرج ہندی صبر ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ وج زراوند طویل زراوند مدحرج
خردل مقل ازرق خربق جندبیدستر بیخ حنظل گوگرد آنولہ سار تخم جرجیر تخم پنجنگشت تخم سداب شونیز جاوشیر

**اغبر لولوی**

دو دو تولہ شہد سہ چندان بدستور معجون بناوین دو مہینے تک غلے مین دفن رکھین **اغبر لولوی**
کہ ترکیب قدیم ہو بسبب زیادہ گھسنے کے مثل غبار کے کیا جاتا ہی لہذا اس نام سے موسوم ہوا اقسام سرمے کے
واسطے خارش آنکھہ ڈھلکا و باھمنی و کٹھی و ضعف بصر کے مفید ہی ص طوطیا بارونی مغسول پھٹکری

**اکسیرین**

مدبر نو نو ماشہ مروارید ناسفتہ تین ماشہ نبات سفید پانچ ماشہ سرمہ بناوین **اکسیرین** ترکیب قدیم ہو بسبب

زیادہ نفع کرنے کے اس نام سے موسوم ہوا قرحہ چشم و موتی سرخ کو دفع کرتا ہی ص کشتہ ارزیز گھر یا چاندی کی گولی یول
ہر ایک چھہ چھہ ماشہ نشاستہ گندم افیون دو دو ماشہ پھول کے برتن مین یہان تک گھسین کہ مثل سرمے کے ہو جاے

## ضمیمہ فصل اول کا

**اثاناسیا** یہ لفظ یونانی ہی بمعنی جگر گرگ چونکہ بھیڑیے کا کلیجہ داخل اس ترکیب مین ہو لہذا اس نام سے موسوم ہوا
اورام و اوجاع جگر و طحال و معدہ و اسہال بلغمی و سعال مزمن و تپ ربع و زنانہ و درد گردہ و مثانہ و ضیق النفس رطوبی
و بواسیر کو نافع و ریاح و اوجاع بدن کو سودمند ہی ص زعفران جند بیدستر ایلوا بزر النج قسط شیرین
شاخ بز کوہی سوختہ جگر گرگ خشک کردہ سنبل الطیب سلیخہ عود و بلسان پوست خشخاش جملہ بوزن مساوی کوٹ
چھانکر سہ چندان شہد کف گرفتہ مین ملا رکھین و بعد چالیس روز کے خوراک ڈیڑھ ماشہ سے تین ماشہ تک

**افراطیقون** مخترع اسکا حکیم یونانی تھا جسکا یہی نام تھا اوسی کے نام سے مشہور ہوگئی و دافع ضعف بصر
و سبل و سیلان اشک و ورم و آشوب چشم گرم کی ہو ص پھٹکری دس ماشہ شیر خر مین ایک شبانہ روز تر کرکے
شیاف مامیثا پانچ ماشہ ایلوہ دو ماشہ افیون و زعفران مامیران چینی ایک ایک ماشہ مثل سرمہ کے کھرل کرکے
آنکھین لگایا کرین اور واسطے دفع آشوب چشم کے آب برگ تازہ نیب جو اوس کوے مین مخلوط کرکے پلکون پر لگایا کرین

**اثیر الملوک** اثیر لفظ یونانی ہی بمعنی چھڑکنے اور چپکائی کے قلاع و شور و بدبوی دہن و ورم حلق و سقوط
لہات یعنی کوا گرنے کو مفید ہی ص کافور دانہ الایچی سفید طباشیر سفید مازو سبز سماق زیرہ گل سرخ
عدس مقشر تخم خرفہ ہر ایک چھہ چھہ ماشہ زعفران دو ماشہ نبات سفید نو ماشہ سبکو باریک سفوف کرکے استعمال کرین

**فصل دوسری** نسخہ ہاے انوشدارو مین **انوشدارو ساده** مقوی باہ و معدہ و اعضاے رئیسہ ہی اور بدن کو
خوشرنگ دہن کو خوشبو اور طبیعت کی تفریح کرے طیاری سے چالیس روز کے بعد لائق استعمال کے ہی اور قوت اصلی
اسکی دو سال تک قائم رہتی ہی ص آملہ ایک رطل شکر سفید یک نیم رطل و شہد ایک رطل بدستور قوام
بناکے سفوف گل سرخ و قرنفل و مصطگی و اسارون و دانہ الایچی سفید نو نو ماشہ زعفران چار ماشہ ملاوین

**انوشدارو لولوی** مفرح اور مقوی قلب و دماغ و دافع خفقان و حمیات حارہ و درد سر ہی ص
مروارید ناسفتہ دو ماشہ سنگ یشب چار ماشہ تین روز تک عرق کیوڑہ مین صلایہ کرکے خشک و سرمہ سا
کرکے عود خام طباشیر سنبل الطیب گل بنفشہ ابریشم خام چھہ چھہ ماشہ سفوف بناکر قوام ایک رطل آملہ مین
جو دو رطل شکر سفید و ایک رطل عرق گلاب یا عرق گاوزبان مین بنایا ہو مخلوط کرکھین **انوشدارو مرکب**

اثاناسیا
انوشدارو ساده
انوشدارو لولوی
انوشدارو مرکب

کہ تقویت معدہ و دماغ و دل کی کرے و حمیات کہنہ و نزلہ کو دفع کرے ص آدھ سیر آملہ کے قوام مین برادہ
صندل سفید زرنب گل سرخ گل سیوتی زرشک پوست ترنج ست گلوے ایک ایک تولہ دانۂ الایچی
سفید چھہ ماشہ گوند ببول کتیرا پوست بیرون پستہ نو نو ماشہ زعفران تین ماشہ سفوف کرکے ممزوج کرین

**فصل تیسری** اطریفلات مین اطریفل معرب تری پھل کا ہی اصطلاح ہندیان مین ہلیلہ بلیلہ آملہ کو تر پھلا
کہتے ہین جو عمود اس ترکیب کے ہلیلجات ہین لہذا اس نام سے موسوم ہوا

**اطریفل کشنیزی**

**اطریفل کشنیزی** سر اور آنکھہ
اور کان کے درد کو جو ابخرے نزلے سے ہو اور ضعف بصر رطوبی اور ہر قسم کی بواسیر کو مفید ہو ص
ہلیلۂ زرد ہلیلۂ کابلی ہلیلۂ سیاہ ایک ایک تولہ بلیلہ آملہ کشنیز خشک تین تین تولہ سفوف کرکے روغن گاؤ
یا روغن بادام مین چرب کرکے نیم رطل شکر و شہد کے قوام مین ملاوین

**اطریفل اسطخودوسی**

**اطریفل اسطخودوسی** کہ امراض دماغی
و جلدی کو مفید ہی ص ہلیلۂ کابلی بلیلہ آملہ تین تین تولہ اسطخودوس گل سرخ دو دو تولہ افتیمون انیسون بادرنجبویہ
شیطرج ہندی ایک ایک تولہ شہد سہ چندان

**اطریفل قنبیلی**

**اطریفل قنبیلی** پیٹ کے کیڑے تینون قسم کو قتل و دفع کرتا ہی
ص ہلیلۂ زرد بلیلہ آملہ قنبیل دو دو تولہ برنگ کابلی قسط شیرین ایک ایک تولہ شحم حنظل خردل سعد کوفی
زردچوبہ چھہ چھہ ماشے شہد سہ چندان

**اطریفل سادہ**

**اطریفل سادہ** مقوی معدہ و دماغ و مصفی معدے کا اخلاط غلیظہ سے ہی
ص ہلیلۂ زرد بلیلہ آملہ بوزن مساوی کوٹ چھان کر روغن بادام مین چرب کرکے شش چندان شہد کف گرفتہ مین ملاوین

## ضمیمہ فصل تیسری کا

**اطریفل کبیر**

اطریفل کبیر واسطے تقویت دماغ و معدہ و قوت باہ و بواسیر کے مجرب اور مفید ہی ص ہلیلۂ سیاہ ہلیلۂ کابلی
املہ فلفل دراز بہمنین ایک ایک تولہ زنجبیل بسباسہ بوزیدان شیطرج ہندی شقاقل مصری تودریین
لسان العصافیر کنجد سیاہ مقشر چھہ چھہ ماشہ سب کو سفوف کرکے روغن بادام یا روغن گاؤ مین چرب کرکے
ترنجبین خراسانی برابر سب کے و شہد خالص دو چند اوسکے باہم قوام کرکے سفوف مذکور کو ملاوین خوراک
چھہ ماشے سے نو ماشہ تک ہی

**اطریفل زمانی**

**اطریفل زمانی** تالیف صاحب تحفہ کی ہی اونھون نے اپنے باپ کے نام کے ساتھہ
منسوب کیا ہی اقسام مالیخولیا خصوص مراقی کو اور قولنج و درد سر و صعود ابخرے کو مفید ہو و مداومت
اسکی قطع نزلہ کو مجرب ہے قوت اسکی دو سال تک رہتی ہی ص ہلیلۂ زرد ہلیلۂ کابلی ہلیلۂ سیاہ گل بنفشہ ایلوا
ہر ایک دس دس ماشہ تربد سفید مجوف و مقشر کشنیز خشک بلیلہ و آملہ ڈیرھ ڈیرھ تولہ گل سرخ طباشیر سفید
گل نیلوفر چھہ چھہ ماشہ صندل سفید کتیرا تین تین ماشہ سفوف کرکے روغن بادام مین چرب کرین عناب

وسپستان ایک ایک سو عدد گل بنفشہ ایک تولہ پانی مین جوش کرکے مل کرچھان لیوین اوس آب مطبوخ مین دو چندان شہد
**اطریفل بامان**
ملاکر قوام بناوین و سفوف مذکور مخلوط کرکر رکھین بعد تین ہفتہ کے خوراک چھہ ماشہ سے نو ماشہ تک اطریفل
بامان منقول قرابادین نجیب الدین سمرقندی سے امراض بلغمی کو زائل کرتاہی و بہق و برص کو مفید ہی ص ہلیلہ کابلی
ڈیڑھ تولہ آملہ افتیمون بادبرنگ ایک ایک تولہ تربد سفید مجوف و مقشر سوا تولہ اسطوخودوس بسفایج فستقی
سعد کوفی قسط شیرین زنجبیل زعفران بابس شیطرج ہندی سافج ہندی مصطگی رومی فلفل گرد نو نو ماشہ
سب کو سفوف پارچہ بیز بناکے ساتھہ سہ چندان شہد کف گرفتہ کے ملاوین خوراک نو ماشہ

**فصل چوتھی** ایارجات مین اگرچہ معنی ایارج کے بہت سے لکھے گئے ہین مگر عمدہ وجہ تسمیہ کی یہ ہی کہ ایارہ سقمونیا کو
کہتے ہین و سقمونیا جزو اعلی اس ترکیب کا ہی لہذا اوسی کے نام سے موسوم ہوا اور سب مسہلون سے پیشتر حکما متقدمین نے
**ایارج**
اسکا اختراع کیا تھا ایارج کہ مواد سوداوی و بلغمی کو خارج اور اقسام دردسر و درد گوش و ثقل سمع
و فالج و لقوہ و رعشہ و بہق و برص و جذام کو مفید ہی ص تربد سفید شحم حنظل غاریقون سقمونیا افتیمون
ایک ایک تولہ مقل انیسون تخم مرچ سیاہ زنجبیل اسطوخودوس گل سرخ پانچ پانچ ماشہ شہد دو چندان
**ایارج فیقرا**
ایارج فیقرا کہ معدے کو اخلاط غلیظہ سے صاف و انواع دردسر و امراض دماغی کو دفع کرے
ص جٹاماسی سوگندھ بالا تج چھہ چھہ ماشہ مصطگی نو ماشہ زعفران تین ماشہ سقمونیا ہم چند جملہ شہد
**ایارج**
دو چندان مجموع ایارج کہ فضلات دماغی کو خارج و امراض دماغی کو دفع کرے ص سقمونیا ایک تولہ
شحم حنظل چھہ ماشہ تربد سفید برگ سنا گل سرخ نو نو ماشہ شہد کف گرفتہ بارہ تولہ مین ملاوین

## ضمیمہ فصل چوتھی کا

**ایارج جالینوس**
ایارج جالینوس کہ مواد سوداوی و بلغمی کو خارج کرے و دردسر و شقیقہ و دوار و درد گوش
و ثقل سمع و فالج و لقوہ و رعشہ و تشنج و صرع و سکتہ و برص و بہق و جذام و درد گردہ و مثانہ و سلسل بول
و نقرس و وجع مفاصل و عرق النسا و داء الحیہ و داء الثعلب و قروح خبیثہ و مالیخولیا کو مفید و مدر حیض ہی
ص تربد سفید شحم حنظل غاریقون عنصل سقمونیا افتیمون ایک ایک تولہ مقل بسفایج کمازریوس
انیسون تخم مرچ سیاہ زنجبیل راوند طویل راوند مدحرج فلفل سیاہ فلفل دراز اسطوخودوس گل سرخ
**ایارج ارکاغانیس**
پانچ پانچ ماشہ شہد خام سہ چندان ایارج ارکاغانیس کہ ساتھہ نام مخترع کے منسوب و معروف ہی
واسطے دفع خارش و داد کے ساتھہ جوشاندہ برگ شاہترہ کے اور واسطے دفع درد پشت و عرق النسا کے

ساتھ جو نکاتہ تخم کرفس کے اور وا پہلے دفع سمیت کاٹے سنگ دیوانہ کے ساتھہ قدرے سفوف سرطان نہری

تریاق ہے مفید ہے وجملہ بیماریہائے بلغمی وسوداوی کو وابتدا سے نزول الماء وتنگی نفس

وگرفتگی آواز کو تنہا سود مند ہے ص شحم حنظل فراسیون اسطوخودوس خربق سیاہ کمافریوس

فلفل سیاہ ہر ایک چار چار تولہ بیاز عنصل ایلوہ زعفران حنطیانا فطراسالیون جاوشیر ہر ایک

تین تین تولہ دارچینی سنبل الطیب صغیر او خرزراوند مدحرج ایک ایک تولہ کوٹ چھان کر سہ چندان

**ایارج فیقراطیس**

شہد کف گرفتہ مین ملاوین خوراک تین ماشے سے نو ماشہ تک **ایارج فیقراطیس** دردسر

وبخارات فاسدہ ورطوبت معدہ وغم وخوف وجملہ امراض سوداوی کو دفع کرتا ہے ص جنطیانا

زراوند مدحرج سنبل الطیب سلیخہ دارچینی ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ فلفلمویہ فطراسالیون کمافریوس

**ایارج لوغاذیہ**

اسطوخودوس نو نو ماشہ ایلوا دو تولہ شہد سہ چندان بدستور بناوین **ایارج لوغاذیہ** کہ ساتھہ نام

مخترع کے منسوب ومعروف ہے علت ہائے صداع وشقیقہ وسدر ودوار وبیضہ وخودہ وفالج ولقوہ وبہق

وبرص وجذام وقوبا وسعفہ وداء الثعلب ومالیخولیا ودردگوش وثقل وبطلان سماعت ودیگر امراض

باردہ وریحی کو مفید ہے ص شحم حنظل بیاز عنصل غاریقون خربق سیاہ افتیمون تخم سنبھالو مقل ازرق

انیسون ساذج ہندی سلیخہ فلفل سفید سنبل الطیب زراوند طویل زنجبیل اسطوخودوس نو نو ماشہ ایلوا جنطیانا

تولہ تولہ بھر سب کو سفوف باریک کرکے سہ چندان شہد کف گرفتہ مین مخلوط کرکے رکھین بعد تین مہینے کے خوراک چھ ماشے سے نو ماشہ تک

**آبزن زحیر وغیرہ**

**فصل پانچوین** نسخجات آبزن مین آبزن کہ زحیر یعنی پیچش شکم وورم امعا وورم شکم کو مفید ہے ص

**آبزن قولنج وغیرہ**

تخم شبت تخم کتان تخم حلبہ تخم خطمی گل بنفشہ برگ گلوے تازہ ریشہ خطمی جملہ مساوی آبزن کہ قولنج ونفخ ریحی ودرد گردہ

**آبزن سنگ گردہ وغیرہ**

ومثانہ کو دفع کرے ص انیسون بزر سیاہ تخم شبت سعتر مرزنجوش گل بابونہ مساوی الوزن آبزن کہ سے تمام

دفعات سنگ گردہ وسنگ مثانہ کو دفع کرے ص برنجاسف پودینہ سرگین کبوتر مغز خسکدانہ پانچ پانچ تولہ

گل بابونہ گل سرخ تخم خطمی اکلیل الملک تخم خربزہ پرسیاوشان حب القلت تین تین تولہ بیخ بادیان

**آبزن پیشاب خون وغیرہ**

چار تولہ آبزن کہ خون کا پیشاب ہونے کو اور کثرت ادرار خون حیض کو دفع کرے ص عفص گلنار برگ جھاؤ

برگ انار قشر بیرون گل سرخ بوزن مساوی آبزن کہ حیض کو جاری وبچہ مردہ کو رحم سے خارج کرے ص

سلیخہ مرزنجوش اذخر پودینہ قسط تلخ اکلیل الملک نانخواہ شونیز سداب کرفس برنجاسف بوزن مساوی

## ضمیمہ فصل پانچوین کا

**آبزن** — آبزن کہ حبس بول کو دفع کرے اگر آبزن نہو سکی تو نوشی دار برتن مین پانی گرم اوسکا لیکر پیڑو پر تلیلا
دیا جاوے ص گل پلاس یعنی ٹیسو چار تولہ قلت دو تولہ تخم خربوزہ نیم کوفتہ ایک تولہ دو سیر پانی مین جوش
**آبزن** — کرین جب چہارم حصہ جل جاوے پانی چھان کر کام مین لاوین آبزن کہ اگر خصیہ اوپر چڑھ گیا ہو جسکی تکلیف
ظاہری فرو لاوے ص بابونہ کے پھول و مرزنجوش و شاخ و برگ تلسی پودینہ و پر سیاوشان و مکوے و
**آبزن** — اکلیل الملک بقدر مساوی سے بدستور کرین اور وہی پانی کمر پر ڈال کر ملین آبزن کہ اگر خون حیض
عورت حاملہ کا بند نہوتا ہو سے بند کرے و حمل کو محفوظ رکھے ص عدس و پوست انار شیرین گلنار ماذو بلوط
بوزن مساوی سے بدستور کرین فائدہ ایسے حالت مین دونو پستان کے نیچے حجامت بلا پچھنے کے کرنے سے مواد اوسطرف کو
**آبزن** — جذب ہو جاتا ہی آبزن کہ ادرار حیض کرے ص سلیخہ مرزنجوش اذخر پودینہ قسط شیرین اکلیل الملک شونیز سداب
**آبزن** — کرفس و تلسی مساوی الوزن سے بدستور کرین آبزن کہ بچہ مردہ کو شکم سے خارج کرے ص پودینہ دو جز
و ج ترکی قسط تلخ سلیخہ نانخواہ مرزنجوش ہالیون حلبہ اسارون ایک ایک جز بدستور استعمال کرین
**انکباب گرانی کان** — فصل چھٹوین انکباب یعنی بھپارہ مین انکباب کہ گرانی کان کو جو اکثر بعد ہیضے کے عارض ہوتی ہو
اور درد ریحی و بلغمی کان کو و ثقل سمع کو زائل کرے ص گل بابونہ اکلیل الملک برگ و شاخ تلسی مرزنجوش
**انکباب نقصان سماعت** — پوست بیخ بادیان نو نو ماشہ پوست بیخ سوسن گل سرخ تخم ترب پانچ پانچ ماشہ انکباب کہ نقصان و
بطلان سماعت کو دفع کرے ص سداب تخم شبت تخم ترب نو نو ماشہ لوبان و ایلوہ تین تین ماشہ
**انکباب ورم گوش** — انکباب کہ ورم و درد گوش کو دفع کرے ص برگ بنفشہ برگ مکوے برگ سنبھالو گل بابونہ گل سرخ گل نیلوفر
**انکباب درد مثانہ** — گل خطمی جملہ بوزن مساوی انکباب کہ درد مثانہ و درد یا دوسرے اعضا و بستگی اعضا کو دفع کرے ص برگ نیب برگ
**انکباب ورم خصیہ** — مکوے امربیل برگ سنبھالو پوست درخت گلچکان ہر ایک مساوی انکباب کہ ورم خصیہ و قضیب کو دفع کرے ص
**انکباب چھاجن** — سقمونیا تین ماشہ تخم شبت برگ مکوے دو دو تولہ خوب کلان بلیلہ آملہ ایک ایک تولہ انکباب کہ چھاجن یعنی ہاتھ
و پانون کے چمڑ پھٹنے کو دفع کرے ص پوست درخت نیب دو تولہ کدوے تلخ آدھ پاو کا یفر تین تولہ

## حرف بائے تازی

فصل ساتوین نسخجات برش مین کہ نام اصلی برشعثا بمعنی بر الساعۃ و ترکیب حکماے قدیم ہو اب کثرت
**برش** — استعمال سے بلفظ برش معروف ہو رہا ہی برش کہ زکام و نزلہ و تیرگی چشم و دوار و آواز گوش و لقوہ و فالج و رعشہ
وصرع و سبات و نسیان و مالیخولیا و یرقان و ضعف اعصاب و استرخاے لثہ و بلادت ذہن و گندگی دہن و سیلان

لعاب ہین سعال و نزف دم و اوجاع بلغمی و ضعف معدہ و جگر و انواع استسقا و سرعت انزال کو مفید اور
فادزہر سموم کا ہی ص فلفل سیاہ فلفل سفید بزر البنج ہر ایک چار چار تولہ افیون مصری دو تولہ زعفران
ایک تولہ سنبل الطیب عاقرقرحا تین تین ماشہ جدا جدا سفوف کرکے سہ چندان شہد کف گرفتہ مین مخلوط کرکے
تین مہینے غلہ جو مین دفن رکھکر استعمال کرین خوراک دو سرخ سے ایک ماشہ تک ہی و قوت اسکی پانچ برس تک باقی
رہتی ہی **ایضاً** گل بنفشہ عود صلیب اسطوخودوس ہلیلہ زرد چھہ چھہ ماشے سفوف کرکے دو تولہ افیون مین کہ
پانی مین گھول کر گرم کیا ہوے ملا کر گولیان بناوین **ایضاً** قرنفل زعفران عقرقرحا بزر البنج پانچ پانچ ماشہ سفوف
کرکے دو تولہ افیون مین کہ عرق کیوڑہ مین گھول کر گرم کیا ہوے ایسا ملاوین کہ مثل معجون کے ہو جاوے

بتیسا

**فصل آٹھوین** نسخجات بتیسا و پینڈی مین **بتیسا** کہ عورات کو واسطے دفع رطوبت و ادرار حیض غیر
معمولی و درد و کمزوری کمر و نقاہت طبیعت کے مفید ہی و مردون کو دافع جریان و رقت منی و مقوی باہ ہی
ص مازو مائین لودھ باوبرنگ باوکھما گل دھاوا گوکھرو کلان گوکھرو خرد گل سپاری چکنی ڈلی موصلہ
سینبل سمندرسوکھ چھال درخت مولسری گوند ڈھاکھ الایچی خرد مع پوست مجیٹھ پلنگ توڑ
کمرکس ایک ایک تولہ سنگ جراحت دو تولہ گوند ببول بروغن زرد بریان سات تولہ سب کو کوٹ چھان کے
میدۂ برنج ساٹھی آدھ سیر شکر سفید تین پاو مین ملاوین اور گری چھوہارا چرونجی لاوا ایک ایک
چھٹانک ریزہ ریزہ کرکے مخلوط کرین اور تین پاو روغن گاو جو داغ سے خوشبو کیا ہو ملا کر چاہین ویسا ہی
رکھین چاہین باضافۂ قدرے پانی کے بشکل لڈو بنا رکھین **ایضاً** بتیسا موصلہ سینبل مجیٹھ
سوپاری پورانی پلنگ توڑ تخم سرپالی تخم گدر بیج بند مغز تخم کیواپخ گل دھاوا جرپا کند چونیان گوند مغز بلاس
پاپڑلہ اندرجو تیج بل پپرامور مائین سمندرسوکھ باوبرنگ اجواین دیسی تال مکھانا سونٹھ گوکھرو خرد
گوکھرو کلان موصلی سفید موصلی سیاہ مازو دارچینی باوکھما لودھ موچرس کمرکس کامراج سینگری
ببول کی بھوپھلی الایچی سرخ اسگندھ ایک ایک تولہ سنگ جراحت تین تولہ میدۂ گندم میدۂ برنج

پینڈی

ساٹھی ایک ایک پاو شکر سفید روغن زرد آدھ آدھ سیر **پینڈی** کہ عورات کے مزاج کو از بس مفید ہی
رطوبات کو خشک و تحلیل و بدن کو خوشرنگ و تقویت بدن و تولید خون صالح کرتی ہی و مردون کی
رقت منی و سستی باہ کو دفع کرتی ہی ص تال مکھانا چاکسو تخم اوٹنگن بلیلہ آملہ مازو ہری سبز زیرہ سیاہ
زیرہ سفید لودھ دو دو تولہ الایچی کلان الایچی خرد تخم سرپالی جایفل لونگ ایک ایک تولہ مغز بنبہ دانہ

وسپیاری چار چار تولہ گوند ببول بروغن زرد بریان کردہ تو تولہ نشاستہ گندم ڈیڑھ پاؤ
شکر سفید اڑھائی پاؤ سب جات در روغن زرد بدستور نسخہ اول کے ملا کر بنا وین

**برود پھلی**
فصل نوین برود مین کہ اقسام مجربہ سے ہی برود کہ آنکھ کا میل و پانی دفع کرے پھلی و جالا کو
کاٹے و سرخی آنکھ کی و شب کوری دور کرے ص طوطیاے مغسول ایک ماشہ پوست ہلیلہ زرد
دو ماشہ تخم ہلیلہ کابلی سوختہ ایک عدد کافور دو سرخ نمک سنگ چار سرخ بطور سرمہ گھس کر استعمال

**برود مقوی باصرہ**
کرین برود کہ قوت باصرہ کو طاقت دیوے و آنکھ کی حفاظت امراض سے کرے ص گھریا چاندی کی

**برود سوزش چشم**
تین ماشہ زعفران ایک ماشہ کافور چار سرخ برود کہ سوزش و خارش آنکھ کو دفع کرے ص
سنگ بصری صدف سوختہ تین تین ماشہ رسوت پانچ ماشہ کافور ایک ماشہ طباشیر سفید حبہ سرخ

## ضمیمہ فصل نوین کا

**برود اصفر**
برود اصفر کہ خارش چشم و پھولی و باھنی و جالا و ناخنہ کو دفع کرتا ہی ص طوطیاے مغسول دس ماشہ
ہلیلہ زرد زنجبیل زرد چوبہ پانچ پانچ ماشہ مامیران چینی فلفل دراز تین تین ماشہ نمک سنگ ایک ماشہ
سب کو کوٹ چھان کر ظرف چینی خواہ شیشہ مین رکھکر اسقدر آب باویان ڈالین کہ خوب تر ہو جاوے

**برود پارسی**
زان بعد سایے مین خشک کرکے سرمے کی طرح صلایہ کرکے آنکھ مین لگاوین برود پارسی کہ مخترع
اطبار فارس کا ہی حفظ صحت آنکھ کی کرتا ہی و بصارت کو قوت دیتا ہی ص طوطیاے مغسول گھریا
چاندی کی پانچ پانچ ماشہ جٹا مانسی تیج پات زعفران ایک ایک ماشہ مروارید ناسفتہ دو ماشہ کافور

**برود رمان**
چار ماشہ صلایہ کرکے لگاوین برود رمان کہ ضعف بصر کو دفع کرتا ہی و بصارت کو قوت دیتا ہی
ص انار شیرین و انار ترش کے دانے و مغز باریک جو مابین دانون کے اندر انار کے ہوتا ہی بوزن
مساوی لیکر کھرل سنگین مین کوٹ کر پانی اوسکا نچوڑ لیوین و چہارم حصہ اوسکا شہد خالص ملا کر
دیگچی قلعی دار مین آگ پر رکھین و کف دفع کرتے جاوین یہان تک کہ قوام اوسکا مثل شربت کے ہو جاوے

**برود جالینوس**
بوتل شیشہ مین رکھ لیوین و لگایا کرین برود جالینوس کہ مقوی بصر و دافع دھلکہ و پھولی و خارش
مزمن کا ہی ص صبر سقوطری مرچ سیاہ فلفل دراز شادنج سنگ مقناطیس سوختہ دو دو ماشہ طوطیاے سبز
ساذج ہندی چار چار ماشہ مازو سبز چاکسو مقشر انزروت کف دریا ایک ایک ماشہ سفوف کرکے

**برود حصرم**
آب انار سین مین پانچ مرتبہ تر کرکے ہر مرتبہ آفتاب مین خشک کرین و صلایہ کرکے لگاوین برود حصرم

کے پہولی جالا ماندا و دھلکا و ناخنہ و بامعنی و خارش کو دفع کرے ص طریق بنانیکا کرمانی مغسول دس ماشہ زنجبیل ہلیلہ زرد زرد چوبہ پانچ پانچ ماشہ دار فلفل مامیران چینی تین تین ماشہ نمک سنگ ایک ماشہ سفوف کر کے تین ہفتہ تک آب غورہ مین تر رکھکر خشک کر کے سرمہ بنا کے استعمال کرین

## ضمیمہ بالذات

باسلیقون کبیر — باسلیقون سرمہ روشنی چشم کا ہے بقراط نے واسطے بادشاہ کے جسکا یہی نام تھا بنایا تھا باسلیقون کبیر تیرگی چشم وابتدائے نزول آب واجرائے اشک و خارش و سبل و ظفرہ و شریان و نوٹالی پلکون کو مفید ہے ص کف دریا اقلیمیائے نقرہ دس دس ماشہ ہلیلہ زرد دو دو تولہ کشتہ رانگا کشتہ تانبا سافج ہندی سرمۂ اصفہانی مامیران چینی زرد چوبہ نمک سنگ سنبل الطیب پانچ پانچ ماشہ فلفل گرد فلفل دراز قرنفل صبر سقوطری دو دو ماشہ بدستور سرمہ بنا کے استعمال کرین

باسلیقون صغیر — باسلیقون صغیر کہ واضع مذکور سے وضع کیا و قریب منافع کبیر کے ہے ص اقلیمائے نقرہ کشتہ تانبا کشتہ رانگا پانچ پانچ ماشہ نمک سنگ نوشادر سنبل الطیب فلفل گرد فلفل دراز نیم نیم ماشہ بدستور سرمہ بنا کر استعمال کرین

بنفسجی — بنفسجی کہ باعتبار رنگ کے اس نام سے موسوم ہوا تیرگی چشم و دمعہ و جرب و حکہ کو مفید ہے ص شادنج مغسول سات ماشہ دم الاخوین پانچ ماشہ کشتہ تانبا فلفل دراز سنبل الطیب سافج ہندی اشہ الایچی سفید کافور دو دو ماشہ بدستور سرمہ بنا کے استعمال کرین

برد یوٹا — برد یوٹا کہ آشوب و درد چشم کو ایک روز مین دفع کرے یعنی باستعمال اسکے جلد صحت ہوتی ہے ص شیاف مامیثا انزروت نو نو ماشہ کتیرا ایک ماشہ زعفران دو ماشہ افیون نیم ماشہ سرمہ سا کر کے ساتھ پانی بادیان کے شیاف بنا رکھین بروقت حاجت کے سفیدہ تخم مرغ مین لیکر لگاوین

بخور دانہا بواسیر — فصل دسوین بخورات مین بخور کہ دانہ ہائے بواسیر اور ورم مقعد کو دفع و کرم دیدان یعنی چنا کو قتل کرے ص گوگرد سیندور چھ چھ ماشہ اصل السوس بیخ مدار برگ کنار دو دو تولہ جلا کر دھوان مبرز مین

بخور مدر حیض — پونہچاوین بخور کہ مدر حیض و مخرج بچہ مردہ و مشیمہ ہو و دشواری ولادت کو آسان کرے ص کندش اظفار الطیب بھل مقل گوگرد مساوی سفوف کر کے زہرۂ گاؤ مین سان کر گولی یا شیاف بنا رکھین وقت

بخور بادی بواسیر — حاجت کے جلا کر دھوان لیوین بخور کہ بواسیر ریحی کو دفع کرے ص پھل بھٹ کٹائی کے و برگ نیب و اندرائن

بخور آسانی ولادت — ہموزن لیکے بخور کرین بخور کہ آسانی ولادت کی کرے ص سانپ کی کینچل ایک جز سم اسپ خواہ خر چار جز

بخور دافع ابرس — باہم ملا کے بخور کرین بخور کہ ہاتھ و ناخن کے ابرس کو دفع کرے ص روغن بیدانجیر مقام مرض پر ملکے مدار کی لکڑی کی دھونی دیوین

## حرف باے فارسی

پاشویہ دردسر حار

فصل گیارھوین نسخجات پاشویہ مین پاشویہ کہ واسطے صداع حار و سرسام صفراوی و بیخوابی کے نافع ہو ص
برگ کنار سبوس گندم نیم نیم پاو برگ بنفشہ گل نیلوفر گل خطمی عنب الثعلب برگ خرفہ برگ پالک چار چار تولہ تراشۂ کدو
چھ چھ تولہ نمک خورد تین تولہ ایضاً گل نیلوفر چار تولہ گل سرخ ایک تولہ تراشۂ پیٹھا تراشۂ کدو سے درا سبوس
گندم چھ چھ تولہ کشنیز تر و نمک خورد دو دو تولہ برگ کنار چھ تولہ

پاشویہ دردسر بارد

پاشویہ واسطے دردسر بارد و سبات و
سرسام بلغمی و تپ بلغمی کے مفید ہو ص گل بابونہ اکلیل الملک گل خطمی خردل نمک طعام خوب کلان تین تین تولہ
سبوس گندم برگ کنار چھ چھ تولہ ایضاً پرسیاوشان گل بابونہ تخم خطمی تین تین تولہ برگ کنار برگ سنجن چار چار تولہ نمک طعام دو تولہ

## حرف التاء المثناة الفوقانیہ

فصل بارھوین نسخجات تریاقات مین واضح ہو کہ حکما نے اولاً ترکیب تریاق کی اجزائے فادزہریہ سے
کی بھی زان بعد اجزائے قوی العمل سے ترکیب دینا شروع کیا مقصود یہ ہی کہ تریاق مرض مقابل کو ایسا نافع ہو
کہ جیسا دفع زہر مین فادزہر ہوتا ہی

تریاق اربعہ

تریاق اربعہ مخترعۂ حکیم اندروماخس کا ہی طیاری سے چالیس روز کے
بعد استعمال کرنا چاہیے وہ دو برس تک قوت کامل رہتی ہی محلل ریاح غلیظہ و مصلح جگر و طحال و مفتح سدد ہی
اور فادزہر سموم حیوانات و مدر فضلات و مخرج جنین میت و نافع صرع و خفقان و جمیع امراض باردہ ہی
ص حب الغار جنطیانا مرمکی زراوند طویل خواہ زراوند مدحرج مساوی الوزن سفوف کرکے سہ چندان
شہد کف گرفتہ مین ملاوین خوراک ایک ماشے سے چار ماشے تک اور اگر ایک جزو زعفران ملاوین زیادہ تر لطیف
اور قوی ہو

تریاق ثمانیہ

تریاق ثمانیہ حکیم بلیدونس نے آٹھ چیزون سے بناکر اس نام سے موسوم کیا ہی سمیت سموم
کھائے ہوئے و کاٹنے و نیش مارنے حیوانات کو دفع کرتا ہی و قولنج و صلابت و سدۂ طحال و فالج و رعشہ
و صرع کو مفید ہو و محلل ریاح و مفتح سدۂ عروق ہو ص مرمکی حب الغار جنطیانا قسط تلخ ایک ایک تولہ
فلفل گرد سلیخہ آٹھ آٹھ ماشہ زعفران دارچینی چار چار ماشہ شہد سہ چندان

تریاق صغیر

تریاق صغیر مخترع
شیخ الرئیس دفع سمیت سموم و دفع سم جانوران مین تریاق اربعہ سے قوی ہی ص زراوند طویل حب الغار
جنطیانا پوست بیخ کبر افسنتین زرد چوبہ بیخ حنظل جملہ مساوی شہد یک نیم چند مجموع

تریاق المثانہ

تریاق المثانہ
تالیف حکیم ابو الماہر کہ دفع قروح گردہ و مثانہ و مجاری بول و احتباس و سوزش بول مزمن کو مجرب ہی
قدرے شیر گاو کے ساتھ اور مفید امراض رحم و مدر حیض و مسکن دردہائے اعضائے تناسل ہو آب خیساندہ
نخود کے ساتھ و مانع صعود ابخرہ بدماغ و مقوی و منقی اعضائے نفس ہی ماء العسل کے ساتھ ص شاخ

گاوکوہی سوختہ بسد مروارید نو نو ماشہ افیون ایک ماشہ رب السوس سماق گل ارمنی گل شیرازی ریوند چینی ریوند خشک صمغ تخم کرفس انیسون چار چار ماشہ گل مختوم تخم خطمی تخم خبازی تخم خرفہ مغز تخم خیارین مغز تخم کدوئے شیرین مغز تخم خربوزہ دم الاخوین پانچ پانچ ماشہ اشنہ کتیرا حب القلت مغز بادام شیرین سات سات ماشہ حب کاکنج نو ماشہ شہد سہ چندان

تریاق الاسنان

تریاق الاسنان کہ درد دندان و ورم مسوڑھون کو جو سردی سے ہوتے دفع کرنے مین نہایت مجرب ہی ص فلفل گرد عقرقرحا انگوزہ زرنباد نمک سنگ بوزن مساوی کوٹ چھان کے شہد مین سان کر غلولہ بناکر سائے مین خشک کرکے دانت کے نیچے داوین

## ضمیمہ فصل بارھوین کا

تریاق المر

تریاق المر کہ عقرب زدہ کو مفید ہی و دفع قولنج و درد احشا و سدۂ امعا و تسہیل ولادت کرتا ہی ص صبر سقوطری قسط تلخ پودینہ سداب جری عقرقرحا زنجبیل فلفل گرد فلفل دراز شونیز حلتیت جملہ بوزن مساوی سفوف کرکے سہ چندان شہد مین مخلوط کر رکھین خوراک چھ ماشہ ساتھ آب گرم کے

## فصل تیرھوین تیزاب مین

تیزاب قاطع گوشت زائد

سنجات تیزاب مین تیزاب کہ گوشت زائد کو زخمون سے قطع کرتا ہی و دنبل سخت کو توڑتا ہی و بثورات مزمنہ کا مواد بہاتا ہی ص شورۂ قلمی پھٹکری نوشادر بوزن مساوی نیمکوب کرکے بدستور عرق کھینچین

تیزاب قاطع گوشت برص

تیزاب دافع بواسیر

تیزاب کہ برص کے چمڑے اور گوشت ناقص کو کاٹے اور اچھا گوشت و چمڑا جماوے ص پھٹکری سفید دو تولہ پھٹکری زرد چار تولہ شورۂ قلمی سات تولہ بدستور بناوین و جلد کو کھجلا کر لگاوین تیزاب جسکو دیگ بردیگ کہتے ہین بواسیر کو اور گوشت زائد کو کاٹ کے دفع کردیتا ہی اور یہ دوا تکلیف شدید دیتی ہی بعد کٹ جانے گوشت کے کرنب کلے کا پتا جوش کرکے اوسکا پانی لیکر اوسمین گائے کا گھی ملاکر کھینچین جب مثل مرہم کے ہوجاوے تب لگاوین اور اگر اس سے زخم دفع نہووے دوسرا مرہم استعمال کرین و اگر ایکروز کے لگانے مین گوشت نہ کٹے تو ایک دو روز درمیان دے کر پھر لگاوین ص سیماب نوشادر چار چار تولہ زنگار چونہ پتھر کا آٹھ آٹھ تولہ سجی لوبان گندھک ہر چہ بیس بیس تولہ پارہ و زنگار کو سرکے مین کھرل کرین جب پارے کا نشان باقی نرہے دوسرے اجزا ملاکر کھرل کرکے دوا کو خشک کرین اوسکے بعد سرد پانی مین رکھکر ایک دیگ مٹی مین رکھین و دوسری دیگ سر اوندھا اوسپر رکھکر آٹے سے مونہ بند کردین و خفیف آنچ لگتے رہین کہ سب دوا کا جوہر اوڑکر دوسری دیگ مین لپٹ جاوے تب کھولکر اوڑی ہوئی کھرچ لے رکھین و استعمال کرین

## حرف الجیم

فصل چودھوین جوارشات مین اسکا اختراع معجون کے بعد ہوا مخصوص واسطے امراض معدہ کے اور بعد

**جوارش دارچینی**
اور اعضا کے واسطے بھی بنے لگین جوارش دارچینی کہ تمام اعضا اور باہ کو قوت دیوے اور درد سر و سعال بلغمی
و بواسیر بادی و داء و نقرس و بہق و سنگ گردہ و مثانہ کو مفید ہو ص سنبل الطیب دانہ الایچی سفید سلیخہ
دارچینی خولنجان قرنفل سعد کوفی زنجبیل مرچ سیاہ دارفلفل قسط شیرین اسارون ہر ایک دو جز زعفران

**جوارش کمونی**
ایک جز و مصطکی پانچ جز و شکر سفید برابر مجموع کے و شہد بوزن دونون کے جوارش کمونی مقوی معدہ
و ہاضم و کاسر الریاح و دافع فضلات ہو ص زیرہ سیاہ سرکہ خالص مین تسقیہ کیا ہوا سات جز مرچ سیاہ
زنجبیل سداب دارفلفل پودینہ ہلیلہ زرد تین تین جز نمک سنگ چہار جز شہد سہ چندان مجموع کے

**جوارش مصطکی**
جوارش مصطکی دافع برودت معدہ و جگر و سیلان لعاب دہن و مقوی معدہ و ہاضمہ ہو ص مصطکی
رومی ایک جز سفوف کر کے قوام قند سفید سولہ جز مین کہ عرق گلاب کے ساتھہ بنایا ہووے ملاوین

**جوارش عود ترش**
جوارش عود ترش مقوی معدہ اور ہاضم طعام ہو ص عود پانچ تولہ قرنفل سنبل الطیب زرد شک
ایک ایک تولہ ایک رطل شکر سفید کے قوام مین جسمین دس تولہ عرق لیمون کاغذی خواہ بارہ تولہ عرق

**جوارش جالینوس**
انار ترش داخل ہووے ملاوین جوارش جالینوس کہ تمام اعضا کو اور باہ کو قوت دیوے و کثرت بول و غلبۂ
ریاح و صداع و سعال بلغمی و بواسیر بادی و وقوباء و نقرس و بہق و سنگ گردہ و مثانہ کو دفع کرے و سیاہی
بالون کی محفوظ رکھے ص سنبل الطیب قاقلہ سلیخہ دارچینی خولنجان قرنفل سعد کوفی زنجبیل چرایتہ فلفل سیاہ
دارفلفل قسط شیرین عود بلسان اسارون ایک ایک تولہ زعفران چھہ ماشہ مصطکی رومی دو تولہ قند سفید

**جوارش خوزی**
سب دوا کے برابر شہد دو چندان دوا کے جوارش خوزی کہ اطبائے خوزستان نے اختراع کیا ہاضم
طعام و دافع اسہال ہو و ورم طحال جسکو پلہی اور برو ٹ کہتے ہین و استسقا و کثرت بول کو دفع کرے ص
قسط شیرین سلیخہ سنبل الطیب ایک ایک تولہ جدوار دو تولہ دانہ الایچی سرخ قرنفل انیسون اکلیل الملک شیطرج
نو نو ماشہ بسباسہ و روغن عقرحا بندادوند مدحرج اشنہ ہلیلۂ زرد ہلیلۂ کابلی ہر ایک چھہ چھہ ماشہ نبات سفید

**جوارش لولوی علی**
دو چند مجموع کے بعد دو مہینے کے لائق استعمال کے ہی جوارش لولوی علی کہ ریاح و خفقان و مالیخولیا و گھبراہٹ دل
و وسواس سوداوی کو دفع کرے ص عود ہندی بسباسہ فرنجمشک زرنب زرنباد برگ گاؤزبان سنبل الطیب
ایک ایک تولہ دارچینی مصطکی بادیان چھہ چھہ ماشہ کافور تین ماشہ شہد ہم چندان نبات سفید دو چندان

**جوارش اسقف**
جوارش اسقف حکیم اسقف سے لکھا ہو کہ مینے کسی مرکب کو اس سے بہتر و موثر نہین پایا ہو قولنج وغیرہ

امراض معدہ و امعاء و بواسیر و درد پشت و درد نشست گاہ و غثیان و قے کو دفع کرے ص زنجبیل دارچینی
املہ قرنفل بسفائج جوزبوا ایک ایک تولہ فلفل گرد الایچی سفید ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ سقمونیا و تربد نو نو ماشہ

جوارش دافع اسہال صفراوی

نبات سفید ہموزن مہ شہد دو چندان جوارش کہ اسہال صفراوی پیچش و درد شکم دوامی و بواسیر کو نفع کرے
ص سماق تخم ترہ تیزک بودادہ زیرہ سیاہ مدبر مصطگی رومی فلفل گرد قاقلہ ایک ایک تولہ سقمونیا تربد پانچ

جوارش مقوی دماغ

پانچ ماشہ شہد سہ چندان جوارش کہ دماغ و گردہ و جگر کو طاقت دیوے اور منی کو زیادہ و گاڑھی اور
قوت باہ کو ایزاد کرے ص تخم پیاز تخم جامن تخم ہلیون تخم شلجم تخم گذر تخم کرفس شقاقل مصری دار فلفل
الایچی سرخ خولنجان دارچینی قرفہ زنجبیل نو نو ماشہ اسگندھ موصلی سیاہ موصلی سفید مرچ کنکول
کباب چینی عقرقرحا چھ چھ ماشہ قرنفل جوزبوا تین تین ماشہ گوندھول روغن گاؤ مین بریاں کردہ تین تولہ شکر سفید چند

## ضمیمہ فصل چودھوین کا

جوارش قندادیقون

جوارش قندادیقون کہ موسوم باسم مخترع ہی درد پشت درد معدہ وضعف ہر دو کہ بسبب برودت
ورباح کے ہو دفع کرے ص زنجبیل مرچ سیاہ سنبل الطیب مصطگی رومی نانخواہ ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ تخم کرفس

جوارش فنجنوش

پودینہ زیرہ سیاہ سلیخہ عقرقرحا سافوج ہندی دانہ الایچی سرخ ایک ایک تولہ شہد سہ چندان جوارش
فنجنوش کہ استرخای معدہ ورباح و بواسیر وفساد معدہ کو دفع کرے ص خبث الحدید کہنہ تین تولہ
ریزہ ریزہ کرکے دو ہفتہ سرکہ مین تر کرین و نکال کر آگ مین خوب گرم کرکے روغن گاؤ مین سرد کرین
وہلیلہ زرد ہلیلہ آملہ سعد کوفی شیطرج ہندی سنبل الطیب فلفل سیاہ فلفل دراز زنجبیل ایک

جوارش فلافلی

ایک تولہ تخم شبت تخم گندنا نو نو ماشہ شہد کف گرفتہ سہ چندان جوارش فلافلی منقول کامل الصناعہ سے
چونکہ جملہ فلفل عمدہ اس ترکیب کے ہین لہذا اس نام سے موسوم ہوئی درد معدہ وشہوت کلبی یعنی
ہردم خواہش غذا کی رہنا وخورش قلیل ہونا وہضم طعام کو مفید وریاح غلیظہ و تپ ربع کو
زائل کرتی ہی ص فلفل سیاہ فلفل سفید فلفل دراز ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ زنجبیل تخم کرفس نانخواہ پودینہ سلیخہ اسارون

جوارش مقلیاثا

ایک ایک تولہ شہد سہ چندان بدستور بناوین خوراک چار ماشہ سے نو ماشہ تک جوارش مقلیاثا
کہ زحیر یعنی اجابت قلیل قلیل ساتھ پیچش کے باختلاط آنون کے ہونا ومغص یعنی درد خفیف امعا مین
بدون قبض کلی کے و بواسیر بادی کو دفع کرے ص تخم ترہ تیزک بودادہ زیرہ سیاہ مدبر نو نو ماشہ
مصطگی رومی ڈیڑھ تولہ ہلیلہ کابلی روغن گاؤ مین بریان کردہ چھ ماشہ سب کو سفوف باریک کرکے

**جوارش فواکه**

بروغن گاؤ مین چرب کرکے پاؤ بھر شکر سفید کے قوام مین ملاوین و بقدر مناسب کھلاوین جوارش فواکه
که معده و جگر و دل و احشا یعنی سائر اعضاے اندرونی کو قوت دیوے و قی صفراوی و خمار شراب کو دفع
کرے ص آب انار شیرین آب انار ترش آب سیب آب امرود آدھ آدھ پاو آب لیمون کاغذی آدھ پاؤ مین
ندر نتک دو دو توله سماق ایک توله پیس کر کپڑے مین چھان لیوین و جمله اجزا کو ساتھ اڑھائی پاؤ شکر

**جوگراج**

سفید کے قوام کرین و بقدر مناسب کھلایا کرین جوگراج که واسطے دفع فالج و لقوه و رعشه و دیگر امراض
بارده دماغی کے ازبس مفید ہے ص فلفل سیاه فلفل دراز بھنگره سیاه شاخون کا خشک ڈیڑھ ڈیڑھ توله زنجبیل قسط شیرین پوار
ہو بیر عقرقرحا پپراموال کچور توله توله بھر تیج بل جتاور کباب چینی پودینه خشک نو نو ماشه سب کو سفوف پارچہ بیز کرکے بعد
سفوف کے گوگل بھسیا یعنی زرد مائل بسرخی کو روغن گاؤ کے ساتھ کوٹ کر ڈھیلا کرین اور تھوڑا تھوڑا سفوف ملا ملا
ور روغن گاؤ ڈال ڈال کر کوٹتے جاوین که تمام سفوف گوگل کے ساتھ مخلوط و یکذات ہو جاوے و موافق تحمل مزاج مریض کے

**جوگراج**

که گرمی زائد محسوس نہووے کھلایا کرین جوگراج که معده و گرده و مثانه کو قوت دیوے و شہوت ردیه زنان
حامله کو دفع کرے ص کنجد سیاه مقشر چار توله زرنباد تخم کرفس زیره سیاه نانخواه کندر زنجبیل
فلفل گرد فلفل دراز دارچینی دانه الایچی سرخ نو نو ماشه و چندان نبات سفید کے قوام مین بدستور بناوین

## حرف الحاء المهمله

**حب نافع فالج وغیره**

فصل پندرھوین حبوب دافع امراض دماغی و دردون مین حب فالج و لقوه و رعشه کو دفع کرے ص
پپراموال تخم کتائی نانخواه کرفس فلفل دراز کباب چینی نمک سانبھر بوزن مساوی نیکوفته کرکے آب برگ مدار
خواه شیر مدار مین تسقیه دے کر سفوف کرکے مغز گھیکوار مین بقدر نخود کے گولی بنا کر ایک صبح کو اور ایک شب کو

**حب کوچله**

سوتے وقت کھاوین حب کوچله که فالج و رعشه و اختلاج و درد اعضا و کثرت نزله کو دفع کرتے و اگر عقیمه بعد
حیض کے کھاوے حامله ہو جاوے ص دارچینی جوزبوا بسباسه عود صلیب قرنفل ایک ایک توله کوچله که شیر گاؤ مین تر
و مقشر کرکے اوراق باریک تراشا ہو دو توله سب کو سفوف کرکے آب نانخواه و آب پودینه مین تسقیه دے کے

**حب وجع مفاصل**

گولی بناوین حب که درد مفاصل کو دفع کرے ص صبر سقوطری تربد سفید یک نیم یک نیم توله ہلیله زرد بوزیدان

**حب نقرس**

سورنجان شیرین ایک ایک توله انیسون سقمونیا مقل نو نو ماشه بآب گندنا گولی بناوین حب که واسطے
دفع نقرس کے مجرب ص شونیز بیخ کبر مقل عقرقرحا سات سات ماشه ہلیله سیاه بلیله آمله شیطرج زنجبیل

**حب عرق النسا**

دار فلفل نمک ہندی نو نو ماشه سورنجان شیرین ہموزن جمله اجزا با آب بادیان گولی بناوین حب که

عرق الحنا کو دفع کرے اسہال لانے سے ص صبر سقوطری ہلیلہ زرد سورنجان شیرین بوزن مساوی گولی بنا لین

## ضمیمہ فصل پندرھوین کا

**حب اصطمخیقون**

حب اصطمخیقون کہ بلغت یونانی بمعنی منقی ہو صداع مزمن و شقیقہ و بیضہ و خودہ و عصابہ و
جملہ امراض دماغی و مالیخولیا و دیگر امراض متعلقہ دماغ کو بہ اسہال سودا و بلغم و اخلاط فاسدہ کے
سود مند ہو ص صبر سقوطری ہلیلہ زرد تخم براوردہ تربد مجوف و مقشر چار چار ماشہ حب النیل بوداوہ
انیسون غاریقون سفید دو دو ماشہ شحم حنظل نمک سنگ تین تین ماشہ علیحدہ علیحدہ سفوف
کرین و سفوف تربد کو روغن بادام مین چرب کرین و چھہ ماشہ بادیان تھوڑے پانی مین جوش
کرکے اوسی پانی مین جملہ ادویہ کو سان کر بقدر نخود کے گولیان بنا رکھین بوقت حاجت صبح کو سات
ماشے سے نو ماشہ تک موتھہ مین رکھکر ایک تولہ شہد تھوڑے پانی مین گھول کر نگل جاوین حب ایارج

**حب ایارج**

کہ صداع مزمن و صرع و سکتہ و جمود و شخوص و سبات و امراض آنکھہ کو نفع کرتی ہی و دماغ و اعضای
رئیسہ کو فضلات و اخلاط بلغمی سے صاف کرتی ہی ص تربد سفید مجوف و مقشر سات ماشہ سفوف
کرکے روغن بادام مین چرب کرین و حب النیل بوداوہ و غاریقون سفید و شحم حنظل چھہ چھہ ماشہ انیسون
و نمک لاہوری چار چار ماشہ سب کو سفوف کرکے ایارج فیقرا نو ماشہ ملا کر آب بادیان مین بقدر نخود کے
گولیان بنا رکھین بوقت حاجت صبح کو سات ماشہ کھا کر تھوڑا پانی پیوین حب کندر کہ واسطے دفع

**حب کندر**

صرع اطفال کے ازبس مفید ہی ص کندر جندبیدستر صبر سقوطری ہم وزن سے گولیان بقدر دانہ
سرشف بنا رکھین و ایک صبح و ایک شام کھلایا کرین حب صرع کہ واسطے دفع صرع کے نادر نظیر ہو

**حب صرع**

ص صبر سقوطری مقل ازرق تولہ تولہ بھر جندبیدستر و عود صلیب تین تین ماشہ بقدر دانہ مونگ کے
گولیان بناوین اطفال کو ایک گولی و جوان کو تین گولی کھلایا کرین حب افیون کہ دفع نزلہ

**حب افیون**

و زکام مین مجرب ہی ص جندبیدستر زعفران تین تین ماشہ دارچینی چھہ ماشہ صمغ عربی کتیرا
رب السوس نو نو ماشہ افیون بزرالبنج دو دو ماشہ بقدر فلفل گرد کے گولیان بناوین صبح و شام بقدر مناسب کھلایا کرین

**حب آشوب چشم**

فصل سولھوین حبوب دافع امراض آنکھہ کے حب سرخ واسطے ہر مرض آنکھہ کے خصوص آشوب کے
بزیادہ تر مفید ہی ص گیرو چار جز افیون ایک جز زنجبیل نیم جز ہلیلہ کے پانی مین گولی کلان کلان
بنا رکھین اگر آنکھہ پر ورم ہو تو آب کشنیز خواہ آب مکو مین و اگر ورم نہووے آب کو کنار مین گھس کر

حب امراض چشم

لگاوین حب امراض چشم کہ امراض آنکھ کو مفید ہے ص پھٹکری بریان چار ماشہ افیون دو ماشہ رسوت آٹھ ماشہ برگ تازہ نیب پانچ عدد زعفران پانچ سرخ سب کو کڑاہی آہنی مین دستہ آہنی سے رگڑ کر گولی بنا رکھین بوقت ضرورت طلا کرین

## ضمیمہ فصل سولھوین کا

حب پلاس پاپڑا — حب ہلیلہ

حب پلاس پاپڑا کہ آنکھ کی پھولی و ظفرہ و ذوفہ و طرفہ و سبل کو دفع کرے ص ہلیلہ سیاہ مغز تخم پلاس صندل سرخ نمک لاہوری ہموزن سے گولیان بنا رکھین و پانی مین گھس کر لگایا کرین حب ہلیلہ کہ شبکوری کو دفع کرے ص چرک گوش آدمی ہلیلہ تخم براوردہ تین تین ماشہ قلمی شورہ ایک ماشہ گولی بنا رکھین ایک گھڑی دن باقی رہے پانی مین گھس کر لگایا کرین

حب سوزش زبان

فصل سترھوین حبوب دافع امراض دہان مین حب کہ سوزش زبان کو دفع کرے ص مغز تخم خربوزہ مغز تخم خیارین مغز تخم کدوے شیرین ایک ایک جز نشاستہ گندم مساوی مجموع کے باب گوندھول گولی بناکر مونھ مین رکھین

حب بوی دہن

حب کہ بدبوی دہن کو دفع کرے ص بسباسہ سعد کوفی پوست ترنج فرنج مشک صندل سفید ایک ایک تولہ طباشیر کافور چھریلہ تین تین ماشہ مشک ایک ماشہ باب گوندھول گولی بناوین

حب بستگی آواز

حب کہ بستگی وگرانی آواز کو دفع کرے ص اصل السوس مقشر تخم کتان بریان کتیرا صمغ عربی مغز بادام شیرین مغز چلغوزہ بوزن مساوی شہد کف گرفتہ مین گولی بناوین اور مونھہ مین رکھین

## ضمیمہ فصل سترھوین کا

حب فلفل

حب فلفل کہ واسطے دفع بستگی آواز کے جو سردی ورطوبت سے ہوے و ثقل اللسان و فساد و بطلان ذوق کے مفید ہے ص فلفل گرد پانچ ماشہ خردل بریان خولنجان و کندر نو نو ماشہ بدستور گولیان بناکر مونھہ مین رکھین

حب حمص

حب حمص کہ گرفتگی آواز کو دفع کرے ص نخود بریان مقشر باقلا بریان مقشر ایک ایک تولہ مغز بادام شیرین مقشر مغز چلغوزہ کتیرا مویز تخم براوردہ سوا سوا تولہ بقدر کنار جنگلی کے گولیان بناوین و مونھہ مین رکھکر چوسا کرین

حب طباشیر

حب طباشیر کہ واسطے دفع قرحہ دہن و حلق کے مفید ہے ص طباشیر سفید دم الاخوین مغز تخم کنول گٹہ بوزن مساوی بدستور گولیان بناکے مونھہ مین رکھین و چوسا کرین

حب ہاضم طعام

فصل اٹھارھوین حبوب ہاضم و مشتہی طعام و دافع ریاح و سول حب گولگرد کہ ہاضم طعام و دافع تخمہ و اسہال و قی امتلائی ہے ص زنجبیل فلفل گرد فلفل دراز گوگرد زرد نمک سنگ جملہ مساوی الوزن باب عرق لیمون ایضاً مرچ سیاہ گل آک نانخواہ کرفس نمک سنگ مساوی باب ادرک ایضاً تج دارچینی

حب دافع سوء ہضمی — زنجبیل مرچ سیاہ نمک سانبھر نمک جواکھار مساوی الوزن حب کہ سوء ہضمی کو دفع کرے ص سداب تین جزو مرچ سیاہ دو جزو نمک سنگ ایک جزو سرکے مین گولی بناوین

حب ہاضم طعام — ایضاً ہاضم طعام ص سوہاگا جواکھار نوشادر نمک سیندھا ہینگ مرچ سیاہ بوزن مساوی سرکے مین گولی بناوین

حب ہاضم مشتہی — ایضاً حب ہاضم طعام و مشتہی ص انیلستیس زنجبیل مرچ سیاہ پیپر پیپرامول اجواین دیسی جمودھ ایک ایک تولہ نمک سیاہ نمک سنگ نو نو ماشہ عرق لیمون مین گولی بناوین

حب باؤگولا — حب کہ باؤگولا و سوء ہضم کو دفع کرے ص زنجبیل سوہاگا خام ہینگ نمک سنگ مساوی الوزن باب پوست درخت سہجن بقدر کنار دشتی گولی بنا رکھین وایک گولی کھا کر قدرے آب گرم پیوین بقول ہندی شعر

سونٹھ سوہاگا سیندھا کاندھی سہجن کے رس گولی باندھی ٭ چونسٹھ بائی چوراسی سول ٭ نکے دھنتر سے نہ مول ٭

## ضمیمہ فصل اٹھارویں کا

حب ترش — حب ترش کہ ہضم طعام و تقویت اشتہا و معدہ مین بے عدیل ہے ص زنجبیل بے ریشہ دس تولہ فلفل گرد فلفل دراز پیپرامول ہلیلہ سیاہ بلیلہ و نانخواہ دو دو تولہ ہینگ چار ماشہ نمک سنگ نمک سیاہ سجی وجواکھار سفوف کرکے پیالہ چینی مین رکھکر عرق لیمون کاغذی خواہ عرق لیمون قسم انبلیہ کا ڈالین کہ سب دوا سے عرق اوپر آجاوے دھوپ مین خشک کرین اسی طرح تین مرتبہ تر و خشک کرکے دفع سوم مین دریافت کرین اگر نمک کم ہووے تو نمک سنگ بقدر مزہ کے اور ملاکر گولیان بنا رکھین و کھایا کرین

حب قابض — **فصل انیسوین** حبوب قابضہ مین حب دافع اسہال و قابض ص بالنگو کے سبز دانے چھ چھ ماشہ افیون دو ماشہ بقدر نخود کے گولی بناوین ایضاً پوست انار سماق بازو مساوی الوزن سے بقدر نخود کے گولی بناوین ایضاً اگر شہد مین گولی بناوین کثرت اسہال وقت شب کو مفید ہے و اگر عرق لیمون مین بناوین اسہال روزانہ کو مفید ہے ص سوہاگا

حب اسہال — بریان ایک جزو افیون چار جزو ایضاً کہ اسہال رنگ برنگ اطفال کو مفید ہے ص کل خروانار کی ایک عدد چاکسو رسوت تر کچور زیرہ سفید زرد چوب مقشر برگ نیب برگ بکاین و برگ مغیل دو دو ماشہ افیون ایک ماشہ

## ضمیمہ فصل انیسوین کا

حب قشر الرمان — حب قشر الرمان کہ ہر قسم کے اسہال کو دفع کرے ص پوست انار ترش ہلیلہ سیاہ بریان روغن گاؤ مغز تخم انبہ مغز تخم جامن نو نو ماشہ جفت بلوط چھ ماشہ مصطگی رومی دانہ الایچی سفید تین تین ماشہ سوگندھ بالا نر کچور چار چار ماشہ بدستور بناوین و بقدر مناسب کھلاوین

حب عفص — حب عفص کہ اجراے اسہال کو بند کرے ص مائیں سبز کزمازج ہموزن سے بدستور گولیان بناوین مع ایک

حب اقاقیا — خوراک ہے حب اقاقیا کہ فوراً اسہال کو بند کرے ص افیون دو ماشہ اقاقیا نو ماشہ سماق و حب الآس

چار چار ماشہ صمغ عربی بریان پانچ ماشہ بدستور بناوین خوراک یک نیم ماشہ

حب شبیار — فصل بیسوین حبوب مسہلہ مین حب شبیار تنقیہ دماغ کرے اور امراض دماغی کو مفید ہو ص ہلیلہ کابلی

سنائے مکی ہلیلہ تین تین جزء مقل ایک جزء گل سرخ حب النیل صبر چار چار جزء عصارہ ریوند مصطگی دو دو جزء

حب قوقایا — بدستور گولیان بنا رکھین وقت شب قبل از خواب کے بقدر مناسب کھاوین حب قوقایا یونانی زبان مین قوق

سر کو کہتے ہین چونکہ اس گولی سے تنقیہ مواد سر کا ہوتا ہے و امراض دماغی و اعضائے سر کو مفید ہے لہذا حکیم جالینوس

مخترع اس گولی نے یہ نام رکھا ص صبر سقوطری عصارہ افسنتین مصطگی رومی ہر ایک ایک تولہ شحم حنظل تربد چھہ

چھہ ماشہ کرفس کے پانی مین گولی بنا رکھین و اگر عصارہ افسنتین دستیاب نہو دو چند اوسکے افسنتین داخل کرین

حب لاجورد — حب لاجورد کہ دفع مواد سوداوی مین مجرب ہے جملہ امراض سوداوی کو مفید ہے و اگر بار بار الجبن مین دی جاوے

زیادہ تر خوب ہے ص لاجورد مغسول نو ماشہ مقل سقمونیا تین تین ماشہ غاریقون افتیمون بسفائج ایارج فیقرا

حب ورم شکم و قبض — ایک ایک تولہ انیسون کے پانی مین گولی بناوین حب کہ قبض و ورم شکم کو دفع کرے ص مرچ سیاہ فلفل دراز

ہلیلہ زرد ہلیلہ کل سرخ شیطرج بادیان چھہ چھہ ماشہ برگ سنا نو ماشہ تربد تین ماشہ نمک سیاہ نمک سانبھر

حب مسہل — نمک سنگ چار چار ماشہ حب مسہل ص برگ سنا تربد غاریقون جمال گوٹہ مدبر بوزن مساوی بعرق

حب خنازیر — لیمون ایضاً جمال گوٹہ مدبر صبر ہلیلہ زرد آملہ مساوی الوزن گولی بناوین حب کہ مادہ خنازیر و سلعہ

و غدود کے ورمون کو تحلیل و باسہال خارج کرے ص ایارج فیقرا نو ماشہ غاریقون نوشادر چھہ چھہ ماشہ شحم حنظل

تین ماشہ انزروت بریان ایک تولہ تربد یک نیم تولہ سقمونیا چار ماشہ بآب گندنا گولی بناوین خوراک تین ماشہ

## ضمیمہ فصل بیسوین کا

حب حنظل — مع حبوب دافع امراض معدہ و امعاء و مقعد حب حنظل کہ قولنج کو دفع کرے ص تخم حنظل دس ماشہ تربد سقمونیا چار چار ماشہ

حب دیدان — بدستور گولیان بناوین خوراک دو ماشہ حب دیدان کہ تینون قسم کے کیڑون کو مردہ و زندہ پیٹ سے نکالے

ص شحم حنظل چھہ ماشہ سقمونیا و حب النیل نو نو ماشہ افتیمون ایک تولہ بھر تربد ڈیڑھ تولہ بدستور گولیان بناوین

حب سرخس — و پانچ پانچ ماشہ ہر روز قدرے آب گرم کے ساتھ کھاوین حب سرخس کہ اخراج ہر قسم کے کیڑون کا پیٹ سے

کرے ص کمیلہ دو تولہ مقل ازرق و سقمونیا و حب النیل و انیسون نو نو ماشہ ساتھ آب برگ شفتالو کے بناوین

حب مقل — اول تھوڑی سی گری ناریل کی کھا کر اوسکے بعد چھہ ماشہ گولیان کھا کر تھوڑا آب نیم گرم پیوین حب مقل کہ دفع

بواسیر ریحی مین مجرب ہے منے نسخہ یہ ہے ص مقل ازرق چھہ تولہ پاؤ بھر شیر گاؤ مین آگ پر رکھکر چمچے سے حل کرین
جب مخلوط ہو جاوے کپڑے مین چھان کر آگ پر گاڑھا کرکے گولیان بقدر نخود کے بنا رکھین و پانچ پانچ گولی صبح و

**حب آمله**

شام کھایا کرین حب آملہ کہ بواسیر بادی کو مفید ہے ص ہلیلہ آملہ نو نو ماشہ خردل خرد بریان چھہ ماشہ
سفوف کرکے تین تولہ مقل ازرق کو پانی مین حل کرکے ملاوین و چھوٹی چھوٹی گولیان بنا رکھین و چھہ چھہ ماشہ

**حب حضض**

صبح و شام کھایا کرین حب حضض کہ دفع بواسیر بادی خونی مین مجرب ہے ص رسوت ایک تولہ مغز تخم نیب مغز

**حب صدف**

تخم بکاین مغز تخم کدو شیرین نو نو ماشہ بدستور گولی ہائے خرد بناوین و دو دو ماشہ کھایا کرین حب صدف کہ دفع
خون بواسیر مین مجرب ہے ص صدف سوختہ کہربا تخم کشنیز مقشر رسوت ہلیلہ سیاہ بروغن گاؤ بریان کردہ

**حب ہلیلہ**

گل سرخ جملہ بوزن مساوی سفوف کرکے ساتھہ عرق گلاب کے گولیان بناوین و پانچ پانچ ماشہ کھایا کرین حب ہلیلہ
کہ دونو قسم کی بواسیر کو مفید ہے ص ہلیلہ کابلی روغن گاؤ مین بریان کرکے تخم اوسکے دفع کرکے ہموزن اوسکا رسوت
ملاکے بدستور مقدار ماش کے گولیان بناوین و ہر صبح و شام چار چار ماشہ آب سرد کے ساتھہ کھاوین

**حب ورم طحال**

فصل اکیسوین حبوب دافع ورم طحال مین حب کہ ورم طحال کو تحلیل کرے ص سوہاگا خام نانخواہ کلونجی تخم شوا
نوشادر سب بوزن مساوی گھیکوار کے لعاب مین گولی بناوین ایضًا انگزہ سوہاگا بریان ایک ایک تولہ قند سیاہ
کہنہ چار تولہ مین بقدر نخود گولی بناوین ایضًا ہلیلہ زرد شیطرج زنجبیل سب سوہاگا بریان زیرہ سیاہ نمک سنگ
مساوی الوزن قند سیاہ کہنہ ہموزن جملہ ایضًا ہر سونٹھہ شیطرج سوہاگا بریان سجی قلمی شورہ بابرنگ سیندھا
بوزن مساوی سرکے سے گولی بناوین ایضًا زنجبیل فلفلین دارہلد جواکھار شیطرج ہندی تنبیل ساوی الوزن

## ضمیمہ فصل اکیسوین حبوب دافع امراض جگر و مرارہ

**حب ریوند**

حب ریوند کہ درد و ورم و نفخ و سدہ و زردی جگر و ابتدائے ہر قسم استسقا و سوء القنیہ کو مفید ہے
و بحالت کھانسی کے رب السوس ہموزن ایک جز کے داخل کرنا چاہیئے ص ہلیلہ زرد مصطگی رومی
انیسون لک مغسول ریوند چینی ریوند خطائی ایارہ فیقرا جملہ ہموزن بدستور بآب بادیان گولیان

**حب کرفس**

بناوین و رات کو سوتے وقت تین ماشہ ساتھہ تھوڑے آب گرم کے نگل لیا کرین حب کرفس کہ استسقاء
زقی کو مفید ہے ص تخم کرفس ایک تولہ سداب نانخواہ پودینہ ریوند چینی نو نو ماشہ بدستور بآب گاؤزبان

**حب افتیمون**

خواہ بآب بابونہ گولیان بناوین و بقدر مناسب کھلایا کرین حب افتیمون کہ استسقاء طبلی و لحمی کو
مفید ہے ص افتیمون ایک تولہ سنبل الطیب تج دارچینی لک مغسول نو نو ماشہ مصطگی رومی غاریقون

**حب کندش**

چھہ چھہ ماشہ بدستور بناوین و بقدر مناسب کھلایا کرین حب کندش کہ یرقان اسود کو مفید ہی
صں کندش دو تولہ سفوف کرکے تین بار سرکے مین تسقیہ دے کر افتیمون تخم کشوث ایک ایک تولہ ہلیلہ سیاہ

**حب نافع یرقان**

ڈیڑہ تولہ باَب بادیان گولیان بناوین و بقدر مناسب کھلایا کرین حب کہ یرقان اصفر کو مفید ہی صں
تخم کاسنی زیرہ سفید ایک ایک تولہ پوست بیخ کاسنی تخم خرفہ کباب چینی ڈیڑہ ڈیڑہ تولہ نمک لاہوری
دو تولہ سفوف کرکے تین بار سرکہ کہنہ مین تسقیہ دے کر گولیان بنا رکھین و بقدر مناسب کھلایا کرین

**حب ربع**

فصل بائیسوین حبوب دافع تپ و کھانسی مین حب کہ تپ ربع یعنی چوتھا کو مفید ہی صں مغز تخم پلاس پاپڑہ
پوست دور کردہ مغز تخم کرنجوہ بوزن مساوی بقدر فلفل گرد گولی بناوین و ہر صباح ایک گولی کھاوین

**حب انواع تپ**

حب کہ انواع تپ کو مفید ہی صں دارفلفل مغز تخم کرنجوہ ایک ایک تولہ زیرہ سفید برگ تازہ سنبل چھہ چھہ ماشہ

**حب تپ بلغمی وغیرہ**

بقدر نخود کے گولی بناوین ایک صبح ایک و پہر ایک شام کو تین روز تک کھائین حب کہ تپ ہای بلغمی و دردہای
بلغمی کو مفید ہو صں ہلیلہ زرد ہلیلہ سیاہ صبر انزروت مقل شحم حنظل دس دس ماشہ خردل سعد کوفی زیرہ سیاہ

**حب الشفا**

نمک سنگ مصطکی دو دو ماشہ چھوٹی چھوٹی گولی بناوین دو تین ماشہ تک خوراک ہی حب الشفا امراض
نزلہ اور تپہاے بلغمی و سوداوی کو مفید ہی تب نائبہ مین چار گھڑی قبل نوبت کھانا چاہیئے صں
تخم جوز ماثل یعنی دھتورہ تین جز ریوند چینی دو جز زنجبیل کلان ایک جز سفوف کرکے آب صمغ عربی

**حب ضیق النفس**

مین بقدر نخود کے گولیان بناوین حب کہ انواع کھانسی و ضیق النفس کو دفع کرے صں دارفلفل
ککراسینگی اصل السوس مقشر قرنفل پوست انار شیرین جوا کھار چھہ چھہ ماشہ شہد خالص مین گولی بناوین

**حب السعال**

ایضاً حب السعال صں صمغ عربی بریان کتیرا نشاستہ گندم نو نو ماشہ اصل السوس مقشر تخم خبازی
مغز تخم کدوے شیرین ایک ایک تولہ زعفران تین ماشہ بدستور گولی بناوین ایضاً کہ اطفال کی کھانسی کو
دفع کرے صں نشاستہ گندم صمغ عربی رب السوس افیون جملہ مساوی لعاب بہدانہ مین گولی بناوین

## ضمیمہ فصل بائیسوین کا

**حب دافع سرفہ**

حب کہ تلیین سینہ و تصفیۂ آواز و دفع سرفہ کرے صں مغز بادام شیرین مقشر تخم خرفہ بریان تخم السی بریان
مغز چلغوزہ صمغ عربی بریان کتیرا بریان اصل السوس پوست خشخاش سیدہ جملہ بوزن مساوی سفوف کرکے

**حب ضیق النفس**

قدرے شہد خالص ملا کے آب بادیان مین گولیان بناوین و مونہہ مین رکھا کرین حب کہ ضیق النفس
و سرفۂ شدید کو جس سے قی ہو جاتی ہووے دفع کرے صں مرچ سیاہ خلفل دراز چھہ چھہ ماشہ انار دانہ

کہ قسم غلہ خوردنی مثل مٹر وغیرہ کے ہوتا ہے تولہ بھر جوا کھار سات ماشہ سفوف کر کے قدرے قند سیاہ کہنہ مین

**حب پنبہ دانہ**

گولیان بناوین باستعمال کرین حب پنبہ دانہ کہ تلیین صدر و دفع سرفہ یابس کرے ص مغز پنبہ دانہ

**حب نفث الدم**

مغز بادام شیرین مقشر اصل السوس مقشر جملہ بوزن مساوی لعاب بہدانہ مین گولیان بناوین حب نفث الدم کہ
دفع کرے ص گل ارمنی کہربا صمغ عربی دم الاخوین طباشیر سفید نشاستہ گندم کتیرا گلنار اقاقیا مساوی

**حب کافور**

الوزن سفوف کر کے باب تخم بارتنگ گولیان بناوین و مونہہ مین رکھین حب کافور کہ تپہائے گرم و تپ
دق کو سودمند ہو ص کافور تین ماشہ طباشیر سفید صندل سفید کشنیز خشک نو نو ماشہ مغز تخم کدوے
شیرین مغز تخم پیٹھہ سفید ایک ایک تولہ گل ارمنی زہر مہرہ خطائی چار چار ماشہ گوند ببول دس ماشہ بدستور

**حب نشاستہ**

گولیان خرد بناوین تین تین ماشہ صبح و شام کسی عرق مناسب کے ساتھہ کہایا کرین حب نشاستہ
کہ تپہائے گرم کو مفید ہو ص نشاستہ گندم تولہ بھر طباشیر سفید صندل سفید کتیرا چھہ چھہ ماشہ مغز تخم
کدوے شیرین نو ماشہ کافور تین ماشہ بدستور ساتھہ لعاب بہدانہ کے بناوین و بقدر مناسب کھلایا کرین

**حب آتشک**

فصل تیئیسوین حبوب دافع آتشک و امراض اعضاے بول مین حب آتشک کہ آتشک کو دفع کرے بعد
تنقیہ و قبل تنقیہ کے کہانا مفید ہو ص ہلیلہ سیاہ ایک تولہ طباشیر چھہ ماشہ نیلا تھوتھا تین ماشہ پاؤ آثار آب
لیموں مین کھرل کر کے بقدر کنار دشتی کے گولی بناوین اور ایک ایک صبح و شام کھائین اور شیرینی سے پرہیز
کرین ایضاً سیماب اجواین خراسانی کتھہ سفید آٹھہ آٹھہ ماشہ لونگ آٹھہ عدد پانی مین کھرل کر کے گولی بناوین
بقدر کنار دشتی خرد کے و ایک ایک صبح و شام دہی کے پانی کے ساتھہ نگلین و دال مونگ کدو و دہی و دودھ سے
پرہیز کرین ایضاً کہ دفع آتشک مین مجرب ہو ص ہلیلہ سیاہ خرد چھہ تولہ نیلا تھوتھا مردارسنگ ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ
سفوف کر کے ظرف آہنی مین دستہ چوب نیب سے جسمین ایک پیسا تانبے کا جڑا ہو عرق لیموں کاغذی ڈال کے
اسقدر رگڑین کہ سوا سیر عرق جذب ہو جاوے ازان بعد کشتہ قلعی چار ماشہ مخلوط کر کے رگڑین و بقدر نخود کلان کے

**حب کرم و بثورات**

گولیان بناوین سات روز پیہم صبح کو ایک ایک گولی قدرے عرق لیموں کے ساتھہ نگلین ایضاً حب کرم و بثورات
کہ آبلہ و زخم و آتشک و ہر قسم کے بثورات جو کسی عضو مین یا تمام بدن پر ہوئین دفع کرتی ہو ص کمیلا
چونہ نیلا تھوتھا ہلیلہ زرد کتھہ پپڑیا مساوی الوزن گولی بنا رکھین بوقت حاجت روغن گاؤ مین

**حب بقراط**

گھسکر لگاوین حب بقراط دافع قرحہ مثانہ و قضیب و بستگی بول ص تخم خطمی مغز تخم خیارین دو دو تولہ
لوبان سفید مغز تخم خربزہ تخم خرفہ تخم خشخاش کتھہ سفید ایک ایک تولہ بلعاب اسبغول گولی بناوین

**حب جالینوس**

فصل چوبیسوین حبوب مقوی باہ و ممسک مین حب جالینوس جو شخص کہ بسبب سستی اعصاب جماع کے
از کار رفتہ ہوسے ازالۂ بکارت کر سکے ص شقاقل مصری تخم پیاز تخم گندنا ثعلب مصری تخم جرجیر ریگ ماہی
ہر ایک بوزن مساوی مغز سر گنجشک خانگی جو بوقت ہیجان کے ذبح کیا گیا ہو نے ایک عدد شہد سے بقدر
نخود کے گولی بناوین صبح تین ماشہ گولی شراب انگوری کے ساتھ خواہ آب انگور کے ساتھ کھاوین حب مبہی

**حب مبہی و ممسک**

و ممسک ص تودریین کزمازج ساذج سعد کوفی زعفران قرنفل سورنجان شیرین جوزبوا بسباسہ مصطکی
انیسون پوست خشخاش قاقلۂ خرد طباشیر گل سرخ صندل سفید سنبل الطیب عود غرقی درونج عقرقرحا
بوزیدان صمغ عربی بریان دارچینی تخم خشخاش بزرالبنج ایک ایک تولہ ثعلب مصری شقاقل مصری دو دو تولہ
سفوف کرکے روغن بادام مین چرب کرکے آدھ پاؤ نبات سفید کو آدھ پاؤ عرق گلاب مین قوام بناکر

**حب امساک**

مخلوط کرکے بناوین حب کہ کیف و امساک کرتی ہو ص جوزبوا خولنجان ثعلب مصری ایک ایک تولہ

**حب ممسک و منشط**

بسباسہ جدوار خطائی چھہ چھہ ماشہ افیون تین ماشہ بقدر نخود گولی بناوین حب ممسک و منشط ص
اسارون زعفران تخم کرفس دارچینی سنبل الطیب چھہ چھہ ماشہ بزرالبنج زرنباد عقرقرحا قرنفل بسباسہ

**حب اصفہانی مفرح و مقوی باہ**

صمغ عربی تین تین ماشہ افیون چار ماشہ گلاب مین گولی بناوین حب اصفہانی کہ تفریح بسیار و قوت باہ
و دفع سرعت انزال کرے ص چرس درونج عقرقرحا ثعلب مصری نو نو ماشہ جدوار خطائی تین ماشہ آب

**حب ہندی مقوی منشط و ممسک**

کوکنار مین گولی بناوین حب ہندی کہ قوت باہ مع نشاط و امساک کرے قریب وقت مجامعت کے
ایک غلولہ کھانا چاہیے ص اسپند سوختنی بریان یک نیم تولہ پوست خشخاش کنجد سیاہ ایک ایک تولہ کوٹ کر

**حب ہندی مقوی باہ و ممسک**

قند سیاہ کہنہ دس تولہ مجموع سات خوراک ہو حب ہندی کہ قوت باہ و امساک کرے ص کوہلا شیر گاؤ مین
ترکرکے مقشر کیا ہوا چار تولہ فلفل گرد فلفل دراز دو دو تولہ بقدر کنار جنگلی گولیان بناکر قبل دو ساعت مباشرت سے
کھانا چاہیے ایضاً زعفران قرنفل جوزبوا افیون مساوی شہد کف گرفتہ مین گولی بقدر نخود کے بناکے
قبل از جماع کے کھاوین ایضاً گنجشک نر خانگی وقت ہیجان کے شکار کرکے ذبح کرین پر اور احشا
دفع کرکے ایک خرمے مین بقدر اوسکے تخم کے افیون بھر کے شکم گنجشک مین رکھکر آرد گندم سے گل حکمت کرکے
پکاوین اور بعد دفع آرد کے سب کو پیس کر گولی بقدر نخود کے بناکر قبل از وقت کھاوین

**حب سورنجان**

حب سورنجان کہ درد مفاصل و نقرس و عرق النسا و وجع الورک و درد پشت کو مفید ہو ص سورنجان
شیرین بوزیدان ایک ایک تولہ صبر سقوطری تربد سفید انیسون شحم حنظل حب النیل تین تین ماشے

کتیرا نمک لاہوری چھہ چھہ ماشے باآب بادیان گولیان بناوین و بقدر مناسب کھایا کرین

**حب شیطرج**

حب شیطرج کہ عرق النسا و درد مفاصل و درد پشت کو دفع کرے ہے پوست ہلیلۂ زرد صبر سقوطری ایک ایک تولہ فلفل گرد فلفل دراز خردل چھہ چھہ ماشے شیطرج ہندی ڈیڑھ تولہ زنجبیل نو ماشہ نمک سنگ چھہ ماشہ بدستور بناوین و بقدر مناسب کھلاوین

**حب حنا**

حب حنا کہ نقرس و عرق النسا کو مفید ہو ہے پودینہ سورنجان شیرین بیخ کبر ہلیلہ آملہ شیطرج ہندی زنجبیل پیپلامور سورنجان شیرین نو نو ماشے تخم حنا تولہ بھر نمک سنگ چھہ ماشہ سب کو سفوف بار چہ بیز کرکے مقل ازرق ایک تولہ آب انیسون سے ڈھیلا کرکے سفوف ملا کر گولیان بناوین خوراک متوسط پانچ ماشہ

**حب منقول**

حب منقول کامل الصناعۃ سے واسطے درد ہاے اطراف و پشت و کمر کے مفید ہی ہے فلفل دراز زنجبیل برگ حنا خشک زیرۂ سیاہ نوشادر بریان کف دریا نمک سنگ چھہ چھہ ماشے سورنجان شیرین ساڑھے تین تولہ بدستور بناوین و چھہ ماشے سوتے وقت رات کو ساتھہ آب گرم کے کھایا کرین

## ضمیمہ فصل چوبیسوین کا

**حب بقراط**

حب بقراط کہ مداومت اسکی قرحۂ قضیب و مثانہ کو دفع کرتی ہو ہے تخم خطمی مغز تخم خیارین مغز تخم خربزہ تخم خرفہ تخم خشخاش سفید بوزن مساوی لعاب اسپغول مین گولیان بناوین و تین تین ماشہ صبح و شام کھایا کرین

**حب زرنباد**

حب زرنباد کہ مداومت اسکی فتق ریحی کو نہایت مفید و مجرب ہی ہے بسفایج اذخر قسط شیرین زرنباد درونج عقربی اسارون نو نو ماشہ تخم کرفس انیسون اسپند ہلیلہ کابلی ایک ایک تولہ مصطکی رومی چھہ ماشہ زعفران تین ماشہ بدستور بناوین صبح و شام تین تین ماشہ کھایا کرین

حب فجے ہ کہ اگر قریب ایام معینۂ حیض کے استعمال کرین ادرار حیض بخوبی کرے ہے ابہل مجیٹھہ اسپند زنجبیل ایک ایک تولہ نمک تین ماشہ بدستور بناوین و صبح کو چھہ ماشہ کھایا کرین

**حب مذی و ودی**

حب کہ دفع ادرار مذی و ودی مین مجرب ہی ہے عقرقرحا جوز بوا نشاستۂ گندم دارچینی قرنفل نو نو ماشہ اسپند کنجد سیاہ ایک ایک تولہ افیون تین ماشہ سفوف کرکے شہد مین سان کر بقدر کنار صحرائی گولیان بناوین ایک گولی صبح کھا کر آدھ پاؤ شیر گاو پیا کرین

**حلواے مسمن و مقوی و مبہی**

فصل پچیسوین حلواہاے مین حلواے مسمن و مقوی و مبہی ہے خرماے تخم برادردہ آدھ سیر دو چند شیر مادۂ گاؤ مین پکاکے پیسین اور نشاستۂ گندم و بیسن نخود پاؤ پاؤ سیر خشک بریان کرکے مخلوط کرین و آدھ سیر

روغن گاؤ مین سب کو بریان کرکے تین پاؤ شکر سفید کا قوام ملا کے حلوا پکاوین و مغز بادام مغز فندق

**حلوای مبہی**

چلغوزہ مغز پستہ مغز اخروٹ ایک ایک چھٹانک نیم کوفتہ کرکے ملاوین حلوای مبہی ص دال نخود کو شیر میش مین
تین بار تسقیہ کرکے روغن گاؤ مین بریان کرکے میدہ کرین اور باضافہ شیرینی و روغن زرد و میوجات بوزن مناسب

**حلوای گزر**

حلوا بناوین حلوای گزر کہ نہایت مقوی باہ و مفرح طبع و مقوی اعضا و قوی ہو ص لب افشردہ گزر مصفی تین سیر
شکر سفید ایک سیر مین قوام کرین و مغز پستہ و مغز چلغوزہ و مغز اخروٹ مغز بادام شیرین مغز فندق چرونجی ہر ایک
پانچ پانچ تولہ پیس کر روغن گاؤ نیم آثار ملا کر حلوا پکاوین ایضاً گزر مصفی دو سیر ہموزن شیر گاؤ مین پکا کر مع شیر
مذکور پیسین و آدھ سیر روغن گاؤ مین خوب بریان کرین کہ رطوبت جاتی رہے تب چرونجی آدھ پاؤ مغز
بادام شیرین مغز نارجیل سیاہی دور کرکے ایک ایک چھٹانک باریک کچل کر ملاوین و قوام شکر سفید ایک سیر
داخل کرکے حلوا بناوین ایضاً کہ نہایت مقوی باہ ہی گزر مصفی دو سیر شلجم مصفی ایک سیر خرما و مویز تخم
بر آوردہ و کشمش پاؤ پاؤ سیر شیر گاؤ مین پکا کر خوب پیسین و تین پاؤ روغن زرد مین بریان کرکے قوام قند سفید

**حلوای مرغ**

ایک سیر شامل کرین حلوای مرغ کہ تقویت باہ کی و بدن کو فربہ و خوشرنگ کرے ص گوشت مرغ فربہ و
جوان کا تین سیر الایچی سرخ دار چینی و کشنیز خشک ایک ایک تولہ پیاز آدھ پاؤ داخل کرکے دیگ سربستہ مین
خوب پکاوین اور ویساہی سرد کرکے خوب ملکر چھان لیوین کہ عرق خوب گاڑھا نکل آوے و سیر بھر شکر سفید
ملا کر قوام کرین و مغز بادام شیرین و چرونجی نیم نیم پاؤ مغز پستہ مغز چلغوزہ چار چار تولہ باریک پیس کر ملاوین

**حلوای تخم مرغ**
**مفرح و مبہی**

حلوای تخم مرغ کہ تفریح طبع و تقویت باہ کرے ص بیس عدد انڈے کی سفیدی و زردی کو بانس کی پتلی
تیلیون سے خوب مخلوط کرین بعد ان بعد ڈیڑھ پاؤ روغن زرد ملا کر نہایت نرم آنچ پر رکھین اور انہین
تیلیون سے حرکت دیتے رہین کہ یکجا منعقد ہونے پاوے جب پختہ ہو جاوے اڑھائی پاؤ شکر سفید کا قوام داخل
کرکے سفوف ان چیزونکا ملاوین دار چینی جاوتری زعفران تین تین ماشہ دانہ الایچی سفید دو ماشہ شقاقل مصری

**حلوای چوب چینی**

ثعلب مصری ایک ایک تولہ حلوای چوب چینی جسکو بعد عارضہ آتشک کے ضعف باہ ہو گیا ہو
یا کہ آثار مواد سوداوی کے باقی ہون از بس مفید ہی ص آرد گندم آدھ سیر روغن گاؤ روغن کنجد سفید پاؤ پاؤ
آثار مین بریان کرکے چوب چینی باسہ تولہ اندر جو ثعلب مصری شقاقل مصری دار چینی خولنجان سعد کوفی
بہمن سفید ایک ایک تولہ سفوف کرکے مخلوط کرین و تین پاؤ شکر سفید کا قوام شامل کرکے مغز چلغوزہ مغز پستہ

**حلوای مغلظ منی**

مغز بادام چار چار تولہ چرونجی چھہ تولہ خوب کوٹ کر ملاوین حلوای مقوی باہ مولد و مغلظ منی ص شیر گاؤ

چار سیر شکر سفید ایک سیر ملا کے مثل کھووے کے پکاوین کلیجن ستاور شقاقل اسگندھ ایک ایک تولہ خرما چھ تولہ کمیل کھانا

ایضا دافع سرعت انزال

دو تولہ مغز بادام مغز چلغوزہ مغز پستہ چرونجی تین تین تولہ باریک پیس کر ملاوین خوراک یک نیم تولہ **ایضاً**
مقوی باہ و گردہ و مثانہ و مغلظ منی و دافع سرعت انزال ص تخمین خراسانی نبات سفید نو نو تولہ شہد خالص اٹھارہ تولہ
شیر گاؤ دو سیر مین مخلوط کر کے گرم کرین و چھانین و مثل کھووے کے بنا کر بہمنین و مغز تخم کیوانچ ایک ایک تولہ شقاقل
ستاور ہندی مغز بادام مغز چلغوزہ مغز پستہ تین تین تولہ نرکچور جاوتری چھ چھ ماشہ زعفران سفوف کر کے ملاوین

حسو نافع درد سر

**فصل چھبیسوین** حسو مین جسکو حریرہ و تلی بھی کہتے ہین حسو کہ درد سر کو جو ضعف دماغ سے ہوئے دفع
کرے ص سبوس گندم ایک چھٹانک پانی مین تر کر کے مل کر چھان لیوین و شیرۂ تخم خشخاش و شیرۂ مغز تخم کدو و شیرۂ تخم کشنیز

حسو نافع ربو

ایک ایک تولہ شکر سفید چار تولہ مخلوط کر کے پکاوین و روغن زرد سے خوشبو کر کے نیم گرم نوش کرین حسو کہ ربو کو
سواسے صاف کرے ص آب سبوس گندم پانچ تولہ آرد کرسنہ ایک تولہ شیرۂ چلغوزہ نو ماشہ اصل السوس مقشر

حسو نافع نفث الدم

تین ماشہ شکر سفید تین تولہ داخل کر کے پکاوین حسو کہ نفث الدم کو دفع کرے ص جو مقشر چار تولہ بارتنگ
چھ ماشہ تخم خشخاش سفید ایک تولہ عناب تخم برآوردہ دس دانہ نبات سفید چار تولہ بدستور پکاوین

حقنہ نافع سرسام

**فصل ستائیسوین** حقنہ ہا مین حقنہ کہ سرسام بلغمی و صفراوی کو مفید ہے ص برگ گاؤزبان برگ
بنفشہ تخم السی ایک ایک تولہ مکوے بادیان چھ چھ ماشے جوش کر کے آب صاف لیکر روغن گل ایک تولہ ملا کے

حقنہ نافع قولنج

حقنہ کہ واسطے قولنج کے مفید ہے ص انیسون رازیانہ تخم کاسنی گل نیلوفر برگ گاؤزبان برگ بنفشہ نو نو ماشہ

حقنہ نافع قروح امعا

پرسیاوشان گل بابونہ تخم خطمی چھ چھ ماشے برگ سناے مکی ڈیڑھ تولہ روغن بید انجیر دو تولہ حقنہ کہ قروح امعا و زحیر کو
مفید ہے ص عدس گل سرخ گلنار جو مقشر ایک ایک تولہ دم الاخوین اقاقیا گوند ببول چھ چھ ماشے **ایضاً** صمغ عربی
گل سرخ تخم کتان تخم خطمی اسپغول زر ورد ایک ایک تولہ پستان دس دانہ زعفران دو ماشہ بدستور استعمال کرین

## حرف الخا

خمیرۂ صندلین نافع خفقان

**فصل اٹھائیسوین** خمیرہ ہاے ادویہ مین **خمیرۂ صندلین** کہ خفقان و طپش دل و سدہ کش سوداوی کو مفید ہے
ص صندل سفید نو تولہ صندل سرخ پانچ تولہ سفوف کر کے ایک شبانہ روز نیم آثار عرق گلاب مین تر کر کے

خمیرۂ گاؤزبان مقوی دل و دماغ

جوش کرین و اڑھائی پاو نبات سفید سفوف کر کے ملا کر جوش دے کر گاڑھا کرلین **خمیرۂ گاؤزبان** مقوی دل اور
دماغ نافع خفقان اور غشی ہے ص برگ گاؤزبان دس تولہ بادرنجبویہ پانچ تولہ سنبل الطیب گل سرخ برادۂ صندل
سفید ایک ایک تولہ سہ چندان پانی اور دو چندان گلاب مین تر کر کے جوش کرین جب چہارم حصہ باقی رہے

**خمیرۂ ابریشم مقوی اعضائے رئیسہ**

ملکر چھانین و تین پاؤ شکر سفید ملا کر قوام کرین اور چار ماشہ زعفران باریک گھس کر ملاوین خمیرہ ابریشم مخترع حکیم مبارک الدین جد راقم کہ واسطے والی ملک یوان کے طیار کرایا تھا ازالۂ توحش و تقویت اعضائے رئیسہ و قوت ہاضمہ کرتا ہی سنگ یشب سبز مروارید تین تین ماشہ عرق کیوڑا مین تین روز تک صلایہ کرین مصطگی رومی مشک گل گاؤزبان چھہ چھہ ماشے ابریشم خام دو دو تولہ سفوف کرکے قوام قند سفید آدھ سیر مین کہ جوشاندہ برگ گاؤزبان و بادرنجبویہ ایک ایک تولہ مین کیا ہو ملاوین

**خمیرۂ بنفشہ نافع صدر**

خمیرۂ بنفشہ مخترع حکیم امان علی برادر خرد راقم کہ امراض صدر و ذات الجنب و ذات الریہ کو مفید و خلط صفرا کو خارج کرتا ہی جمعی گل بنفشہ گل سرخ گل گاؤزبان تین تین تولہ قند سفید کوفتہ ڈیڑھ پاؤ عرق گلاب آدھ سیر داخل کرکے خوب دست مال کرکے پکاوین کہ گاڑھا ہو جاوے

فصل اونتیسوین نسخجات خمیرۂ تنباکو مین کتب قدیمہ مین ابتدائے وجود تنباکو کا اسطرح لکھا ہی کہ سکندر ذوالقرنین کے لشکر مین بایام سفر ہوائے وبائی شدت سے پیدا ہوئی کثرت سے لشکری تلف و ضائع ہونے لگے حکما دریئے مدافع و مداوا ہوئے بقراط نے کوہستان صحرا تنباکو کا دیکھکر اوسکا دھوان دافع وبا تجویز کیا اور اوسکا دھوان کرنے سے لشکر کی ہوائے وبائی دفع ہو گئی و بغرض اصلاح ہوا کے اوسکا دھوان کرنا مروج و مرسوم ہوا زان بعد ہر بلاد مین اوسکا دھوان کھینچنے کی تدبیرین بانواع مختلف مقرر ہوئین و تکلفات گوناگون قائم ہوئے الحاصل دافع قبض و محلل ریاح شکم و مخرج رطوبات دہن و گلو و مجفف رطوبات دماغی ہی لہذا چند نسخے لکھے جاتے ہین

**خمیرۂ پانڑی**

خمیرۂ پانڑی قند سیاہ دو آثار قوام کرکے آدھ سیر تنباکو سفوف کرکے ملاوین اور صندلین اگر تگر قرنفل قاقلین ناگرموتھا بالچھڑ چھڑیلہ نرکچور چھہ چھہ ماشے پانڑی چھہ تولہ سفوف کرکے ملا رکھین بعد اکیس روز کے تھوڑا یہ خمیرہ تنباکو مین جو ہم وزن قند سیاہ کے ساتھہ کوٹی گئی ہووے ملاوین

**خمیرۂ مشک**

خمیرۂ مشک مشک خالص دو ماشہ پانی مین گھول کر آدھ پاؤ سفوف تماکو مین ملین اور جائفل جاوتری لونگ چار چار ماشہ سفوف کرکے پاؤ بھر قند سیاہ کے قوام مین مخلوط کرکے تماکو مذکور ملا رکھین تھوڑا اس خمیرے سے تماکو طیار مین ملا کر استعمال کرین

**خمیرۂ اناناس**

خمیرۂ اناناس اناناس پختہ و قند سیاہ پاؤ پاؤ سیر قوام کرکے آدھ پاؤ سفوف تماکو کا ملا کر چھڑیلا بالچھڑ ناگرموتھا کپور کچری لونگ ایک ایک تولہ سفوف کرکے ملا کر ظرف گلی مین بند کرکے چند روز رکھین و تین پہر ہاتھہ سے مل دیوین اوسکے بعد تماکو طیار مین ملا کر استعمال کرین

**خمیرۂ کیلا وغیرہ**

خمیرۂ کیلا و خمیرۂ کٹھل و خمیرۂ امرود بھی اسی ترکیب سے بنایا جاتا ہی

**خمیرۂ سیب**

خمیرۂ سیب مربائے سیب ایک پاؤ قند سیاہ آدھ سیر تماکو خشک پاؤ سیر باہم کوٹ کر ملاوین اور دانہ الایچی سفید صندل سفید دو دو تولہ سفوف کرکے ملاوین و ظرف گلی مین بند کرکے تین ہفتہ تک بند مین

خمیرۂ آملہ و غیرہ
خمیرۂ گلقند
خمیرۂ کنار

مدفون کرین اوسکے بعد تما کو طیار مین ملاکر استعمال کرین خمیرۂ آملہ رسیدہ خواہ مربا آملہ تخم برآوردہ کا بھی
اسیطرح سے بناتے ہین ساتھہ کمی بیشی دیگر اجزاے خوشبو کے خمیرۂ گلقند گلقند آفتابی ایک سیر تما کو خشک آدھہ سیر باہم
کوٹ کر ظرف گلی مین رکھکر زمین مین مدفون کرین بعد چالیس روز کے تھوڑا تما کو طیار مین ملاوین خمیرۂ کنار بیر
پختہ دو سیر قند سیاہ دو سیر پانی مین پکاکے ملکر تخم بیر دفع کرکے سیر بھر تما کو خشک کوٹ کے ملاوین و تین ہفتہ تک
زمین مین مدفون کرکے تما کو طیار مین ملاوین **ایضًا** بیر پختہ خشک کا تخم دفع کرکے قند سیاہ و تما کو کے ساتھہ کوٹین
و چند روز رکھکر استعمال کرین واضح ہو کہ جب کوئی خمیرہ خشک ہونے لگے تو کوئی عرق خوشبو ملانا چاہیے

**فصل تیسوین** خضاب مین اگرچہ خضاب کے نسخے صدہا مشہور ہین حاجت نسخۂ کتابی کی نہین ہوتی و بغیر

خضاب

برگ نیل سے کوئی خضاب نہین ہوتا مگر چند نسخے آسان و صحیح لکھے جاتے ہین **خضاب** برگ حنا خشک ایک جز
برگ نیل جنگلی پانچ جز علیحدہ علیحدہ سفوف سرمہ ساکرکے باہم پانی مین گھول کر لگاوین و برگ ارنڈ سے باندہین

خضاب

**خضاب** پوست انار شیرین خواہ پوست ہلیلہ بلیلہ آملہ جوش کرکے اوسکے پانی مین وسمہ گھول کر لگاوین

خضاب

و باندھین **خضاب** سنگ جراحت و چونہ سنگ مرمر کا ایک ایک جز مردار سنگ ربع جز سرمہ ساکرکے رکھین

خضاب

بوقت حاجت پانی مین گھول کر لگاوین و پان سے باندھین **خضاب** لوہ چون ایک حصہ آرد گندم دو حصہ

خضاب

پانی مین گھول کر آفتاب مین رکھین جب خمیر ہو جاوے لگاکر باندھین **خضاب** مازو نے سوراخ آدھہ پاؤ
روغن کنجد سیاہ مین بریان کرین جب سرخ ہو جاوے کپڑے مین ملکر روغن دفع کر دیوین و ہلیلہ سیاہ
بوزن سات فلوس برادۂ تانبا بوزن چھہ فلوس پھٹکری بوزن دو فلوس نوسادر معدنی بوزن
ایک فلوس سب کو سفوف کرکے اور پانی جوشاندۂ ہلیلہ بلیلہ آملہ ہموزن ملاکر کڑاہی آہنی مین و دستۂ
آہنی سے کھرل کرکے گولی بنا رکھین بوقت حاجت آب آملہ مین گھس کر لگاوین و برگ ارنڈ سے باندھین **ایضًا**
برادۂ مس پانچ تولہ کسیس لونگ ایک ایک تولہ ہلیلہ زنگی ایک چھٹانک طباشیر کبود چھہ ماشہ مازوے کلان پاؤ تلہ
مازو کو بدستور بالا بریان کرکے بتدبیر مذکور گولی بناوین اور اوسی طرح استعمال کرین **ایضًا** مازوے سبز
آدھہ پاؤ بدستور بریان کرین و برادۂ مس و ہلیلہ زنگی ایک ایک چھٹانک طوطیا و سنگ جراحت و لونگ
بوزن ایک ایک فلوس کسیس بوزن ربع فلوس ہذا بدستور بالا گولی بناوین و استعمال کرین

## حرف الدال

دواء المسک

**فصل اکتیسوین** دواہاے تراکیب معینہ و قدیمہ مین **دواء المسک** کہ مالیخولیاے مراقی و احتراقی

وصفراوی و وحشت طبع و خفقان کو دفع کرے ص مشک اعلی تین ماشہ زعفران ایک ماشہ مروارید دو ماشہ کہربا
بیخ مرجان سنگ یشب ابریشم طباشیر چھہ چھہ ماشہ عرق گلاب مین جلایہ کرین شیرۂ کشنیز خشک و تخم خرفہ و تخم خیارین
ایک ایک تولہ کا ملاکر شکر سفید نیم آثار کا قوام بناکر ادویۂ مذکور ملاوین

**دواء الکرکم** دواء الکرکم امراض جگر و طحال و استسقاء
رطوبی و سدہاے احشا و ریاح کو دفع کرے و گردہ و مثانہ کو طاقت دیوے ص زعفران ایک تولہ اسارون سنبل الطیب
انوخر انیسون ریوند چینی ریوند خطائی چھہ چھہ ماشہ سفوف کرکے آدھ سیر شکر کے قوام مین ملاوین

**دواء القسط** دواء القسط
مخترعۂ شیخ الرئیس کہ درد معدہ و امعا و درد کبد کو دفع کرے ص قسط شیرین ایک تولہ دارچینی تخم انیسون کرفس
اسارون سوا سوا ماشہ ریوند چینی چھہ ماشہ شہد ڈیڑھ پاو

**دواء الکبریت** دواء الکبریت مخترعۂ حکیم مبارک الدین جد امجد راقم
کہ تریاق المعدہ ہی تقویت معدہ و جگر و احشا کی کرے و فالج و لقوہ و تشنج و رعشہ و نسیان و ضیق النفس و ریاح و ضعف
بدن کو دفع کرے و باہ کو قوت دیوے ص کبریت مصفی ایک تولہ سنبل الطیب قسط سلیخہ مصطکی زنجبیل قرنفل بسباسہ
چھہ چھہ ماشہ فلفل سیاہ کرفس انیسون نانخواہ زیرہ سیاہ پودینۂ دشتی نو نو ماشہ شہد خالص چار چند

**دیاقوزا** دیاقوزا
کہ اقسام کھانسی و تپ و نزلے کو مفید ہو ص کوکنار مع دانہ دو تولہ اصل السوس پوست خراشیدہ تخم خطمی تخم خبازی
جملہ نیمکوفتہ تین تین تولہ صمغ عربی بہدانہ اسپغول ایک ایک تولہ سوا سیر پانی مین چار پہر تر کرکے جوش دیکر صاف
کرین و اڑھائی پاو شکر سرخ ملاکر قوام کرین

**دحمرثا** دحمرثا کہ قولنج ریحی و دیگر امراض بادی کو مفید و مدر حیض ہو ص
تخم اسبند بابرنگ دو دو تولہ مرچ سیاہ عاقرقرحا سوگندھ بالا زنجبیل تخم قسط شیرین ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ زعفران
ایک تولہ شہد دو چندان مجموع کے

**دبید الورد** دبید الورد مقوی معدہ و جگر و نافع استسقا ہو ص سنبل الطیب مصطکی
زعفران طباشیر دارچینی بیخ اذخر سوگندھ بالا قسط شیرین تخم کشوث کرفس زراوند دانۂ الایچی سفید عود غرقی
جملہ مساوی گل سرخ ہموزن مجموع سفوف کرکے شہد سہ چندان مین ملاوین

**دواء مخدر اوجاع** دواء مخدر اوجاع کہ بحالت شدت
اوجاع اطراف کے استعمال کرنا چاہیے نہ درد قولنج وغیرہ مین جہان تلیین طبیعت درکار ہو ص تخم کاہو تخم بنج
ایک ایک تولہ شیطرج افیون تین تین ماشہ مثل چلغوزہ کے حب بناوین و ایک حب کھاوین

**دواء الحرمل** دواء الحرمل کہ خناق
بلغمی و سوداوی کو مفید ہی غرغرہ کرنے و خارج حلق پر طلا کرنے سے ص اسپند تخم ترب حلتیت مرکی بورہ ارمنی
نوسادر معدنی مساوی الوزن سفوف کرکے ہم چندان شہد مین ملاوین

**دواء الحلتیت** دواء الحلتیت کہ بحۃ الصوت کو
دفع کرے ص مرچ سیاہ حلتیت خردل زعفران مساوی الوزن شہد ہمچندان

**دواء الخلطیف** دواء الخلطیف کہ خناق
بلغمی و سوداوی کو غرغرہ کرنے و طلا کرنے مین مفید ہو ص بسباسہ سنبل الطیب چھہ چھہ ماشہ تخم کرفس انیسون

ناخواہ اسپند جوار چینی مرکی نزراوند طویل نو نو ماشہ گل سرخ تازہ و کسبز ایک ایک تولہ خاکستر خطاطیف یعنی
**دواء الحلتیت**
چمگادڑ خرد ڈیڑھ تولہ زعفران تین ماشہ شہد سہ چندان دواء الحلتیت کہ جانوران زہردار کے کاٹنے
ونیش مارنے کا اثر کھانے اور لگانے سے دفع کرے ص حلتیت سداب مرکی مرچ سیاہ مساوی شہد سہ چندان
**دواء الجالینوس**
دواء الجالینوس جالینوس کا قول ہی کہ مینے نہین دیکھا کہ جسکو سگ دیوانہ نے کاٹا ہو اور اس دواسے
نفع نہ پایا ہوئے ص سرطان محرق دو جز کندر ایک جز نبات سفید نصف مجموع سفوف کرکے تین ماشہ صبح چھہ ماشہ
**دواء اللہات**
شام کو کھاوین دواء اللہات کہ واسطے لٹک جانے لہات یعنی ملاذہ جسکو کوابھی کہتے ہین ازبس مفید ہی
ص سماق تازہ کے بیلے سوراخ کلی انار شیرین اقاقیا مائین گلاب کا زیرہ بوزن مساوی سرمہ سا کرکے ملاذہ پر
لپٹاوین ایضاً فلفل سفید مرکی تین تین ماشہ تازہ چھہ ماشہ سفوف کرکے لہات پر لگاوین ایضاً کہ ملاذۂ
اطفال کو اوٹھاوے ص مازو پانی مین گھس کر تارک پر لگاوین ایضاً گل بگدان سرکے مین پیس کر سرپر
**دواء السعال**
لگاوین دواء السعال کہ ہر اقسام کی کھانسی کو دفع کرے ص کھار روسہ تین ماشہ صمغ عربی کتیرا
**دواء الربو**
اصل السوس نو نو ماشہ نبات سفید ہموزن سفوف کرکے بقدر مناسب کھائین دواء الربو کہ ضیق النفس
وسعال بلغمی کو دفع کرے ص گھیکوار ایک سیر نمک کھاری تین چھٹانک اجواین دیسی آدھ پاؤ فلفل دراز ایک تولہ
سب کو ایک ہانڈی آب نارسیدہ مین رکھکر مونہہ اوسکا سفالی سے ساتھہ آرد ماش کے بند کرکے جلاوین کہ سب
**دواء الفجل**
خاکستر ہو جاوے دواء الفجل کہ واسطے دفع ضیق النفس کے ازبس مجرب ہی ص بیخ ترب کلان پارچہ پارچہ کرکے
**دواء السلق**
ہموزن شہد کف گرفتہ کے ساتھہ دیگ سربستہ مین پکاکے بعد سرد ہونے کے خوب ملکر لعوق بناوین دواء السلق
**دوای پرسوت وسیت**
چقندر و شکر سرخ کو اسی طرح بناوین نہایت مفید و مجرب ہی دوای پرسوت وسیت ص کندر نر کچور پانچ
**دوای پرسوت وجھولہ**
پانچ ماشہ جدوار چار ماشہ جوشاندہ بناکے چار رتی مشک حل کرکے نوش کرین دوای پرسوت وجھولہ
ص تخم دھتورہ سیاہ تین ماشہ زنجبیل مرچ سیاہ چھہ چھہ ماشہ پانی کے ساتھہ گولیہا خرد بناوین خوراک دو سرخ
یا زیادہ بقدر احتمال طبیعت کے ایضاً شنگرف دو ماشہ پانی مین حل کرکے مرچ سیاہ تخم سنبھالو فلفل دراز دو دو ماشہ
**دواء الزنجبیل**
سفوف کرکے باہم کھرل کرکے گولیان بناوین خوراک دو سرخ دواء الزنجبیل معروف بہ سوہاگا سونٹھہ کہ امراض
باردہ وعارضہ پرسوت عورات کو خصوص امراض بعد زایدگی کو ازبس مفید ہی ص زنجبیل میدہ تین چھٹانک سفوف
کرکے دو سیر شیر گاو مین پکاوین جب گاڑھا ہو جاوے پاؤ سیر روغن گاو مین بریان کرکے تین پاؤ شکر سفید کا
قوام ملاوین ناگرموتھا زیرہ سیاہ زیرہ سفید کشنیز بادیان تخم شبت نرکچور سوگندھ بالا لونگ جاوتری صندل سفید

لوده پٹھانی ہو ہر اگر تیلیہ پیپر پیپرا مور مرچ سیاہ ایک ایک تولہ سفوف کرکے ملاوین ۔ اگر تقویت مریض بھی مطلوب ہو
میوجات مناسب و ورق نقرہ و طلا بقدر ضرورت مخلوط کرین ۔ دواء القنبیل کہ اقسام کرم شکم کو دفع کرے ص برگ نیب (مقابل ہندی)

**دواء القنبیل**

بائے برنگ کمیلہ ہموزن سفوف کرکے شہد بقدر کفایت ملاکے کھائین ۔ دواء الدراج کہ حکیم علی گیلانی نے واسطے

**دواء الدراج**

سنگرہنی کے مجرب لکھا ہے ص دراج یعنی تیتر کو ذبح کرکے آلایش صاف کرکے سماق و انار دانہ مساوی سفوف کرکے اوسکے
پیٹ مین بھرکے گل حکمت کرکے جلاوین کہ کوئلا ہو جاوے وہ تیتر اوس کو پیسکے تا گندم سوختہ ملاکے سفوف کرین بقدر مناسب کھلاوین

## ضمیمہ فصل اکتیسوین کا

**دوا دافع کرم دانہ**

دوا کہ کدو دانہ و کرم دراز کو مارے و نکالے ص حب النیل تربد سفید بابڑنگ کمیلہ تین تین ماشہ سفوف
کرکے دودھ و شکر مین ملا کر پیوین ایضاً بابڑنگ کمیلہ تربد سفید نمک سنگ تین تین ماشہ سفوف
کرکے مویز منقے مین سان کر کھلاوین ایضاً برگ شفتالو اجواین خراسانی مقل ازرق سقمونیا ایک ایک ماشہ
کمیلہ تین ماشہ سفوف کرکے شکر ملاکر کھائین اور اوسپر دودھ و شکر ملاکے پیوین ایضاً کہ کرم مقعد کو مارے و دفع کرے

**دوا مقوی معدہ**

ص تخم آلو بخارا خواہ آب برگ شفتالو خواہ زہرۂ گاؤ مین روئی ترکرکے مقعد مین رکھین دوا کہ اگر قبل
غذا کے ایک ماشہ کھانے کی مداومت کی جاوے تو تقویت معدے کی کرتی ہے و اگر بعد غذا بقدر نیم ماشہ کھائی
جاوے تو غذا بخوبی ہضم ہو کر دوسرے وقت اشتہا صادق ہوتی ہے و اگر سوء ہضمی مین دو ماشہ کھائی جاوے
تو اوسکو دفع کرتی ہے و اگر قے و اسہال امتلائی مین بدفعات ایک ایک ماشہ کھا کر اوپر سے تھوڑا عرق
گلاب یا عرق بادیان پیا جاوے تو اوسکو بھی نفع کرتی ہے ص درخت آک مع بیخ درخت گھوی درخت
کٹائی مع بیخ گل تماکو یعنی جو چلم پر تماکو کشیدنی سوختہ ہو جاتی ہے علحدہ علحدہ جلاکر خاک کرین و
چارون خاک ہموزن لیکر ہشتم حصہ اون سب کا سرکہ خالص ملاکر پانی مین سان کر چار پہر کے بعد مثل نیل
گسم کرکے اوسکا پانی ٹپکا لیوین اور اوس آب زلال کو دیگچی مین رکھکر ایک دو جوش دیوین تب سرد کرکے
پانی سے لیوین و خاک جو تہ نشین ہو جاوے اوسے دفع کرکے زلال کو آگ پر پکاکر نمک بناوین دو تولہ نمک مین
زنجبیل مرچ سیاہ پیپل زرشک پوست ترنج پودینہ خشک دانہ الایچی سفید تین تین ماشہ ملاکر سفوف کرین

**دوا دافع پلہی و بدروٹ**

دوا کہ واسطے دفع ورم طحال کے جسکو پلہی و بدروٹ کہتے ہین نہایت مفید ہے ص سہاگا بریان پھٹکری
بریان نوشادر بریان شورۂ قلمی سجی جوا کھار بابڑنگ کلونجی خردل خرد نمک سیاہ نمک سنگ چرتا گھونگھے کا
جملہ بوزن مساوی کوٹ چھان کر لعاب گھیکوار مین سان کر بقدر کنار صحرائی گولیان بنا رکھین ایک صبح

**دوا دافع صلابت طحال**

وایک شام کو کھایا کرین و اگر گرمی تحمل سے زیادہ محسوس ہو تو بقدر نصف کے کھاوین دوا کہ ورم وصلابت
طحال کے دفع کرنی مین مجرب ہو ص نمک سنگ سبھی جو اکھار سو یا گاز ر دیچو بہ نمک سیاہ دو دو تولہ ہینگ
ایک تولہ سفوف کرکے ایک چھٹانک روغن سرشف مین مخلوط کرکے صعد و برگ آگ پر جو زرد ہو کر درخت سے
خود بخود گرے ہون ملا کرکے تو بر تو رکھکر ایک ہانڈی مین بھر کر گل حکمت کرکے جلا دیوین دو چار رتی سے
ایک ماشہ تک اوسکی خاک کو کھایا کرین ایضاً کہ تحلیل کرنے ورم طحال مین بے نظیر ہو ص عرق گوگرد بقدر دو سرخ
پانی مین ملا کر پیا کرین چار سرخ تک ایضاً بیخ ترب و کنجد سیاہ مساوی پیس کر نیمگرم طحال پر ضماد کیا کرین

**دوا نافع ورم جگر**

تحلیل ورم مین نہایت مفید و مجرب ہی دوا کہ ورم جگر کو جو صدمۂ خارجی سے ہوا ہو مفید ہی ص
ریوند چینی گلنار دم الاخوین شب یمانی ایک ایک ماشہ سفوف کرکے آب تازۂ برگ مکوے دو تولہ نبات سفید
ایک تولہ ملا کر پیا کرین ایضاً ریوند چینی گل ارمنی حب الآس ایک ایک ماشہ سفوف کرکے شکر سفید چھہ ماشہ

**دوا نافع یرقان سیاہ**

ملا کر کھایا کرین دوا کہ یرقان سیاہ کو دفع کرے ص برگ تازۂ مکوے و کاسنی و ترب و ککروندہ علحدہ
علحدہ کوچل کر دو دو تولہ پانی چارون کا لیکر باہم آگ پر رکھین جب پھٹ جاوے صاف کرکے دو تولہ
نبات سفید ملا کر پیا کرین ایضاً ہلیلۂ زرد و نبات سفید ہم وزن سفوف کرکے ایک تولہ ہر صباح کھایا کرین
ایضاً کہ یرقان زرد و سیاہ کو دفع کرے صندل سفید دار ہلد تین تین ماشہ پانی مین گھس کر نو ماشہ شہد
ملا کر پیا کرین ایضاً برگ حنا تازہ نیمکوفتہ ایک تولہ رات کو تھوڑے پانی مین تر کر رکھین صباح آب لال

**دوا نافع خون بواسیر**

اوسکا پیا کرین دوا کہ خون بواسیر کو بند کرے ص کہربا گل ارمنی اقسس دو دو ماشہ سفوف کرکے
ہموزن شکر سفید ملا کر کھایا کرین ایضا کہ مسّہ ہای بواسیر کو خشک یا تحلیل کرے ص قسط تلخ پوست
بیخ کنیر اسبند تین تین ماشہ گندھک لوبان ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ سفوف کرکے چار تولہ روغن سرشف مین

**دوا نافع استحاضہ**

حل کر رکھین و لگایا کرین دوا کہ استحاضہ کو دفع کرے ص تال مکھانا خرما سوت برابر سفوف کر رکھین

**دوا دافع ورم رحم**

صبح کو چھہ ماشہ کھا کر شکر سفید چاول کے پانی مین ملا کر پیوین دوا کہ ورم رحم کو دفع کرے ص روغن گل
روغن بنفشہ چربی بط چربی گردۂ بز مغز ساق گاؤ ایک ایک تولہ زردی تخم مرغ ایک عدد مصطگی تین ماشہ

**دوا نافع عرق النسا**

زعفران ایک ماشہ بدستور مرہم بناکے استعمال کرین دوا کہ عرق النسا کے دفع کرنے مین تجربۂ قدما و تجربۂ
حال ہو ص سورنجان شیرین ایک تولہ سناکی سوا تولہ شیطرج سات ماشہ زعفران دو ماشہ سفوف کرکے

**دوا نافع وجع مفاصل**

ہموزن شکر سفید ملا رکھین نو ماشہ کھایا کرین دوا کہ وجع المفاصل کو مجرب ہو ص اسبند تخم ترب ہینگ

**دوا نافع رشتہ**
بورہ ارمنی نوسادر بوزن مساوی سفوف کرکے ہم چند شکر سفید ملا رکھیں بقدر مناسب کہا یا کریں دوا کہ علت رشتہ یعنی
نارو کو دفع کرے ص افیون پیاز صابون ہم وزن روغن کنجد سفید مین پکا کر مثل مرہم کے بناوین موقع نارو حوالی اوسکے پر ضماد

**دوا نافع برص**
کیا کرین ایضاً صابون کو روغن کنجد سفید مین ملاکے مرہم بناکر لگایا کرین دوا کہ برص کو مفید لکھا ہی مگر باستعمال ہمارے
ملوپل کے ص ریزہ کلان قبرستان کے سنگریزہ مین پیس کر لگایا کرین و جب دھونا چاہین آب جوشاندہ بادنجان سے دھویا کرین

**دربہرہ گھیکنوار**
فصل تیسوین دربہرہ مین دربہرہ گھیکنوار کہ امراض سوداوی و بلغمی و باردہ و امراض جگر و استسقا
دفع کرے و نشا لاوے ص قند سیاہ دس سیر پوست اندرونی درخت مغیلان اڑھائی سیر پوست اندرونی درخت کنار
ایک سیر مغز گھیکنوار تین پاؤ آملہ پاؤ سیر اسارون سلیخہ سپلو خودوس بادرنجبویہ دارچینی بادیان سنبل الطیب
چوب چینی ناگیسر کباب چینی بزر البنج پانچ پانچ تولہ برگ تازہ ترنج برگ تازہ نارنج چھہ چھہ تولہ ایک من

**دربہرہ بلادر**
پانی ڈالکر بدستور مرقومہ بالا بناوین دربہرہ بلادر کہ مقوی باہ و منشی ہو دافع امراض باردہ و نقرس و وجع
مفاصل کا ہی ص قند سیاہ پانچ سیر بلادر نیکوفتہ پاؤ آثار ہلیلہ سیاہ ہلیلہ کابلی دارفلفل فلفل سیاہ فلفل موبہ

**دربہرہ انجیر**
گل دھاوا تخم ہاتم دارچینی چھہ چھہ تولہ تیس سیر پانی ملاکے بدستور بناوین دربہرہ کہ مقوی باہ و منشی
و محلل صلابت و ورم طحال و نفخ شکم کا ہی ص قند سیاہ پانچ سیر انجیر زرد آدھ سیر مویز پاؤ سیر خبث الحدید
نانخواہ کرفس دارچینی بزر البنج قرنفل چار چار تولہ تیس سیر پانی ملاکے بدستور بناوین

## حرف الذال المعجمہ

**ذرورہا**
ذرورہا یعنی دوای خشک سفوف باریک کرکے چھڑکنا یا چپکانا اولاً ذرور کہ نافع امراض چشم مین

**ذرور طوطیا**
کہ آنکھ کی پلکین کھول کر بقدر مناسب چھڑکنا چاہیے ذرور طوطیا کہ خارش پلک چشم و ڈھلکا
یعنی اجراء اشک کو مفید ہی ص مامیران چینی تین ماشہ طوطیا کہ تین بار گرم کرکے آب بادیان مین سرد

**ذرور انزروت**
کیا ہو پھٹکری بریان سرمہ سفید چار چار ماشہ بدستور استعمال کرین ذرور انزروت کہ قرحہ کو
صاف و پر کرے ص انزروت بریان کشنیز زیرہ ۔ دو ماشہ نشاستہ گندم تین ماشہ بدستور استعمال

**ذرور زرد چوبہ**
کرین ذرور زرد چوبہ کہ سیلان اشک و خارش و ضعف بصر کو مفید و موافق مزاج بوڑھون کے
ہوتا ہی ص زرد چوبہ پوست ہلیلہ زرد پانچ پانچ ماشہ طوطیا مغسول چار ماشہ فلفل دراز فلفل گرد

**ذرور نافع درد چشم**
ایک ایک ماشہ ذرور کہ درد چشم کہنہ و سرخی و سیلان اشک کو دفع کرے ص طوطیا مغسول کشتہ

**ذرور نافع خارش و حکہ پلک**
ارزیز نشاستہ گندم بوزن مساوی ذرور کہ خارش و حکہ پلک و جالا و ناخنہ آنکھ کو دفع کرتا ہی

ص تھر یا چاندی کی گوند ببول بریان تین تین ماشہ زعفران فلفل سیاہ دو دو ماشہ افیون ایک ماشہ

ذرور چشم خام

ذرور چشم خام کہتی ہو ورد چشم اطفال کو دفع کرے ص چاکسو اصلاح کردہ دو جز پھٹکری بریان ایک جز

ذرور مامیران

ذرور مامیران کہ دفع اختلاج دائمی و امراض بارده و تقویت بصر مین مجرب ہی ص مامیران چینی قرنفل فلفل دراز
طوطیا مغسول صمغ عربی بریان جملہ بوزن مساوی ثانیاً ذرورات نافع امراض دہن مین ذرور کہ قلاع

ذرور نافع قلاع سرخ

سرخ کے دفع کرنے مین مجرب ہی ص طباشیر سفید جو سوختہ کشنیز خشک مقشر کتھہ سفید بوزن مساوی ذرور

ذرور نافع قلاع سفید

کہ قلاع سفید کو دفع کرے ص ہلیلہ زرد اقاقیا گلنار کزمازج بوزن مساوی ذرور کہ قلاع بلغمی اطفال کو

ذرور نافع قلاع بلغمی اطفال

دفع کرے ص مازو زردچوبہ پوست انار شیرین گلنار کتھہ سرخ برگ گاوزبان سوختہ بوزن مساوی

ذرور نافع قلاع شدید

ذرور کہ قلاع شدید کو جسمین زبان پر دانے مثل کانٹون کے سخت ہوتے ہین سفید ہی زبان کو پارچہ درشتی سے
کھجلا کے استعمال کرنا چاہیے ص طباشیر سفید کتھہ سفید کباب چینی سنگ جراحت دانہ الایچی سرخ

ذرور نافع انواع قلاع

جملہ بوزن مساوی ذرور کہ ہر قسم کے قلاع کو مفید ہی ص زہر مہرہ خطائی طباشیر سفید زیرہ گل سرخ
تخم نیلوفر تخم خرفہ صندل سفید صندل سرخ گل ارمنی حضض مکی عدس مقشر گلنار مغز تخم کنول گٹہ کتھہ سفید

ذرور نافع جوشش دہان

کباب چینی عنب الثعلب جملہ بوزن مساوی ذرور کہ جوشش دہان کو مجرب ہی ص کتھہ سفید طباشیر سفید
دانہ الایچی زیرہ گل سرخ زیرہ گل سیوتی ناگرموتھا ہلیلہ سیاہ کباب چینی بکاین کے پھل سوختہ جملہ بوزن

ذرور نافع قلاع

مساوی ذرور کہ قلاع و جوشش دہن کو مجرب ہی ص دانہ الایچی سرخ کشنیز سوختہ پھٹکری سوختہ جملہ

ذرور نافع زخم ختنہ

بوزن مساوی ثالثاً ذرورات دافع جروح و قروح و بثورات اکلہ مین ذرور کہ زخم ختنہ اطفال کو
خشک و اصلاح کرے حاجت مرہم کی نہوئے بعد بند ہونے خون کے استعمال کرنا چاہیے ص کتھہ سرخ

ذرور نافع قروح ختنہ

مردارسنگ ہلیلہ سیاہ بلیلہ تخم کنار سوختہ جملہ بوزن مساوی ذرور کہ قروح ختنہ کو جلد اصلاح دیوے
و دفع کرے ص پھٹکری طوطیا سبز نیم سوختہ بوزن مساوی ایضاً دافع قروح ختنہ ص کندر دم الاخوین
دو دو ماشہ کشتہ مس پانچ ماشہ پھٹکری بریان پوست انار شیرین مازو کاغذ نیلہ رنگ سوختہ ناگرموتھا

ذرور نافع سیلان خون رحم

چھہ چھہ ماشہ ذرور کہ سیلان خون رحم کے دفع کرنے مین بے نظیر ہی ص کندر دم الاخوین سماق

ذرور نافع آتشک

پھٹکری بریان تین تین ماشہ صبر کاغذ سوختہ ایک ایک ماشہ ذرور کہ جراحت آتشک کو قضیب و دیگر اعضا سے
دفع کرے ص پوست بویدار سوختہ چھہ ماشہ خرمہرہ زرد سوختہ پانچ عدد سوپاری سوختہ ایک عدد
نیلہ تھوتھہ بریان ایک ماشہ مردارسنگ کتھہ سفید سنگ جراحت دو دو ماشہ سفوف باریک کرکے چھڑکین

## حرف الراء

روغن کوکب

فصل تینتیسوین روغنہا مین جنکا لگانا امراض دماغی و دردون کو مفید ہی **روغن کوکب** دردسر و بیخوابی کو
جو حرارت و یبوست سے ہو دفع کرے ص آب برگ کاہو دو حصہ روغن کنجد سفید ایک حصہ باہم پکاوین جب پانی

روغن کدو

جل جاوے روغن کو سرد کرکے پیشانی اور سر پر لگایا کرین **روغن کدو** کہ لگانا اوسکا دردسر گرم و خشکی ناک و سوزش آنکھہ کو
دفع کرے ص کدوے دراز کو مع پوست و مغز و تخم کوچل کر پانی اوسکا نچوڑلین و چہارم حصہ اوسکا روغن کنجد سفید
ملاکے پکاوین بعد جل جانے پانی کے روغن استعمال کرین **ایضًا** روغن بادام شیرین و روغن مغز تخم کدوے دراز بھی

روغن سیماب

یہی فائدہ رکھتا ہی **روغن سیماب** کہ فالج و رعشہ و جمیع امراض باردہ کو دفع کرتا ہی ص سیماب تخم دھتورہ
ایک ایک تولہ روغن کنجد سیاہ اکیس تولہ پہلے روغن کو خوب گرم کرین کہ سرخ ہو جاے تب سرد کرکے تخم دھتورہ

روغن قسط

باریک کرکے و سیماب ملاکے خوب حل کرکے استعمال کرین **روغن قسط** کہ فالج و لقوہ و دیگر امراض باردہ کو دفع
کرے ص قسط تلخ کندش شیطرج عقرقرحا چھہ چھہ ماشہ فلفل دراز سنبل الطیب بیخ سوسن قرفہ اشنہ
دارہلد قرنفل نانخواہ کرفس اسارون زنجبیل زرنباد کندر مصطکی تین تین ماشہ گل بابونہ ایک تولہ مغز
بادام تلخ دو تولہ مغز تخم ارنڈ تین تولہ سب کو جوکوب کرکے ایک رطل پانی مین آٹھہ پہر ترکرکے جوش کرین
جب نصف پانی باقی رہے مل کر چھان لین اور روغن کنجد سیاہ روغن سلسون تین تین چھٹانک ملاکے

روغن لبوب

جوش کرین جب پانی جل جاوے روغن استعمال کرین **روغن لبوب** کہ تشنج و مالیخولیا و بیخوابی کو دفع کرے
لگانے اور کھانے اور سعوط کر لینے سے ص مغز فندق مغز پستہ مغز بادام شیرین کنجد مقشر مغز چلغوزہ

روغن بلادر

تخم کدوے شیرین مغز اخروٹ سب بوزن مساوی بطور روغن بادام کے طیار کرین **روغن بلادر** کہ
استرخاے اعصاب و فالج و لقوہ و دیگر امراض کو دفع و تحلیل کرے ص جٹاماسنی جایفل
مرچ سیاہ سلیخہ شیطرج ہندی پیپرامور آنباہلدی پیپرمین پھل بھلانوان سونف کوٹ تلخ نرکچور ایک
ایک تولہ نیم کوفتہ کرکے تین پاؤ پانی مین چار پہر تک تر رکھین پھر آدھ سیر دودھ گاے کا اور اڑھائی پاؤ

روغن چوب چینی

تیل سفید تل کا ملاکر پکاوین جب پانی اور دودھ جل جاوے روغن کو صاف کرلین **روغن چوب چینی**
کہ فالج و استرخا و رعشہ و کزاز و درد مفاصل اور دردہا جو آتشک سے ہون و جملہ امراض بلغمی کو دفع کرے
ص چوب چینی بیس تولہ سورنجان تلخ سداب پانچ پانچ تولہ چرایتہ چھریلہ جٹاماسنی تیجپات و نانخواہ
زراوند طویل عقرقرحا تین تین تولہ کوٹ تلخ دس تولہ سب کو جوکوب کرکے دو شبانہ روز پانچ سیر آب ندیا مین

ترکرین اور روغن سلسون و روغن گل و روغن بابونہ چالیس چالیس تولہ و روغن بیلا و روغن چنبیلی و
روغن شبت تیس تیس تولہ ملاکر پکاوین جب پانی جل جاوے روغن صاف کرلین و اگر بروقت استعمال کے

**روغن جرمل**

تھوڑی سی مومیائی خواہ جند بیدستر ملاکے استعمال کرین تو زیادہ قوی ہووے روغن جرمل کہ نافع رعشہ و تشنج
و گرانی دست و پا و درد بارد و بلغمی کسی عضو یا تمام بدن کو دفع کرے ہے اسپند سوختنی بارہ تولہ زنجبیل
تین تولہ پاؤسیر پانی مین چار پہر تر کرکے چالیس تولہ روغن کنجد سیاہ ملاکر پکاوین جب دوا جل جاوے
روغن صاف کرلین و پانچ عدد جایفل سرمہ ساکرکے روغن مین مخلوط کرکھین اور وقت استعمال کے آب برگ

**روغن کوچلہ**

بدن کو محفوظ رکھین روغن کوچلہ کہ درد مفاصل اور درد سر و درد ون کو دفع کرے ہے
افیون دو تولہ تین پاؤ شیر گاؤ مین گھول کر کوچلہ دس عدد ریزہ ریزہ کرکے ملاوین اور ڈیڑھ پاؤ
روغن کنجد سیاہ ملاکے پکاوین جب دودھ و کوچلہ جل جاوے روغن صاف کرلیوین

## ضمیمہ فصل تینتیسوین کا

**روغن روباہ**

روغن روباہ کہ فالج و تشنج و لقوہ و رعشہ و وجع المفاصل و درد پشت کو مجرب و مفید ہے گوشت
ایک روباہ کا بدستور یعنی سربستہ کے لیکر اوسمین مال کنگنی پپرامول اسد لب تخم دھتورہ پوست بیخ
بیدانجیر آدھ آدھ پاؤ جوکوب کرکے ترکرین و آدھ سیر آب برگ و شاخ تازہ دھتورا و تین سیر روغن کنجد سیاہ
ملاکے پکاوین جب دوا و پانی جل جاوے روغن صاف کرلیوین و پانچ عدد جایفل و ایک تولہ قرنفل

**روغن ضبع**

سرمہ ساکرکے مع ایک تولہ افیون کے مخلوط کرکھین و شیر گرم مالش کیا کرین روغن ضبع کہ امراض
مذکور کو از بس مفید ہے گوشت ایک کفتار کا کہ مادہ اولی ہی لیکر تخم شبت گل و شاخ و برگ بانجو
پپرامول کایفر پودینہ آدھ آدھ پاؤ ترکرکے روغن سرشف اڈھائی سیر ڈال کر پکاوین جب دوا و پانی

**روغن حواصل**

جل جاوے روغن صاف کرلیوین و کام مین لاوین روغن حواصل کہ دفع امراض مذکورہ و دیگر امراض
باردہ مین نہایت موثر و مجرب ہے ایک عدد حواصل کا گوشت ایک سنبل الطیب بسباسہ زنجبیل
خولنجان زرنباد جوز بوا دارچینی قسط تلخ قرنفل ایک ایک تولہ جوکوب کرکے تھوڑے آب چاہ شور مین
چار پہر ترکرکے اوسی آب گوشت مین ملاکے ڈیڑھ سیر روغن سرشف ملاکے پکاوین و بعد جلنے پانی و

**روغن خفاش**

اجزا دوا کے روغن صاف کرلیوین و استعمال کرین روغن خفاش کہ درد عرق النسا و نقرس و درد
مفاصل و درد کمر و درد گردہ کو مفید و مجرب ہے گوشت دس عدد شپرک یعنی چمگادڑ کا بدستور

مذکورۂ بالا لیکر اوسمین قسط تلخ زراوند مدحرج زنجبیل ریشہ دار دو دو تولہ سورنجان تلخ ایک تولہ جوکوب
کرکے ترکرین آدھ پاؤ آب ونامرواد آدھ سیر روغن سرشف ملاکے جوش دیوین جب پانی اور دوا جل جاوے
**روغن ادرک** روغن صاف کر رکھین وشیر گرم مالش کرین روغن ادرک کہ درد صلابت مفاصل و درد گردہ و کمر
وپشت کو نہایت مفید ہی صں ادرک تازہ کو چل کر پانی اوسکا لیکر ہموزن اوسکے روغن کنجد سیاہ
ملاکر پکاوین جب پانی جل جاوے استعمال کرین فائدہ روغن موم و روغن ریحان کہ بدستور مرقومہ
**روغن اوراق** بالا بنایا ہوئے دردہای مذکورۂ بالا کو مفید ہو روغن اوراق کہ درد مفاصل وعرق النسا ونقرس ودرد پشت کو
دفع کرنے مین ابس مفید ومجرب ہو صں برگ زردروسہ برگ سنبھالو برگ مکوے برگ بکاین برگ آک برگ دھتورہ پوست
درخت سہجنہ برگ سہجنہ پوست بیخ ارنڈ برگ ارنڈ برگ حنا جملہ بوزن ایک ایک چھٹانک کوچل کر قدرے
پانی ڈالکر نچوڑ لیوین واوسی پانی مین اسگندھ ناگوری اجواین دیسی اجواین خراسانی پوست خشخاش سفید
رائی خرد اجمود زنجبیل ریشہ دار پیرامور زکچور ناگرموتھا جٹاماسی ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ پیس کر روغن سرشف
روغن کنجد سیاہ پاو پاو بھر ملاکے بدستور پکاوین و روغن صاف کر رکھین ومالش کیا کرین

## فصل چونتیسوین روغنہای نافع امراض گوش

**روغن نافع درد گوش** روغن کہ درد گوش وبہراپن کو مفید ومجرب ہی
صں اجواین خراسانی اسپند سوختنی دو دو تولہ آدھ سیر پانی مین چار پہر ترکرکے جوش کرین جب سوم حصہ
باقی رہے مل کر چھان لین اور پانی مذکور مین دس تولہ روغن کنجد سفید ملاکے پکاوین جب پانی جل جاوے
**روغن ترب** روغن صاف کر رکھین وشیر گرم کان مین ٹپکاوین ایضاً روغن ترب صں مولی کی جڑ کوچل کر ڈیڑھ پاؤ
پانی اوسکا چھان لین اور آدھ پاؤ روغن کنجد سفید ملاکر پکاوین جب پانی جل جاوے روغن صاف کر لین وشیر گرم
**روغن دافع بہراپن** ٹپکاوین روغن کہ آوازۂ گوش وثقل سمع کو دفع کرے صں مغز تخم آلو زرد یعنی آلو بخارا ایک تولہ پتہ ... گاؤمین پیس کر پانچ تولہ روغن گل مین پکاوین جب پانی جل جاوے روغن صاف کر لین پہلے ایک تولہ گل بابونہ
چھ تولہ سرکے مین جوش کرکے کان مین بھپارہ لیکر چند قطرہ روغن مذکور شیر گرم ٹپکاوین

## فصل پینتیسوین روغنہاے دافع امراض شکم

**روغن نافع قولنج وغیرہ** روغن مخترعہ حکیم شیر علی والد راقم کہ بارہا تجربہ ہوا
درد شکم وقولنج ونفخ شکم وقبض وریاح کو دفع کرے صں جٹاماسی پیرامور گل بابونہ سدلب تخم سوئہ کلونجی
مصطکی ہر ایک ایک تولہ زیرہ سیاہ پودینہ اذخر ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ سب کو آدھ سیر پانی مین ترکرکے جوش دین
جب چہارم حصہ پانی رہے ملکر چھان لین اور اوسمین روغن بیدانجیر روغن سرشف روغن تلخ ایک ایک چھٹانک

روغن نافع قبض شکم

روغن نافع درد شکم

پکاوین جب پانی جل جاوے روغن صاف کرلین وقت استعمال تھوڑا ایلوا خواہ شحم حنظل حل کرکے
شیر گرم پیٹ پر لگاوین روغن کہ قبض شکم کو دفع کرے ص شحم حنظل ایک تولہ ایلوہ چھہ ماشہ پانی مین
پیسکر روغن بید انجیر چھہ تولہ مین پکالے لگاوین روغن کہ درد شکم کو دفع کرے ص پوست درخت
سہجن برگ تازہ سینبھالو برگ اگ چار چار تولہ کوچل کر پانی نچوڑین اور اوس پانی مین چھہ تولہ
روغن سرشف ڈال کے پکاوین جب پانی جل جاوے تب اوسکو استعمال مین لاوین جلد صحت ہووے

روغن دیودار

فصل چھتیسوین روغنہاے دافع ضربہ وسقطہ وجراحات مین روغن دیودار کہ ترکیب سقدمین منقول
کتب معتبرین سے ہو ضربہ وسقطہ کے ورم ودرد کو دفع کرنے وزخمہاے چوٹ سے جرک وگوشت ناقص کو دفع
کرنے وگوشت بہتر جمانے وزخم معمور کرنے مین بمنزلہ خرق عادت کے ہو طلا کرنا خواہ ٹپکانا یا کپڑا خواہ روئی
ترکرکے مقام حاجت کے رکھنا چاہیے ص آنبا ہلدی چوب دیودار اصل السوس چوب دار ہلد دو دو تولہ خوب
سفوف کرین دو دو تولہ کرھوان یعنی دودہ مکان گلخن ملاکے تھوڑی دیر تک کھرل کرکے تین پاو پانی مین ملاکے
پکاوین جب نصف پانی جل جاوے تب ڈیڑھ پاو روغن کنجد ملاکر بدستور آگ نرم پر پکاوین جب سب پانی جل جاوے
وروغن سیاہ ہونے پاوے آگ سے علحدہ کرلیوین حکیم علی گیلانی نے اپنے تجربات مین لکھا ہو کہ اس روغن مین اگر
بہروزہ ملاکے لگاوین تو درد مفاصل ودوسرے دردہاے کہنہ کو دفع کرتا ہو اور اگر چیچک کے آبلے متعفن وقرحہ ہوگئے

روغن شیخ صنعان نافع ناصور

ہون تو تھوڑا کافور اسمین حل کرکے لگاوین روغن شیخ صنعان دافع اقسام زخم وناصور وبواسیر محلل
اورام باردہ ومقوی اعضا ہو اور کھانا اسکا سیج امعا جسکو آنتی سارے کہتے ہین دفع کرتا ہو ص جدوار خطائی
وکتھہ سفید جایفل رال سفید دار ہلد چوب جھاؤ چوب دیودار بیخ مہک بہروزہ ہلیلہ بلیلہ آملہ آبنوس پوست
درخت مغیل ہر ایک دو دو تولہ کنکول مرچ سوپاری چوب چینی میتھی دو دو تولہ چھیر وخانہ عنکبوت آنبا ہلدی
ایک ایک تولہ برگ حنا تازہ پان قسم لکری یک نیم یک نیم تولہ سب کو جو کوب کرکے تین سیر پانی مین
پکاوین جب چہارم پانی باقی رہے صاف کرلین و مومیائی معدنی اُشق وشنگرف ہرتال سرخ مردار سنگ
رال سفید چھہ چھہ ماشہ سفوف کرکے مخلوط کرین واڑھائی پاو روغن گنجد سفید ملاکر پکاوین جب
پانی باقی نرہے اوتار رکھین ایضاً کہ مجرب ہو دفع ضربہ وسقطہ وورم وزخم لوہے کے مین ص بیخ
مہک دیودار پوست درخت مغیل آنبا ہلدی دار ہلد دو دو تولہ جو کوب کرکے آدھ سیر پانی مین ایک رات
ترکرین اور صبح کو ڈیڑھ پاو روغن السی ملاکے پکاوین جب پانی جل جاوے روغن صاف کرکے استعمال کرین

روغن مورچگان

فصل سینتیسوین بہ روغنہاے نافع امراض اعضاے تناسل مین ۔ روغن مورچگان کہ قضیب کو سخت و موٹا و دراز و قوت باہ و نعوظ کی زیادہ کرے اگرچہ مایوس ہوا ہو ۔ ص روغن چنبیلی آدہ پاؤ ایک شیشے مین رکھے اور ایک سو چیونٹے قبرستان کے بڑے بڑے اوسمین ڈالکر چالیس روز آفتاب مین رکھین اوسکے بعد قضیب پر لگایا کرین کھجلا کے

روغن خسک

روغن خسک کہ منی کو غلیظ اور باہ کو زیادہ و اصلاح گردہ و مثانہ کی کرے ص گوکھرو کلان تازہ کو کوٹکر ڈیڑھ پاو پانی اوسکا نکالین اور ڈیڑھ پاؤ شیر گاو اور پاؤ بھر روغن کنجد سفید اور ایک چھٹانک سفوف زنجبیل ملا کر نرم آگ پر پکاوین جب دودھ و پانی جل جاوے تب روغن کو صاف کرلین و بقدر مناسب کھایا کرین

روغن تقویت باہ

روغن مخترع حکیم امان علی برادر خرد راقم کہ طلا کرنا اسکا قضیب پر تقویت باہ و دفع سستی اعصاب و رفع یبوست و براندگی عروق عضو مذکور کو از بس مجرب ہے ص گھونگچی سفید پوست بیخ کنیر جسکا پھول سفید ہوتا ہے اسگندھ ناگوری تج دارچینی عقرقرحا تال مکھانا تخم اوٹنگن اندرجو اسپند کلونجی تخم پیاز مغز بنبہ دانہ مال کنگنی تراشہ سُم اسپ نرچھہ چھہ ماشہ چرونجی چلغوزہ بیخ اونٹ کٹارہ دیودار عود غرقی موصلی سیاہ ایک ایک تولہ جایفل لونگ رس کپور تخم دھتورہ تین تین ماشہ افیون دو ماشہ سبکو کوٹ کر ڈیڑھ چھٹانک بھیڑی کے گھی مین خواہ بکرے کے گھی مین ملکر دس عدد زردی بیضہ مرغ مین ملاکر شیشے مین چار پہر رکھکر اوسکے بعد موافق دستور اول روغن انڈے کے تیل نکالین اور کام مین لاوین

روغن نافع سیاہی مو

فصل اٹھتیسوین بروغنہاے متعلق بالون مین ۔ روغن کہ بالون کو دراز و سیاہ کرنے سے محفوظ کرے ص ہلیلہ بلیلہ آملہ دو دو تولہ پرسیاوشان عود خام ایک ایک تولہ برگ کنار برگ انار شیرین برگ حنا و برگ مغیل ہر ایک تازہ تین تین تولہ سیر بھر پانی مین جوش کرین جب سوم حصہ رہے صاف کرلین اور اوس پانی مین سیپاری نیمکوفتہ چار تولہ مصطکی رومی ایک تولہ طباشیر سفید چھہ ماشہ روغن کنجد سفید پاؤ بھر ملاکر پکاوین جب پانی جل جاوے شیشے مین کر رکھین

روغن بیضہ

روغن بیضہ کہ دو ہفتے مین بال جماوے ص ایک عدد خربوزہ نیم پختہ کو سوراخ کر کے اوسکے تخم نکال ڈالین دس عدد زردہ تخم مرغ اور ایک تولہ برادہ آہن دو تولہ برگ تازہ مہندی چار تولہ روغن سرشف اوسمین بھر کے مونہہ اوسکا مستحکم بند کر کے گل حکمت کر کے چار پہر بھاڑ گرم مین رکھکر صبح کو مٹی دفع کر کے رگڑ کر مثل مرہم کے بناوین و لگاوین

روغن درازی مو

روغن کہ بالون کو دراز و خوشرنگ کرے ص ہلیلہ بلیلہ آملہ ناگرموتھا جٹا مانسی چھڑیلہ ایک ایک تولہ گل سرخ کنجد کھپرکچری چھہ چھہ ماشہ سبکو نیمکوب کر کے روغن کنجد سفید ڈیڑھ پاؤ ملاکے شیشے مین رکھین و بعد چند روز کے استعمال کرین

روغن نافع خارش بن مو

روغن کہ بال پھٹنے و گرنے کو و خلش

بن مو ے کو دفع کرے ص آملہ برگ حنا تازہ برگ مغیل تازہ دو دو تولہ پاؤ بھر پانی مین جوش کرین جب
چہارم پانی رہے مل کر چھان کر پاؤ بھر تیل سفید تل ملاکے پکاوین جب پانی جل جاوے روغن صاف کرلین
اور اوسمین گل سیوتی چھریلہ گل سرخ ایک ایک تولہ ملاکے آفتاب مین رکھین اور استعمال کرین

## ضمیمہ بالذات بعد فصل اٹھتیسوین کے

**روغن سیماب**
روغن ہاسے دافع امراض متفرقہ مین روغن سیماب کہ داد اور بہق یعنی سہوان کے دفع کرنے مین
مجرب ہے ص سیماب گندھک وطوطیہ ایک ایک تولہ سرمہ سا کر کے تین چھٹانک روغن کنجد سفید مین

**روغن گندم**
چار پہر صلایہ کر رکھین و لگایا کرین روغن گندم بدستور مذکورہ بالا بنا کر لگانا سعفہ یعنی گنجہ سر

**روغن نافع چھاجن**
وداد کو دفع و اورام سخت کو تحلیل کرتا ہے روغن کہ ہاتھ پانوؤن کی ترقیدگی یعنی چھاجن کو صحت دیتا ہے
ص تخم پنبہ وکھنی سیندور مغز تخم اڑند چرم کہنہ سوختہ ایک ایک تولہ پانی مین پیس کر آدھ پاؤ روغن
کنجد سفید مین ملاکر لگاوین جب پانی جل جاوے دواکو روغن مین مخلوط کرکے ترقیدگی پر لگاکے آگ خفیف مین

**روغن ضفدع**
سینک کرین روغن ضفدع کہ واسطے ورم مقعد و درد بواسیر کے نہایت مفید ہے ص مینڈک کلان
ایک عدد کو مار کر آلایش اندرونی دفع کرکے خوب قیمہ کرکے دو تولہ دنبالہ بادنجان یعنی ڈنٹھ بیگن کی
کوچل کر و چار تولہ چربی بکری کی ملاکر سیر بھر پانی مین جوش دیوین جب آدھا پانی باقی رہے سرد کرکے روغن

**روغن عقرب**
جو بالائے پانی کے آوے اوسے نکال کر رکھ لیوین و لگایا کرین روغن عقرب کہ دو تین قطرے احلیل مین
ٹپکانے سے سنگ مثانہ کو ٹکڑے ٹکڑے کرکے ادرار بول کے ساتھ خارج کرتا ہے ص ریوند چینی ناگرموتھا
ایک ایک تولہ تخم کرتھی مغز بادام تلخ دو دو تولہ کو چل کر شیشے مین رکھین و پاؤ بھر روغن کنجد سفید و دس عدد
عقرب زندہ اوسمین ڈال کر اکیس روز آفتاب مین رکھین و کبھی کبھی جنبش دیا کرین بعد ازان استعمال کرین

**روغن نافع ناصور**
روغن کہ ناصور کو پر کرتا ہے ص ایک عدد گرگٹ جوان جسکا سر سرخ ہو گیا ہو مار کر بچہ و آلایش
پیٹ کی دفع کرکے آدھ پاؤ روغن کنجد سیاہ مین پکاوین جب گرگٹ جل جاوے اوسکو دفع کرکے تین ماشہ شنگرف

**روغن مسمن**
روغن مین صلایہ کر رکھین قدرے قدرے ناصور مین ٹپکایا کرین چند روز مین پر ہو جاتا ہے روغن مسمن
کہ دفع لاغری و یبوست بدن کی کرتا ہے ص مغز پستہ مغز چلغوزہ چرونجی و مغز بادام شیرین مغز پنبہ دانہ مغز تخم تربزہ
مغز فندق مغز تخم خیارین کشنیز مقشر جملہ بوزن مساوی بدستور روغن نکالین و مکان گرم مین تمام بدن پر

**روغن جل نیب**
مالش کیا کرین روغن جل نیب کہ خارش خشک مین اور درد و رے گنج سر کو مفید ہے ص جل نیب تازہ کو چل کر

پانی اوسکا نچوڑ لیوین و بھوسنان اوس پانی کے روغن گنجد سفید ملا کے پکاوین کہ پانی جل جاوے

## ضمیمہ بالذات ربوب مین

رب کیورا و سنترہ — رب کیورا و سنترہ دافع تشنگی و حرارت صفرا و خون و رافع یبوست و مفرح طبع ہی کہ شیرینی کا وزن دو گنا کر کے پانی سے کم و قوام شربت سے گاڑھا ہونا چاہیے

رب انار شیرین — رب انار شیرین مقوی اعضاے رئیسہ و مفرح طبع و دافع گرمی مزاج ہی

رب انار ترش — رب انار ترش دافع قی صفراوی و مسکن تشنگی و مطفی حرارت

رب سیب و آملہ — رب سیب و بہی مقوی دماغ و معدہ و دافع حرارت مزاج و مصلح خون ہین رب آملہ مقوی معدہ و مصلح خون و ہاضم طعام و قابض ہی

رب آلو — رب آلو صفرا شکن و مطفی حرارت و دافع تشنگی ہی

رب زرشک — رب زرشک مقوی معدہ و دافع غلیان صفرا ہی

## حرف الزاء

### فصل اونتالیسوین

زروق یعنی پچکاری ہین کہ راہ بول مرد و عورت مین بہ تدبیر معمولی کی جاوے

زروق دافع سوزاک — زروق کہ قرحۂ قدیم و جدید سوزاک کو دفع کرے ص پھٹکری ایک تولہ نیلہ تھوتھا چھ ماشہ دونون کو بریان کر کے سیر بھر پانی مین گھول کر شیشے مین رکھین اور ہر روز پانچ چار بار استعمال کرین اور اگر چاہین بریان نکرین پانی مین پکا کے استعمال کرین **ایضاً** واسطے قرحۂ مثانہ و راہ بول کے مجرب ہی ص صمغ عربی کتیرا نشاستہ گھریا چاندی کی ایک ایک ماشہ مغز تخم خیارین کشتۂ قلعی ہر ایک دو ماشہ شیر خشت چھ ماشہ شیاف بنا رکھین بروقت حاجت شیر دختر خواہ شیر بز مین گھس کر سوراخ بول مین ٹپکاوین **ایضاً** دفع قرحۂ سوزاک مین بے نظیر ہو ص سفیدۂ کاشغری کندر پھٹکری بریان صمغ عربی نشاستہ دم الاخوین بوزن مساوی بآب برگ تازۂ نیب گولی بنا رکھین بوقت حاجت شیر دختر یا شیر خر یا شیر بز مین گھس کر استعمال کرین **ایضاً** دافع قرحۂ سوزاک ص سفیدۂ کاشغری گل ارمنی ایک ایک تولہ افیون خالص نو ماشہ نیلا تھوتھا چھ ماشہ سرمہ سا کر کے شیر یا پانی مین حل کر کے پانچ چار بار ہر روز استعمال کرین **ایضاً** دفع سوزاک مین مجرب ہو ص پھٹکری سفید نشاستہ گندم کشتۂ قلعی مساوی الوزن کھرل کر کے شیر بز مین ملا کر استعمال کرین **ایضاً** بلیلہ اسیاہ و بلیلہ آملہ مساوی نیم کوفتہ سب کو پانی مین تر کر کے خیساندہ خواہ جوشاندہ صاف کر کے استعمال کرین

## حرف السین

سعوط نافع سرسام

فصل چالیسوین سعوط مین سعوط کہ سرسام و صداع گرم کو نفع دیوے ص روغن بنفشہ روغن بادام
روغن کدوے شیرین آب برگ تازۂ کاہو آب برگ تازۂ کاسنی شیر دختر سب بوزن مساوی ایک شیشے مین
ڈال کر خوب جنبش دیوین کہ قرار واقعی مخلوط ہو جاوے پس ازان استعمال کرین فائدہ ان اجزاے اگر جز

سعوط نافع دوار

واحد خواہ دو ایک جز استعمال کرین تب بھی مفید ہے سعوط دافع سدر و دوار بارد ص روغن قسط چھہ ماشہ

سعوط نافع لقوہ و فالج

مین مشک چار سرخ حل کر کے استعمال کرین سعوط نافع لقوہ و فالج ص صبر شونیز بورہ ارمنی مساوی

سعوط نافع نزول الماء

الوزن آب چقندر مین حل کر کے استعمال کرین سعوط کہ ترقی نزول الماء کو دفع کرے ص مشک و سرخ
زعفران ایک ماشہ بال چھڑ دو ماشہ کا پھل چار ماشہ گولی بنا رکھین ہر روز پانی مین گھس کر دو ایک

سعوط نافع رعاف

قطرے ناک مین ٹپکاوین سعوط کہ رعاف کو بند کرے ص کاغذ سوختہ پوست تخم مرغ سوختہ
مازو سوختہ سرمہ سا کر کے آب برگ تازۂ ببول مین گھول کر استعمال کرین ایضاً برگ تازۂ ببول
و برگ تازۂ کنار برگ تازۂ انار شیرین کو چل کر نچوڑ کر ٹپکاوین اور سر پر لگانا بھی مفید ہے

سنون نافع قرحہ

فصل اکتالیسوین سنون یعنی منجن مین سنون کہ قرحہ اور خون جانا مسوڑھون سے دفع اور
دانتون کو مستحکم کرے ص سپاری سوختہ گلنار شاخ گوزن سوختہ سماق جو سوختہ بیخ نے طباشیر
سفید مائین زرور دیا غنچۂ گل سرخ تخم ہلیلہ زرد دو دو ماشہ دم الاخوین لوبان سفید ناگرموتھا

سنون استحکام دندان

تین تین ماشہ پھٹکری بریان پانچ ماشہ سب کو سفوف کر کے مسوڑھون و دانتون پر ملین سنون کہ مسوڑھون
اور دانت کو مضبوط کرے ص ناگرموتھا گلنار تنتریک یا اگر سوختہ پھٹکری بوزن مساوی ایضاً طوطیا کو سی روغن
مین ایسا بریان کرین کہ قریب جلنے کے ہو جاوے اور زنجبیل اور کتھہ سفید جملہ بوزن مساوی ایضاً کہ درد
جس زیادہ کو دفع کرے ص مصطکی مازو سپاری سوختہ چھہ چھہ ماشہ چوب چینی و کتھہ پپڑیا ایک تولہ
چرک آہن دو تولہ طوطیا سبز بریان تین ماشہ منجن کرنے کے بعد تین بار روغن کنجد سفید سے مضمضہ کرکے
چند مرتبہ آب نیم گرم سے مضمضہ کرین اور بیڑۂ پان کہ اکر لعاب دہن دفع کرین ایضاً درد و ضعف و جنبش و نکلنے
خون و قرحۂ مسوڑھون کو دفع کرے ص سنگ جراحت مازو گلنار پھٹکری بریان کتھہ سفید طباشیر سفید
ہیرا کسیس ناگرموتھا عقرقرحا ریوند چینی سوختہ کھریا بوزن مساوی ایضاً کہ دانتون کو مستحکم اور انکے رنگ کو
صاف اور مونہہ کو خوشبو کرے ص مازو زنجبیل کف دریا فلفل دراز دانہ الایچی سفید دو دو ماشہ نمک سانبھر
بریان دس ماشہ عود سوختہ پانچ ماشہ جو سوختہ پانچ ماشہ ایضاً کہ مونہہ کو خوشبو کرے اور دانتون کو استحکام

وجلا دیوے اور گوشت مسوڑھون کا جماوے اور مضبوط کرے ص خرمہرۂ زرد سوختہ پانچ عدد کفِ دریا نمک ہیجی نمکِ لاہوری تین تین ماشہ جو سوختہ عودِ سوختہ عقرقرحا کباب چینی پانچ پانچ ماشہ لونگ و تاج ایضاً سنون کہ استحکام دانت مین بے نظیر ہی ص بلیلہ بلیلہ آملہ زنجبیل فلفلین مازو سبز طوطیا ابقم یعنی پتنگ نمک سنگ نمک سیاہ نمک سانبھر جملہ مساوی جیسا طبیب ہندی نے لکھا ہی دو پہر اثر پھلا تر کو ٹہ طوطیا تینو نون پتنگ ۔۔ دانت بجز ہو جات ہی ما جو پھل کے سنگ ایضاً کہ بارہا تجربہ ہوا دانتون کے درد و جنبش کو دفع کرتا ہی ص کو یلہ کچلا کو یلہ تخم املتاس ایک ایک تولہ مرچ سیاہ نمک لاہوری چھہ چھہ ماشہ و بعد استعمال مضمضہ نکرین بیڑہ پان کا چابین بہت جلد فائدہ ہووے

مسی

فصل بیالیسوین سنون قسم مسی مین مسی کہ دانت اور مسوڑھون کو مستحکم اور خوشرنگ کرے ص برادۂ آہن یعنی لوہچون آٹھہ تولہ مازو سبز چار تولہ نیلا تھوتھا بریان ایک تولہ کتھہ سفید دو تولہ دانۂ الایچی سفید چھہ ماشہ سفوف کرکے استعمال کرین ایضاً لوہچون مازو سبز مازو سوراخ ادھ پاؤ الایچی خرد مع پوست و نیلا تھوتھا و کتھہ سرخ ایک ایک تولہ مصطکی رومی ہیرا کسیس سونا مکھی چار چار ماشہ ایضاً برادۂ مس پوست انار ایک ایک چھٹانک مازو سبز اڑھائی تولہ پھٹکری ایک تولہ ایضاً کہ دانتون کو مستحکم کرے ص مصطکی مازو ہیرا کسیس مائین پوست بلیلۂ زرد پھٹکری بریان طوطیا بریان پوست درخت مولسری جملہ بوزن مساوی سحق کرکے لعاب دہن گرا دین اور اوسپر پان کھا کے لعاب دفع کرین

سکنجبین سادہ

فصل تتالیسوین سکنجبینون مین سکنجبین سادہ کہ غلبۂ صفرا و حرارت جگر و تشنگی و غثیان و تلخی دہن کو دفع کرے و سدۂ عروق کھولے و ادرار بول کرے ص سرکۂ خالص پاؤ سیر شکر سفید اڑھائی پاؤ آگ پر رکھکر صاف کرلین و قوام بناوین اور اگر چاہین کہ قوی زیادہ ہووے وزن سرکہ کا زیادہ کرین فائدہ جس نسخۂ شربت مین سرکہ ملایا جاتا ہی نام اوسکا ساتھہ سکنجبین کے تبدیل ہو جاتا ہی مثلاً شربت بزوری باردین جب سرکہ ملایا جاتا ہی اوسکا نام سکنجبین بزوری بارد ہو جاتا ہی و فوائد سکنجبین سادہ کے اوس شربت میں زیادہ ہو جاتے ہین اسی طرح سکنجبین بزوری حار سکنجبین بزوری معتدل سکنجبین دیناری وغیرہ مین

سکنجبین عنصلی

سکنجبین عنصلی کہ سختی جگر و طحال و سدۂ عروق و سعال و ضیق النفس و اخلاط غلیظ کو دفع کرے ص پیاز عنصل نیم رطل بانس کی کھپاچ سے ٹکڑا ٹکڑا کرکے پانچ رطل سرکۂ خالص مین جوش کرین اور مل کر چھان کر ساڑھے سات رطل شکر سفید ملا کر قوام کرین و اگر چاہین کہ قوی تر ہو بحساب ششم حصہ

عنصل کے پرسیاؤشان و رزوفا یابس عنصل کے ساتھ جوش کرین اور اگر سرکہ کمی کرے تو پانی بھی ملاوین

سکنجبین مائی

کہ دوا خوب پک جاوے سکنجبین مائی کہ تپہاے محرقہ و جگر و معدۂ گرم کو نفع و تشنگی کو دفع کرے
ص آب انار ترش و شیرین پاؤ پاؤ سیر شیر گاؤ آدھ سیر ترشی سے پھاڑ کر جسقدر اوسکا
پانی نکلے زرشک ایک چھٹانک سب ملا کر جوش کرین جب نصف باقی رہے صاف کرکے تین پاؤ شکر

سکنجبین وردی
سکنجبین افتیمونی

ملا کر قوام کرین سکنجبین وردی کہ معدۂ گرم کو نفع و قبض کو دفع کرے ص گلقند آفتابی پاؤ سیر
عرق گلاب پاؤ سیر مین پیس کر سرکہ خالص پاؤ بھر ملا کر صاف کرکے قوام کرین سکنجبین افتیمونی
کہ مالیخولیا و توحش و صرع کو باخراج مواد نفع کرے ص افتیمون بسفایج فستقے تربد سفید برگ گاؤزبان
پرسیاؤشان تخم کاسنی فرنجمشک بادرنجبویہ چھہ چھہ ماشہ گلقند آفتابی پانچ تولہ آدھ سیر سرکہ خالص
اور پاؤ سیر پانی مین چار پہر تک ترکرکے جوش دے صاف کرکے آدھ سیر شکر کے ساتھ قوام کرین

## ضمیمہ بالذات بعد فصل تالیسوین کے سفرجلی مین

جیسا انوشدارو آملے سے و سکنجبین سرکے سے بنائی جاتی ہو ویسا ہی سفرجل کے آب افشردہ یا آب پختہ

سفرجلی مقوی معدہ

وصاف کردہ سے سفرجلی بتراکیب چند بنائی جاتی ہو سفرجلی کہ مقوی معدہ و مشتہی طعام ہو ص
بہی پختہ دو سیر ٹکڑے ٹکڑے کرکے سوا سیر سرکے مین پکاوین جب گھل جاوے جھر جھرے کپڑے مین
چھان لیوین کہ تمام لب اوسکا نکل آوے و دانہ و ثفل دفع ہو جاوے تب سیر بھر قند سفید ملا کر قوام کرین
جب گاڑھا ہو جاوے زنجبیل پانچ ماشہ فلفل دراز دانہ الایچی سفید دانہ الایچی سرخ دارچینی مصطکی رومی ایک ایک تولہ زعفران

سفرجلی موافق گرم مزاج

چھہ ماشہ سفوف کرکے ملا رکھین ایک تولہ سے دو تولہ تک کھایا کرین سفرجلی کہ گرم مزاجون کو موافق ہو
خصوص ایام گرمی مین ص بہی کو کوچل کر پانی اوسکا نچوڑ لیوین ڈیڑھ پاؤ پانی مین مغز تخم کدو شیرین مغز تخم
خیارین مغز تخم پیٹھا دو دو تولہ پیس کر ملاوین اڑھائی پاؤ قند سفید کے ساتھ قوام کرکے گل سرخ تولہ بھر

سفرجلی مقوی دماغ و معدہ

طباشیر سفید دانہ الایچی سفید چھہ چھہ ماشہ سفوف کرکے ملاوین سفرجلی کہ تقویت دماغ و معدہ و جشائی
کرے و ہاضمہ کو قوت دیوے ص سیر بھر بہی کو آدھ سیر سرکے مین پکا کر بدستور مذکور الصدر لب
اوسکا صاف کر لیوین و ڈیڑھ ڈیڑھ پاؤ شہد و نبات سفید کے ساتھ قوام کرین و عود غرقی
و نشاستہ ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ قرنفل مصطکی رومی زعفران تین تین ماشہ سفوف کرکے ملاوین

## ضمیمہ فصل تینتالیس کا

سکنجبین فوہ

سکنجبین فوہ کہ استسقا و صلابت طحال و ورم جگر کو دفع کرے و سدۂ جگر و طحال کو کھولے ص فوہ سوا تولہ
بادیان پوست بیخ بادیان پوست بیخ کبر انیسون تخم کاسنی پوست بیخ کاسنی تخم کشوث زوفا کا بس ایک
ایک تولہ تخم کرفس پوست بیخ کرفس سنبل الطیب اسارون نو نو ماشہ آدھ سیر سرکہ او پاؤ بھر پانی مین

سکنجبین بہی لیموئی

ترکرکے پکاکے تین پاؤ شکر سفید کے ساتھ بناوین سکنجبین بہی لیموئی معدہ و جگر حار کو قوت دیتی ہی
و اشتہا طعام کی لاتی ہو و سدۂ جگر کھولتی ہی و ہضم طعام کرتی ہی ص آب بہ آب لیمون کاغذی سرکۂ خالص

سکنجبین زبیبی

عرق گلاب آدھ آدھ پاؤ قند سفید آدھ سیر بدستور بناوین سکنجبین زبیبی کہ تقویت معدہ و جگر مین
بے نظیر ہی ص مویز منقی آدھ سیر سرکۂ خالص و پانی پاؤ پاؤ بھر مین پکاکے شکر سفید و شہد پاؤ پاؤ

سکنجبین تفاحی

سیر مین بدستور بناوین سکنجبین تفاحی کہ سیب ہاضم طعام و مقوی معدہ و دل و دافع غثیان و قی
و مفتح سدۂ جگر و طحال ہو ص آب سیب پختہ و شیرین پاؤ بھر سرکۂ خالص آب انار ترش عرق گلاب
آدھ آدھ پاؤ مین پودینہ تازہ ایک چھٹانک جوش کرکے چھان لیوین و آدھ سیر شکر ملاکے قوام کرین

سفوف توحش

فصل چہلیسوین سفوف دافع توحش و خفقان و تپہاے مزمن و درد سر کہ ابخرۂ معدہ سے ہو
ص کشنیز خشک دو تولہ برگ گاوزبان و آملہ منقی گل سرخ صندل سفید ایک ایک تولہ شکر سفید دس تولہ
ایضاً گل گاوزبان گل نیلوفر گل سرخ چھ چھ ماشہ صندلین تین تین ماشہ کشنیز خشک ایک تولہ شکر سفید
تین تولہ ایضاً گل سرخ طباشیر سفید کافور تین تین ماشہ کشنیز خشک چھ ماشہ نشاستۂ جو
دو تولہ نبات سفید مساوی ایضاً گل سیوتی گل سرخ ایک ایک تولہ گل گاوزبان
گل بنفشہ چھ چھ ماشہ صندل سفید ابریشم خام نو نو ماشہ نبات سفید ہموزن مجموع کے

سفوف مواد سوداوی

فصل ہینتالیسوین سفوف مسہل و مخرج مواد مین سفوف کہ مواد سوداوی کو دفع کرے
ص سناے مکی افتیمون تربد سفید مصفی غاریقون پختہ نو نو ماشہ ہلیلۂ سیاہ گل سرخ بسفایج فستقی

سفوف مواد بلغمی

چھ چھ ماشہ ریوند چینی تین ماشہ شکر سفید ہموزن مجموع کے سفوف کہ مواد بلغمی اور سوداوی کو
دفع کرے ص برگ سنا ہلیلہ ہر سہ بلیلہ آملہ تربد سفید ایک ایک تولہ زنجبیل چھ ماشہ نمک سنگ دو تولہ

سفوف درد شکم

ایضاً ہلیلۂ سیاہ ہلیلۂ زرد بادیان گل سرخ ایک ایک تولہ سناے مکی نو ماشہ شحم حنظل تین ماشہ شکر سرخ
ہموزن جملہ ادویہ سفوف سنا کہ درد شکم و درد قولنج کو نفع و اخلاط غلیظہ کو خارج و پیٹ کے
کیڑون کو قتل و دفع کرے ص سناے مکی زنجبیل ہلیلۂ زرد نمک سیاہ مساوی سفوف کرکے ساتھ

سفوف مسہل

تب گرم سے کھائیں سفوف تربد کہ اسہال لاوے اور معدے کو قوت دیوے ص سنائے مکی انار دانہ ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ زنجبیل نمک سانبھر تربد سفید بادیان ایک ایک تولہ

سفوف تپ دق

**فصل چھیالیسوین** سفوف دافع تپ وکھانسی ونزلہ ونفث الدم کے **سفوف** کہ تپ دق وتپ غلطی وکھانسی ونزلات گرم کو نفع کرے ص تخم خطمی گلنار چار چار ماشہ کتیرا نشاستہ صمغ عربی مغز تخم کدوے شیرین مغز تخم تربز رب السوس طباشیر سفید مغز تخم خیار گل ارمنی سات سات ماشہ تخم خشخاش مقشر پوست خشخاش سفید تین تین ماشہ سرطان سوختہ ایک تولہ نبات سفید ہموزن سب کے **ایضاً** کہ مواد کھانسی کو پختہ و دفع کرے ص تخم خطمی صمغ عربی کتیرا طباشیر سفید دو دو ماشہ رب السوس بہدانہ تخم خبازی نشاستہ مغز بادام تین تین ماشہ تخم خشخاش آرد باقلا چار چار ماشہ شکر سرخ نصف مجموع کے **ایضاً** کہ نفث الدم یعنی خون تھوکنے کو دفع کرے ص بیخ انجبار دم الاخوین نشاستہ چھ چھ ماشہ تخم خرفہ بریان صمغ عربی کہربا تخم کاہو اقاقیا تخم خشخاش کتیرا رب السوس گل ارمنی صندل سفید چار چار ماشہ کافور تین ماشہ سرطان سوختہ نو ماشہ نبات سفید نصف وزن جملہ کے **ایضاً** دافع نفث الدم ص سنگ جراحت تین ماشہ پوست خشخاش جو داد دم الاخوین کہربا بیخ انجبار پانچ پانچ ماشہ نشاستہ نو ماشہ نبات سفید ہموزن مجموع کے **ایضاً** کھانسی بلغمی وضیق النفس کو دفع کرے ص اصل السوس فلفل دراز عاقر قرحا بنسلوچن مساوی شکر سرخ برابر سب کے وقت سونے کے بقدر ماشہ کھا کر تھوڑا گرم پانی پیین **ایضاً** اجواین دیسی نمک کھاری دو دو تولہ پانی مین پیس کر پچیس عدد برگ مدار پر کہ زرد ہو کر گرے ہون لگا کے تو بتو رکھکر خشک کرین اور ایک کولھیا مین رکھکر گل حکمت کرکے جلا کر اوسکی خاک تھوڑی مونہہ مین رکھین بہت جلد صحت ہو

سفوف مقوی معدہ

**فصل سینتالیسوین** سفوف مقویات معدہ وہاضم طعام ودافع ریاح وباد گولا کے **سفوف** مقوی معدہ ص کباب چینی جٹا مانسی نرکچور ملکی ہر دو دانہ انار شیرین پوست ترنج پانچ پانچ ماشہ لونگ جاوتری تین تین ماشہ عود خام ایک تولہ شکر سفید ہموزن جملہ **ایضاً** کہ تباہی معدہ وسوزش وغثیان کو دفع و غذا کو ہضم و بوے دہن کو خوش کرے دل و دماغ کو قوت دیوے ص تج تیزج اگر تگر مصطگی بلیلہ کابلی فرنجمشک زیرہ سیاہ دارچینی چھڑیلہ قاقلتین فلفلین زنجبیل لونگ جایفل دانہ انار شیرین جملہ مساوی نبات سفید ہموزن مجموع

سفوف بزور

**سفوف بزور** کہ معدے کو قوت دیوے و ریاح کو دفع کرے ص

زیرہ سیاہ سلیخہ نانخواہ کرفس دانہ الایچی سرخ چھہ چھہ ماشہ لونگ دو ماشہ زنجبیل فلفل دراز پانچ پانچ ماشہ

**سفوف اشتہا**

شکر سفید یک نیم وزن جملہ کے **سفوف** کہ اشتہا لانے مین بے نظیر ہی **ص** نمک سانبھر نیم پاو ریزہ ریزہ کرکے کسی برتن مین آگ پر رکھین و سرکہ خالص اوسپر چھڑکین اور ایک لکڑی سے جنبش دیوین کہ سرکہ آدھ پاؤ جذب ہو جاوے تب اوتار لین و کشنیز بریان نہ رشک انار دانہ بریان سماق ایک ایک تولہ ملا کے سفوف کرین **ایضاً** پودینہ خشک ایک تولہ مرچ سیاہ چھہ ماشہ نانخواہ زنجبیل پیپل بڑے بڑنگ لونگ تین تین ماشہ نمک لاہوری

**سفوف ہندی**

نو ماشہ **سفوف ہندی** مخترعہ اطبائے ہند کہ اشتہا لانے مین لاثانی و مجرب ہی **ص** نمک چھکنی و مولی و پودینہ و کٹائی و مدار کا کھار علیحدہ علیحدہ نکال کر ہموزن ملاکر عطر نانخواہ یا عطر دارچینی سے چرب

**سفوف نمک سلیمانی**

کرکے سفوف کرین **سفوف نمک سلیمانی** کہ تحلیل غذا مین بے نظیر ہی و اگر زردہ تخم مرغ مین ملا کر کھائین مقوی باہ ہی **ص** نمک سنگ نمک سانبھر نمک اندرانی نوشادر سات سات تولہ اجمودہ نانخواہ مرچ سیاہ زنجبیل لونگ زیرہ سیاہ جایفل جاوتری ایک ایک تولہ نیم کوب کرکے آدھ سیر سرکہ خالص ڈال کر جوش دیوین کہ سب یکذات و خشک ہو جاوے تب سب کو سفوف کرین **سفوف** دافع رطوبت معدہ و ہاضم طعام **ص**

**سفوف رطوبت معدہ**

دارچینی ناگرموتھا عود غرقی نانخواہ بادیان خطائی فلفل سیاہ دارفلفل دانہ الایچی سفید پودینہ انیسون

**سفوف باؤگولہ**

کشنیز مقشر بریان زیرہ سیاہ بریان زنجبیل مصطکی بوزن مساوی شکر سفید ہموزن جملہ **سفوف** کہ باؤگولہ و کثرت آروغ کو دفع کرے **ص** فلفلین زنجبیل زیرہ سیاہ اجمودہ ہینگ نمک سنگ جملہ بوزن مساوی سفوف کر رکھین بقدر مناسب قبل و بعد غذا کے کھائین **ایضاً** مرچ سیاہ نانخواہ نمک ترب مساوی سفوف کرکے بقدر مناسب کھایا کرین **ایضاً** نمک سجی نمک جوا کھار نمک سیاہ زنجبیل زیرہ سیاہ گل بابونہ بوزن مساوی

**سفوف تلیین شکم**

**فصل اڑتالیسوین** سفوف قابضہ مین **سفوف** کہ تلیین شکم دفع کرے **ص** سماق نانخواہ تخم ریحان

**سفوف دافع اسہال**

انار دانہ بریان نہ رشک مغز تخم کنار مساوی شکر برابر مجموع کے **سفوف** کہ اسہال کو دفع کرے **ص** گلنار صمغ عربی بریان حب الآس سماق زرورد پانچ پانچ ماشہ انار دانہ بریان نو ماشہ شکر سفید ہموزن مجموع کے

**سفوف سنگرہنی**

**سفوف** دافع سنگرہنی **ص** ہلیلہ سیاہ بریان تخم مغز بیل بادیان بریان پوست کوکنار بریان ال سفید مرور پھلی کشنیز ناگرموتھا مغز تخم انبہ مساوی شکر سفید ہموزن مجموع کے **ایضاً** موچرس ملٹین گل دھاوا پانچ پانچ ماشہ مصطکی رومی مغز بیل پوست کوکنار رال سفید چار چار ماشہ شکر ہمہ وزن

**سفوف دافع زحیر**

سفوف کہ دفع زحیر و اسہال کہنہ مین مجرب ہی **ص** تخم ترہ تیزک بریان اسپغول بریان طباشیر سات سات ماشہ

زیرہ سیاہ تخم گندنا تخم شبت تخم خشخاش انیسون تخم کرفس بزرالبنج نو نو ماشہ افیون تین ماشہ نبات سفید

سفوف دافع اسہال افیونی

نصف وزن مجموع کے سفوف کہ اسہال بند کرے خصوص افیونی کے جسکی دوا مشکل ہے ص گل ملوا
رال سفید دو دو نو ساوی سفوف کرکے کھاوین اور راو سپر مہی آہن داغ پیوین سفوف دافع اسہال

سفوف دافع اسہال دموی و صفراوی

دموی و صفراوی ص صمغ عربی کتیرا طباشیر سفید سنگ جراحت گل ارمنی دم الاخوین ایک ایک ماشہ

سفوف زحیر

سفوف کسے کے ایک تولہ رب بہ یا رب انار شیرین کے ساتھہ کھاوین سفوف کہ زحیر و پیچ و درد رودہ کو
دفع کرے ص تخم خبازی تخم خطمی ایک ایک تولہ نشاستہ بریان نو ماشہ صمغ عربی گل ارمنی طباشیر
چھہ چھہ ماشہ خوراک صبح و شام تین تین ماشہ ساتھہ پانی کے جسمین گوند ببول تین ماشہ گھولا ہوئے

سفوف دافع اسہال

سفوف کہ دفع کرنے اسہال مین مجرب ہے ص بلوط مازو پوست انار شیرین ایک ایک تولہ سماق حب الآس

سفوف دافع اسہال

ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ سفوف کرکے چھہ ماشہ آب سرد کے ساتھہ کھائین سفوف دافع اسہال جسکے ساتھہ
کھانسی بھی ہوئے ص حب الآس بلوط پوست خشخاش بریان نو نو ماشہ صمغ عربی بریان چھہ ماشہ
ایضاً صمغ عربی طباشیر گل ارمنی حب الآس ایک ایک تولہ پرسیاوشان کندر تین تین ماشہ بقدر

سفوف اسہال دموی

مناسب ساتھہ شربت خشخاش کے کھاوین سفوف کہ دفع اسہال دموی و غیر دموی کو مجرب ہے ص
صمغ عربی بریان طباشیر گل ارمنی حب الآس پوست بیرون پستہ پوست تخم پستہ سوختہ تخم خرماے سوختہ
دانہ مویز مازو سبز پوست انار شیرین و ترش جفت بلوط کہربا گلنار پوست تخم اخروٹ سوختہ مائین
مغز تخم کنار اقاقیا برادۂ صندل سفید پوست خشخاش زیرہ سیاہ تخم خرفہ بریان مغز تخم جامن مغز تخم انبہ
چھہ چھہ ماشہ سفوف کرکے بارتنگ کنوچہ تخم ریحان اسپغول حب الرشاد تخم چوکا چھہ چھہ ماشہ
بریان کرکے مخلوط کرین و نصف وزن سب کے شکر سفید ملاوین و صبح و شام آب سرد کے ساتھہ کھائین

سفوف قے صفراوی

فصل اونچاسوین سفوف دافع قی و غثیان مین سفوف کہ قے صفراوی و غثیان کو دفع کرے
ص کافور دو ماشہ طباشیر سفید چھہ ماشہ گل سرخ سماق پانچ پانچ ماشہ سفوف کرکے بقدر مناسب شربت انار ترش
کے ساتھہ کھائین ایضاً عود خام پوست بیرون پستہ پودینہ چھہ چھہ ماشہ زرشک سماق دانۂ انار ترش
نو نو ماشہ شکر سفید برابر مجموع کے ایضاً دانۂ الایچی سفید مغز تخم کنول گٹہ کشنیز خشک بو داوہ تین

سفوف قے بلغمی

تین ماشہ شکر سفید ایک تولہ سفوف کہ قے بلغمی کو دفع کرے ص پودینہ دارچینی زنجبیل ایک ایک تولہ
زرشک فلفلین تین تین ماشہ نمک سنگ نو ماشہ ایضاً قرنفل جوزبوا دانۂ الایچی خرد تین تین ماشہ

سفوف دافع استسقا

دارچینی پوست انار شیرین چھہ چھہ ماشہ شکر سفید دو تولہ سفوف کرکے بقدر مناسب کھاوین

**فصل پچاسوین** سفوف دافع استسقا و ورم طحال و یرقان و امراض جگر و بواسیر مین **سفوف** کہ واسطے دفع استسقا کے مجرب ہی ص حلتیت نو ماشہ پیپر زنجبیل نانخواہ ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ ہلیلہ زرد شیطرج

سفوف طحال

قسط شیرین بہمن سفید سنائے مکی دو دو تولہ نمک لاہوری ششم حصہ مجموع کے **سفوف** کہ ورم طحال کو تحلیل کرے ص نو فاریسیاوشان پوست بیخ کبر عنب الثعلب تخم سنبھالو تخم سداب مساوی سفوف کرکے سکنجبین سادہ کے ساتھہ کھاوین **ایضاً** سوہاگا بریان ایک تولہ خردل تین تولہ **ایضاً** کہ ورم کہنہ وکثیر طحال کو دفع کرے ص نوشادر سوہاگا بریان شورہ قلمی مرچ سیاہ بوزن مساوی سفوف کر رکھین ہر صبح ایک ٹکڑا مغز گھیکوار کا بوزن دو ماشہ لیکر اوسمین جسقدر سفوف لپٹے لپٹا کے نگل جایا کرین

سفوف دافع یرقان

**سفوف** کہ دافع یرقان ہی ص کبریت زرد دو ماشہ افتیمون اجمود ھ کندر سفید چار چار ماشہ مغز چلغوزہ نو ماشہ مویز منقی خشک ایک تولہ سفوف کرکے بقدر مناسب کھا کر آب بادیان پیوین

سفوف ورم جگر

**سفوف** کہ ورم جگر کو مفید و مقوی جگر ہی ص گل سرخ نو ماشہ زرشک لک مغسول سات سات ماشہ طباشیر سفید صندل سفید نشاستہ صمغ عربی تین تین ماشہ ریوند چینی دو ماشہ زعفران ایک ماشہ نبات سفید دو تولہ +

سفوف ورم جگر

**سفوف** بزورکہ ورم جگر دفع کرے و مدر بول ہی ص مغز تخم خربزہ مغز تخم خیارین ایک ایک تولہ تخم کاسنی تخم کشوث نو نو ماشہ انیسون بادیان تخم کرفس رب السوس زرشک ریوند چینی لک مغسول سنبل الطیب

سفوف بواسیر خونی

مصطکی چھہ چھہ ماشہ زعفران تین ماشہ کافور دو ماشہ نبات سفید نصف مجموع کے **سفوف** کہ بواسیر خونی و بادی کو دفع کرے ص مغز تخم بکاین مغز تخم شبت رسوت ہلیلہ سیاہ بوزن مساوی سفوف کرکے تین ماشہ آب سرد کے ساتھہ کھائین اوسپر تھوڑے نخود بریان چابین **ایضاً** کہ دفع بواسیر خونین مین مجرب ہی ص مغز پنبہ دانہ دو ماشہ رسوت ایک ماشہ نبات سفید تین ماشہ سفوف کرکے کھائین اور اوسپر آب سرد پیین

## ضمیمہ بالذات بعد فصل پچاس کے

سفوف دافع جریان

**اولاً** سفوف فہلے مصلح و مغلظ منی و دافع جریان و مقوی باہ مین **سفوف** دافع جریان و مغلظ منی ص بیج بندگو گہرو کلان تال مکھانا اندرجو شیرین لسوڑہ تخم ہرا دردہ جملہ بوزن مساوی شکر سفید ہم چند جملہ سفوف کرکے بقدر مناسب ساتھہ آب سرد کے کھایا کرین **سفوف** کہ دفع بندکشاد مین

سفوف دافع بندکشاد

مجرب ہو ص پوست اندرونی درخت ڈھاکہ و مولسری و گولر و سینبل گوند سینبل موصلہ سینبل

ہنیمہ گوند ڈھاکہ تخم تمر ہندی مقشر نخود بریان جملہ بوزن مساوی شکر سفید ہم چند خوراک بقدر مناسب

**سفوف مقوی باہ**

سفوف کہ اصلاح منی و تقویت باہ مین مجرب ہی ص شقاقل مصری ثعلب مصری ایک ایک تولہ مصطگی رومی چہ ماشہ
دارچینی گوکھرو کلان گوکھرو خرد تال مکھانا سنگھاڑہ خشک ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ شکر سفید ہم چند ایک تولہ
ساتھہ شیر گاؤ کے کھایا کرین

**سفوف مغلظ منی**

سفوف کہ تقویت باہ و تغلیظ منی مین مجرب ہو ص گوکھرو کلان سفوف
کرکے تین بار شیرہ گوگرد تازہ سے تسقیہ کرین اور زنجبیل سنٹھ ریشہ دوارچینی و عود خام ہموزن کہ
مجموع چہارم حصہ گوکھرو کے ہو ان ملا کے سفوف کرکے وہم چند جملہ شکر سفید ملا کر بقدر مناسب
ساتھہ شیر گاؤ کے کھایا کرین

**سفوف مقوی باہ و مشتہی**

سفوف کہ تقویت باہ و اشتہا کرتا ہو ص زنجبیل سنٹھ ریشہ منیر و مرچ سیاہ
تخم کرفس زیرہ سفید ایک ایک تولہ قرنفل تین ماشہ تخم اوٹنگن کامراج موصلی سینبھل تودری زرد تودری
سفید تودری سرخ ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ شکر سفید ہموزن جملہ

**سفوف قابض ممسک**

سفوف کہ تقویت باہ و امساک مین بے نظیر ہی
ص گوند ڈھاک کتیرا گلنار صندل سفید موچرس نشاستہ گندم گوکھرو کلان کزمازج ثعلب مصری
اندر جو شیرین مکھانا بیدانہ ایک ایک تولہ بہمن سرخ بہمن سفید نو نو ماشہ نبات سفید ہموزن سفوف
کرکے بقدر مناسب ساتھہ شیر گاؤ کے کھایا کرین

**سفوف مانع سرعت انزال**

سفوف دافع سرعت انزال ص تول یعنی ڈھیبہ
برگ تر تول برگ ڈھاکہ ستاور مغز تخم پنبہ موصلی سینبھل پوست بیخ درخت گھرتی کیلی خرد بیوال جملہ بوزن
مساوی شکر سفید ہم چندان سفوف کرین نو نو ماشہ صبح و شام ساتھہ پانی کے کھایا کرین ثانیا سفوف

**سفوف سنگ گردہ و مثانہ**

دافع امراض گردہ و مثانہ و سوزاک مین سفوف کہ سنگ گردہ و مثانہ کو پارہ پارہ کرکے خارج کرتا ہو
ص مغز تخم خیارین مغز تخم خربوزہ مغز تخم کدو شیرین سوا سوا تولہ گوکھرو کلان ڈیڑھ تولہ حجر الیہود
سب القلت نو نو ماشہ تخم کرفس تین ماشہ صمغ عربی کتیرا چار چار ماشہ سفوف کرکمین بقدر مناسب ساتھہ
آب افشردہ یا آب خیساندہ گوکھرو کلان باضافہ شکر سفید کے کھایا کرین ایضاً تخم کلتھی دو تولہ مغز تخم
خربزہ نشاستہ گندم ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ حجر الیہود ۹ ماشہ نبات سفید دوچندان سفوف کرکے بقدر مناسب
ساتھہ آب نخود کے کھایا کرین

**سفوف مدر بول**

سفوف کہ مدر بول و دافع حرقت مثانہ و سوزش بول ہو ص مغز
تخم خیارین تخم خرفہ مغز تخم کدو شیرین تخم خشخاش سفید نشاستہ گندم کتیرا تولہ تولہ بھر بزر البنج تین ماشہ
شکر سفید دوچندان سفوف کر رکھین بقدر مناسب ساتھہ آب خیساندہ یا شیرہ تخم کاسنی کے کھایا کرین

**سفوف سنگ مثانہ**

سفوف کہ توڑنے و نکالنے سنگ مثانہ و سنگ گردہ مین مجرب ہی ص خاکستر بیخ کرنب خاکستر سیپ

بیضۂ مرغ حجر الیہود جملہ مساوی مثل سرمہ کے کر رکھین بقدر مناسب ساتھ آب خیساندہ یا افشردہ گوکھرو

**سفوف دافع بول الدم**

کلان کے کھایا کرین **سفوف** کہ بول الدم کو دفع کرتا ہی **ص** دم الاخوین کہربا گلنار بیخ انجبار تخم خرفہ گل ارمنی پھٹکری بریان ہم وزن سفوف کرکے ہم چندان نبات سفید ملا رکھین ساتھ آب سماق کے

**سفوف نافع بول خراش**

کھایا کرین **سفوف** کہ سلس بول و تقطیر بول و بول خراش کو دفع کرتا ہی **ص** گلنار کزمازج ایک ایک تولہ کشنیز خشک بریان صمغ عربی گل ارمنی کندر جفت بلوط دو دو تولہ شکر سفید ہم وزن جملہ کے خوراک ایک تولہ

**سفوف نافع ریگ گردہ**

ساتھ پانی کے **سفوف** کہ ریگ گردہ و مثانہ کو دفع کرتا ہی **ص** مغز تخم خیارین مغز تخم خربزہ تخم خباری تخم کرفس بادیان کاکنج تخم حلیون جملہ بوزن مساوی نبات سفید ہم چندان **سفوف** کہ دفع قرحۂ مثانہ مین

**سفوف دافع قرح مثانہ**

مجرب ہی **ص** ریوند چینی صمغ عربی گلنار تین تین ماشہ تخم خرفہ تخم کاہو مغز تخم خیارین بزر رشک کتیرا سفید مقشر نو نو ماشہ طباشیر سفید چھہ ماشہ افیون ڈیڑھ ماشہ نبات سفید ہم چندان سفوف کر رکھین بقدر

**سفوف دافع قرحۂ احلیل مثانہ**

مناسب ساتھ پانی کے کھایا کرین **سفوف** کہ قرحۂ احلیل و قرحۂ مثانہ کے دفع کرنے مین بے نظیر ہی و بدفعات تجربہ ہوا **ص** طباشیر سفید چھہ ماشہ دانۂ الایچی سفید ست گلو کباب چینی ایک ایک تولہ کشتۂ قلعی چار ماشہ ست سلاجیت سات ماشہ نبات سفید دوچندان سفوف کر رکھین بقدر مناسب ساتھ شیرۂ تخم خیارین کے

**سفوف دافع سوزاک کہنہ وجدید**

کھایا کرین **سفوف** کہ دفع قرحۂ سوزاک کہنہ و جدید مین مجرب ہی **ص** کشتۂ قلعی دانۂ الایچی سفید طباشیر سفید کباب چینی بوزن مساوی نبات سفید ہم وزن جملہ سفوف کرین تین ماشہ ساتھ شیر گاؤ خواہ

**سفوف دافع سوزاک کہنہ**

پانی کے کھایا کرین **سفوف** کہ دافع سوزاک کہنہ و جدید مخترعہ و متجربہ حکیم علی گیلانی کا ہی **ص** ست سلاجیت لوبان سفید بہروزۂ مصفی ایک ایک تولہ موصلی سیاہ موصلی سفید آملہ چھہ چھہ ماشہ کشتۂ قلعی تین ماشہ نبات سفید دوچندان سفوف کر رکھین ہر روز صباح ایک تولہ ساتھ تھوڑے پانی کے کھایا کرین **سفوف**

**سفوف دافع سوزاک قدیم وجدید**

کہ دفع سوزاک قدیم و جدید مین مجرب ہی **ص** سلاجیت ست گلو قلمی شورہ پھٹکری بریان کتھہ سفید دانۂ الایچی کلان جملہ ہموزن نبات سفید ہم چند مجموعہ کے

**ثالثاً سفوف ہائے دافع و نافع بواسیر مقعد مین**

**سفوف نافع بواسیر**

**سفوف** کہ بواسیر خونی و بادی کو دفع کرنے مین مجرب ہی **ص** مغز تخم نیب مغز تخم بکاین ہلیلہ سیاہ رسوت بوزن مساوی سفوف کر رکھین تین ماشہ آب سرد کے ساتھ کھایا کرین اور اوسپر تھوڑے نخود بریان چابین

**سفوف نافع بواسیر خونی**

**سفوف** کہ دفع کرنے بواسیر خونی مین بے عدیل ہو **ص** مغز نیبہ دانہ دو ماشہ رسوت ایک ماشہ نبات سفید مین

**سفوف دافع بواسیر خونی**

سفوف کرکے ہر روز اسیقدر کھا کر اوسپر تھوڑا آب سرد پیا کرین **سفوف** کہ بواسیر خونی کو قطعاً دفع کرتا ہی

صں بسباسہ بیو وادہ گل ارمنی زر ورد صمغ عربی بریان شاخ گوزن سوختہ پوست تخم مرغ سوختہ گلنار
دم الاخوین چکنی ڈلی تخم ریحان بریان زیرہ سفید بریان بارتنگ جفت بلوط حب الآس کشنیز خشک جملہ
بوزن مساوی نبات سفید ہم چند مجموع کے سفوف کر رکھین صبح و شام بقدر مناسب کھایا کرین اوپر سے
تھوڑا آب سرد پیوین سفوف کہ اسہال بواسیر خونی کے دفع کرتے مین مجرب ہی صں گل سرخ سماق

**سفوف نافع اسہال بواسیر خونی**

صمغ عربی بریان دانہ انار بریان ایک ایک تولہ طباشیر سفید گل ارمنی تین تین ماشہ شکر سفید ہم چند مجموع
خوراک بقدر مناسب سفوف کہ بواسیر بادی کو دفع کرتا ہی صں گل ارمنی سنگ جراحت حضض مکی

**سفوف نافع بواسیر بادی**

کشنیز خشک مقشر تخم خرفہ مصطگی رومی لوبان سفید جملہ بوزن مساوی نبات سفید ہم وزن مجموع کے
سفوف کر رکھین و بقدر مناسب کھایا کرین رایضاً سفوف ہاے نافع و دافع امراض جلدیہ و امراض
متفرقہ مین سفوف مبارک کہ بہق اسود و جذام و اورام سوداوی و داد و خارش کو مفید ہی صں

**سفوف مبارک**

لاجورد مغسول ہلیلہ سیاہ ہلیلہ زرد بلیلہ چھہ چھہ ماشہ افتیمون بسفایج فستقی عشبہ مغربی نو نو ماشہ برگ
سنائے مکی گل سرخ ایک ایک تولہ سفوف کرکے شکر سفید ہم وزن سب کے ملا رکھین و بقدر مناسب عرق
گاؤزبان کے ساتھہ کھلایا کرین سفوف دافع غدد صں درونج عقربی زرنباد مصطگی رومی ابریشم

**سفوف دافع غدد**

مقرض بوزیدان تخم بادرنجبویہ برگ گاؤزبان دانہ الایچی سفید تین تین ماشہ جدوار عود غرقی ایک
ایک ماشہ عود صلیب تخم فرنجمشک دارچینی سلیخہ سنبل الطیب دو دو ماشہ سورنجان شیرین چار ماشہ
بہمن سرخ بہمن سفید چھہ چھہ ماشہ نبات سفید ہم وزن سب کے خوراک چھہ ماشہ عرق مناسب کے ساتھہ
سفوف کہ دودھہ اور منی کو زیادہ کرتا ہی صں تخم شلجم تخم ترب تخم پیاز تخم گندنا بادیان زیرہ سفید

**سفوف مزید شیر و منی**

نو نو ماشہ نشاستہ جو دو تولہ شکر سفید ہم وزن جملہ بدستور سفوف بناوین و ہر صباح ایک تولہ کھاکر
آدھہ پاؤ شیر گاو پیا کرین سفوف کہ شہوت رویۂ زنان حاملہ کو دفع کرتا ہی صں زرنباد تخم کرفس نانخواہ

**سفوف دافع شہوت رویۂ زنان حاملہ**

زیرہ سیاہ چھہ چھہ ماشہ کندر نو ماشہ کنجد مقشر دو تولہ نبات سفید یکسر چند سفوف کہ مواد بلغمی کو

**سفوف دافع مواد بلغمی**

دفع کرتا ہی صں پوست بالائے نارجیل سوختہ تولہ بھر قرنفل تین ماشہ سفوف کرکے قدر سے قدر سے بدفعات
کھاوین سفوف کہ واسطے دفع قروح احشا کے مفید ہی صں گلنار کہربا گل ارمنی کندر دم الاخوین

**سفوف دافع قروح احشا**

بوزن مساوی سفوف بناوین و بقدر مناسب ساتھہ رب بہ یا شربت انار شیرین کے کھلایا کرین
سفوف دافع ذیابیطس صں صندل سفید نشاستہ کثیرا تخم کاہو تخم خرفہ نو نو ماشہ صمغ عربی گل ارمنی

**سفوف دافع ذیابیطس**

گلنار سماق جفت بلوط ایک ایک تولہ نبات سفید ہم چند جملہ سفوف کر رکھین ساتھہ خیساندۂ آملۂ خشک کے کھایا

کرین **ایضاً** پوست اندر ونی خرخت گولرد و جز گل ارمنی گلنار دانہ انار شیرین مغز تخم انبہ آملہ کشنیز خشک

ایک ایک جز شکر سفید ہم چندان سفوف کر رکھین بقدر مناسب ساتھہ پانی کے کھایا کرین

## حرف الشین

**شربت گاوزبان** — **فصل اکیانوین** شربت ہاے مفرح و مقوی و دافع امراض قلب و دماغ مین **شربت گاوزبان**

کہ خفقان و توحش و سوء خلق کو مفید ہو **ص** برگ گاوزبان دو تولہ گاوزبان بنفشہ گل سرخ اسطوخودوس فرنجمشک

نو نو ماشہ بادرنجبویہ گل نیلوفر ایک ایک تولہ آدھ سیر پانی مین چار پہر تر کرکے جوش دیکر خفیف مل کر چھان کر

**شربت ابریشم** — باضافۂ عرق گلاب آدھ پاؤ و شکر سفید ڈیڑھ پاؤ کے قوام مین شربت کرین **شربت ابریشم** کہ حکیم مسیح الزمان نے

واسطے جہان گیر شاہ کے طیار کیا دفع خفقان کو نہایت مفید ہو **ص** ابریشم خام دس تولہ بادرنجبویہ ایک تولہ

تین پاؤ پانی مین خیساندہ و جوشاندہ کرکے پاؤ بھر عرق گلاب اور اڑھائی پاؤ مصری ملاکے قوام کرین

و سنگ یشب چھہ ماشہ و مروارید ناسفتہ دو ماشہ عرق کیوڑہ مین صلایہ کرکے و صندل سفید و عود خام

**شربت سیب** — و مصطکی رومی سات سات ماشہ سفوف کرکے ملاوین **شربت سیب** مفرح و مقوی دل و معدہ

و مسکن قے و اسہال صفراوی **ص** سیب کا پوست و تخم دفع کرکے کچل کر نچوڑین سوا سیر پانی اوسکا پکاوین

**شربت صندل** — جب نصف پانی رہے اڑھائی پاؤ قند سفید ملاکے قوام کرین **شربت صندل** مقوی دل دافع خفقان

نافع جگر و معدۂ گرم مسکن تشنگی **ص** برادۂ صندل سفید آدھ پاؤ عرق گلاب آدھ سیر مین چار پہر تر کرکے

**شربت نارنج** — خفیف جوش دیکر مل کر چھان لین اور آدھ سیر قند سفید ملاکر قوام کرین **شربت نارنج** مقوی دل

و معدہ و مفرح ہو **ص** شکر سفید ایک سیر عرق گاوزبان تین پاؤ ملاکر قوام کرین جب گاڑھا ہو جاوے

تب آب افشردہ لیمون نارنگی ہموزن شیرینی کے ملاکر چار پانچ جوش دیوین و تین ماشہ زعفران چار تولہ

**شربت برگ ترنج** — عرق گلاب مین گھس کر ملاوین **شربت برگ ترنج** کہ ضعف دل و معدہ و خفقان کو مفید ہو **ص**

برگ ترنج دو سو پچاس عدد سیر بھر پانی مین جوش کرین جب سوم حصہ پانی باقی رہے بدون ملنے کے

**شربت پوست ترنج** — صاف کر لیوین اور تین پاؤ شکر سفید ملاکے قوام کرین **شربت پوست ترنج** کہ نہایت مقوی

معدہ و مفرح ہو **ص** پوست ترنج اگر تازہ ہوئے تو سیر بھر خشک ہووے تو آدھ سیر جوش دیکے

**شربت گذر** — اوسکے زلال مین شکر سفید آدھ سیر ملاکے قوام کرین **شربت گذر** کہ مقوی دل و باہ و مفرح و مولد

خون صالح ہی ص آب گذر مصفی یک نیم رطل ساتھہ دو رطل سفید قند کے قوام کرین

## ضمیمہ فصل اکیاونوین کا

شربت سنترہ وکیولا

شربت سیب وبہ وآلو

شربت تمر ہندی و زرشک

شربت انار شیرین و ترش

شربت انناس

شربت سنترہ وکیولا بدستور مذکورۂ بالا بناکر ایام گرما مین استعمال کرنا موجب تفریح طبع و دافع تشنگی وغثیان صفراہی شربت سیب و شربت بہ مقوی دل و معدہ ومفرح ہین شربت آلو شربت تمر ہندی دافع صفرا و تشنگی و مانع قی وغثیان ہین شربت زرشک مقوی معدہ ومشہی طعام و دافع تشنگی و قی غثیان ہی شربت انار شیرین مقوی قلب وکبد و دافع تشنگی ہی شربت انار ترش دافع غثیان و قی صفراوی مقوی معدہ ہی شربت انناس کہ تفریح وتقویت قلب مین بے نظیر ہی ص آب فشردۂ انناس ڈیڑھ پاؤ عرق گلاب آدھ پاؤ تین پاؤ نبات سفید کے ساتھہ قوام کرین

## فصل باونوین

شربت ہاے دافع انواع کھانسی و نزلہ و درد سر و ذات الجنب و ذات الریہ وضیق النفس

شربت اسطوخودوس

شربت زوفا

شربت بنفشہ

شربت نیلوفر

شربت اعجاز

شربت عنصل

شربت اسطوخودوس کہ تپ و کھانسی بلغمی کو و فضلات کو سینے سے دفع کرے ص اسطوخودوس دو تولہ اصل السوس تخم خطمی یک نیم یک نیم تولہ برگ بنفشہ ایک تولہ مویز منقی ساتھہ دانہ سپستان چالیس دانہ عناب تیس دانہ شکر سرخ آدھ سیر شہد آدھ پاؤ بدستور شربت بناوین شربت زوفا کہ تپ و کھانسی بلغمی وضیق النفس کو دفع کرے ص زوفا یابس اصل السوس ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ بادیان پرسیاوشان کرفس چھہ چھہ ماشہ انجیر زرد دس دانہ مویز منقی چالیس دانہ حلبہ نو ماشہ گلقند آفتابی چھہ تولہ شکر سرخ آدھ سیر بدستور شربت بناوین شربت بنفشہ کہ ذات الجنب و ذات الریہ و درد سر کو دفع کرے ص برگ بنفشہ آدھ پاؤ ایک رطل پانی مین چار پہر تر کرکے جوش دین جب سوم حصہ پانی باقی رہے آدھ سیر شکر سفید ملاکے قوام کرین شربت نیلوفر کہ درد سر و تپ صفراوی و ذات الجنب و ذات الریہ کو نافع ہی ص گل نیلوفر کی صرف سفید پتی لیکر اگر تازہ ہو تو چار رطل و اگر خشک ہو ایک رطل دو رطل پانی مین جوش کرین جب سوم حصہ پانی باقی رہے دو رطل شکر سفید ملاکے قوام کرین شربت اعجاز کہ واسطے اقسام کھانسی خشک و تپ دق کے مفید ہی ص عناب تیس دانہ سپستان ساتھہ دانہ اصل السوس مقشر تخم خبازی تخم خطمی گل نیلوفر گل بنفشہ ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ بہدانہ چھہ ماشہ صمغ عربی نو ماشہ سیر بھر پانی مین بھگو ساندہ وجوشاندہ بناکے تین پاؤ شکر سفید ملاکے قوام کرین و نو ماشہ کتیرا سفوف کرکے ملاوین شربت عنصل اسکو شربت نرجس بھی کہتے ہین ضیق النفس قدیم و جدید کو دفع کرے ص پیاز عنصل

جو تو بر تو مثل پیاز خورد بی سکے ہو تی ہو صاف کرکے بانس کی چھوری سے تراش کے
چار چند پانی مین جوشاندہ بنا کر دو نیم چند عنصل کے شکر سفید ملا کے قوام کرین

**شربت کاسنی**

**فصل تریپنویں** شربت ہاے دافع اقسام تپ مین **شربت کاسنی** تپہاے صفراوی کو دفع و تقویت جگر
و دل و معدہ و تفتیح سدہا و ادرار بول کرے **ص** آب مروق برگ کاسنی ایک رطل مین شکر سفید ڈیڑھ رطل ملا کے

**شربت آلو**

قوام کرین و قریب قوام کے چار تولہ آب لیمون کاغذی ملاوین **شربت آلو** کہ تپہاے دموی و صفراوی
و عفنہ کو دفع کرے و نافع درد سر و سوزش اطراف و غثیان ہو **ص** تخم خرفہ تخم خیارین تخم کاہو پوست ترنج
ایک ایک تولہ آلو بخارا پچاس دانہ تمر ہندی چار تولہ تین پاؤ پانی مین جوش و صاف کرکے اڑھائی پاؤ قند

**شربت گلو**

سفید ملا کے قوام کرین **شربت گلو** کہ تپہاے کہنہ کو مفید ہو و صرف تپ ہو خواہ کھانسی کے ساتھہ ہو **ص** گلوے

**شربت فریاد رس**

تازہ نیم کوفتہ چھہ تولہ گل نیلوفر مصفی چار تولہ گل سرخ دو تولہ قند سفید ایک رطل بدستور بناوین **شربت فریاد رس**
کہ تپ و کھانسی نزلی کو دفع کرے **ص** برگ گاوزبان صندل سفید پرسیاوشان دو دو تولہ اصل السوس
بادیان تخم خطمی گل سرخ گل سیوتی پوست خشخاش دانہ خشخاش ایک ایک تولہ مویز منقی پچیس عدد تین پاؤ شکر

**شربت نافع تپ مزمنہ**

سفید کے ساتھہ بدستور قوام بناوین **شربت** تالیف حکیم شیر علی والد ماجد مؤلف کہ تپہاے مزمنہ کو
مفید ہی **ص** تخم خیارین تخم خرفہ گل نیلوفر ایک ایک تولہ برگ گاوزبان گلوے تازہ دو دو تولہ جوش کرکے

**شربت تپ خفیف مزمنہ**

صاف کرین اور آب بہیٹھہ آب کدوے دراز نیم نیم رطل قند سفید ایک رطل ملا کے قوام کرین **شربت دافع تپ**
خفیف مزمنہ مؤلفہ حکیم مردان علی برادر کلان مؤلف **ص** گل نیلوفر برگ گاوزبان دو دو تولہ برگ بنفشہ
برادہ صندل سفید گلوے تازہ ایک ایک تولہ آب خیار دراز آب کدوے دراز نیم نیم پاؤ آب انار ترش

**شربت بزوری معتدل**

ایک چھٹانک قند سفید دو رطل کے ساتھہ قوام کرین **شربت بزوری معتدل** کہ حمیات امراض جگر
و گردہ کو مفید ہی و مواد کو ساتھہ ادرار بول کے دفع کرتا ہی **ص** تخم کاسنی بادیان تخم خربزہ ایک ایک تولہ

**شربت بزوری حار**

بیخ کاسنی و بیخ بادیان ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ شکر سفید پاؤ آثار برسم معروف طیار کرین **شربت بزوری حار**
کہ امراض باردہ جگر و گردہ و معدہ و تپہاے باردہ کو مفید ہو **ص** پوست بیخ کاسنی تین تولہ پوست بیخ

**شربت بزوری بارد**

بادیان تخم کاسنی دو دو تولہ بادیان تخم کرفس بیخ کرفس ایک ایک تولہ تخم کشوث چھہ ماشہ شکر سفید
آدہ سیر بدستور شربت بناوین **شربت بزوری بارد** کہ امراض گرم جگر کو و تپہاے گرم و امراض گردہ
و مثانہ کو مفید ہی **ص** پوست بیخ کاسنی دو تولہ تخم خسہنہ تخم خیارین ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ اڑھائی پاؤ

شکر سفید کیساتھہ بدستور معروف بناوین اثناے قوام کے مغز تخم تربز مغز تخم پیٹھہ ایک ایک تولہ کو شیرہ کرکے
داخل کرین

شربت بزوری

شربت بزوری کہ تپہاے کہنہ و یرقان کو نافع ہے ادرار بول و ادرار حیض کرے و سنگ گردہ و سنگ مثانہ کو
گراوے و سدہاے جگر و طحال کو کھولے ص تخم کاسنی بادیان تخم خربزہ تخم کدو تخم کرفس دو دو تولہ پوست بیخ کاسنی
تخم خطمی اصل السوس سنبل الطیب گل بنفشہ برگ گاوزبان ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ شکر سفید تین پاؤ بدستور بناوین

## فصل چوتھوین شربتہاے دافع امراض جگر و طحال

شربت اذخر

شربت اذخر کہ سدہ جگر و یرقان و ریاح
معدہ و مغص کو مفید ہے ص سنبل الطیب سلیخہ وج ترکی ریوند چینی مصطکی نو نو ماشہ بیخ اذخر فقاح اذخر دو دو تولہ
بادیان افسنتین تخم کرفس گل سرخ ایک ایک تولہ شکر سفید اڑھائی پاؤ بدستور بناوین

شربت اصول

شربت اصول
سوء القنیہ و استسقا کو نہایت مفید و مفتح سدد و کاسر الریاح و مدر فضلات ہے ص پوست بیخ بادیان پوست
بیخ کرفس پوست بیخ کاسنی ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ بادیان کرفس کاسنی ایک ایک تولہ مویز منقی دو تولہ انجیر زرد بیس عدد
پوست بیخ کبر نو ماشہ فقاح اذخر سنبل الطیب اسارون سلیخہ سات سات ماشہ شکر سفید تین پاؤ بدستور بناوین

شربت کشوث

شربت کشوث مقوی جگر و معدہ مفتح سدد و ملین طبع واسطے سوء القنیہ و تپہاے مرکبہ کے مفید ہے ص
پوست بیخ بادیان گل سرخ افسنتین نو نو ماشہ تخم خیارین تخم کاسنی تخم خربزہ ایک ایک تولہ تخم کشوث چھہ ماشہ
قند سفید آدھ سیر و شیر خشت چار تولہ بدستور بناوین

شربت ریوند

شربت ریوند کہ واسطے امراض جگر و طحال کے
مفید و مفتح سدد و ملین طبع ہے ص ریوند چینی ڈیڑھ تولہ تربد سفید غاریقون [illegible] چھہ چھہ ماشہ تخم کاسنی
دو تولہ زنجبیل تین ماشہ قند سفید ایک رطل بدستور بناوین

شربت دینار

شربت دینار مخترع اسکا حکیم بختیشوع ہے
اسکی وجہ تسمیہ مین روایات مختلف ہین ایک یہہ کہ مخترع اسکا برابر دینار کے بیچتا تھا دوسرے دینار نام
تخم کشوث کا ہی اس مشابہت سے کہ دینار تھیلی مین رہتی ہے و تخم کشوث بھی تھیلی مین رکھہ کے جوش ہوتا ہے
تیسرے مخترع اسکا زر محلول داخل ترکیب کرتا تھا چوتھے یہہ کہ برنگ زرد ہوتا ہے دافع حمیات و عفونت اخلاط
و ملین طبع و مفتح سدد و نافع سوء القنیہ و استسقا و ذات الجنب و درد جگر و شکم و ورم رحم و مثانہ و مدر بول ہے ص
تخم کاسنی گل سرخ دو دو تولہ پوست بیخ کاسنی چار تولہ گل نیلوفر برگ گاوزبان ایک ایک تولہ تخم کشوث ڈیڑھ تولہ
قند سفید تین پاؤ بدستور طیار کرین

شربت دینار

ایضاً شربت دینار مخترع حکیم سعید قریب الاعتدال و کثیر المنافع و مفتح سدد
جگر و ماساریقا و احشا و دافع اونکے ورمون کا ہے ص ریوند خطائی تخم کشوث چھہ چھہ ماشہ گل سرخ
دو تولہ تخم کاسنی تین تولہ پوست بیخ کاسنی چار تولہ قند سفید ڈیڑھ رطل بدستور بناوین

**شربت قلت**

فصل پچپنوین شربت ہای دافع امراض گردہ ومثانہ واعلیل شربت قلت کہ سنگ گردہ ومثانہ کو توڑے

وبادرار دفع کرے ص بیخ کاسنی بیخ بادیان تخم قلت دو دو تولہ تخم کاسنی بادیان تخم خیارین تخم خربزہ

**شربت ہلیون**

ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ تخم کرفس پرسیاوشان چھہ چھہ ماشہ شکر سفید سوا رطل بدستور معین بناوین شربت ہلیون

کہ گردہ ومثانہ کو ریگ ومواد سے بادرار صاف کرے ص تخم ہلیون چار تولہ کباب چینی تخم خربزہ ایک ایک تولہ قند سفید

**شربت آلو بالو**

آدھ سیر بدستور معین بناوین شربت آلو بالو کہ اخراج ریگ وسنگ گردہ ومثانہ بادرار بول کرے ص آلو بالو

**شربت خسک**

ایک رطل جوش وصاف کرکے دو رطل قند سفید کے ساتھ قوام کرین شربت خسک کہ منافع مذکورہ وقوت باہ

زیادہ کرے ص آب گوکھرو کلان وخرد تازہ نیم نیم رطل ساتھ ڈیڑھ رطل قند سفید کے قوام کرین جو اگر گوکھرو خشک ہو

**شربت کاکنج**

تو وزن پاؤ پاؤ رطل کے نیم کوب کرکے خیساندہ وجوشاندہ کرکے بدستور بناوین شربت کاکنج کہ قرحہ مثانہ

وسوزاک کہنہ کو دفع کرے ص انیسون تخم کرفس برگ گاوزبان خار خسک نو نو ماشہ پرسیاوشان گل بنفشہ

چھہ چھہ ماشہ کاکنج ڈیڑھ تولہ جوش وصاف کرکے ڈیڑھ پاؤ شکر سفید کے ساتھ قوام کرین

**شربت عود**

فصل چھپنوین شربت ہای دافع امراض معدہ شربت عود کہ معدہ واشتہا وہاضمہ کو قوت دیوے

اور مونہہ کو خوشبو کرے ص عود ہندی آملہ مقشر دو دو تولہ سنبل الطیب قرنفل مصطگی جوزبوا نو نو ماشہ

نیم کوب کرکے جوش دیوین وصاف کرکے اسکے پانی مین عرق گلاب پاؤ سیر شکر سفید آدھ سیر ملاکے قوام کرین

**شربت تمر ہندی**

شربت تمر ہندی کہ معدے کو قوت دیوے وقے وغثیان کو دفع کرے وملین طبع ومسکن صفرا ہو ص تمر ہندی

**شربت خبث الحدید**

پاؤ سیر زرشک چار تولہ ترکرکے صاف کرلین اور آدھ سیر شکر سفید کے ساتھ قوام کرین شربت خبث الحدید

کہ معدہ وہاضمہ کو قوت دیوے وریاح بواسیر کو دفع کرے ص تخم کرفس زنجبیل کندر بیخ بادیان انیسون چھہ چھہ ماشہ

زیرہ سیاہ پودینہ کشنیز خشک دارچینی تج سنبل الطیب ناگرموتھا ایک ایک تولہ خبث الحدید پانچ تولہ

**شربت فستق**

دو سیر پانی مین جوش کرکے اوسکے زلال مین نبات سفید اڑھائی پاؤ ملاکے قوام کرین شربت فستق کہ غثیان

وقے کو دفع کرے اور معدے کو قوت دیوے ص پوست بیرون پستہ دو تولہ پودینہ گل سرخ زرشک عود ہندی ایک ایک تولہ

**شربت دافع ورم معدہ**

مصطگی رومی نو ماشہ سیب تراشیدہ چھہ تولہ برسم معروف جوش وصاف کرکے نبات سفید اڑھائی پاؤ کے ساتھ قوام کرین شربت

کہ ورم معدہ کو پختہ ومنضج کرے ص تخم حلبہ تخم السی چار چار تولہ انجیر ولایتی بیس عدد عنب الثعلب دو تولہ جوش وصاف

**شربت ملین**

کرکے آدھ سیر شکر سرخ کے ساتھ قوام کرین وچھہ ماشہ زعفران تھوڑے عرق گلاب مین پیس کر ملاوین

شربت ملین ص آلو بخارا ایک سو عدد تمر ہندی نصف رطل تربد سفید ایک تولہ کو سفوف کرکے

پوٹلی مین رکھکر سب کو جوش و صاف کر کے ساتھ چھ تولہ ترنجبین اور ڈیڑھ پاو شکر سفید کے قوام کرین

## ضمیمہ فصل چھپنوین کا

شربت انارین

شربت نافع فیلق

شربت فواکہ

شربت انارین منعنع کہ قی و غثیان کو دفع و تقویت معدہ کی کرتا ہی ص آب مروق پودینہ تازہ آدھ پاؤ آب انار شیرین آب انار ترش پاؤ پاؤ بھر اڑھائی پاو قند سفید کے ساتھ قوام کرین شربت کہ ہچکی کو جو بعد غذا کے بکثرت آتی ہی دفع کرتا ہی ص زیرہ سیاہ انیسون پودینہ کندر دو دو تولہ بدستور ساتھ شہد و شکر سفید پاؤ پاؤ بھر کے بناوین شربت فواکہ معدہ و دل کو قوت دیتا ہی و قی و غثیان و غلبہ تشنگی کو دفع کرتا ہی ص آب سیب آب بہی آب امرود آب انار شیرین اب انار ترش آدھ آدھ پاؤ مین زرشک چار تولہ سماق دو تولہ چار پہر تر کر کے مل کر چھان لیوین و اڑھائی پاؤ نبات سفید ملا کے قوام کرین

شربت حماض

شربت حماض کہ غلبہ صفرا و تشنگی و قی کو دفع کرتا ہی و معدہ و جگر و دل کو قوت دیتا ہی و خفقان گرم کو مفید ہی ص آب مروق جو کا تازہ ڈیڑھ پاو قند سفید آدھ سیر بدستور قوام کرین

شربت نعناع

شربت نعناع کہ نہایت محرک اشتہا ہی ص برگ پودینہ تازہ آدھ پاؤ زنجبیل ریشہ دار خردل پیپر امود پوست ترنج ایک ایک تولہ جملہ نیمکوفتہ زرشک دو تولہ بدستور ساتھ پاو بھر شکر سفید و پاؤ بھر شہد کے بناوین

شربت قشر الفستق

شربت قشر الفستق کہ غثیان و قی کو دفع کرتا ہی اور معدے کو قوت دیتا ہی ص پوست بیرون پستہ دو تولہ پودینہ گل سرخ زرشک عود ہندی ایک ایک تولہ مصطکی رومی نو ماشہ برسم معروف جوش و صاف کر کے نبات سفید اڑھائی پاؤ کے ساتھ قوام کرین

شربت افتیمون

شربت افتیمون کہ معدے کو بلغم و سوداء و صفرا سے باسہال و تلین صاف کری ص افتیمون دو تولہ برگ گاؤزبان گل سرخ بادرنجبویہ ہلیلہ سیاہ ایک ایک تولہ سپستان پچاس عدد آلو بخارا بیس عدد تین پاؤ پانی مین تر کر کے جوش دیوین جب سوم حصہ رہے ڈیڑھ پاؤ شکر سفید مین قوام کرین خوراک شخص متوسط دو تولہ

شربت عسل

فصل ستاونوین شربت ہاے متفرقہ مین شربت عسل کہ رعشہ و فالج و جملہ امراض بلغمی باردہ کو نہایت مفید ہی ص عسل خالص دو رطل آٹھ رطل آب دریا مین ملا کے آنچ پر رکھین و کف دفع کر کے مرچ سیاہ زنجبیل خولنجان قرنفل مصطکی پودینہ عاقرقرحا ایک ایک تولہ کوٹ کر پوٹلی مین باندھ کر داخل کرین اور پوٹلی کو جنبش دیتے رہین جب شربت گاڑھا ہونے کے قریب ہو پوٹلی نچوڑ کر دفع کرین و شربت کا قوام کرلین اور

**شربت افسنتین**

اگر ایک ایک ماشہ مشک و عنبر بعد طیاری کے ملاوین قوی التاثیر ہو جاوے شربت افسنتین کہ مالیخولیا مراقی
و ضعف معدہ کو کہ برودت سے ہو وسواس القنیہ کو نہایت مفید ہو و تلین طبیعت کی کرے ص سنبل الطیب
دو دو تولہ تربد سفید غاریقون سفید تین تین تولہ افسنتین رومی چار تولہ گل سرخ چھہ تولہ شکر سفید آدھ سیر
ایضاً کہ ضعف جگر و معدہ و ورم طحال و ریاح رودہ کو دفع و تلین طبیعت کی کرے ص افسنتین چھہ تولہ

**شربت توت**

سنبل الطیب بیخ اجوودھ چار چار تولہ شکر سفید تین پاو بدستور بناوین شربت توت کہ دافع
خناق ہی ص آب افشردہ توت دو رطل شہد خالص ایک رطل کے ساتھ قوام کرین اور ایک ماشہ زعفران

**شربت انجبار**

گھس کر ملاوین شربت انجبار کہ خون تھوکنے اور خون کی قے کرنے کو اور زیادتی خون حیض و بواسیر کو
دفع کرے ص بیخ انجبار دو تولہ پوست انار شیرین حب الآس ایک ایک تولہ برادہ صندل سفید نو ماشہ
جوش و صاف کرکے آب مروق برگ مغیل تازہ چار تولہ شکر سفید آدھ سیر کے ساتھ قوام بناوین ؛

**شربت تنبول**

شربت تنبول کہ تفریح طبع و تقویت باہ و فناے رطوبت غریبہ کرے ص برگ تنبول پختہ قسم بنگلہ
دو سو عدد باریک کتر کے خواہ نیم کوب کرکے دو رطل پانی مین جوش و صاف کرین و یک نیم رطل قند سفید کے
ساتھہ قوام کرین اور اثناے قوام مین زعفران جاوتری جایفل دانہ الایچی سفید چھہ چھہ ماشہ قرنفل تین ماشہ

**شربت انگور**

عرق گلاب مین صلایہ کرکے ملاوین شربت انگور کہ تقویت باہ و تفریح طبع و بدن کو خوش رنگ کرے
ص آب انگور دو رطل قند سفید یک نیم رطل ملا کے قوام کرین و اثناے قوام کے ثعلب مصری دو تولہ تخم شلجم بہمن

**شربت ورد مکرر**
مسہل و معدل صفرا و دافع حرقت خون

لسان العصافیر تخم گزر چھہ چھہ ماشے عرق کیوڑے مین صلایہ کرکے ملاوین شربت ورد مکرر کہ مسہل صفرا
و مقدار قلیل معدل صفرا و دافع حرقت خون و ملین طبع ہی ص گل سرخ تازہ مصفی ایک رطل چار رطل آب مین
جوش کرین جب ایک رطل پانی جل جاوے تب مل کر پانی صاف کر لین اور اوسی پانی مین ایک رطل اور پھول ملا کر
جوش دین اسطرح تین مرتبہ ایک ایک رطل پھول ملا کے پکاوین اور مل کے صاف کرین مرتبہ آخر مین ایک رطل
شکر سفید ملا کر قوام کرین و واضح ہو کہ جسقدر پھول اسی تدبیر سے شامل کیے جاوین زیادتی تاثیر کی ہوگی

**شربت ورد**
مسکن حرارت و دافع

شربت ورد کہ معدل صفرا و مسکن حرارت و دافع تشنگی ہی ص ایک رطل پھول تازہ دو رطل پانی مین
جوش کرکے مل کر صاف کرین اور ایک رطل شکر سفید ملا کے قوام کرین شربت گوڑھل کہ دافع خفقان

**شربت گوڑھل**
نافع صعود البخرہ و مقوی معدہ و مزیل توحش و جنون

و نافع صعود البخرہ و مزیل توحش و جنون ہو و رنگ بشرہ بہتر و معقول و تقویت معدہ و جملہ قوتوں کی کرتا ہی
ص گل گوڑھل سو عدد سبزی زیرہ دور کرکے نیم رطل آب لیمون کاغذی مین چار پہر تر کرکے قوام دو رطل

نبات سفید مین کہ آب باران خواہ آب دریا سے بنایا ہوئے ملا کر شیشے مین بھرین کہ نصف شیشہ خالی رہے اور شیشے کا
موںہہ موم سے بند کرکے تا بہ گلو پانی مین چار پانچ روز تک ڈوبا رکھین جب جوش کر سے صاف
کرکے شربت شیشون مین رکھین اور یہ شربت خفیف سی مسرت بھی کرتا ہے

## فصل اٹھائیسوین شرابہاے مسکر مین

شراب فنجنیوش کہ خوش کیف و دافع سرعت انزال ہو صں
سماق مازو گلنار گل سرخ کشنیز خشک کندر صعتر سعدہ دو دو تولہ خبث الحدید ایک تولہ دو سیر پانی مین خیسانده
کرکے لہن مین جو سات سیر قند سیاہ و آدہ سیر کشمش سے بنایا ہوئے ملا کے عرق کھینچین شراب ریحانی
کہ نشہ عمدہ و امراض بلغمی کو دفع کرے صں قند سیاہ بتیس سیر انگور مالیدہ پانچ سیر و اگر دستیاب ہو کشمش نیمکوفتہ
دو سیر ملا کے لہن اوٹھائین جب لہن طیار ہوے دارچینی قرنفل بسباسہ جوزبوا عود ہندی تین تین تولہ برگ
گاوزبان بادرنجبویہ ایک ایک چھٹانک ملا کے دوسرے روز عرق کھینچین شراب کہ تقویت دل و دماغ و قوت
باہ و بدن کی اور چہرے کو خوشرنگ کرے صں کشمش نیمکوفتہ سات سیر قند سیاہ پچیس سیر آب گندم ایک من
آب آملہ دو سیر آب دریا ملا کے خم مین رکھین جب جوش کرے دارچینی پاؤ سیر تخم شلجم آدھ پاؤ اڈھائی سیر شیر گاو
مین چار پہر تر کرکے ملاوین اور عرق کھینچین شراب کہ تقویت باہ و معدہ و نشہ معقول و فوائد عظیم کرتی ہو
صں پوست درخت کنار پوست درخت ببول پانچ پانچ سیر قند سیاہ ایک من کا لہن اوٹھا کر تخم خربزہ نیمکوفتہ
بادرنجبویہ گاوزبان گل گاوزبان برادہ صندل سفید برادہ صندل سرخ برادہ آبنوس برادہ شیشم پانچ پانچ
تولہ تخم شلجم اذخر بہمنین شقاقل مصری شیطرج ہندی زرنب ساذج ہندی دارچینی ابریشم خام خولنجان
دانہ الایچی سرخ گل سرخ چار چار تولہ سونٹھ سوا سیر خیسانده کرکے ملاوین و ایک شیشہ عرق گلاب ڈال کر
کھینچین شراب دو آتشہ کہ نہایت بہتر و کثیر النفع و خوش کیف ہو و خمار نہین لاتی صں قند سیاہ ایک من
پوست درخت ببول دس سیر پوست درخت کنار پوست درخت انبہ پانچ پانچ سیر ضم کرین و شراب کھینچین
اور اوس شراب مین قرنفل تین تولہ جوزبوا بسباسہ دو دو تولہ سعد کوفی سنبل الطیب دارچینی
گاوزبان عود ہندی تودریین موصلہ سینبل چار چار تولہ کشمش و قند سفید ایک ایک سیر تین
روز تک تر رکھہ کے دو آتشہ کھینچین شراب دو آتشہ کہ جسمین منافع بہت ہین و خمار و بو نہین ہی صں
قند سیاہ ایک من پوست درخت ببول تین سیر کا لہن اوٹھاوین و خیسانده دارچینی سنبل الطیب اشنہ
براوہ صندل سفید الایچی سرخ سعد آدھ آدھ پاؤ گل منڈی ایک سیر کا ڈال کے عرق کھینچین پھر اوسی عرق کو

شراب فنجنیوش دافع سرعت انزال

شراب ریحانی مولد نشہ عمدہ و دافع امراض بلغمی

شراب مقوی دل و دماغ و باہ

شراب مقوی باہ و معدہ و مفشی

شراب دو آتشہ کہ نہایت کثیر النفع و خوش کیف ہو

شراب دو آتشہ کہ جسمین بہت منافع ہین

شراب کہ ضعیف کو قوت جوان کی دیتی ہی و مقوی باہ و ممسک منی

دو بارہ کھینچین شراب کہ شخص ضعیف کو قوت جوان کی دیتی ہی و تقویت باہ و امساک منی مین بے نظیر ہی
ص قند سیاہ دو من مویز سیاہ دس سیر پوست درخت ببول نیم من آملہ دو سیر کا لہن اوٹھائین و خیسا ندہ
سنبل الطیب اشنہ بھنگرہ خسر پاؤ پاؤ سیر سلیخہ ساذج ہندی بیخ لبلاب بیخ پان بادرنجبویہ الایچی کلان تال مکھانا
بیخ بند ہو بیر گل دھاوا سوگند بالا اندرجو تر کچور ناگرموتھا کھیلی کھیلا صندلین موصلیین تخم اوٹنگن اسگند
ستاور آدھ آدھ پاؤ کا ملا کر عرق کھینچ کے ثعلب مصری عود ہندی قرنفل جوزبوا بسباسہ تخم گندنا تخم شلجم
تخم ہیاز مغز تخم کنوانچ بہمنین ہر دو ریگ مین شقاقل مصری ناگیسر دو دو تولہ چوب چینی پوست ترنج پاؤ پاؤ بھیر
اوسمین ملاوین و بعد تین روز کے دو سیر قند سفید و دس سیر شیر گاؤ ملا کے دو آتشہ کھینچین

شموم نافع درد سر بارد

**فصل اونسٹھوین** شمومہا مین یعنی ادویہ بو دار جسکے سونگھنے سے مرض دفع ہون **شموم** کہ
درد سر سرد کو مفید ہی **ص** جوزبوا قرنفل مساوی سفوف کرکے **شموم** کہ درد سر گرم کو مفید ہی **ص**
کافور دانہ الایچی سفید گھس کر **ایضا** گل ہای تازہ مثل گل سرخ و گل نیلوفر کے **ایضا** خیار دراز تراش کر

شموم نافع درد سر حار

شموم نافع نسیان و صداع

**شموم** کہ نسیان و صداع کو مفید ہی **ص** جوزبوا بسباسہ قرنفل مرچ سیاہ سفوف کرکے آب مرزنجوش
یا آب سداب ملا کے **شموم** کہ دوار کو مفید ہو **ص** کشنیز تر یا سیب تازہ یا امرود پختہ **شموم** کہ سبات کو
مفید ہی **ص** مرچ سیاہ نیمکوفتہ سرکہ مین ڈال کر **ایضا** مشک **ایضا** خربق سیاہ و وج و قسط تلخ

شموم نافع دوار — شموم نافع سبات

شیاف کہ درد آنکھ کو فوراً دفع کرے

**فصل ساٹھوین** شیافہای امراض آنکھ مین **شیاف** کہ آنکھ کے درد کو فوراً دفع کرے **ص**
گل سرخ سوا تولہ زعفران چھ ماشہ افیون دس ماشہ سنبل الطیب صمغ عربی تین تین ماشہ ساتھ پانی دریا کے
شیاف بناوین **شیاف** کہ واسطے ناصور گوشہ آنکھ کے مفید ہی **ص** صبر کندر گلنار انزروت دم الاخوین
سرمہ شب یمانی تین تین ماشہ عرق گلاب مین شیاف بناوین و مونہہ ناصور کا صاف کرکے ٹپکاوین

شیاف نافع ناصور چشم

**شیاف** کہ خارش و ڈھلکہ و باھنی و ناخنہ و سختی پلکون کو مفید ہی **ص** طوطیای مغسول مامیران چینی
زبد البحر حضض مکی چار چار ماشہ پوست ہلیلہ زرد ساذج ہندی تین تین ماشہ زعفران کتیرا
صمغ عربی دو دو ماشہ بدستور شیاف بناوین **شیاف** کہ نزول پانی آنکھونکو مجرب و مفید ہی
**ص** گھریا چاندی کی گھریا سونے کی دارفلفل کرھوان اوس مکان کا جہان تانبا گلاتے ہون سب بوزن
مساوی آب بادیان کے ساتھ شیاف بناوین **شیاف اسود** کہ واسطے ڈھلکہ و باھنی و خارش
پلکونکے مفید ہو **ص** زنگار چھ ماشہ اشق صمغ عربی چار چار ماشہ گھریا سونے کی افیون دو دو ماشہ

شیاف کہ باھنی و ڈھلکہ و ناخنہ کو نافع ہو

شیاف کہ نزول الماء کو مجرب ہی

شیاف اسود نافع ڈھلکہ و باھنی

ماشہ وایک ماشہ ساتھہ پانی سداب کے شیاف بناوین **شیاف** کہ نزول پانی آنکھہ کو و خارش و ڈھلکہ و آشوب چشم
و دیگر امراض پلکون کو مفید و مجرب ہی **ص** ملوطلیا پروردہ آب پوست ترنج کا نو ماشہ کتیرا نشاستہ گندم انزروت
گل سرخ صبر حضض مکی دو دو ماشہ کشتہ قلعی تین ماشہ ہلیلہ زرد مع تخم ایک عدد افیون ایک ماشہ بد ستور
شیاف بناوین **شیاف ابیض** کہ امراض گرم آنکھہ کو دفع اور رمدون کو تحلیل کرے و مواد و رمدون کو
بازگشت کرے **ص** نشاستہ تین ماشہ قلعی کشتہ گوند ببول کتیرا نو نو ماشہ لعاب اسپغول خواہ سفیدہ تخم مرغ کے
ساتھہ شیاف بناوین **شیاف ابیض** انزروتی کہ ابتدائے آمد کو مفید ہی **ص** کشتہ قلعی چھہ ماشہ انزروت
بریان شیر خر مین تسقیہ کرکے ایک تولہ پوست ہلیلہ زرد تین ماشہ سپیدۂ تخم مرغ مین شیاف بناوین **شیاف یاسمین**
کہ ڈھلکہ و ناخنہ و ناخنہ و باہمنی و خیرگی نظر کو دفع کرے **ص** غنچۂ تازۂ یاسمین تیس عدد سنگ سرمہ سنگ بصری
ملوطلیا ہار دہلی شورۂ قلمی مغز تخم سرس تین ماشہ زعفران دو ماشہ ساتھہ آب لیمون کاغذی کے تین روز تک
کھرل کرکے شیاف بناوین **شیاف احمر** کہ ڈھلکہ و ناخنہ و کمتی و پھلی و باہمنی و آشوب مزمن چشم کو دفع
کرے **ص** پھٹکری نصف بریان نصف خام گھریا طلائی سنگ بصری سنگ سرمہ تین تین ماشہ دم الاخوین
چھہ ماشہ ساتھہ سپیدۂ تخم مرغ کے شیاف بناوین **شیاف اخضر** کہ خارش و ڈھلکہ و باہمنی
و ناخنہ و پھلی کو مجرب و مفید ہی **ص** زنگار مصفی تین ماشہ گھریا چاندی کی گوند ببول قلعی کشتہ
کف دریا دو دو ماشہ ساتھہ پانی سدلب تازہ کے شیاف بناوین

**فصل الکستھوین** شیاف ہائے واسطے امراض کان و ناک مین **شیاف** کہ بہراپن کو دفع کرے **ص** مرہ بخور مریم خردل
سداب شحم حنظل بوزن مساوی ساتھہ زہرۂ گوسفند کے شیاف بنا رکھین روغن بادام تلخ مین گھس کان مین ٹپکاوین
**شیاف** کہ بہراپن و آواز کان کو دفع کرے **ص** بورۂ ارمنی حب الغار جند بید ستر تین تین ماشہ خردل چار ماشہ انجیر
ایک عدد شراب کہنہ خواہ زہرہ گاؤ مین شیاف بناوین **شیاف** کہ ضعف و ثقل سماعت کو دفع کرے
**ص** شحم حنظل افسنتین جند بید ستر زراوند مدحرج تین تین ماشہ نمک سانبھر چھہ ماشہ ساتھہ پانی سداب خواہ
شبت تازہ کے شیاف بناوین **شیاف** کہ نکسیر توڑتی ہی **ص** کندش مویز منقی نمک سانبھر زنگار بوزن مساوی ساتھہ زہرۂ
گوسفند کے شیاف باریک بناوین بوقت ضرورت ناک مین رکھین **شیاف** کہ بواسیر ناک کو دفع کرے **ص** انار خام کو کچل کر
اوسکا پانی شیشہ کے برتن مین دھوپ مین رکھین جب گاڑھا ہو جائے تب شیشہ کے دستے سے کھرل کرکے شیاف
بناوین بوقت حاجت ناک مین رکھین **ایضاً** گلنار رماز و پوست انار رسوت بوزن برابر زہرۂ گوسفند مین شیاف بناوین

شیاف کہ نافع آشوب چشم و دیگر امراض ہو

شیاف ابیض کہ محلل ورم چشم ہو

شیاف ابیض کہ نافع

شیاف یاسمین کہ نافع ناخنہ و خیرگی نظر ہو

شیاف احمر کہ نافع پھلی و آشوب چشم ہو

شیاف اخضر کہ نافع ناخنہ و پھلی ہو

شیاف کہ دافع بہراپن ہو

شیاف نافع بہراپن و آواز گوش ہو

شیاف نافع ضعف و ثقل سماعت

شیاف کہ نکسیر کو دفع ہو

شیاف دافع بواسیر بینی

شیاف مندمل وصفی قرحہ سوزاک

فصل پانسٹھوین شیافہاے امراض احلیل مین شیاف کہ قرحہ سوزاک کو صاف و مندمل کرے ص طوطیا ے مغسول دو ماشہ مردارسنگ ایک ماشہ سنگ بصری لعل بان پھٹکری بریان مازو گلنار اقاقیا دم الاخوین غنچہ انار ترش کا غذ سوختہ گوند ببول تین تین ماشہ بدستور شیاف بناوین ایضاً کہ قرحہ سوزاک کو دفع کرے دانہ الائچی سفید تین ماشہ طوطیا ے مغسول مردارسنگ ایک ایک ماشہ گیرو گوالری دو ماشہ بدستور شیاف بناوین ایضاً سنگ جراحت گیرو لوبان تین تین ماشہ برگ حنا برگ مغیل دو دو ماشہ آب برگ نیب مین شیاف بناوین

شافہ دافع قولنج

فصل چھیاسٹھوین شافہ ہا مین شافہ کہ قولنج کو دفع کرے ص حنظل تخم کرفس بادیان نمک ہندی صاب بوزن مساوی شیاف بنا رکھین وقت حاجت کے روغن بیدانجیر سے چکنا کرکے استعمال کرین ایضاً ص برگ بنفشہ سناے مکی تخم خطمی ایک ایک تولہ تھوڑے پانی مین جوش کرکے مل کر چھان لین اور اوسمین چار تولہ مغز خیار شنبر مل کے صاف کرین و شہد خالص ایک تولہ نمک ہندی چھہ ماشہ ملاکے آگ پر کاڑھا کرکے شیاف بنا رکھین بوقت حاجت کسی روغن سے چکنا کرکے استعمال کرین ایضاً گل بنفشہ نو ماشہ سقمونیا ترید سفید چھہ چھہ ماشہ نمک ہندی دو ماشہ صابون ایک تولہ بدستور شیاف بناوین و روغن گل سے چکنا کرکے استعمال کرین شیاف

شیاف دافع قبض سدہ طفلان

واسطے دفع قبض و سدہ لڑکون کے مفید ہو تودینہ ترید سفید مینگنی چوہے کی چھہ چھہ ماشہ آب خیارشنبر دو تولہ بدستور شیاف بنا رکھین وقت حاجت کے روغن گل سے چرب کرکے استعمال کرین ایضاً پشک موش شکر سرخ ایک ایک تولہ نمک ہندی تین ماشہ آگ پر پکا کر شیاف بنا رکھین روغن گل سے چرب کرکے استعمال کرین

## حرف الصاد المہملة

صبغ آنکھ کو سیاہ و خوشرنگ کرے

صبغ دافع برص کو رنگین کرے

فصل چھیاسٹھوین صبغ ہاے امراض جلدی مین صبغ کہ آنکھ کو سیاہ و سرمگین و خوشرنگ کرے ص سرمہ تین ماشہ دود چراغ دو ماشہ مازو ایک ماشہ سرمہ کرکے لگاوین صبغ کہ داغ برص کو رنگین کرے ص مازو برگ حناے تازہ پوست بیخ انجیر برابر گھس کر لگاوین ایضاً پوست درخت انجیر کو سرکہ مین گھس کر لگاوین صبغ دافع داغ بہق ص کندش قسط تلخ تین تین ماشہ تخم ترب نو ماشہ سرکہ کہنہ مین پیس کر لگاوین صبغ

صبغ دافع داغ بہق

صبغ مزیل نشان آبلہ و زخم

کہ نشان آبلہ و زخمون کو ہم رنگ بدن کے کرے ص مردارسنگ تین ماشہ بیخ نے چھہ ماشہ آرد نخود آرد برنج استخوان کہنہ تخم خربزہ قسط تلخ تخم السی ایک ایک تولہ پانی مین پیس کر لگاوین و آب گرم سے دھوین

## حرف الضاد المعجمة

ضماد دافع درد سر شدید الحرارت

فصل اٹھسٹھوین ضمادہا دافع امراض سر و دماغ ضماد کہ درد سر شدید الحرارت کو دفع کرے

ص گل نیلوفر کشنیز برگ بنفشہ پوست خشخاش گلاب مین پیس کر چار رتی افیون اور ایک ماشہ کافور
ملاکے لگاوین ضماد دافع درد سر سوداوی مزمن ص سداب مرزنجوش تین تین ماشہ آرد جو ایک تولہ
پانی مین پیس کر سرکہ و روغن گل ملاکے لگاوین ضماد کہ درد سر گرم کو دفع کرے ص برگ خرفہ تراشہ کدو
گل خطمی صندل سفید ہر ایک مساوی عرق گلاب مین پیس کر تھوڑا سرکہ ملاکے لگاوین ضماد دافع درد سر
کہ ضربے سقطے سے ہوئے ص گل ارمنی صبر دس دس ماشہ مونگ و بھٹوا انس گل سرخ تولہ تولہ بھر گل بابونہ چرائتہ
دو دو ماشہ بدستور ضماد کرین اور اگر ورم ہو گیا ہو تو غلہ مسور و گلنار دو دو ماشہ اضافہ کرین ضماد واسطے
سدر و دوار کے مفید ہو ص سنبل الطیب مصطکی تین تین ماشہ صبر مکی گل سرخ چھہ چھہ ماشہ سفوف کرکے
موم سفید ایک تولہ روغن زرد تین تولے مین گرم کرکے ملاوین اور پیشانی اور سر پر ضماد کرین ضماد کہ واسطے
سرسام الاطفال کے مفید ہو ص گل بنفشہ چار ماشہ عود ہندی عود صلیب اسطوخودوس تین تین ماشہ دال مونگ
مقشر دو تولہ زردۂ تخم مرغ ایک عدد تھوڑا شیر دختران ملاکے ضماد کرین خواہ کپڑے پر لگاکے سر پر رکھین ضماد
کہ سرسام بلغمی کو مفید ہو ص اسطوخودوس عود ہندی عود صلیب چھہ چھہ ماشہ آرد مونگ چار تولہ زردۂ
تخم مرغ ایک عدد باہم ملاکے ساتھہ پانی و روغن گل کے ضماد کرین ضماد واسطے سکتہ و سبات کے مفید ہو
ص خرمل شیطرج ہندی مرزنجوش نو نو ماشہ شیر گاؤ مین پیس کر شیر گرم ضماد کرین ضماد واسطے سکتہ کے
مفید ہو ص گل سوسن شونیز خردل چھہ چھہ ماشہ جوز بوا قرنفل عاقرقرحا دو دو ماشہ شیر گاؤ مین پیس کر ضماد کرین

فصل چھیاسٹھوین اضمدۂ دافع امراض گوش و بینی ضماد کہ ورم سخت کان کو مفید ہو ص آرد باقلا
آرد جو ایک ایک تولہ گل بابونہ گل بنفشہ گل خطمی چھہ چھہ ماشہ اکلیل الملک تین ماشہ روغن بنفشہ ملاکر ضماد
کرین ضماد کہ کان کے اوکھڑنے اور کوچل جانے کو مفید ہو ص مغاث اقاقیا رانبج چھہ چھہ ماشہ برگ
حناے تازہ بدستور ضماد کرین ایضا خشک روئی جو کی پانی مین ترکرکے شیر گاؤ اور روغن گل ملاکے
ضماد کہ پیشانی پر لگانے سے نکسیر کو بند کرے ص گلنار گل ارمنی برگ مغیل تازہ ایک ایک تولہ
کافور تین ماشہ افیون ایک ماشہ بدستور ضماد کرین ایضا مازو سبز پوست انار گل سرخ چھہ چھہ ماشہ
آرد عدس ایک تولہ رسوت تین ماشہ عرق گلاب مین پیس کر سر اور پیشانی پر لگاوین

فصل سٹرسٹھوین ضمادہاے دافع امراض دہان و حلق ضماد کہ درد دانت کو دفع کرے ص
بیج بھٹکٹائی کا انیری پیس کر رخسارے پر لگاوین ایضا بھٹکٹائی کا پھل وا جواین پیسی عاقرقرحا پیس کر

ضماد دافع درد سر سوداوی
ضماد دافع درد سر گرم
ضماد دافع درد سر ضربہ و سقطہ
ضماد نافع سدر و دوار
ضماد نافع سرسام الاطفال
ضماد کہ سرسام بلغمی کو مفید ہو
ضماد نافع سکتہ و سبات
ضماد دافع سکتہ
ضماد دافع ورم سخت گوش
ضماد نافع کان کے اوکھڑنے اور کوچل جانے کو ہو
ضماد کہ پیشانی پر لگانے سے نکسیر کو بند کرے
ضماد نافع درد دانت

ضماد دافع خناق

لگاوین ضماد دافع خناق ص تخم میتھی تخم السی تخم سوداگل بابونہ مرزنجوش تا ہر حلق پر لگاوین ایضاً آرد جو

ضماد نافع خنازیر

برگ مکوے ایک ایک تولہ بارتنگ تخم کاسنی چھہ چھہ ماشہ عرق گلاب مین پیس کر تھوڑا سرکہ ملا کے لگاوین ضماد
کہ خنازیر کو مفید ہو ص صبر و ناخواہ دو دو ماشہ زراوند مدحرج فلفل سیاہ تخم میتھی ایک ایک ماشہ تخم السی
تین ماشہ ضماد کرین ایضاً خردل زبد البحر ریوند مقل بوزن مساوی لگاوین ایضاً کہ تحلیل خنازیر کرے
ص زراوند گندش چھہ چھہ ماشہ اشق تین ماشہ شہد ایک تولہ ایضاً دافع خناق کہ گردن کی ہڈیان لوٹ کرنے
و بکھرنے سے ہوا ہوئے ص مازو پوست انار بھٹوانس اقاقیا ساتھہ لعاب اسپغول کے حلق و گردن پر لگاوین

ضماد مسکن درد ذات الجنب

**فصل اٹھارھوین** ضمادات دافع ذات الجنب و شوصہ و ذات الریہ و سوء التنفس مین ضماد کہ تسکین درد
ذات الجنب کو کرے ص آرد جو دو تولہ اکلیل الملک پوست خشخاش ایک ایک تولہ پانی مین پیس کر ضماد کرین

ضماد مسکن درد ذات الجنب و ذات الریہ

ضماد کہ ذات الجنب و ذات الریہ کے درد کو ساکن کرے و مواد کو تحلیل یا پختہ کر کے دفع کرے ص برگ بنفشہ

ضماد نافع رگ سینہ شق شدہ

تخم خطمی گل بابونہ چھہ چھہ ماشہ آرد باقلا تخم السی ایک ایک تولہ اصل السوس ڈیڑھ تولہ روغن گل ملا کے ضماد
کہ رگ سینہ کے پھٹنے کو مفید ہے جسکے سبب سے تھوک مین خون نکلتا ہوئے ص پوست انار مازو گلنار گل ارمنی
چھہ چھہ ماشہ آرد جو ڈیڑھ تولہ ایضاً مسکن درد ذات الجنب ص آرد باقلا آرد جو آرد گندم ایک ایک تولہ برگ بنفشہ

ضماد کہ تنگی دم کو مفید ہو

تخم خطمی مغز تخم کدوے شیرین چھہ چھہ ماشہ لعاب بہدانہ تین ماشہ کے ساتھہ ضماد کہ تنگی دم کو مفید ہو ص
آب کدو یا آب خیار یا آب برگ اسپغول یا آب جو مین السی کا لعاب نکال کر کپڑا تر کر کے سینے پر رکھین
خواہ انھین چیزون کو پیس کر ایضاً مصطکی سنبل الطیب صبر و چرایتہ بوزن مساوی

ضماد دافع ورم پستان

**فصل انھتروین** ضمادات دافع امراض پستان مین ضماد کہ ورم پستان کو دفع کرے ص چوب
سیدہ پوست درخت پچنال تخم میتھی پوست بیخ ارنڈ گیرو بوزن مساوی ضماد کرین ایضاً برگ کاکنگی

ضماد کہ شیر زیادہ کرے

برگ مکوے گیرو بوزن مساوی ایضاً آرد جو آرد باقلا آرد عدس گل سرخ مساوی ضماد کرین ضماد کہ شیر

ضماد کہ شیر غلیظ کو اصلاح دے

زیادہ کرے ص تخم بادروج آرد باقلا مساوی ضماد کہ شیر غلیظ کو اصلاح دیوے ص برگ بنفشہ تخم خطمی خوشہ

ضماد کہ شیر منجمد کو اصلاح دے

مساوی ضماد کرین ضماد کہ شیر غلیظ و منجمد کو اصلاح دیوے ص لونگ دو ماشہ و برنج ساٹھی دو تولہ شیر گرم

ضماد نافع درد پستان بسبب کثرت شیر

ضماد کرین ضماد کہ ورم و درد پستان کو جو بسبب کثرت شیر کے ہوئے دفع کرے ص آرد باقلا آرد عدس مقشر

ضماد کہ خون منجمد کو اصلاح دے

آرد جو ایک ایک تولہ تخم کاہو گل سرخ گل ارمنی پانچ پانچ ماشہ روغن گل و سرکہ ملا کے ضماد کہ خون منجمد کو اصلاح دیوے

ضماد دافع کوفتگی پستان

ص کنجد باقلا تازی خشک گندم بوزن مساوی قدرے روغن گاو و شہد ملا کے ضماد کرین ضماد کہ کوفتگی پستان کو

دفع کرے ص مونگ مونیز مع دانہ بوزن مساوی ضماد کرین ضماد کہ دبیلۂ پستان کو پختہ وشکستہ کرے

ص تخم کتان دکبجہ سیاہ بیخ سوسن سرگین بز سرگین کبوتر مساوی قدرے روغن گل ملا کے ضماد کرین

فصل سترہوین ضمادات دافع امراض معدہ و امعاء و طحال و جگر مین ضماد کہ اورام سخت معدہ کو دفع کرے

ص افسنتین سنبل الطیب ایک ایک تولہ صبر زعفران تین تین ماشہ شیر گرم ضماد کرین ضماد کہ ورم کہنۂ معدہ کو تحلیل کرے ص تخم کرنب سنبل الطیب ایک ایک تولہ سعد کوفی مصطکی اذخر چھہ چھہ ماشہ اشق تین ماشہ ایضاً تخم میتھی تخم السی تخم خطمی گل بابونہ سعد کوفی ایک ایک تولہ پھٹکری مصطکی چھہ چھہ ماشہ تھوڑا روغن گل ملا کے

ضماد کہ ورم طحال کو دفع کرے ص انجیر ولایتی سرکہ مین پیس کر شیر گرم لگاوین ایضاً خاکستر چوب انگور

خاکستر پشک بز مساوی سرکہ مین ضماد کرین ضماد کہ نفخ و صلابت طحال کو دفع کرے ص سداب پودینہ

نو نو ماشہ بورۂ ارمنی تین ماشہ سرکہ کہنہ ملا کے ضماد کہ ورم و سختی طحال کو دفع کرے ص ملبہ بابونہ سنبل الطیب

ایک ایک تولہ انجیر زرد پانچ عدد سرکہ مین پیس کر ایضاً مقل چھہ ماشہ آرد باقلا آرد کرسنہ ایک ایک تولہ

تخم کتان سنبل الطیب اکلیل الملک نو نو ماشہ سرکہ مین پیس کر تھوڑا روغن بابونہ ملا کے لگاوین ضماد دافع ورم کبد

ص تخم فل گل سرخ صندل سفید چرایتہ چار چار ماشہ گرد جو ایک تولہ کافور تین ماشہ سرکہ مین ملا کے لگاوین

ضماد کہ ضعف جگر کو مفید ہو ص حضض مکی تخم کشنیز عود ہندی سماق چھہ چھہ ماشہ مصطکی چار ماشہ زعفران

دو ماشہ قدرے روغن بابونہ ملا کے ضماد کہ ورم گرم جگر کو مفید ہے ص کافور مصطکی سومی سافج ہندی

تین تین ماشہ گل ارمنی گل بنفشہ گل سرخ صندل سفید کشنیز خشک چھہ چھہ ماشہ ضماد کہ ورم سرد جگر کو

مفید ہو ص سنبل الطیب اسارون سلیخہ پانچ پانچ ماشہ زعفران دو ماشہ روغن بابونہ ملا کے لگاوین

ضماد کہ اسہال کو بند کرے ص برگ مغیلان برگ انار برگ کنار گل ارمنی مساوی ضماد کرین ایضاً

آملہ کشنیز خشک بیخ نیلوفر گیرو بوزن مساوی ضماد کرین ایضاً حضض مکی پوست انار شیرین اقاقیا

گل سپیاری گل بستہ گلنار مازو بوزن مساوی ضماد کرین ایضاً واسطے دفع اسہال اطفال کے

مفید ہو ص زرور د سماق کشنیز خشک تین تین ماشہ پوست انار پانچ ماشہ ضماد کرین

فصل اٹھارہوین ضمادات دافع امراض مقعد مین ضماد کہ ورم مقعد کو دفع کرے ص صبر مقشر

پوست انار جفت بلوط قدرے روغن گل ملا کے ضماد کرین ایضاً واسطے خروج و ورم مقعد کے مفید ص

برگ بھانگ ایک تولہ برگ بنفشہ چار ماشہ ضماد کرین ایضاً اقاقیا رسوت دم الاخوین مساوی الوزن

ضماد کہ دبیلۂ پستان کو پختہ وشکستہ کرے

ضماد دافع اورام سخت معدہ

ضماد محلل اورام کہنۂ معدہ

ضماد دافع ورم طحال

ضماد دافع نفخ طحال

ضماد دافع اورام و سختی طحال

ضماد دافع ورم کبد

ضماد نافع ضعف جگر

ضماد نافع ورم جگر گرم

ضماد نافع ورم جگر بارد

ضماد حابس اسہال

ضماد دافع ورم مقعد

**ضماد دافع درد و ورم بواسیر**

ضماد کہ درد و ورم بواسیر ریحی کو مفید ہو ص تخم گندنا تخم السی و مقل ازرق بوزن مساوی تھوڑا روغن گاؤ
ملا کر لگاوین ایضا مغز ساق گاو و مغز تخم آلو زردہ تخم مرغ روغن گاؤ جسمین پیاز کا داغ دیا ہوئے ملا کے
ضماد کرین ایضا پیاز روغن گاؤ مین بریان کرکے ضماد کرین ایضاً اقاقیا دم الاخوین کشتہ ارزیز
تین تین ماشہ مقل چھہ ماشہ افیون ایک ماشہ قدرے روغن گل ملا کے ایضا مغز تخم نیب مغز تخم بجاین
رسوت بوزن مساوی ایضا مغز تخم کدوے شیرین مغز تخم آلو شیر گاو مین پیس کر ضماد کرین

**ضماد کہ ورم گردہ کو دفع کرے**

**فصل بہتروین** ضماوات دافع امراض گردہ و مثانہ مین **ضماد** کہ ورم گردہ کو دفع کرے ص
گل بنفشہ برگ کشنیز تازہ برگ خرفہ چھہ چھہ ماشہ مغز بادام شیرین پانچ دانہ عرق گلاب مین پیس کر لگاوین
ایضاً کہ ورم سخت گردہ کو تحلیل کرے ص اشق مقل مصطکی رومی تین تین ماشہ پانی مین گھول کر تخم خطمی تخم
خبازی تخم شبت گل بابونہ تخم کتان میتھی پانچ پانچ ماشہ سفوف کرکے ملا کے ضماد کرین ایضا محلل ورم گردہ
ص آرد گندم برگ شبت گل بابونہ اصل السوس چھہ چھہ ماشہ شہد ڈیڑھ تولہ شیر گاو مین پکا کر لگاوین ضماد

**ضماد دافع خون منجمد مثانہ از مدر بول**

کہ خون منجمد مثانہ کو اور ادرار بول سے دفع کرے ص تخم کرفس نانخواہ سات سات ماشہ برگ جو انسنہ اکلیل الملک
گل بابونہ پانچ پانچ ماشہ آرد جو آرد نخود سیاہ ایک ایک تولہ آب برگ کرنب مین پیس کر ضماد کہ بستگی بول کو جو سبب

**ضماد کہ بستگی بول کو جو سبب انجماد رطوبت مثانہ مین ہو نافع ہو**

انجماد رطوبت مثانہ مین ہو مفید ہو ص برگ چقندر تخم میتھی گل بابونہ اکلیل الملک آرد باقلا آرد نخود پیاز بریان
بوزن مساوی تھوڑا اپحال کبوتر روغن سرشف ملا کے ضماد کرین ضماد دافع بول الدم ص اقاقیا صندلین

**ضماد دافع بول الدم**

سماق کشنیز خشک بوزن مساوی ایضاً تخم خرفہ گل سرخ گلنار چھہ چھہ ماشہ مازو صمغ عربی سماق تین تین ماشہ
ایضاً دافع بول الدم کہ بسبب جراحت کے ہوئے ص گل ارمنی صبر حضض اقاقیا مساوی بعرق گلاب و

**ضماد کہ سنگ گردہ و سنگ مثانہ کو توڑے**

قدرے سرکہ ضماد کہ سنگ مثانہ و سنگ گردہ کو توڑے و دفع کرے ص برگ حنا پرسیاوشان
برگ تلسی برگ پودینہ برگ سویا آب بادیان ایضا بیضہ سنگ پشت تخم بلیون سنگ جراحت پیس کر روغن عقرب
ملا کے ایضا عقرب سوختہ حجر الیہود بیضہ سنگ پشت آلو بالو گل سرخ بوزن مساوی ساتھ آب شبت کے

**ضماد نافع ورم حار مثانہ** — **ضماد دافع ورم بارد گردہ**

ضماد نافع ورم گرم مثانہ ص تخم سویا گل بابونہ تخم خطمی مساوی ضماد کہ ورم بارد گردہ کو دفع کرے ص خستہ خرما
ایک تولہ تخم خطمی ایک تولہ سرکہ مین ایضاً آرد باقلا مویز زیرہ سیاہ نو نو ماشہ خاکستر تخم خرما تخم خطمی تین تین ماشہ

**ضماد نافع اورام بارد خصیہ و قضیب**

**فصل بہتروین** ضماوات نافع امراض خصیہ و قضیب مین **ضماد** نافع اورام بارد خصیہ و قضیب ص
تخم سنبھالو آرد نخود آرد باقلا نو نو ماشہ مویز منقی پندرہ عدد روغن سرشف و چربی بط قدرے قدرے

ضماد نافع فتق

ضماد نافع فتق ص سعد کوفی بورۂ ارمنی زیرۂ سیاہ تخم حنظل صبر دو دو ماشہ آرد جو پشک گوسفند گل ارمنی
چار چار ماشہ سرکۂ خالص ملا کے ایضاً دافع فتق ص چرونجی پوست انار مازو گلنار کندر تین تین ماشہ
آرد باقلا ایک تولہ شراب کہنہ مین پیس کر ایضاً سعد مر صمغ عربی مرزنجوش مازو اقاقیا کندر مساوی شراب

ضماد دافع پیچیدگی قضیب

کہنہ مین پیس کر ضماد کہ پیچیدگی قضیب کو دفع کرے ص دس ماشہ قسط تلخ ریوند چینی افیون تین تین ماشہ
مصطگی پھٹکری پانچ پانچ ماشہ زعفران ایک ماشہ شراب انگوری مین پیس کر تھوڑا روغن گل

ضماد دافع کوفتگی قضیب

ملا کے ضماد کہ کوفتگی قضیب کو دفع کرے ص مغاث صبر مرمکی اقاقیا مساوی الوزن باریک کر کے

ضماد کہ بعد رفع اعوجاج کے قضیب کو مستحکم کرے

سفیدۂ تخم مرغ مین ملا کے ضماد کہ بعد رفع اعوجاج کے قضیب کو مستحکم کرے ص حضض مکی اقاقیا گلنار
مازو بریان تخم و پوست انار شیرین بوزن مساوی ساتھ لعاب اسپغول کے ایضاً پوست انار شیرین
سوں مالکی بریان گل مختوم مساوی اگر بعد رفع اعوجاج کے خلش ریم کی احلیل مین ہووے روغن گل ٹپکاوین

ضماد دافع درد رحم

فصل چوہتروین اضمدۂ دافع امراض رحم ضماد دافع درد رحم ص زعفران افیون بزر البنج دو دو ماشہ

ضماد دافع سیلان خون حیض کہ بجہت کشادگی عروق کے ہو

تخم خطمی تخم السی پانچ پانچ ماشہ زردۂ تخم مرغ نیم برشت یک عدد ضماد کہ سیلان خون حیض کو جو بسبب کشادگی
دہن عروق کے ہو دفع کرے ص گلنار جفت بلوط برگ مغیلان برگ کنار تخم خرما بوزن مساوی ایضاً عدس مقشر
پوست انار ترش برگ کنار مازو سبز مساوی ایضاً گل سرخ سعد گلنار عدس مقشر پوست انار ترش مازو تخم خرفہ

ضماد دافع اجرائے خون حیض زن حاملہ

چار چار ماشہ بھانگ چھ ماشہ ضماد کہ اجرائے خون حیض زن حاملہ کو مسدود کرے ص مائین مازو

ضماد دافع اختناق رحم

پوست انار گلنار مساوی سرکۂ خالص ملا کے ضماد کہ اختناق رحم کو دفع کرے ص مصطگی رومی سنبل الطیب
چھ چھ ماشہ اکلیل الملک سلیخہ شونیز پودینۂ کوہی تخم شبت نو نو ماشہ روغن بابونہ ملا کے زہار سے

ضماد کہ جنین میت کو خارج کرے

تاناف ضماد کرے تا نشست گاہ ضماد کرین ضماد کہ جنین میت کو خارج کرے ص شحم حنظل برگ سداب قسط تلخ

ضماد کہ تولد جنین کو آسان کرے

بوزن مساوی ساتھ زہرۂ گاو خواہ شہد کے زہار و ناف پر ضماد کرین ضماد کہ تولد جنین کو آسان کرے
ص تخم السی ایک تولہ پیس کر شہد ایک تولہ و قدرے روغن کنجد سیاہ ملا کے شیر گرم زہار و ناف پر ضماد کرین

ضماد کہ ابتدائے اورام مین مواد کو باز گشت کرے

فصل پچہتروین ضمادات دافع اورام و دنبل یعنی پھوڑا ظاہر جسم پر ضماد کہ ابتدائے اورام مین
مواد کو باز گشت کرے ص صندل سرخ گیرو رسوت مساوی بہ آب کشنیز یا آب عنب الثعلب ضماد کرین ایضاً

ضماد محلل اورام

گل سرخ عدس مقشر گلنار پوست انار آرد جو مساوی الوزن قدرے روغن گل ملا کے ضماد محلل اورام
ص گل خطمی گل بنفشہ آرد عدس مساوی قدرے سرکۂ خالص ملا کے ایضاً گل خطمی سفید گل بنفشہ پانچ پانچ ماشہ

کشنیز خشک گل بابونہ اکلیل الملک چھ چھ ماشہ **ایضاً** موم زرد چھ ماشہ ڈیڑھ تولہ روغن چمبیلی مین گداختہ
کرکے مویز منقی ایک تولہ انجیر زرد دو عدد پیس کر ملاوین **ایضاً** گل بابونہ اکلیل الملک تخم السی تخم میتھی آرد جو مساوی

**ضماد کہ اورام کو پکاوے اور توڑے**

تھوڑا روغن گل ملا کے **ضماد** کہ اورام کو پکاوے اور توڑے **ص** پنجال کبوتر پنجال مرغ چھ چھ ماشہ خمیر نان گندم
ڈیڑھ تولہ نمک سانبھر دو ماشہ پکا کر لگاوین **ایضاً** کہ پھوڑے کو توڑے **ص** نیلہ تھوتھا تین ماشہ تخم ہالم
ہلدی ہر ایک چھ چھ ماشہ گوگل قند سیاہ ایک ایک تولہ **ایضاً** دنبل کو تحلیل کرے خواہ پکا کر توڑ دیوے
**ص** آرد مونگ آرد جو آرد لوبیا آرد مسور گیرو ہموزن سرکہ و پانی مین خمیر کرکے نیم گرم لگاوین

**ضماد دافع ورم و درد ضربہ و سقطہ**

**فصل چھترو ین** ضمادات دافع ضربہ و سقطہ مین **ضماد** کہ ورم و درد ضربہ و سقطہ کو دفع کرے **ص**
چوب میدہ آملہ آنبہ ہلدی تخم بنواڑ صابون خشت کہنہ بوزن مساوی قدرے روغن کنجد سیاہ ملا کے شیر گرم

**ضماد دافع کوفتگی**

ضماد کرین **ایضاً** مغاث گل ارمنی تخم خطمی مانش صبر ایک ایک تولہ زرد چوب شبت کندر چھ چھ ماشہ **ضماد**
کہ ضربہ و سقطہ و کہ فتگی کو دفع کرے **ص** گل ارمنی چھ ماشہ برگ جھاؤ برگ گلاب برگ کنار نو نو ماشہ
**ایضاً** زرد چوب برگ تازہ مکوے گل ارمنی ایک ایک تولہ کھلی سلسون کی دو تولہ **ایضاً** گل ارمنی کنجد

**ضماد دافع سیاہی آثار ضربہ و سقطہ**

سیاہ آنبہ ہلدی تخم ہالم مساوی الوزن قدرے روغن السی ملا کے **ضماد** کہ آثار ضربہ و سقطہ کی سیاہی کو دفع کرے
**ص** آرد منڈار آرد نخود چھڑیلہ تخم السی نو نو ماشہ شنگرف سرخ چھ ماشہ مرچ سیاہ تین ماشہ قدرے سرکہ ملا کے

**ضماد دافع بثور شرہ**

**فصل ستتھرو ین** ضمادات متفرقہ مین **ضماد** کہ بثور شرہ کو یعنی پونڈر کو دفع کرے **ص** آرد باقلا
مازو پوست انار ہر ایک ایک تولہ پانی مین پیس کر پوست بیضہ تخم مرغ ایک تولہ سفوف کرکے ملا دین

**ضماد دافع سرطان**

**ضماد** کہ سرطان کو دفع کرے **ص** آرد عدس پوست انار گیرو قند سیاہ کہنہ مساوی الوزن گرداگرد

**ضماد کہ بدن کو خوشرنگ کرے**

سرطان کے لگاوین اور اوسکے اوپر کوئی دوا نہ لگاوین کہ یہی تدبیر مفید ہے **ضماد** کہ بدن کو خوشرنگ کرے
**ص** آرد باقلا آرد نخود چھڑیلہ مغز بادام مقشر تخم خربزہ تخم خیارین کف دریا مساوی شیر گاو تازہ مین

**ضماد بیرون لانندہ خار خلیدہ**

پیس کر تھوڑا شہد ملا کے ضماد کرین اور ایک پہر کے بعد دھووین **ضماد** کہ کانٹا وغیرہ جو بدن مین

**ضماد جاذب سم افعی**

چبھا ہوئے نکالے **ص** بیخ نے نرراوند مدحرج ہموزن پیس کر شہد ملا کے ضماد کرین **ضماد** کہ بل
ورمکھی زخم سانپ کے کاٹنے کا زہر جذب کر لیوے **ص** ابہل پیاز عنصل حب الغار آرد جو مٹر مساوی
شراب مین پیس کر **ایضاً** کنجشک خواہ مرغ خانگی زندہ پھاڑ کر باندھ دیوین **ایضاً** گوشت افعی و گوشت

**ضماد کہ بتوڑی کی بالیدگی کو کھوئے**

مینڈک برابر پیس کر لگاوین **ضماد** کہ بتوڑی کو کاٹ کر گراوے **ص** سجی چونہ سیندور پنجال کنجشک

صابون مساوی ضماد کرین ایضاً ہرگاہ بتوڑی دفع ہو جاوے روغن گاو لگا کے برگ پیپل نرم
باندھین کہ آیندہ کو بر آمد نہووے ایضاً بتوڑی پر چھپنے لگا کے صابون و سجی و چونہ و نوساور شنگرف مساوی
پیس کر روغن کنجد ملا کے لگاوین جب سب مواد دفع ہو جاوے اندمال زخم کی تدبیر کرین ایضاً افیون سم الفار
نیلہ تھوتھا سجی دودھ چھپر مساوی ایضاً کہ نہایت مفید ہی ص چوک نیلہ تھوتھا سجی نوشادر روغن کنجد
سیاہ ملا کے ضماد اسپغول کہ اورام گرم و درد مفاصل و فرج و کنج ران و قضیب و تمام اعضا کو مجرب ہی
ص اسپغول مسلم و پوست کوکنار سفوف کر کے مساوی پکاوین و تھوڑا روغن گل ملا کے لگاوین

ضماد کہ اورام و درد مفاصل و فرج و کنج ران و قضیب و تمامی اعضا کو دفع کرے

## حرف الطاء المطبقہ

طلا کہ شقیقہ بارد کو دفع کرے

فصل اٹھترویں طلاہاے دافع امراض سر تا بگردن طلا کہ شقیقہ بارد کو دفع کرے ص خردل ایک جز
مویز دو جز سرکہ مین پیس کر لگاوین ایضاً زنجبیل دو ماشہ برگ حنا تازہ ایک تولہ پانی مین پیس کر

طلا دافع شقیقہ حار

ایضاً زعفران ایک ماشہ مغز بادام شیرین دو عدد و برگ مرزنجوش تازہ مین پیس کر طلا دافع شقیقہ حار ص
صندل سفید گل نیلوفر ایک ایک تولہ کافور دو ماشہ ایضاً گل مچکند دوب تازہ کشنیز سبز بوزن مساوی پانی مین

طلا دافع صداع گرم

پیس کر ایضاً گل سرخ تخم کاہو تخم کاسنی جو کشنیز خشک پانی مین پیس کر طلا کہ صداع گرم کو دفع کرے ص
صندلین گل نیلوفر گل سرخ تخم کاہو تین تین ماشہ افیون چار سرخ زعفران دو سرخ عرق گلاب مین گھس کر
ایضاً کشنیز خشک جو صندل سفید بوزن مساوی ایضاً برگ بنفشہ گل نیلوفر مساوی پانی مین پیس کر

طلا دافع صداع مزمن بارد

تھوڑا روغن گل ملا کر طلا دافع صداع مزمن بارد ص گندھک آملہ سار ایک جز بورہ ارمنی دو جز پانی مین
پیس کر لگاوین ایضاً صندل سفید ایک تولہ قرنفل پانچ عدد ایضاً نانخواہ اجمودہ تخم سویا مساوی

طلا دافع درد کہ از ہر قسم باشد بجہت خدر

طلا کہ ہر قسم کے درد کو بوجہ تخدیر کے مفید ہی ص پوست خشخاش بزر البنج ایک ایک تولہ افیون دو ماشہ پانی مین

طلا دافع آشوب چشم

گھس کر طلا کہ آشوب چشم کو مفید ہی ص لودھ پٹھانی رسوت پھٹکری بریان پوست ہلیلہ زرد تین تین ماشہ

طلا دافع آشوب چشم اطفال موسوم بہ گھترا

افیون ایک ماشہ پانی مین گھس کر نیم گرم لگاوین طلا موسوم بہ گھترا آشوب چشم اطفال کو دفع کرے ص
پھٹکری بریان سوت چار چار ماشہ کتھہ سفید افیون ایک ایک ماشہ باریک کر کے عرق لیموں کاغذی

طلا دافع ورم پس گوش

ڈال ڈال کر آٹھہ پہر دستہ آہنی سے ظرف آہنی مین رگڑ کے استعمال کرین طلا کہ ورم پس گوش کو دفع کرے

طلا دافع بثور بینی

ص صندل سرخ سپیاری صبر بوزن مساوی عرق گلاب مین گھس کر طلا کہ بثور بینی کو اندر ہو خواہ باہر
دفع کرے ص گل ارمنی دو ماشہ کافور زعفران ایک ایک ماشہ روغن گل مین گھس کر ایضاً مردار سنگ

**طلا کہ سعفہ سر یعنی گنج کو دفع کرے**

سرکہ مین گھس کر لگاوین طلا کہ سعفہ سر یعنی گنجہ کو دفع کرے ص کمیلہ سوہاگا خام ہلدی پکی بوزن مساوی
روغن سلسون مین ملاکر کرے ایضاً نیلہ تھوتھا بریان مرچ سیاہ چھہ چھہ ماشہ مسور سوختہ آملہ پوست انار
پوست خشخاش کمیلا بوزن مساوی سفوف کرکے روغن سلسون ملاکے ایضاً تنور کی ٹھیکری جلاکے ایک تولہ
نمک چھہ ماشہ سرکہ مین گھس کر ایضاً مردار سنگ پوست انار ترش مازو بوزن مساوی سرکہ مین پیس کر

**طلا دافع سعفہ اطفال**

ایضاً صابون عرق گلاب مین گھول کر طلا کہ سعفہ اطفال کو دفع کرے ص مغز بادام سوختہ برگ
حنائے خشک کمیلہ ایک ایک تولہ مردار سنگ چھہ ماشہ طوطیا مرچ سیاہ ایک ایک ماشہ سفوف کرکے سرکہ مین

**طلا دافع سبوسہ سر**

گھول کر تھوڑا روغن گل ملاکے لگاوین طلا کہ سبوسہ سر کو دفع کرے ص بادام تلخ کو عصارہ برگ گنجد

**طلا دافع جھائین**

خواہ سرکہ مین گھس کر ایضاً آرد میتھی آرد نخود سرکہ مین گھول کر طلا کہ کلف چہرہ یعنی جھائین کو دفع کرے
ص گل سرخ آرد عدس مویز مساوی سرکہ مین گھس کر ایضاً صبر استخوان کہنہ جانور کندر چھہ چھہ ماشہ سداب
تین ماشہ سرکہ مین پیس کر ایضاً کہ نہایت مجرب ہے ص لیمون کاغذی مین سفوف ہلدی کا بھر کر ایک ہفتہ
رکھ کر بیخ تازہ سرکنڈہ کے ساتھ پیس کر رات کو لگاوین صبح کو دھوئین ایضاً چھڑیلہ آب خربزہ مین تین بار تسقیہ

**طلا دافع حتا و صاف کنندہ رنگ چہرہ**

دیا ہوا دو تولہ پوست عدس پوست بیخ سرکنڈہ چھہ چھہ ماشہ پانی مین پیس کر لگاوین طلا کہ بثور چہرہ یعنی مہاسے کو دفع رنگ کو
صاف کرے ص جو مقشر آدھ پاؤ شیر گاؤ پاؤ بھر مین جوش کرکے خشک کر رکھین تھوڑا جو مذکور و تھوڑی ہلدی
باہم پیس کر طلا کیا کرین ایضاً برگ سوسن برگ نیب پوست درخت سرس قدرے قدرے باہم گھس کر طلا کرین

**طلا حابس قی**

**فصل اوناسی** اطلیہ نافع امراض متفرقہ بدن طلا کہ قی کو بند کرے ص برگ کنار برگ انار سماق مساوی پانی مین
پیس کر معدے پر لگاوین ایضاً اقاقیا سعد مازو گل سرخ آملہ صندل سفید مساوی ایضاً گلنار گل سرخ صندل
سفید برگ کنار مساوی ایضاً پوست بیرون پستہ زرورد صندل سفید چھہ چھہ ماشہ مصطگی تین ماشہ

**طلا سریع الاثر کہ پستان نرم و غلطیدہ کو سخت کرے**

عرق گلاب مین گھس کر طلا سریع الاثر کہ پستان نرم و غلطیدہ کو سخت کرے ص برگ و پھول و پھل خام و پوست
درخت انار جملہ مساوی سفوف کرکے ایک شبانہ روز پانی مین تر کرکے جوش دیوین جب سوم حصہ رہ جاے
روغن تلخ ڈال کر جوش کرین جب پانی مین جل جاوے روغن صاف کرکے جستہ خواہ سیسے کے ظرف مین
رکھین وہ طلا کیا کرین جو اگر سیسے یا جستے کے ظرف مین دستہ آہنی سے بروقت لگانے کے خوب گھس کر لیا کرین

**طلا دافع سرطان**

زیادہ قوی الاثر ہوے طلا کہ سرطان کو دفع کرے ص کوہ رتہ تھل و سیسا آب کشنیز یا آب برگ مکوے مین
گھس کر لگاوین ایضاً سیسے کو آب برگ مکوے مین گھس کر اسمین تھوڑا تھوڑا صبر و طوطیا ملاکے لگاوین

طلا دافع گنده بغل

طلا کہ گندہ بغل کو دفع کرے ص کافور ایک تولہ گھر یا چاندی کی قرنفل مصطکی پھٹکری
چار چار ماشہ سفوف کرکے عرق گلاب مین گھول کر لگاوین ایضاً مرداسنگ عرق گلاب مین
گھول رکھین و لگایا کرین ایضاً طوطیا ایک جز کافور تین جز عرق گلاب مین گھس کر لگایا کرین

## فصل اسّی اطلیہ دافع امراض خصیہ و قضیب مین بیان

طلا دافع درد وورم خصیه

طلا کہ درد وورم خصیہ کو دفع کرے ص
کا کنج پوست خشخاش آرد جو آرد عدس مساوی الوزن ساتھ زردہ تخم مرغ و روغن گل کے طلا کرین
ایضاً گل ارمنی سوت ایک ایک تولہ زنجبیل چار ماشہ آب نمک تازہ مکوے خواہ آب کشنیز مین پیس کر ایضاً
گل بابونہ تخم سویا نانخواہ ایک ایک تولہ برگ تنباکو خشک چھ ماشہ پانی مین پیس کر قدرے روغن گل ملا کے
نیم گرم لگاوین

طلا دافع فربہی خصیه

طلا کہ فربہی خصیہ کو زائل کرے ص گورنڈ پھل و پرانی چکی کا پتھل مساوی الوزن
آب کشنیز تازہ یا آب برگ مکوے تازہ مین گھس کر لگایا کرین

طلا دافع خارش خصیه وقضیب وعانه

طلا کہ خارش خصیہ و قضیب و عانہ کو دفع کرے
ص صبر نوشادر نشاستہ گندم گل سرخ صندلین مساوی عرق گلاب خواہ پانی مین گھس کر تھوڑا سرکہ
ملا کے لگاوین

طلا دافع سستی اعصاب وکجی قضیب

طلا کہ واسطے دفع کجی قضیب و سستی اعصاب وسکے کو مفید ہے ص افیون تین ماشہ
جایفل عقرقرحا دارچینی پانچ پانچ ماشہ پیاز نرگس ایک تولہ پوست بیخ کنیر سفید ڈیڑھ تولہ و پھر
شراب مین کھرل کرکے لگاوین خواہ شیاف بنا رکھین وقت حاجت کے شراب مین گھس کر لگاوین

طلا دافع لاغری بیخ قضیب جلوقی

طلا
کہ لاغری بیخ قضیب کو کہ بسبب جلق مارنے کے ہوئی ہو دفع کرے ص جایفل جاوتری چھڑیلہ
چرک گوش آدمی چھ چھ ماشہ خون خصیہ خر چار تولہ شراب دو آتشہ مین اسقدر کھرل کرین کہ پاؤ بھر
شراب صرف ہو کر قابل طلا کے ہو جاوے پس ازان استعمال کرین

طلا دافع مضرت جلق

طلا دافع مضرت جلق ص شحم یعنی مغز کدوے
تلخ دو تولہ گھونگچی سفید عقرقرحا چھ چھ ماشہ تیج بل پیرا موز تین تین ماشہ تین بھوز تک روغن گاؤ مین
کھرل کرکے طلا کرین و برگ تنبول سے باندھین

طلا نافع جلق زده وازکار رفته

طلا نافع جلق زدہ وازکار رفتہ ص چال گوہ سر گین خر مین
جوش کیا ہوا اور گھونگچی سفید مقشر کچلہ عقرقرحا پوست بیخ کنیر سفید دو دو تولہ شیر گاؤ مین اسقدر کھرل کرین
کہ تین سیر شیر صرف ہو جاوے ازان بعد بطور چوہے کے کھینچین و حشفہ چھوڑ کر طلا کرکے برگ پان سے باندھین
ایضاً پوست بیخ کنیر سفید پوست بیخ کنیر سرخ ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ جایفل کلان ایک عدد افیون پنج ماشہ
سب کو سفوف کرکے چربی گوہ کلان کی دو تولہ ملا کے ایک روز کھرل کرین ازان بعد آب برگ تازہ دھتورہ ملا کے
کھرل کرکے گولی بنا رکھین بوقت حاجت شراب آتشہ مین گھس کر حشفہ چھوڑ کر طلا کرین و برگ پان سے

طلا دافع عنین کہ از کار رفتہ باشد

باندھین **طلا** مولفہٗ حکیم شیر علی والد راقم کہ عنین و از کار رفتہ کو مفید و مجرب ہی **ص** پوست بیخ کنیر سفید
گھونگچی سفید آدھ آدھ پاؤ کوٹ تلخ جمال گوٹہ دو دو تولہ سفوف کر کے پندرہ سیر شیر گاؤمیش مین خوب ملا کے
پکاوین وہ دہی جما کر صبح کو چار سیر پانی ڈال کر مسکہ نکالین وہ دہی کو مدفون کر دین کہ سم قاتل ہو جاتا ہی
و مسکہ کو گرم کر رکھین قضیب پر طلا کر کے پان سے باندھین وہ بوزن ایک رتی پان کے ساتھ کھایا کرین یا استعمال

طلا دافع ورم ران

دو ہفتہ صحت ہوتی ہو **طلا** کہ ورم ران کو دفع کرے **ص** صندل سرخ پھول گلاب چینیا رسوت
سپیاری چھ چھ ماشہ زعفران دو ماشہ آب کشنیز تازہ یا آب برگ تازہ مکوہ کے پیس کر طلا کرین **ایضاً**
صندل سرخ گل ارمنی رسوت صبر اقاقیا نو نو ماشہ افیون ایک ماشہ زعفران چار سرخ آب برگ تازہ مکوہ

طلا دافع بثور و زخم و قرحہ آتشک

یا کاسنی مین پیس کر **طلا** کہ آتشک کے قرحہ و زخم و بثور کو دفع کرے **ص** ہرتال سیماب تین تین ماشہ
بزر البنج ایک تولہ روغن گاؤ دو تولہ پھول کے برتن مین دستہ نیب سے کھرل کر کے لگاوین

طلا مسکن درد بواسیر

**فصل اکاسی** طلاہاے دافع امراض مقعد **طلا** کہ تسکین درد بواسیر مین مجرب و بے نظیر ہو **ص**
آب برگ تازہ کپاس قسم نرمہ مین آنبہ ہلدی گھس کر طلا کرین وہ خشک ہونے پر دو بارہ سہ بارہ طلا کرین **ایضاً**
کہ بواسیر و نواسیر کو مجرب ہو **ص** خراطین کہ خون خر مین پیس کر خشک کر رکھین بوقت حاجت آب جوشاندہٗ
پکھان بید مین گھس کر لگاوین **ایضاً** ڈھیپ بیگن کی اور بادام تلخ مساوی پیس کر روغن گل ملا کے
**ایضاً** ڈگر کے قبضے کی ہڈی عرق گلاب مین گھس کر طلا کیا کرین **ایضاً** مغز تخم بکائن مغز تخم نیب
رسوت پانی مین گھس کر **ایضاً** مغز تخم آلو مغز تخم کدوے شیرین شیرہ زمین گھس کر لگاوین

طلا دافع ورم دست و پا کہ بسبب بیماریہاے دراز باشد

**فصل بیاسی** طلاہاے دافع امراض اطراف و مفاصل **طلا** کہ ورم دست و پا کو کہ بیماری ہاے
دراز مین پیدا ہوتا ہی دفع کرے **ص** اقاقیا شیاف مامیثا مرمکی سعد کوفی زعفران حضض گل ارمنی مساوی
سرکہ و آب برگ تازہ مکوے مین پیس کر طلا کرین **ایضاً** کف دریا نمک سنگ بورہ ارمنی جو خام سنبلو
مساوی سرکہ و عرق گلاب مین پیس کر **ایضاً** گل ( ؟ ) نی برگ مکوے تازہ زنجبیل مساوی الوزن پیس کر

طلا دافع چھاجن یعنی شقاق اطراف

تھوڑا سرکہ و روغن گل ملا کے **طلا** کہ چھاجن یعنی شقاق اطراف کو دفع کرے **ص** صابون ولایتی گلاب مین
گھس کر لگاوین **ایضاً** سیماب ناخواہ و کتھا ایک ایک تولہ روغن گاؤ چھ تولہ ظرف مسی مین دستہ چوب نیب سے
رگڑ کے لگاوین **ایضاً** سریش دو تولہ تھوڑا پانی ڈال کر آگ پر پگھلا کے سفوف ہرتال صبر چھ چھ ماشہ تخم

طلا دافع شکستگی یا شنہ و درد

تربوزہ ایک تولہ ملا کے مثل مرہم کر کے لگاوین **طلا** کہ ایڑی کے پھٹنے و درد کو دفع کرے **ص** حنظل کلان ایک عدد

[طلا دافع سختی اطراف و مفاصل]

سورنجان تلخ ایک تولہ برگ حنائے تازہ نو ماشہ پانی مین پیس کر تھوڑا روغن تلخ ملا کے شیر گرم لگا کے باندھین طلا
کہ سختی اطراف و مفاصل کو دفع کرے ص چربی بط چربی مرغ مغز ساق گوسفند خواہ گاؤ ایک ایک تولہ روغن چنبیلی

[طلا کہ پوست ناخن او کھرنڈ کو دفع کرے]

دو تولہ کھرل کرکے ایضاً مکھن تازہ شیر گوسفند مین نمک لاہوری سفوف کرکے ملاوین لگاوین طلا کہ پوست
ناخن او کھرنڈ کو دفع کرے ص مصطگی چھہ ماشہ نمک سنگ ایک ماشہ روغن چنبیلی مین کھرل کرکے لگاوین

[طلا دافع خدر]

**فصل تراسی** اطلیہ دافع خدر و برص و بہق و دیگر امراض جلدیہ طلا کہ خدر کو دفع کرے ص سیاہ پھنانک
تین تین ماشہ تخم دھتورہ سوختہ دو تولہ مرچ سیاہ ایک تولہ شیرۂ برگ آگ مین کھرل کرکے طلا کرین ایضاً عاقرقرحا
مویز پودینہ مساوی الوزن سرکہ کہنہ مین پیس کر ایضاً صبر مساوی آب پودینہ تازہ حل کرکے طلا کرین

[طلا دافع برص]

طلا کہ چند روز لگانے سے برص کو دفع کرے ص شیطرج عاقرقرحا حضض خردل شونیز بربان بوزن مساوی
خون بزین گولی بنا رکھین وخون تازہ بز خواہ آب شور مین گھس طلا کیا کرین ایضاً تخم ترب کندش
مغز بادام تلخ شیطرج ہرتال سپند کوٹ سیاہ پوست اخروٹ بوزن مساوی سفوف باریک کرکے شراب
تیز مین حل کرکے ایضاً ذراریح عسل بلادر تخم ترب شیطرج پیخال کبوتر مساوی سرکہ مین حل کرکے طلا کیا کرین
قرحہ کرکے مواد ناقص نکال کر صحت دیتا ہے ایضاً خردل شونیز بورہ ارمنی گوگرد بیخ کبر مساوی سرکہ خاص مین
پیس کر ایضاً پوست بیخ انجیر جنگلی آملہ دو دو تولہ بکچی ایک تولہ جوشاندہ گل ڈھاک مع سرخی و سیاہی مین گولی

[طلا دافع برص و چھاجن]

بنا رکھین و طلا کیا کرین طلا کہ برص و چھاجن کو دفع کرے ص تخم السی تخم ترہ تیزک خردل سرکہ مین پیس کر
طلا کرین ایضاً چرونجی آرد نخود سرکہ کے ساتھ ایضاً تلچھٹ شراب کا سرکہ و گندھک ملا کے ایضاً بیخ

[طلا دافع برص]

حماض سرکہ مین پیس کر طلا دافع برص ص ہرتال گندھک پھٹکری مساوی سفوف کرکے سرکہ و شہد ملا کے
ایضاً مغز بادام تلخ بھسوانس تخم ترب تخم لٹ جیرہ تخم کرنب کلان تخم ترہ تیزک کوٹ تلخ چتاور بوزن
مساوی سرکہ مین گھس کر ایضاً پوست چتاور بیخ سرکنڈہ آب لیموں مین گھس کر لگاوین جب قرحہ ہو جاوے

[طلا دافع بہق]

روغن نیب لگاوین کہ قرحہ دفع ہو کے جلد صحیح نکلے گی طلا کہ بہق یعنی سہوان کو دفع کرے ص شیطرج تخم ترب
کندش خردل مساوی سرکہ مین پیس کر لگاوین ایضاً تخم ترب دس ماشہ کوٹ تلخ کندش پانچ پانچ ماشہ

[طلا کہ دفع اکوتہ مین مجرب ہو]

سرکہ انگوری مین پیس کر لگاوین طلا کہ دفع اکوتہ مین مجرب ہے ص سپاری چھالیہ و بھلانوان چار چار
استخوان کہنہ سر آدمی ڈیڑھ تولہ سب کو گدھے کی لید مین جلا کر کوئلہ کرین و علحدہ و سرمہ سا کرکے کتھہ
چھہ ماشہ نیلہ تھوتھا ایک ماشہ سرمہ سا کرکے آدھ پاؤ روغن گاؤ مین مخلوط کرکے استعمال کرین ایضاً کچلہ سوختہ

ایک تولہ پھٹکری نیلہ تھوتھا کتھہ چھہ ماشہ روغن گاؤ ایک چھٹانک مین مثل مرہم کے بناوین ایضاً
تخم بکچی چھہ تولہ شگوفتہ کرکے آدھ پاؤ شیر گاؤ کا تنقیہ دیوین و پوست درخت کپاس و انار ترش خام ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ
جملہ پیس کر گولی بنا رکھین ساتھ آب گل تازہ کو کے طلا کرین ایضاً سپیاری ہلدی بکچی مسو پوست کوکنار جملہ سوختہ
ایک ایک تولہ رال سفید سوہاگہ بریان پھٹکری بریان کتھا پپڑیا چھہ چھہ ماشہ مرچ سیاہ تین ماشہ سب کو سفوف باریک
کرکے روغن سرشف مین مخلوط کرکے لگاوین اور دو چار روز ڈھانک کا پتا سینک کر باندھین پھر کھلا رکھین

طلا دافع خارش خشک و تر

**فصل چوراسی** اطلیۂ دافع خارش و داد طلا کہ خارش خشک و تر کو دفع کرے ص گندھک سیماب
نیلہ تھوتھا ہرتال بکچی بوزن مساوی و چندان روغن تلخ مین کھرل کرکے طلا کرین ایضاً سیماب گھریا
چاندی کی گندھک برگ کنیر سوختہ پھٹکری مردار سنگ کمیلا زرد چوب نیلا تھوتھا ایک ایک تولہ کتھا سفید
نو ماشہ برگ حنا تازہ دو تولہ روغن سرشف مین کھرل کرکے لگاوین ایضاً کشتہ سیسہ تین تولہ گندھک دو تولہ

طلا دافع خارش عضو خاص و نشان آبلہا

ہرتال و سیماب ایک ایک تولہ سرکہ مین کھرل کرکے لگاوین طلا کہ خارش عضو خاص کی و نشان ہائے آبلہ کو
دفع کرے ص سیماب تین ماشہ مغز بادام تلخ چھہ ماشہ تخم خربزہ غیر مقشر نو ماشہ سرکہ مین گھس کر رات کو طلا کرین

طلا دافع داد

وصبح کو دھوئین طلا کہ داد کو دفع کرے ص تخم پنواڑ آملہ لک خام زیرہ سیاہ مساوی الوزن سفوف

طلا مجرب دافع داد

کرکے پانی مین گھس کر بعد کھجلانے داد کے طلا کرین طلا کہ دفع داد مین مجرب ہے ص تخم پنواڑ نوسادر
معدنی کتھا سفید زرد چوب کالی چھپنے کی نینوان گندھک بوزن مساوی عرق لیمون کاغذی مین
گولیان بنا رکھین بوقت حاجت آب لیمون خواہ پانی مین گھس کے لگاوین بقول طبیب ہندی ہ
اچھو بیج پنواڑ کے نوسادر اور گلفیر + + ہردی چونا نینوان کرین داد سون بیٹر

طلا مقوی باہ و گردہ

**فصل پچاسی** طلاہائے مقوی باہ و قضیب و ممسک و منزل و ملذذ طلا کہ تقویت باہ و گردہ کی کرے
ص رال سفید آدھ سیر برادہ صندل سفید پاؤ سیر لوبان سفید آدھ پاؤ قرنفل دو تولہ برسم معروف

طلا مقوی باہ

چوہ کھینچین و مقام گردہ و قضیب پر لگاوین طلا کہ تقویت باہ کی کرے ص شنگرف ہرتال طبقی سیماب

طلا دافع سستی قضیب

کمیلہ عاقرقرحا پیاز نرگس دارچینی بوزن مساوی زہرہ گاو زرین کھرل کرکے طلا کرین طلا کہ سستی
قضیب کو دفع کرے ص پیپرا مور کوٹ تلخ اسگندھ ناگوری بوزن مساوی سرمہ سا کرکے مسکہ مین

طلا مقوی فربہ کنندۂ قضیب

ملا کر لگاوین طلا کہ قوت و فربہی قضیب کی کرے ص اسپند مغز تخم ارنڈ خردل بوزن مساوی روغن

طلا فربہ و دراز کنندہ

چنبیلی مین کھرل کرکے طلا کہ قضیب کی فربہی و درازی کرے ص کٹائی کلان کے پھل پختہ سرشف اسپند

طلا مقوی باہ و امساک

کوٹ تلخ اسگندھ مساوی الوزن پانی مین پیسکر چند بار طلا کرین و باندھین طلا کہ باہ و امساک کو قوت دیوے
صں پوست بیخ آگ دو تولہ کچلہ ایک تولہ پوست بیخ کنیر سفید چار تولہ رسکپور چھہ ماشہ سب کو زہرۂ گاؤ

طلا زیادہ کنندۂ لذت جماع

مین گھس کر شیاف بنا رکھین وقت حاجت پوست خشخاش کے پانی مین گھس کر لگاوین طلا کہ لذت جماع
کی زیادہ کرے صں عقرقرحا سوہاگہ خام کافور مساوی سرمہ سا کر کے شہد مین ملا کر طلا کرین و بعد ایک
ساعت کے کپڑے سے صاف کر کے مشغول ہون ایضًا کہ قوت و لذت جماع کی زیادہ کرے صں شیر کی

طلا کہ عورت کو جلد منزل کرے

چربی مین تھوڑا سفوف تخم انجرہ ملا کے طلا کرین و بعد ساعتے صاف کر کے مشغول ہون طلا کہ عورت
کو جلد منزل کرے صں سوہاگہ خام کافور مساوی شہد مین ملا کے طلا کرین و مشغول ہون

طلا دافع داء الثعلب

## فصل چھیاسی طلاہائے متعلق بالون کے

طلا کہ داء الثعلب یعنی بال خورہ کو دفع کرے
صں سم بز سیاہ سوختہ سم خر سوختہ چھہ چھہ ماشہ نرگس تین ماشہ روغن سرشف مین گھس کر لگاوین ایضًا کندش
روغن بیضہ مین ملا کر لگاوین ایضًا کف دریا پوست بیخ ذی پشک موش مغز بادام تلخ مساوی روغن سرشف مین
کھرل کر کے ایضًا برادۂ دندان فیل چرک مگس مساوی روغن بیضہ مین ملا کر ایضًا موے سوختہ گوسفند
موے سوختۂ بز گندھک آنولہ سار بوزن مساوی روغن سرشف مین گھس کر موضع کو پیاز سے کھجلا کر طلا کرین

طلا کہ داڑھی و مونچھہ کے بال جماوے

طلا کہ داڑھی و مونچھہ کے بال جماوے صں کف دریا مغز بادام تلخ مساوی روغن کہنہ سرشف خواہ روغن

طلا قاتل ہر قسم قمل یعنی جون

بیضہ مین گھس کر لگاوین طلا قاتل ہر قسم قمل یعنی جون کا صں صبر و ہرتال مساوی روغن گل مین گھول کر لگاوین
ایضًا سیماب روغن چنبیلی مین گھس کر لگاوین و بالون کو کپڑے سے باندھین ایضًا تخم بھٹوانس تخم خربزہ
قرنفل ایک ایک تولہ طوطیا چھہ ماشہ پانی مین گھس کے لگاوین و بعد دو پہر کے دھوئین ایضًا آرد باقلا
آرد عدس آرد بھٹوانس مساوی پانی مین گھس کر ایضًا مغز تخم شریفہ مغز تخم کھرنی مساوی پانی مین پیس کر لگاوین

طلا کہ بثور یا سوزش و بثور ترکو دفع کرے

## فصل ستاسی طلاہائے دافع اورام و بثور و ضربہ و سقطہ وغیرہ

طلا کہ بثور یا سوزش و بثور ترکو
دفع کرے صں صندل سرخ سپیاری گل ارمنی مساوی آب کشنیز تر مین خواہ آب برگ مکوے مین گھس کر طلا

طلا دافع اورام سوزندہ

کرین طلا کہ اورام سوزندہ کو دفع کرے صں صندلین کشنیز خشک ایک ایک تولہ آرد جو دو تولہ گل ارمنی

طلا دافع کوفتگی و شکستگی آماس اعضا

چھہ ماشہ پانی مین پیس کر لگاوین و پارچہ تر او سپر رکھین طلا کہ کوفتگی و شکستگی و آماس اعضا کو دفع کرے
صں گل ارمنی سپیاری صندل سفید ایک ایک تولہ رسوت مردار سنگ صبر چھہ چھہ ماشہ آب برگ مکوے

طلا دافع ضربہ و سقطہ

تازہ مین پیس کر طلا کرین طلا کہ ضربہ و سقطہ کو دفع کرے صں صبر تین ماشہ تخم خطمی برگ بنفشہ صندلین

بھسوا انس اکلیل الملک چھہ چھہ ماشہ سفوف کرکے سفیدۂ تخم مرغ ملاکر نیمگرم لگاوین **ایضًا** کھلی کنجد سیاہ کھلی

**طلا دافع آثار ضربہ و سقطہ و مصفی رنگ عضو**

سلسون گیرو ایک ایک تولہ برگ سنبھالو برگ مکوے ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ پانی مین پیس کر شیر گرم لگاوین **طلا** کہ آثار ضربہ وسقطہ کو دفع و رنگ عضو کو صاف کرے **ص** خاکستر شاخ گوزن کندر تین تین ماشہ آرد بھسوا انس آرد باقلا نوشادر تو تیا نوساذر گوند ببول چھہ چھہ ماشہ مغز بادام تلخ ایک تولہ پانی مین پیس کر لگاوین **ایضًا** مغز بادام تلخ استخوان کہنہ ایک ایک تولہ صدف سوختہ کف دریا پھٹکری زرد چھہ چھہ ماشہ پانی مین پیس کر لگاوین

**طلا محلل گوشت زائد**

**طلا** کہ گوشت زائد کو تحلیل کرے **ص** ہرتال کشتی سیاہ پانچ پانچ ماشہ چرک مس دس ماشہ روغن گل مین کھرل کرکے لگاوین

**طلا دافع سوختگی آتش**

**طلا** کہ سوختگی آتش کو دفع کرے **ص** عدس چار تولہ پانی مین پکاکے گل سرخ ایک تولہ ملاکے پیس کر لگاوین و کپڑے سے تر رکھین **ایضًا** سفیدۂ تخم مرغ روغن گل مین ملاکر

**طلا دافع مضرت گزندہ جانوران زہردار**

**طلا** کہ مضرت کاٹنے جانوران زہردار کو دفع کرے **ص** ہینگ گندھک برگ پودینہ بیخال کبوتر باہم پیس کر لگاوین

## حرف العین

**عرق کہ جوشش واحتراق خون و یبوست و سوزش و حکہ و خارش و بثورات کو دفع کرے**

**فصل اٹھاسی** عرقہاے مصفی و معدل اخلاط مین **عرق** کہ جوشش واحتراق خون و یبوست و سوزش وحکہ و خارش و بثورات کو دفع کرے **ص** برگ شاہترہ آملہ چرایتہ سرپھوکہ گل منڈی جل نیب برادۂ شیشم پوست اندرونی درخت کچنال و نیب بکائن تخم حنا چوب چینی عناب آدھ آدھ پاؤ برادۂ صندلین خس کشنیز خشک برگ گاوزبان بادرنجبویہ اسطوخودوس بلیلہ سیاہ گل معصفر گل نیب گل بکائن برہم ڈنڈی برادۂ آبنوس ایک ایک چھٹانک برسم معروف سات سیر عرق کھینچین **واضح** ہو کہ ان اجزا سے اگرچند اجزا کا عرق اسی وزن سے طیار کیا جاوے تب بھی یہی فائدہ متصور ہے **ایضًا** گل منڈی برگ شاہترہ پاؤ پاؤ سیر چوب چینی خس آدھا آدھ پاؤ بلیلہ کابلی بلیلہ آملہ گل خطمی گل سرخ ایک ایک چھٹانک چار سیر پانی مین تر کرکے تراشۂ کدوے دراز ڈیڑھ سیر تراشۂ پیٹھہ تین پاؤ شیر گاؤ تین سیر ڈال کر پانچ سیر عرق کھینچین **ایضًا** چھڑیلہ بادرنجبویہ تخم کاسنی پوست بیخ کسونڈی پوست بیخ کاسنی ابریشم خام ایک ایک چھٹانک آملہ پوست اندرونی درخت کچنال خس پوست درخت گوندنی جل نیب منڈی گل نیلوفر گل گوڑھل چوب چینی گل معصفر آدھ آدھ پاؤ دس سیر پانی مین تر کرکے تین سیر پانی نیب کا جو درخت سے ٹپکتا ہو ڈال کر سات سیر عرق کھینچین

**عرق چوب چینی**

**فصل نواسی** عرقہاے مفرح و مقوی و دافع امراض **عرق چوب چینی** کہ ضعیف کو قوی کرے

باہ کو زیادہ قوت دیوے و مالیخولیاے مراقی کو مفید ہے صص چوب چینی تین پاؤ دارچینی پاؤ سیر کباب چینی
قرنفل ناگرموتھا سافج ہندی عود غرقی بہمنین برنباد خولنجان جٹا مانسی چھڑیلہ برادہ صندل سفید آدہ آدہ پاؤ
برگ گاؤزبان بادرنجبویہ پاؤ پاؤ سیر الایچی خورد جایفل جاوتری روح عنبر ثعلب مصری مصطگی رومی تین تین تولہ ہر
پانچ سیر شہد خالص سیر پچیس سیر پانی دریا مین شبانہ روز تر کرکے آدہ پاؤ گل سرخ ڈال کر پندرہ سیر عرق
کھینچین چھہ ماشہ زعفران کی پوٹلی نیچے کے منہ پر اندر بھبکے کے لگاوین عرق گل سنبل کہ مقوی بہی
و منعظ و مشتہی ہے صص گل سنبل سبز ہی دور کردہ گل سرخ گل منڈی سب سایہ مین خشک کیا ہوا آدہ آدہ سیر
گل چنبیلی تازہ آدہ سیر برسم معروف عرق کھینچین عرق گزر کہ مفرح و مقوی باہ ہے صص گزر استخوان و پوست دور کردہ
پچیس سیر کشمش پانچ سیر دیگ سربستہ مین جوش دیوین دیگ کو سر کرین کہ دھوان اوسکا نہ نکلے پس ازان دارچینی نیکوفتہ
گل سرخ ناگرموتھا پوست ترنج چوب چینی نیکوفتہ بہمن سفید نیکوفتہ آدہ آدہ پاؤ صندل سفید ایک چھٹانک
الایچی سفید دو تولہ ملاکے عرق کھینچین عرق پان کہ درد معدہ و درد شکم و قولنج ریحی کو دفع و تقویت باہ کی کرے صص پان
تازہ قسم بنگلہ پانچ سو پیوند تازہ آدہ پاؤ خولنجان ایک چھٹانک قرنفل تین تولہ الایچی سفید ایک تولہ برسم معروف تین سیر عرق
کھینچین عرق مفرح و مقوی دل و دماغ صص گزر استخوان و پوست سے صاف کرکے کوٹھوین پیل کر اوسکا عرق نچوڑ سیر
کشمش منقی آملہ تخم دور کردہ ایک ایک سیر بدستور عرق کھینچین عرق گوڑھل کہ مقوی بہی مفرح ہو صص گل
گوڑھل تازہ سبزی زیرہ دفع کرکے سو سیر کشمش آدہ سیر دارچینی ایک چھٹانک ثعلب مصری چار تولہ برسم معروف عرق
کھینچین عرق کافور کہ تپہاے گرم و تپ دق کو مفید ہے صص کشنیز خشک گل گاؤزبان برگ گاؤزبان صندلین تخم
کاسنی تخم خیارین تخم کاہو تخم خرفہ برگ بنفشہ گل نیلوفر گل سرخ ایک ایک چھٹانک تراشہ کدوے تازہ تین پاؤ تراشہ
بیٹھہ ڈیڑھ پاؤ کافور پانچ تولہ برسم معروف عرق کھینچین عرق شیر کہ تپ صفراوی و تپ سوداوی و تپ دق کو مفید ہو
صص برگ گاؤزبان برگ بنفشہ گل نیلوفر آدہ آدہ پاؤ صندل سفید ایک چھٹانک سات سیر شیر گاؤ ملاکے عرق کھینچین

عرق گل سنبل مقوی و بہی و مشتہی و منعظ
عرق گزر مفرح و مقوی باہ
عرق پان دافع درد معدہ و شکم و قولنج ریحی و مقوی باہ
عرق مفرح و مقوی دل و دماغ
عرق گوڑھل مقوی و بہی و مفرح
عرق کافور نافع تپ دق و تپہاے حارہ
عرق شیر نافع تپ صفراوی و تپ سوداوی و تپ دق

## ضمیمہ فصل نواسی کا

عرق مفرح و مقوی دل و دماغ صص گل کیتکی ایک عدد گل سیوتی گل گاؤزبان چار چار تولہ گل نیلوفر
آدہ پاؤ کشنیز خشک ایک چھٹانک چار پہر تر کرکے تین سیر عرق کھینچین عرق دافع خفقان صص
گل سرخ پاؤ سیر گل گاؤزبان تین تولہ برگ گاؤزبان چھہ تولہ صندل سفید ابریشم خام دو دو تولہ بدستور
تین سیر عرق کھینچین عرق کہ تغلیظ منی و تقویت باہ مین مجرب ہو صص دوری زرد دوری سفید

عرق مفرح مقوی دل و دماغ
عرق دافع خفقان
عرق مغلظ منی و مقوی باہ

تو دری سرخ گوکھرو کلان گوکھرو خرد موصلی سیاہ موصلی سفید بیج بند تال مکھانا قرنفل دارچینی دو دو تولہ
تخم بالم موصلا سنبھل چھ چھ تولہ تخم گزر تخم سوہ گل دھاوا تین تین تولہ جایفل جاوتری ایک ایک تولہ
**عرق نافع تپ دق** کشمش خرما تخم برابر وزن آدھ آدھ سیر بر سم معروف عرق کھینچین عرق کرتپ دق کو مفید ہی ص شیر تازہ
**عرق دافع حمیات حارہ مزمنہ** پانچ سیر برگ گاوزبان گل نیلوفر آدھ آدھ پاو برگ بید سادہ ڈیڑھ پاو بدستور عرق کھینچین عرق دافع
حمیات حارہ مزمنہ کہ خفیف سی لاحق رہتی ہی یا بعد غذا کے محسوس ہوتی ہی ص گل نیلوفر تخم کاہو
تخم خرفہ چار چار تولہ جو مقشر آدھ پاو کشنیز خشک تین تولہ صندل سفید دو تولہ تھوڑے پانی مین
**عرق دافع تپ ربع** چار پہر تر کرکے تین سیر شیر بز و آدھ سیر تراشہ کدو سفید ملا کے عرق کھینچین عرق کہ دافع تپ ربع
و مرطب بدن ہی ص تخم کاسنی تخم کاہو گل نیلوفر کنول گٹہ کشنیز ایک ایک چھٹانک صندل سفید
صندل سرخ برگ گاوزبان گل سرخ برگ شاہترہ عنب الثعلب دو دو تولہ تھوڑے پانی مین چار پہر تر کرکے شیر بز پانچ سیر
**عرق دافع تپ نائبہ** ملا کے عرق کھینچین عرق کہ تپ کہنہ گرم کو نائبہ ہو خواہ مزمنہ دفع کرتا ہی ص سنبل الطیب خس آملہ برگ شاہترہ
عنب الثعلب ایک ایک چھٹانک بہدانہ ایک تولہ چار پہر تر کرکے تراشہ کدو دراز ایک سیر ڈال کر عرق کھینچین

## ضمیمہ بالذات بعد فصل ۸۹ کے

عطوس مین عطوس وہ ہی کہ واسطے لانے عطسہ کے بغرض دفع ابخرہ و رطوبات دماغ کے کیا جاوے
وہ مستعمل اوسکے تین طرح پر ہین ایک یہ کہ ادویہ کو سفوف کرکے بذریعہ نلکی ناک سے دماغ کی طرف کھینچین
دوسرے کپڑے یا پنبہ کی بتی مین لگا کے ناک مین رکھین تیسرے باریک باریک کپڑے کی پوٹلی مین
**عطوس نافع صداع بلغمی** باندھ کر ہر دم سونگھا کرین عطوس کہ درد سر بلغمی کو باخراج رطوبات دماغی دفع کرتا ہی ص کندش
[illegible] دو دو ماشہ مرچ سیاہ ایک ماشہ سفوف کرکے ایضاً فلفل دراز فلفل گرد ایک ایک ماشہ خردل دو ماشہ
**عطوس دافع سکتہ** کندش چار ماشہ عطوس کہ بحالت سکتہ کے ناک مین پھونکنا مفید ہی ص کندش دو ماشہ شونیز و مرچ سیاہ ایک
**عطوس نافع فالج و لقوہ وغیرہ** ایک ماشہ عطوس کہ فالج و لقوہ و جمیع امراض باردہ دماغی کو مفید ہی ص عقرقرحا راوند مرچ فلفل سیاہ
کندش جملہ بوزن مساوی ایضاً تخم حنظل اسطوخودوس فلفل سیاہ شونیز گل بابونہ کندش بوزن مساوی

**فصل نوے** عجہ ہاے مین عجہ یعنی خاگینہ اور خاگینہ وہ ہی جسمین انڈا طائر کا مخلوط ہو و غذا
**عجہ زیادتی باہ و قوت مباشرت و تیزی فہم و حافظہ کی کرے** رکھتا ہو ے عجہ کہ زیادتی باہ و قوت مباشرت و تیزی فہم و حافظہ کی کرے ص زردہ تخم مرغ
دس عدد قیمہ گوشت بز نوجوان آدھ پاو آب افشردہ پیاز پاو بھر پیاز تراشیدہ و دیگر مصالح و نمک

بقدر مناسب ڈال کر روغن گاؤ مین بریان کرین **ایضاً** بیضۂ کبوتر بیس عدد بیضۂ کنجشک خانگی دس عدد
تراشیده پیاز آدھ پاؤ نمک مصالح ڈال کر بروغن گاؤ بریان کرین **ایضاً** زردۂ تخم مرغ پانچ عدد
پیاز تراشیده ایک چھٹانک سفوف دارچینی دو تولہ مصالح ملا کے روغن گاؤ مین بریان کرین

## حرف الغین المعجمہ

**فصل اکانوے** غرغرہ کے نسخون مین **غرغرہ** کہ گرانی زبان کو جو فالج و لقوہ سے یا بدون اوسکے
ہو دفع کرے **ص** خردل زرنباد وار فلفل زنجبیل شونیز مویز عود ہندی تین تین ماشہ وج ترکی عاقرقرحا پودینہ
خشک گل بابونہ اسطوخودوس ع ۲ صلیب چھ چھ ماشہ قرنفل دس عدد خیسانده و جوشانده کرکے نیم گرم
غرغرہ کرین **غرغرہ** کہ استرخاے لہات یعنی ڈھیلا ہونے کوے کو دفع کرے **ص** عدس گلنار اکلیل الملک مائین برگ حنا
ہلیلہ زرد بوزن مساوی جوش کرکے **غرغرہ** کہ خناق گرم کو مفید ہی جب نزلہ سے ہو **ص** کشنیز خشک
پوست خشخاس گلنار ہر یک سے چھ چھ ماشہ جوش کرکے صاف کرکے اوسمین مغز فلوس دو تولہ مل کر مکرر صاف کرین دو
تین ماشہ رسوت ملا کے استعمال کرین **غرغرہ** کہ ورم اندرونی حلق کو دفع کرے **ص** تخم السی تخم میتھی
نو نو ماشہ انجیر زرد پانچ دانہ عناب سپستان پندرہ پندرہ دانہ مویز منقی بیس دانہ پودینہ دو نام واچھہ چھ ماشہ
جوش کرکے **غرغرہ** کہ خناق کو دفع کرے جب ورم مائل بسختی ہو **ص** برگ بارتنگ تخم کرفس اصل السوس نیم کوفتہ
تخم خطمی نیم کوفتہ حب الثعلب گل بنفشہ برگ نیب برگ خبازی اکلیل الملک بوزن مساوی شیر گاو یا شیر بز مین جوش
کرکے صاف کرکے تھوڑا نشاستہ گندم ملا کر استعمال کرین **غرغرہ** کہ ورم حلق کو توڑے **ص** میتھی چھ ماشہ
انجیر پانچ عدد عناب پندرہ عدد جوش کرکے مل کر صاف کرین دو شیر گاو ایک چھٹانک غبار آرد گندم دو تولہ
مل کرکے غرغرہ کرین اگر دو تین روز کے استعمال سے نہ ٹوٹے تو پھٹکری خام چھ ماشہ سفوف کرکے ملادین **غرغرہ**
کہ بعد ٹوٹنے ورم کے تنقیہ مواد کا کرے **ص** جٹاماسی پودینہ مکھے و عناب تخم برآورده سات سات ماشہ
جوش کرکے شکر ایک تولہ شہد دو تولہ ملا کے غرغرہ کرین **غرغرہ** دافع خناق **ص** شیر بز مین خمیر ترش
آرد گندم کا حل کرکے **ایضاً** کہ خناق سخت کو دفع کرے **ص** برگ عنب الثعلب برگ کاہو برگ کاسنی برگ کشنیز ان کا
پانی علحدہ علحدہ بوزن مساوی نچوڑ کر اوسمین توت تازہ مل کر خواه رب توت گھول کر غرغرہ کرین **ایضاً**
میتھی السی ہالم نو نو ماشہ جوش کرکے **ایضاً** برگ حنا گلنار زنبد چوب بلیک ایک تولہ برگ کنار برگ شہتوت
تین تین تولہ جوش کرکے **ایضاً** پوست درخت گوندنی بیخ چنبیلی گل سیمل مساوی جوش کرکے صاف کرکے

غرغرہ دافع گرانی زبان کہ جو فالج و لقوہ سے یا بدون اوسکے ہو

غرغرہ دافع استرخاے لہات

غرغرہ نافع خناق گرم بسبب نزلہ

غرغرہ دافع ورم اندرونی حلق

غرغرہ کہ خناق کو دفع کرے جب ورم مائل بسختی ہو

غرغرہ کہ ورم حلق کو توڑے

غرغرہ کہ بعد ٹوٹنے ورم کے تنقیہ مواد کا کرے

غرغرہ دافع خناق

غرغرہ دافع خناق سخت

تھوڑا کتھا ملاکے **ایضاً** اگر کوئی غرغرہ مفید نہوے پنچال ابابیل یا بلبل گرگ مغز فلوس دو دو تولہ جوش کرکے

غرغرہ دافع سوراخ تالو جو آتشک یا نزول مواد سے ہو

صاف کرکے بدون آگاہی مریض کے غرغرہ کراوین **غرغرہ** کہ سوراخ تالو کو جو آتشک سے یا نزول مواد سے ہو جاتا ہو دفع کرے **ص** پوست خشخاش کشنیز خشک گلنار ہلیلہ سیاہ حب الآس برگ کنار جنگلی زہرہ ورد برگ حنا چھہ چھہ ماشہ کزمازج مانو پانچ پانچ ماشہ جوش کرکے حضض گل ارمنی تین تین ماشہ ملاکے غرغرہ کرین **غرغرہ** کہ ورد

غرغرہ دافع درد لوزتین

اندرون گلو کو دفع کرے **ص** برگ حنا گلنار زرد چوب برگ کنار پوست بیخ گومڑی بیخ چنبیلی سوپیاری ہمین مساوی جوش کرکے **ایضاً** گلنار پوست کو کنار صندلین چھہ چھہ ماشہ عدس مسلم ایک تولہ **ایضاً** برگ تازہ غلہ ارہر برگ کنار باغی برگ شہتوت برگ چنبیلی پوست خشخاش بوزن مساوی جوش کرکے

**فصل بانوے** غمرہ و غالیہ مین **غمرہ** بالضم وہ چیز کہ مثل ابٹنے کے چہرے پر یا تمام بدن پر لگائی جاوے **غالیہ** وہ ہے کہ اجزاے خوشبو یکجا کرکے بغرض منفعت سونگھین یا بدن پر لگاوین **غمرہ** کہ رنگ چہرہ کو صاف اور شفاف کرے **ص** جو مقشر چار جز تخم خربزہ آرد باقلا چرونجی دو دو جز رات کو لگاوین صبح کو دھوڈالین **ایضاً** آرد جو آرد نخود آرد عدس برگ حنا خشک ایک ایک تولہ زعفران ایک ماشہ بدستور استعمال کرین **ایضاً** کہ جلد

غمرہ کہ رنگ چہرہ کو صاف اور شفاف کرے

بدن کو خوشرنگ و نرم و خوشبو کرے **ص** صندلین اگر تگر چھہ چھہ ماشہ زعفران تین ماشہ چرونجی چار تولہ پانی مین پیس کر مائدۂ گندم آدھ پاو روغن چنبیلی دو تولہ ملاکر لگاوین **ایضاً** برگ حنا تازہ یا خشک ایک چھٹانک پانی مین پیس کر صندل سرخ دو تولہ چرونجی تین تولہ مائدۂ گندم آدھ پاو روغن بیلا دو تولہ باہم ملاکے لگاوین

غالیہ مقوی دل و دماغ و دافع خفقان

**غالیہ** کہ تقویت دل و دماغ کی اور خفقان کو دفع کرے **ص** عنبر اشہب ۲ ماشہ عود ہندی آٹھ ماشہ صندل سفید ایک تولہ مشک ایک ماشہ سفوف کرکے عرق گلاب مین مخلوط کرکے **ایضاً** صندل سفید نو ماشہ سعد کوفی سنبل الطیب چھہ چھہ ماشہ عرق کیوڑے مین پیس کر عطر گلاب ملاکے **ایضاً** کشنیز خشک گل سرخ برادۂ صندل سفید ایک ایک تولہ سفوف کرکے عرق گلاب مین سان کر عطر خس خواہ عطر کیوڑہ ایک ماشہ ملاکے

## حرف الفاء

فتیلہ دافع قرحۂ گوش

**فصل ترانوے** فتیلہ جات مین **فتیلہ** کہ قرحۂ کان کو دفع کرے **ص** زہرۂ گاو دو جز شہد خالص ایک جز باہم ملاکے فتیلہ اوسمین تر کرین اور ایسا کان مین رکھین کہ قرحہ تک پہونچے **ایضاً** فتیلہ شہد مین تر کرکے پھٹکری خام اوسپر چھڑک کر

فتیلہ دافع درد گوش و رطوبت و چرک

**فتیلہ** کہ کان کے درد کو اور رطوبت لوہ بہنے کو دفع کرے **ص** کاغذ سوختہ شہد زردۂ تخم مرغ مین ملاکے فتیلہ تر کرین **ایضاً** پھٹکری و صبر و دم الاخوین سفوف کرکے چھڑکین **ایضاً** روغن زیت و شہد باہم ملاکے

فرزجہ مخرج جنین مردہ و مدر حیض

**فصل چوراسیویں** فرزجہ جات مین **فرزجہ** کہ اخراج جنین مردہ و ادرار حیض کرے ص شحم حنظل خربق
سیاہ مویزج نوشادر مر بوزن مساوی سفوف کرکے روغن بیدانجیر اور زہرۂ گاؤ مین ملاکے فتیلہ اوسمین آلودہ کرکے
فرزجہ مدر حیض

رکھین **فرزجہ** کہ ادرار حیض کرے ص سداب مرابهل بادیانہ تخم مرو بوزن مساوی زہرۂ گاؤ کے ساتھ **فرزجہ**

فرزجہ قاطع خون حیض

کہ خون حیض کو قطع کرے ص کافور صمغ عربی مساوی **ایضًا** مردارسنگ گلنار گل ارمنی سنگ سرمہ مساوی الوزن
**ایضًا** مازو سوختہ دم الاخوین برگ کنار گل ارمنی گل سرخ سفوف کرکے کپڑا کہ جوشاندۂ پوست انار مین تر کیا ہو
فرزجہ کہ فرج کو تنگ کرے

آلودہ کرکے رکھین **فرزجہ** کہ فرج کو تنگ کرے ص اقاقیا سعد کوفی سنبل الطیب بوزن مساوی سفوف کرکے
کپڑا کہ جوشاندۂ پوست انار مین تر کیا ہو سفوف مین آلودہ کرکے رکھین **ایضًا** گل دھاوا مازو مین پھل مائین
و موچرس بوزن مساوی سفوف کرکے باریک کپڑے مین رکھکر بتی بناکے رکھین بقول معروف طبیب ہندی مائین مازو
مین پھل چکنے تھے و ھاک ملاے و تنک موچرس کے ڈالنے سے تمارھی سینک بجاے **ایضًا** عود ہندی ناگرموتھا زرچوب

فرزجہ کہ فرج کو تنگ اور رطوبت کو جذب کرے

قرنفل اقاقیا بوزن مساوی **فرزجہ** کہ فرج کو تنگ اور رطوبت اوسکی جذب کرے ص مازو سبز تخم چوکا خبث الحدید
چار چار ماشہ گلنار و جفت بلوط تین تین ماشہ **ایضًا** مازو سبز رال سفید آملہ پوست بلیلۂ زرد پوست بلیلہ

فرزجہ کہ فرج کو تنگ و خوشبو کرے

دو دو ماشہ قرنفل پانچ عدد **فرزجہ** کہ فرج کو تنگ و خوشبو کرے ص زعفران سعد کوفی عود ہندی قرنفل

فرزجہ محلل اماس رحم

تین تین ماشہ فقاح اذخر مازو سبز پانچ پانچ ماشہ عنبر اشہب مشک خالص چار چار ماشہ **فرزجہ** کہ اورام
رحم کو تحلیل کرے ص مقل ازرق تخم خطمی تخم السی تین تین ماشہ چربی مرغ کی چھ ماشہ قدرے شہد ملاکے

فرزجہ دافع درد رحم و رطوبت گندہ

**ایضًا** انزروت کندر دم الاخوین گل ارمنی بوزن مساوی آب بارتنگ مین گھول کر **فرزجہ** کہ درد رحم اور
رطوبت گندہ اوسکی کو دفع کرے ص باؤبرنگ کف دریا چھ چھ ماشہ بہروزۂ خشک نو ماشہ نمک لاہوری
تین ماشہ سفوف کرکے پوٹلی بناکے دہن رحم پر رکھین **ایضًا** اجمود باؤبرنگ بہروزۂ خشک تین تین ماشہ
تخم سوو نمک لاہوری ڈیڑھ ڈیڑھ ماشہ سفوف کرکے شہد مین سان کر کپڑے باریک مین رکھکے

فرزجہ دافع خارش رحم

**فرزجہ** کہ خارش رحم کو دفع کرے ص سداب پودینہ پوست انار عدس مقشر مساوی آب مین

فرزجہ دافع عقم

پیس کر تھوڑا سرکہ ملاکے **فرزجہ** کہ عقم کو دفع کرے ص جوز بوا مائین پھٹکری بریان پوست انار
بوزن مساوی کوٹ چھان کے پانی مین شیاف بناوین و بعد طہر کے تین شبانہ روز رکھین
بتجدید کرکے اوسکے بعد مجامعت کرین **ایضًا** سرگین خرگوش و پنیرمایۂ خرگوش برابر
باہم سفوف کرکے شہد ملاکے تین شبانہ روز رکھین تجدید کرکے زان بعد مباشرت کرین

## ضمیمہ بالذات بعد فصل جوارشی کے

قفاعی نافع سرعت انزال

**قفاعی** شیخ الرئیس نے قانون مین لکھا ہی کہ قفاعی زیادہ کرتا ہو باہ کو و نفع دیتا ہی سرعت انزال کو
ص فلفل گرد زنجبیل سنبل الطیب جوزبوا ایک ایک تولہ خبث الحدید دو تولہ تخم جرجیر تخم شلجم تخم انجرہ
ڈیرھ ڈیرھ تولہ لسان العصافر مغز چلغوزہ مغز پستہ سوا سوا تولہ نیم کوفتہ کرکے ایک تھیلی کپڑے مین
رکھکر ظرف گلی مین دہ چند دہی مجموع کے ساتھ تھیلی کو ڈال کر نصف اوسکا آبکامہ ڈال کر دھوپ
مین رکھین و تھیلی کو بدفعات جنبش دیا کرین جب جوش آوے و کچھ بو ہو جاوے تب تھیلی نچوڑ کر دفع کرین
وا دویہ چھان کر شیشون مین رکھہ لیوین بقدر مناسب پیا کرین

فلونیا

**فلونیا** فلونیا معجون ہی کہ اولاً حکیم
افلن رومی نے ترتیب دیا و فلونیاے رومی اوسکا نام رکھا ازان بعد حکماے دیگر نے بھی فلونیا کے نام سے
معجونات مرتب کیا

فلونیاے رومی

**فلونیاے رومی** کہ نزلہ کو باز رکھتا ہو درد دون کو ساکن کرتا ہی و قی الدم و اسہال
دموی و ہیضہ و سیلان طمث کو دفع کرتا ہی ص فلفل سپید دار فلفل بزر البنج بیش بیش ماشہ فیون
دس ماشہ زعفران پانچ ماشہ تخم کرفس کوہی عقرقرحا چھہ چھہ ماشہ ساذج ہندی سنبل الطیب سلیخہ تین
تین ماشہ کوٹ چھان کر شہد دو چندان مین مخلوط کرین

فلونیاے فارسی

**فلونیاے فارسی** کہ تقویت دماغ و حافظہ
و دفع دردسر و انسداد برآمدگی خون احشا و تقویت و تحلیل ریاح اوسکے و محافظت جنین و اندفاع قی
و اسہال و تسکین دردون کی کرتا ہی ص فلفل سپید بزر البنج بیش بیش ماشہ افیون گل مختوم دس دس ماشہ
زعفران پانچ ماشہ سنبل الطیب عقرقرحا دو دو ماشہ جندبیدستر زرنباد درونج ایک ایک ماشہ مروارید
ناسفتہ مشک چار چار سرخ کافور ڈیرھ ماشہ بدستور دو چندان شہد مین بناوین واضح ہو کہ یہ دونو
فلونیا کی خوراک چھہ مہینے بعد طیاری سے چار رتی سے ایک ماشہ تک ہی اور واسطے درد معدے کے ساتھہ
جوشاندہ انیسون کے واسطے امراض طحال کے ساتھہ سکنجبین کے واسطے درد گردہ و مثانہ کے ساتھہ جوشاندہ
بادیان کے واسطے باز رکھنے خون کے ساتھہ جوشاندہ سماق کے ہی اور یہ دونو فلونیا بسبب منشہ
و تخدیر کے مفسد فہم ہین جب تک کہ حاجت قوی نہووے استعمال کرنا مناسب نہین ہی و بحالت
استعمال کے اغذیۂ شیرین و چرب کھانا لازم ہی و چار سال تک انکی قوت رہتی ہی

فلونیاے محمودی

**فلونیاے محمودی**
کہ منشی و مقوی و محلل ریاح و مسکن اوجاع ہی ص افیون و فلفل سیاہ بیش بیش ماشہ سنبل الطیب
اسارون بسباسہ دانہ الایچی سفید دارچینی مصطکی ریوند چینی زنجبیل افتیمون دو دو ماشہ تخم کرفس

زعفران گل سرخ چھہ چھہ ماشہ عنبر اشہب ایک ماشہ مشک چار سرخ ورق طلا پچاس عدد ورق نقرہ سو عدد شہد سہ چندان **فائدہ** استعمال فلونیا کا قولنج میں بامید اندفاع درد کے غیر مناسب ہی اس وجہہ سے کہ اسمین اجزائے حابسہ شامل ہین وحبس موید قولنج ہوتا ہی **فلدفیون** حکیم علی گیلانی نے اپنی شرح مین لکھا ہی کہ واسطے ورم وقرحہ مسوڑھون کے وحبس دانتون کے مفید ہی **ص** اقاقیا ایک تولہ بورہ ارمنی شب یمانی طوطیا بریان دانہ فوفل سوختہ سات سات ماشہ کوٹ چھان کر قرص بنا رکھین وقت حاجت کے گھس کر مسوڑھون پر چپکاوین **فنادیقون** ترکیب قدیمہ سے ہی درد معدہ وامعا کہ ریاح بردوسے ہی دفع کرتا ہی وقلق کو مفید ہی **ص** زعفران تخم سداب تخم کرفس زنجبیل پودینہ کوہی مغز چلغوزہ دو دو تولہ فلفل گرد فلفل دراز ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ شہد دو چندان مین معجون بناوین **فودنجی** کہ درد معدہ وجگر کو کہ بسبب برودت کے ہو وتپ ہائے بلغمی وکہنہ وتب ربع کو مفید ہی **ص** پودینہ کوہی پودینہ بستانی فطراسالیون دو دو تولہ تخم کرفس بابونہ چار چار ماشہ آٹھ آٹھ ماشہ فلفل سیاہ چار تولہ ساتھہ سہ چندان شہد کے بدستور معجون بناوین **فروربوس** مقوی معدہ وباہ ودافع سرعت انزال ہی **ص** پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ کابلی شیطرج ہندی تخم کرفس دانہ الایچی سفید قسط شیرین سلیخہ قرنفل بسباسہ خولنجان ایک ایک تولہ پوست بلیلہ آملہ نانخواہ فلفل دراز تودری سرخ تودری سپید قرفہ سنبل الطیب جوزبوا زنجبیل فلفل سویہ نو نو ماشہ خبث الحدید مدبر نصف وزن جملہ اجزا کے کوٹ چھان کر روغن گاؤ مین جو چہارم حصہ جملہ اجزا کا ہووے چرب کر کے دو نیم چند شہد کے ساتھہ معجون بناوین وچھہ مہینے کے بعد بقدر مناسب استعمال کرین ساتھہ نبیذ مویز یا شیر گوسفند کے

## حرف القاف

**فصل پچانوے** قرص ہائے دافع صداع وتپ وکھانسی وغیرہ امراض آلات تنفس مین **قرص مثلث** یعنی سہ گوشہ واضع نے اختراع اس شکل کے بنانے کا صرف اس غرض سے کیا کہ شکل دیکھتے معلوم ہو جاوے کہ خوردنی نہین ہی الغرض پیشانی وکنپٹی پر طلا کرنے سے درد سر ودرد نیم سر وبیخوابی دفع ہوتی ہی امراض بارد مین ساتھہ آب حنا وآب مرزنجوش وشل اوسکے وحار مین بآب لیموں یا آب کشنیز یا سرکہ یا آب کو کنار وامثال اوسکے گھس کر طلا کرین **ص** مرکی افیون بزرالبنج کافور زعفران عنبر لادن پوست بیخ لفاح دس دس ماشہ کندر انزروت آملہ گل ارمنی ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ سفوف کر کے عرق گلاب مین بناوین **قرص** کہ صداع وسرسام

فلدفیون

فنادیقون

فودنجی

فروربوس

قرص مثلث دافع درد سر ودرد نیم سر وبیخوابی

قرص نافع صداع

وتپ و کھانسی کو نفع دیوے و خواب لاوے و ہذیان و تشنگی کو دفع کرے ص مغز تخم کدوے دراز مغز تخم خیارین
تخم کاہو دو دو تولہ رب السوس نشاستہ گندم کتیرا ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ افیون ایک ماشہ ساتھہ لعاب اسپغول کے قرص
بناوین قرص کہ سرفہ و آماس جگر کو مفید ہو ص گل مغسول تخم کاسنی بادیان تخم خرفہ تخم خشخاش صمغ عربی رب السوس
مغز تخم خیارین مغز تخم کدوے دراز نو نو ماشہ ریوند چینی تخم کشوث چھہ چھہ ماشہ طباشیر کبود تین ماشہ قرص بنفشہ
کہ خشونت سینہ و سرفہ و ذات الجنب و سل و اسہال صفرا کو نفع کرے ص گل بنفشہ ایک تولہ برگ بنفشہ ایک تولہ
سقمونیا بریان چار ماشہ رب السوس کتیرا نشاستہ چھہ چھہ ماشہ نبات سفید ڈیڑھ تولہ لعاب اسپغول مین بناوین
قرص سرطان کہ سل و دق و نفث الدم کو دفع کرے ص سرطان محرق اڑھائی تولہ طباشیر کہربا پوست
خشخاش بودادہ کافور سنگ جراحت گل ارمنی تین تین ماشہ نشاستہ گندم مغز تخم خیارین ایک ایک تولہ گل سرخ
رب السوس کتیرا صمغ عربی بریان تخم خرفہ بریان نو نو ماشہ افیون ایک ماشہ ساتھہ لعاب بہدانہ کے بناوین
قرص صندل کہ حمیات حادہ و تشنگی و گرمی جگر و معدہ و خشکی زبان و صعود ابخرۂ صفراوی کو دفع کرے ص مغز
تخم خیارین دراز کافور کتیرا پانچ پانچ ماشہ صندلین نو نو ماشہ رب السوس تخم خرفہ کتیرا گل سرخ طباشیر سفید چار چار ماشہ
ساتھہ لعاب اسپغول کے بناوین آب انار شیرین یا آب سیب کے ساتھہ کھائین قرص طباشیر قابض کہ تپ کہنہ
و اسہال صفراوی کو نفع کرے ص طباشیر گل سرخ تخم کاسنی تخم کاہو تخم خرفہ سماق چھہ چھہ ماشہ گلنار صندل سفید
تخم چوکا کافور تین تین ماشہ افیون ڈیڑھ ماشہ قرص طباشیر ملین کہ تپہاے صفراوی کو دفع و تقویت معدہ
و تسکین حرارت کی کرے ص طباشیر سفید سات ماشہ گل سرخ نو ماشہ زرشک چھہ ماشہ سقمونیا بریان تین ماشہ
ساتھہ آب کاسنی کے بناوین قرص کافور کہ یرقان و تپہاے گرم کو مفید ہو ص زرشک تخم کاسنی گل سرخ
مغز تخم خربزہ مغز تخم کدوے دراز صندل سفید نو نو ماشہ کتیرا کافور رب السوس تین تین ماشہ ساتھہ لعاب
اسپغول کے بناوین قرص کہل کہ کھانسی و تھوک مین خون آنے کو و بواسیر خونی کو دفع کرے ص شاخ
گوزن سوختہ اقاقیا پرسیاوشان گلنار مازو بیخ الجبار نو نو ماشہ سرمۂ اصفہانی تین ماشہ دم الاخوین
چھہ ماشہ ساتھہ آب بارتنگ کے بناوین قرص کہربا کہ خون تھوکنے و اجراے خون
بواسیر کو دفع کرے ص کہربا تخم خرفہ ایک ایک تولہ شاخ گوزن سوختہ کتیرا صمغ عربی
کشنیز خشک بریان تخم خشخاش سفید چھہ چھہ ماشہ نشاستہ نو ماشہ بہ آب بارتنگ بناوین

**فصل چھیانوے** اقراص نافع تپ و امراض آلات غذائی قرص غافث کہ یرقان و درد جگر و طحال

قرص نافع سرفہ و آماس جگر
قرص بنفشہ نافع ذات الجنب و سل و اسہال صفرا
قرص سرطان کہ نافع دق و نفث الدم ہے
قرص صندل نافع حمیات حادہ و گرمی جگر و معدہ
قرص طباشیر قابض نافع تپ کہنہ و اسہال صفراوی
قرص طباشیر ملین نافع تپ صفراوی و مقوی معدہ
قرص کافور نافع یرقان و تپہاے گرم
قرص کہل کہ کھانسی و تھوک مین خون آنیکو و بواسیر خونیکو دفع کرے
قرص کہربا دافع اجراے خون بواسیر و خون حلق
قرص غافث دافع تپ ربع و تپ کہنہ

وتپ کہنہ وتپ ربع کو دفع وسدۂ احشا کی تفتیح کرے ص عصارۂ غافث اڑھائی تولہ سنبل الطیب دو تولہ
طباشیر سفید ایک تولہ **قرص لک** کہ استسقاء لحمی کو مفید و مفتح سدۂ احشا ہے ص لک مغسول دو تولہ ریوند چینی
ایک تولہ اسارون سنبل الطیب مصطکی تخم کرفس انیسون نانخواہ اذخر قسط شیریں فلفل سیاہ زنجبیل ہر یک چھ چھ ماشے
**قرص گل سرخ** کہ استسقاء و معدہ و جگر و طحال و اسہال کو مفید ہو ص گل سرخ ایک تولہ گلنار زرشک
سماق کزمازج تخم حماض تخم کاسنی فرنجمشک تخم خرفہ چار چار ماشہ سعد فقاح اذخر سنبل الطیب ریوند چینی
لک مغسول بیخ کبر کافور دو دو ماشہ افیون ایک ماشہ **قرص فوہ** کہ ورم طحال کو مفید ہو ص مجیٹھ ایک تولہ
زراوند طویل نو ماشہ ریوند چینی تین ماشہ سہاگہ بریان دو ماشہ دو عدد انجیر سرکہ میں پیس کر اوسمیں ملا کے
قرص بناویں **قرص افسنتین** کہ درد و ورم معدہ کو مفید ہو ص افسنتین رومی انیسون تخم کرفس ہموزن مساوی
**قرص مصطکی** کہ قے و ہچکی امتلائی کو مفید ہو ص عود خام مصطکی ایک تولہ پوست بیرون پستہ دو تولہ گل سرخ
ڈیڑھ تولہ **قرص زنجبیل** کہ اسہال و پیچش کو مفید ہو ص زنجبیل بیل گری کشنیز خشک رال سفید ہموزن مساوی

**فصل ستاونویں** اقراص امراض آلات بول میں **قرص ذیابیطس** ص طباشیر پانچ ماشہ تخم خرفہ تخم کاہو
سات سات ماشہ تخم حماض گل سرخ کشنیز خشک گل ارمنی تین تین ماشہ صندل سفید گلنار سماق دو دو ماشہ
کافور چار سرخ بہ آب برگ خرفہ بناویں و بہ آب انار شیریں کھاویں **ایضاً** قرص ذیابیطس ص حب الآس تخم حماض
دو دو ماشہ صمغ عربی نشاستہ ایک ایک تولہ ساتھ لعاب اسپغول کے بناویں **قرص کاکنج** کہ ریم و قرحۂ گردہ
و مثانہ و حرقت بول کو دفع کرے ص مغز تخم خیارین مغز تخم خربزہ تخم خرفہ چار چار ماشہ گل سرخ طباشیر
گل ارمنی صمغ عربی نشاستہ دم الاخوین دانہ خشخاش سیاہ تین ماشہ مغز بادام شیریں مغز چلغوزہ دس دس ماشہ
کاکنج ایک تولہ ساتھ لعاب بہدانہ کے بناویں **قرص کہربا** کہ بول الدم کو نفع کرے ص کہربا پانچ ماشہ
گلنار کندر سماق صمغ عربی تین تین ماشہ افیون چار سرخ **قرص لبوب** کہ قروح گردہ و مثانہ کو ریم سے پاک کرے
وصحت دیوے ص نشاستہ ایک تولہ تخم خطمی تخم خبازی تخم خرفہ تخم کرفس بادیان تین ماشہ بزر البنج افیون ایک ایک ماشہ
مغز فندق مغز بادام شیریں مغز تخم خیارین مغز تخم کنار مغز تخم خربزہ مغز تخم کدوے شیریں مغز چلغوزہ
رب السوس تخم حماض گل ارمنی پانچ پانچ ماشہ ساتھ لعاب تخم السی کے بناویں **قرص مسک البول**
ص کزمازج اقاقیا پوست ہلیلہ کابلی کشنیز بریان گلنار گل ارمنی جفت بلوط حب الآس مساوی
**قرص دافع سوزاک** ص قلعی کشتہ ست سلاجیت کتیرا گل ارمنی دانہ خشخاش سفید صمغ عربی تخم خیارین

قرص لک نافع سدہ احشا و نافع استسقاء لحمی
قرص گل سرخ نافع استسقاء معدہ و جگر و طحال
قرص فوہ نافع ورم طحال
قرص افسنتین نافع درد معدہ و غیرہ
قرص مصطکی نافع قے و ہچکی امتلائی
قرص زنجبیل نافع اسہال و پیچش
قرص ذیابیطس
قرص کاکنج دافع ریم و قرحۂ گردہ و مثانہ
قرص کہربا نافع بول الدم
قرص لبوب قروح گردہ و مثانہ کو ریم سے پاک کرے
قرص مسک البول
قرص دافع سوزاک

تخم خرفہ مقشر مغز تخم کدو شیرین بوزن مساوی ساتھ لعاب اسبغول کے بناوین ساتھ شیر گاو آب آمیختہ کے کھاوین

**قیروطی دافع قروح بینی**

فصل اٹھانوے قیروطی یعنی موم روغن مین قیروطی دافع قروح ناک کی ص موم زرد ایک تولہ
روغن گل تین تولہ مین گداخت کرکے مردار سنگ دو ماشہ قلعی کشتہ چار ماشہ مخلوط کرین قیروطی کہ

**قیروطی دافع قروح وخشک ریشہ**

قروح وخشک ریشہ کو دفع کرے ص روغن چنبیلی دو تولہ آگ پر رکھ کے موم زرد ایک تولہ مغز ساق بز ایک تولہ
کتیرا چھ ماشہ حل کرین قیروطی کہ شقاق لب ودست وپا کو دفع کرے ص روغن گل تین تولہ آگ پر رکھ کر

**قیروطی دافع شقاق لب ودست وپا**

موم زرد ڈیڑھ تولہ چربی مرغابی کی ایک تولہ کتیرا تین ماشہ ملا کے بناوین قیروطی کہ ذات الجنب وذات الصدر کو

**قیروطی دافع ذات الجنب وذات الصدر**

دفع کرے ص روغن بنفشہ پانچ تولہ آگ پر رکھ کر موم سفید دو تولہ کتیرا نو ماشہ ممزوج کرین ایضاً برگ بنفشہ
صندل سفید تخم خطمی اکلیل الملک آرد جو سبوس گندم بوزن مساوی کوٹ چھان کے موم روغن مین کہ روغن بنفشہ
یا روغن گل یا روغن کنجد سفید مین بنایا ہوئے مخلوط کرین ایضاً گل بنفشہ اکلیل الملک گل بابونہ تخم خطمی اسبغول
گل سرخ نو نو ماشہ پانی مین جوش کرکے صاف کرین و پانچ تولہ روغن کنجد ملا کے پکاوین جب پانی جل جاوے دو تولہ

**قیروطی دافع ضیق النفس بارد**

موم زرد داخل کرین قیروطی دافع ضیق النفس بارد ص موم زرد تین تولہ روغن کنجد سیاہ چھ تولہ مین
گداخت کرکے وحلبہ نو ماشہ کلونجی اصل السوس چار چار ماشہ عاقرقرحا دو ماشہ کوٹ چھان کے مخلوط کرین

**قیروطی دافع ضیق النفس وسعال حار**

قیروطی دافع ضیق النفس وسعال حار ص کاہو کشنیز دو دو تولہ گل نیلوفر برگ بنفشہ ایک ایک تولہ پانی مین پیس چھان کر

**قیروطی نافع ورم خصیہ**

روغن کنجد سفید چھ تولہ مین پکاوین جب پانی جل جاوے موم سفید اڑھائی تولہ داخل کرین قیروطی نافع ورم خصیہ
ص موم زرد دو تولہ روغن گل چار تولہ مین گداخت کرکے مقل ازرق کندر چار چار ماشہ مخلوط کرین

**قطور نافع قرحہ کان ودافع چرک وریم**

فصل ننانوے قطور مین قطور کہ قرحہ کان کو نفع وچرک وریم کو دفع کرے ص صبر انزروت کف دریا
بورہ ارمنی دم الاخوین کندر مساوی الوزن پانی مین پیس کر دو تین قطرے سرکہ ملا کے کان مین ٹپکاوین وبعد عطسے

**قطور دافع درد حار گوش**

دفع کرین قطور کہ درد حار کان کو دفع کرے ص افیون ایک ماشہ روغن گل دو تولہ مین گھول کر چند قطرہ
سرکہ ملا کے ٹپکاوین ایضاً کہ درد شدید کان کو دفع کرے ص کافور افیون مساوی شیر دختر یا شیر بز مین گھول کر

**قطور دافع آواز گوش**

ٹپکاوین قطور کہ آواز گوش کو دفع کرے ص کندر زعفران مساوی شراب مین گھول کر ٹپکاوین ایضاً قرنفل
تین عدد دو تولہ آب مرزنجوش مین گھس کر ٹپکاوین ایضاً خربق سفید دو ماشہ جند بیدستر ایک ماشہ پانی مین گھول کر

**قطور نافع سوزاک وقروح مثانہ**

قطرہ چند سرکہ ملا کے ٹپکاوین قطور کہ سوزاک وقروح مثانہ واحلیل کو مفید ہو ص انزروت دم الاخوین کندر
قلعی کشتہ نشاستہ افیون مساوی پانی مین گھول کر ٹپکاوین ایضاً صمغ عربی دو ماشہ نشاستہ گندم چار ماشہ شیر دختر

یا شیر بز مین حل کرکے **ایضًا** پوست خشخاش نشاستہ رب السوس مساوی شیر مین پیس کے چھان کر ٹپکاوین

## حرف الکاف

**فصل ستوین** کحل ہا مین **کحل** قاطع و دافع آنکھ کی پھلی کا **ص** کلی تازہ چنبیلی کلی تازہ کنجد سفید مرچ سیاہ چار چار تولہ پھٹکری بریان سات تولہ خوب کھرل کرکے پھر خشک کرکے کھرل کرین **کحل** کہ پھولی و جالا و ڈھلکہ و دھندھ و خیالات و ابتدائے نزول رطوبات کو دفع و تقویت بینائی کی کرے **ص** سنگ سرمہ آب بادیان مین تین بار بوجھا کے ڈیڑھ تولہ استخوان سوختہ خرما ایک ماشہ ساذج ہندی چار رتی لسباسہ دو ماشہ بدستور صلایہ کرکے استعمال کرین **کحل** کہ جالا و ڈھلکہ کو دفع کرے و تقویت بصر کی کرے و آخر رمد کو بھی مفید ہو **ص** صدف سوختہ طوطیا مغسول نبات سفید بوزن مساوی سرمہ بناوین **کحل الجواہر** کہ قوت بصر کو زیادہ و دھندھ و سیلان رطوبت و آنے چرک کو دفع کرے **ص** مروارید ناسفتہ ایک ماشہ مرجان ڈیڑھ ماشہ فیروزہ لاجورد مغسول یاقوت رمانی عقیق سرخ چار چار سرخ ورق طلا ورق نقرہ پانچ پانچ عدد تین روز عرق کیوڑے مین صلایہ کرین اوسکے بعد مامیران چینی دو ماشہ سنگ بصری تین تین ماشہ طوطیا چھ رتی زعفران ڈیڑھ ماشہ ساذج ہندی کافور ایک ایک ماشہ مرچ سیاہ چار سرخ سنگ سرمہ دو تولہ ملا کے آب بادیان ڈال کر آٹھ پہر صلایہ کرین **کحل مامیران** کہ خارش چشم و دھندھ و ڈھلکہ کو دفع کرے و بال برونی کے جماوے و قوت باصرہ کی زیادہ کرے **ص** حضض ملی پھٹکری بریان مامیران چینی گھریا چاندی و سونے کی پوست بلیلہ چار چار ماشہ نوسادر معدنی ساذج ہندی لسباسہ تین تین ماشہ فلفل سیاہ کافور جٹامانسی طوطیا طباشیر کبود کشتہ رانگا ایک ایک ماشہ سنگ سرمہ سیاہ ڈیڑھ تولہ زہرہ بز ایک عدد آب بادیان مین آٹھ پہر صلایہ کرین **کحل چشخام** کہ آشوب چشم و اجرائے اشک و کوتہی چشم اطفال کو دفع کرے **ص** چشخام یعنی چاکسو دو تولہ ایک پوٹلی مین باندھ کر گدھے کی لید یا دال ماش مین پانی ڈال کر پکاوین و مقشر کرکے خشک کرین و باضافہ سنگ بصری چھ ماشہ پھٹکری بریان چار ماشہ رسوت تین ماشہ سنگ سرمہ نو ماشہ بدستور سرمہ بناوین **کحل** کہ شبکوری و جالا و ڈھلکا و غبار و رمد کہنہ و ناخنہ و پھلی کو دفع کرے **ص** مرچ سیاہ تین ماشہ زہرہ بز مین تسقیہ کرکے و سنگ بصری چھ ماشہ چار بار آب لیموں مین بوجھا کر مغز تخم کھرنی دو ماشہ غنچہ چنبیلی ایک تولہ آب بادیان مین صلایہ کرین

**فصل ایکسو ایک** کاجل و مگرے مین **کاجل** کہ پھلی و ڈھلکا و جالا و ناخنہ کو دفع و قوت باصرہ کی کرے **ص** مامیران چینی قرنفل سنگ بصری سرمہ سفید ایک ایک ماشہ زرد چوب بیخ گلاب مغز تخم کھرنی کونپل انار

کحل قاطع و دافع پھولی آنکھ

کحل کہ جالا و ڈھلکہ و دھندھ و خیالات و ابتدائے نزول وغیرہ کو دفع کرے

کحل کہ جالا کو دفع کرے و تقویت بصر کی کرے

کحل الجواہر مقوی بصر و دافع سیلان رطوبت

کحل مامیران مقوی بصر و دافع خارش چشم

کحل چشخام دافع آشوب چشم و اجرائے اشک

کحل دافع شبکوری و ڈھلکا

کاجل دافع ڈھلکا و جالا و ناخنہ و قوت باصرہ کی کرے

کو نپل بکاین تین ماشہ سفوف کرکے روغن گاو دو تولہ مین ملاکر پارچہ تنگ معصفر مین لپیٹ کر فتیلہ بناوین پھر روغن

**کاجل مقوی بصر و رافع خارش چشم**

تلخ کے ساتھ چراغ مین روشن کرکے ظرف خام مین کاجل لیوین **کاجل** کہ تقویت بصر و روشنی آنکھ کی کرے و دفع خارش کو بہت مفید ہی **ص** نیم کے پھول یا بکاین کے پھول روئی مین لپیٹ کر روغن سرشف سے چراغ مین جلاوین دھوان اوسکا سفالی خام مین لیوین اور کپڑے کی پوٹلی مین سخت باندھ کر چالیس روز تک بادیان کے پانی مین پڑی

**کاجل پلک جمانے والا**

رکھین مدت کے بعد نکال کر رکھ لین و لگایا کرین **کاجل** کہ بال برونی کے جماوے و سرخی آنکھ کی جو آشوب کے بعد رہتی ہو یا زردی جو بیمار یون سے آنکھ مین ہو جاتی ہی دفع کرے **ص** ہندال تازہ کو چیل کر نچوڑین اور اوس پانی مین تین چار بار کپڑا تر و خشک کرکے آنبہ ہلدی ایک تولہ پھٹکری سفید نو ماشہ سفوف کرکے لپیٹین اور

**کاجل رافع زردی و سرخی بعد آشوب چشم**

روغن سرشف سے چراغ مین جلاکے بدستور کاجل لیوین **ایضا** آنبہ ہلدی کو بادیان کے پانی مین پیس کر کپڑا رنگ کر اوس کپڑے مین چند خانہ عنکبوت جو مثل کاغذ کے دیوار و زمین لگاتی ہو آلایش صاف کرکے رکھین اور روغن سرشف سے چراغ مین جلاکے بدستور کاجل لیوین **گھرہ** کہ آشوب چشم و درد و اشک کو دفع کرے **ص**

**گھرہ رافع آشوب و درد و اشک چشم**

پھٹکری بریان تین تولہ افیون خالص چھ ماشہ ظرف آہنی مین دستہ آہنی سے عرق لیموں ڈال کر رگڑین کہ پاو بھر عرق لیموں جذب ہو جاے پس او تھار رکھین و جب خشک ہو جاے پانی سادہ ڈال کر ڈھیلا کر لیوین **ایضا** رسوت پھٹکری بریان آنبہ ہلدی چھ چھ ماشہ پٹھانی لودھ تین ماشہ افیون دو ماشہ آملے کی تازہ پتی کا پانی ڈال کر پھول کے برتن مین کوڑی کلان سے رگڑین جب یکذات ہو جاے او تھار رکھین **ایضا** رتن جوت پٹھانی لودھ پھٹکری بریان تین تین ماشہ افیون خالص دو ماشہ ظرف آہن مین دستہ نیب کے آب جو شاندہ ترپھلا ڈال کر رگڑین ؞ ؞ ؞

**فصل ایک سو دو کماد یعنی سینک مین**

**کماد نافع درد نیم سر و ریاح غلیظ**

**کماد** کہ دردِ نیم سر و دردہاے شدید و ریاح غلیظ کو نفع کرے **ص** برگ دونا مروا گل بابونہ برگ تلسی کچل کر کپڑے کی پوٹلی مین باندھ کر نیم گرم کرکر کے سینکین **کماد** کہ بحالت سکتہ کے سکتہ کو

**کماد نافع صاحب سکتہ**

نفع کرے **ص** قرنفل سیاہ سہ جوز بوا عاقرقرحا چھ چھ ماشہ نمک خوردنی دو دو تولہ سفوف کرکے آرد باجرا پاو بھر ملاکے دو پوٹلی بناکے سینکین **کماد** کہ درد ریحی معدہ کو نفع کرے **ص** نانخواہ زیرہ سفید بادیان اجمود ہر زنجبیل دو دو

**کماد نافع درد ریح معدہ**

نمک کھاری چار تولہ سفوف کرکے آدھ پاو سبوس گندم مین ملاکے دو پوٹلی بناوین **ایضا** اجواین و نمک و سبوس گندم بقدر مناسب مخلوط سینک کرین **کماد** کہ تحلیل ریاح و دفع درد احشا و مراق کی کرے **ص**

**کماد محلل ریاح و رافع درد احشا و مراق**

برگ شبت تازہ پودینہ تازہ دو دو تولہ انیسون بادیان تخم کرفس ایک ایک تولہ پانی مین جوش دیکر صاف کرکے مثانہ گوسفند یا بوتل مین بھر کے سینک کرین **کماد** کہ درد جگر و طحال کو مفید ہی **ص** برگ مکوے برگ کاسنی

**کماد نافع درد جگر و طحال**

برگ سینھالو برگ سداب بقدر مناسب جوش دیکر سرکۂ خالص مین ملاکے کپڑا ترکرکے سینک کرین

**فصل ایک سو تین** کبوس مین **کبوس** کہ استرخاے مقعد کو مفید ہی **ص** جفت بلوط کندر گھر یا چاندی کی تین تین ماشہ سفوف کرکے برگ تازہ ببول دو تولہ پیس کر ملاوین و سر دباندھین **کبوس** کہ خروج مقعد کو دفع کرے **ص** برگ کنار ایک تولہ بھانگ دو تولہ آنبہ ہلدی مازو سبز چھہ چھہ ماشہ بعد داخل کرنے مقعد کے باندھین **کبوس** کہ درد ریحی ہر مقام کو مفید ہی **ص** گلچکان تین جزو تماکو خوردنی ایک جزو پیس کر شیہ گرم باندھین **کبوس** کہ اکوتہ کو دفع کرے **ص** کھلی سہاتل کی و ریگ دریا مساوی پانی مین ٹکیہ بنا کر باندھین و چار پہر کے بعد تجدید کرین

کبوس نافع استرخاے مقعد
کبوس دافع خروج مقعد
کبوس نافع درد ریحی
کبوس دافع اکوتہ

## حرف کاف فارسی

**فصل ایک سو چار** گلقندون کے بیان مین **گلقند** مطلق کا مفہوم گلقند گلاب کے پھول کا ہی دافع مضرات صفراوی مفرح و ملین طبع و دوسرے اجزاء مناسب کے ساتھہ مسہل اخلاط ثلثہ و مخرج سدۂ امعا و دافع قولنج و مغص و درد معدہ ہی شیخ بوعلی نے اپنی تصانیف مین لکھا ہی کہ دیکھی مینے ایک عورت جوان جسکو تپ دق شروع تھی دوسرے درجے مین ملین نے مداومت کرائی صرف گلقند کی یہان تک کہ غذا مین بھی اکثر شامل کیا مدت ایک سال مین صحت کلیہ پائی و توالد و تناسل اوس سے ہوا **گلقند سیوتی** کہ مفرح طبع و دافع وسواس سوداوی و توحش و خفقان و مالیخولیا مراقی ہی بدستور گلقند آفتابی یا آبی کے بناوین **گلقند گڑھل** کہ دافع خفقان و توحش طبع و مولد خون صالح و دافع مضرات صفراوی و سوداوی ہی بدستور گلقند آبی کے بناوین نصف وزن پھولون کے آب لیمون کاغذی خواہ آب انار ترش ملاکے **گلقند خیار شنبر** کہ ملین طبع و مسہل صفراوی ہی **ص** پھول تازہ خیار شنبر کا صرف پنکھڑی لیکر ہم وزن شکر سرخ مین ملاکر بدستور گلقند آفتابی کے بناوین **گلقند نیب** کہ مصفی خون و دافع امراض سوداوی و مفتح سدہ ہاے عروق ہی **ص** پھول تازۂ نیب ہم وزن شہد خالص مین مخلوط کرکے بدستور گلقند آفتابی کے بناوین **گلقند خشخاش** کہ حابس طبع و دافع اسہال و دافع نزلہ و مفید سرفۂ رطوبی ہی **ص** پھول تازۂ خشخاش ریزہ ریزہ کرکے سہ چند شکر سفید مین مالش کرکے تین روز تک آفتاب مین رکھین **گلقند حنا** کہ مصفی خون و دافع نزلہ ہی **ص** پھول تازہ حنا کے ہچند شہد خالص مین مخلوط کرکے تین روز تک آفتاب مین رکھین

گلقند دافع قولنج و درد معدہ
گلقند سیوتی مفرح طبع
گلقند گڑھل دافع توحش
گلقند خیار شنبر ملین طبع و مسہل صفرا
گلقند نیب مصفی خون
گلقند خشخاش حابس طبع
گلقند حنا مصفی خون

## حرف اللام

**فصل ایک سو پانچوین لخلخہ مین** لخلخہ کہ صداع و شقیقہ حار کو مفید ہو ص صندل سفید کشنیز خشک
گلاب مین پیس کر تھوڑا سرکہ خالص ملا کے لخلخہ کرین لخلخہ کہ صداع و شقیقہ بارد کو مفید ہو ص برگ مرزنجوش
برگ تلسی پانی مین پیس کر اوسمین سفوف قدرے زنجبیل و مرچ سیاہ و چوب ملا کے لخلخہ کہ درد سر و سرسام
حار کو مفید ہو ص صندلین کشنیز خشک گل ارمنی پانی مین پیس کر تھوڑا کافور ملا کے + + + + + +

**فصل ایک سو چھٹین لطوخ مین** لطوخ کہ دونو کنپٹی پر لیپٹا نے سے شقیقہ و درد سر کو نفع کرے ص
ایلوہ تخم کاہو بزر البنج کتیرا دو دو ماشہ افیون ایک ماشہ زعفران چھہ رتی سرکہ مین حل کر کے ایضاً کتیرا صمغ
عربی خشخاش دو دو ماشہ دم الاخوین حضض گل سرخ افیون ایک ایک ماشہ سفیدۂ تخم مرغ مین ملا کے ایضاً
کوکنار گل سرخ کشنیز خشک چار چار ماشہ گل بابونہ بزر البنج تین تین ماشہ صندل سفید دو ماشہ افیون ایک ماشہ
لطوخ کہ زکام مزمن کو دفع کرے ص لوبان گوگل مصطکی رومی گل بابونہ جٹا مانسی بوزن مساوی
پانی مین پیس کر تھوڑا روغن گل ملا کے ایضاً افیون تین جز زعفران ایک جز باہم ملا کے + + + + + +

**فصل ایک سو ساتوین لعوق مین** لعوق بادام کہ خشکی حلق و حنجرہ و کھانسی خشک کو مفید ہو ص
مغز تخم کدو دراز مغز بادام شیرین دو دو تولہ نشاستہ کتیرا صمغ عربی رب السوس ایک ایک تولہ سفوف باریک
کر کے قوام نبات سفید یا شکر ایک پاؤ مین ملاوین لعوق کہ ضیق النفس و گرفتگی آواز کو مفید ہو ص تخم السی
دو تولہ تخم سیتھی چار ماشہ مغز بادام شیرین مویز کتیرا اصل السوس مغز چلغوزہ نشاستہ صمغ عربی ایک ایک تولہ
سفوف باریک کر کے قوام شکر سفید پاؤ بھر مین مخلوط کرین لعوق کہ گلے سے خون نکلنے کو نفع و حرارت مزاج کبد
دفع کرے و بواسیر کو مفید ہو ص تخم خرفہ طباشیر سات سات ماشہ مغز تخم کدو دراز مغز تخم خیار دراز ایک
ایک تولہ لعاب اسپغول لعاب بارتنگ تین تین تولہ کا نبات سفید آدھ پاؤ کے قوام مین ملاوین لعوق خشخاش کہ کھانسی
نزلہ کو دفع کرے ص اصل السوس مقشر تخم خطمی بہدانہ ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ پوست خشخاش ایک تولہ تین پاؤ
پانی مین خیساندہ و جوشاندہ بنا کے ڈیڑھ پاؤ شکر سفید مین قوام کر کے رب السوس کتیرا صمغ عربی ایک ایک تولہ
سفوف کر کے ملاوین لعوق ابہل کہ باستعمال ایک ہفتے کے ربو کو دفع کرے ص ابہل چھہ تولہ سفوف
کر کے تین تولہ روغن گل مین مخلوط کر کے پاؤ بھر شہد خالص کف گرفتہ مین ملاوین لعوق زوفا
کہ ربو و سرفۂ کہنہ کو مفید ہو و سینہ و شش کو اخلاط غلیظہ سے پاک کرے ص زوفائے یابس بیخ سوسن کبود
ایک ایک چھٹانک جوشاندہ بنا کر ڈیڑھ پاؤ شہد خالص ملا کے گرم کرین و مکرر صاف کر کے قوام کرین و اگر بیخ

لخلخہ نافع صداع حار
لخلخہ نافع شقیقہ بارد
لخلخہ نافع سرسام حار
لطوخ نافع درد شقیقہ
لطوخ دافع زکام مزمن
لعوق نافع خشکی حلق وغیرہ
لعوق نافع ضیق النفس
لعوق نافع خون گلو و حرارت مزاج کبد
لعوق خشخاش دافع سرفۂ نزلہ
لعوق ابہل کہ در یک ہفتہ ربو را دفع کند
لعوق زوفا نافع سرفۂ کہنہ

لعوق نافع مسلول و سرفۂ خشک

سوسن ستیاب نہو تو ہموزن اوسکے شونیز داخل کرین لعوق کہ مسلول کو اور سرفۂ خشک کو مفید ہو ص بہدانہ اسپغول تخم خطمی ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ کا لعاب نکال کر آب انار شیرین آب خیارہ دراز آب کدو دراز آب برگ خرفہ مروق ہر ایک آدھ آدھ پاؤ شکر سفید آدھ سیر باہم مخلوط کرکے قوام کرین و صمغ عربی کتیرا مغز بادام شیرین مقشر تخم خشخاش ایک ایک تولہ رب السوس شکر تیغال چھ چھ ماشہ سفوف کرکے ملاوین شبانہ روز قدرے قدرے لعق کرین

لعوق سپستان نافع سرفۂ بلغمی و نزلہ از مجربات

لعوق سپستان کہ سرفۂ بلغمی و نزلے کو مفید و مجربات سے ہی ص سپستان پختہ پچاس عدد عناب بیس عدد اصل السوس و تخم خطمی ایک ایک تولہ پوست خشخاش دو تولہ بہدانہ چھ ماشہ جوشاندہ بنا کر شکر سفید آدھ سیر ملا کے قوام کرین و آخر قوام مین جو مقشر مغز بادام شیرین مقشر تخم خشخاش ایک تولہ شیرہ بنا کر ملاوین بعد طیاری قوام کے رب السوس کتیرا صمغ عربی چھ چھ ماشہ سفوف کرکے ملاوین شبانہ روز مین پانچ چار بار لعق کرین

## فصل ایک سو آٹھوین لبوب اور لوز مین

لبوب کہ گردے کو گرم اور دل و دماغ کو قوت اور بدن کو فربہی کرے

لبوب کہ گردے کو گرم اور قوی اور قوت باہ و منی کو زیادہ کرے اور دل اور دماغ کو قوت اور بدن کو فربہی دیوے اور فرحت اور نشاط لاوے و امر مجامعت و اصلاح منی و قوت اعضاے تناسل مین عدیم المثال ہی ص مغز پستہ مغز بادام مغز نارجیل مغز فندق مغز اخروٹ مغز چلغوزہ مغز تخم کدو مغز پنبہ دانہ خشخاش سفید کنجد سفید مقشر ہر ایک تین تین تولہ تخم گزر تخم شلجم تخم ترب تخم پیازہ تخم گندنا لسان العصافیر بلیون تخم ہالم ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ پانی مین ایسا پیسین کہ پارچہ بیز کر نکل پڑے اور اوسکو قوام شکر سفید تین پاؤ اور شہد پاؤ بھر مین مخلوط کرکے پکاوین کہ پانی جل جاوے اوسمین سفوف خولنجان و شقاقل و بہمنین و تودرین و ثعلب مصری ایک ایک تولہ داخل کرین

لبوب منی او زیادہ و گردہ و مثانہ و باہ کو قوت دیوے

لبوب کہ منی زیادہ کرے و گردہ و مثانہ و باہ کو قوت بہت دیوے ص شکر سفید و شہد خالص آدھ آدھ سیر باہم ملا کے قوام کرین و سفوف دارچینی و خولنجان و زنجبیل تخم ہالم بہمنین و تودرین ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ پودینہ خشک ایک تولہ مرچ سیاہ عاقرقرحا جایفل جاوتری لونگ چھ چھ ماشہ کا ملاوین ان بعد مغز بادام شیرین مغز اخروٹ مغز نارجیل مغز فندق مغز چلغوزہ مغز پستہ تین تین تولہ چرونجی چھ چھ تولہ نرم کوٹ کر مخلوط کرین

لبوب بارد نقصان باہ کو کہ اگر حرارت سے ہو نافع ہو

لبوب بارد نقصان باہ کو اگر حرارت سے ہووے مفید ہی ص نبات سفید ڈیڑھ پاؤ ترنجبین خراسانی آدھ پاؤ شہد خالص پاؤ بھر شیرۂ تخم خشخاش و کنجد سفید مغز تخم کدوے شیرین مغز تخم خیارین مغز تخم خربزہ مغز تخم تربز تین تین تولہ ملا کے قوام کرین و سفوف ثعلب مصری و شقاقل مصری دو دو تولہ کا داخل کرین

لوزہ مقوی باہ و نافع صاحب نزلہ

لوزہ کہ تقویت باہ کرے و صاحب نزلہ کو مفید ہی ص مغز بادام مقشر آدھ پاؤ مغز پستہ تخم خشخاش سفید ایک چھٹانک شیرہ کرکے نبات سفید ڈیڑھ پاؤ مائدۂ گندم ایک پاؤ

روغن گاؤ تین چھٹانک مین بریان کیا ہوا باہم مثل حلوا کے سخت پکاوین اور زعفران تین ماشہ دانہ الایچی سفید چھ ماشہ سفوف کرکے داخل کرین اور بحالت گرمی کے جما کر ٹکڑا ٹکڑا تراش رکھین

## حرف المیم

ماء اللحم سادہ کہ مقوی قلب و فربہی بدن کی کرے و نافع تپ دق

ماء اللحم مرکب کہ مقوی دل و دماغ و باہ و تصفیہ خون و فربہی بدن کرے

**فصل ایک سو نوین** ماء اللحم مین شیخ الرئیس بو علی نے لکھا ہے کہ اگرچہ گوشت غذا ہے مگر بابی اوسکا دفع ضعف قلب و دیگر امراض مین واسطہ معقول ہو و بعض اطبا نے چند گوشت کو جمع کرنا پسند نہین کیا بدین وجہ سریع الہضم و بطی الہضم یکجا کرنا نچاہیے مگر اکثر اطبا نے گوشت طیور کو ساتھ گوشت بز کے جمع کرنا جائز اور روا کیا ہے **ماء اللحم** سادہ کہ تقویت قلب و توانائی و فربہی بدن کی کرے و اشربہ مناسبہ کے ساتھ تپ دق کو مفید ہو **ص** گوشت بکرا جوان و فربہ کا چربی و سفیدی دفع کرکے پوٹلی دھنیان و تیج پات و الایچی سرخ دارچینی ڈال کے دیگ سربستہ مین جوش دیوین جب گوشت خوب گلجاوے تو بھپکہ لگا کے عرق کھینچین **ماء اللحم مرکب** تقویت دل و دماغ و دیگر اعضائے رئیسہ و باہ کی و صلاح اخلاط و تصفیہ خون و فربہی بدن کی کرے **ص** گوشت صاف بکرا جوان کا سات سیر گوشت صاف کبوتر دس عدد و بٹیر چالیس عدد کا مرغ جوان دو عدد تیتر چار عدد و کنجشک خانگی خواہ دشتی پچاس عدد با ضافہ پوٹلی دارچینی ایک چھٹانک قرنفل ایک تولہ الایچی سرخ تیج پات ڈیڑھ ڈیڑھ چھٹانک پیاز مسلم پاؤ بھر دیگ سربستہ مین جوش کرین جب گوشت گلجاوے پوٹلی کو دفع کرکے گوشت کو مل کر پانی صاف کرلین اوسمین اجزائے مفصلہ جو ایک شب پانی مین تر رکھا ہو ڈال کر پانچ سیر شیر گاؤ تازہ ملا کے عرق کھینچین اور سر نیچہ پر پوٹلی زعفران تین ماشہ دانہ الایچی سفید چھ ماشہ کی باندھین برگ گاؤزبان گل گاؤزبان خشک آملہ کشمش خرما موصلا سیبنل بادرنجبویہ گل منڈی آدھ آدھ پاؤ اسطوخودوس دارچینی تج تیج پات گل سرخ تخم کاسنی برادہ صندل سفید برادہ صندل سرخ برادہ آبنوس گوکھرو کلان عناب گل نیلوفر ایک ایک چھٹانک بہمنین تودریین موصلین اندرجو چار چار تولہ **واضح** ہو کہ جو گوشت مذبوحا جائز نہووے یا باہم نہ پونچے اوسکے مخلوط نکرنے سے نقصان فوائد مین نہو گا بشرطیکہ اور سب اجزا داخل ہون اور اگر تقویت باہ زیادہ تر مقصود ہووے تو گوشت نیل کنٹھہ چار عدد و کھڑ بچہ یعنی خنگ گنجشک کشمیری دس عدد کا ایزاد کرین

ماء الشعیر یعنی آبجو

**فصل ایک سو دسوین** ماء الشعیر جسے آبجو کہتے ہین اور ماء الاصول مین **فائدہ** اتفاق اکثر اطبا کا اسبات پر ہو کہ کوئی غذائے دوائی ماء الشعیر سے بہتر نہین ہو اور اسمین دس خاصیت ہین مبرد و مفتح مستفرغ منقی معدہ سہل النفوذ لذیذ معتدل الغذا مسکن عطش مانع ہیجان اخلاط فاسدہ معدہ مین نفخ نہین کرتا

مگر احشاے بارد مزاج کو مضر ہی مصلح اوسکا گلقند ہو ص جو قسم علی مقشر ایک چھٹانک سوا سیر پانی مین جوش دیوین
جب پانی رنگین ہو جاے پانی دفع کر دیوین دوسرا پانی ڈال کے پکاوین جب اوسمین سرخی آوے وہ بھی تبدیل کرین اسی طرح
دو تین پانی تبدیل کرکے آخر مین خوب پکاوین کہ جو پھٹ جاوین و پانی گاڑھا ہو جاوے تب سرد کرکے صرف نبات سفید

ماء الشعیر ملحم
دافع ضعف مریض

خواہ کوئی دوسرا شربت ملا کے پیوین **ماء الشعیر ملحم** جب مریض کو طاقت دینا زیادہ منظور ہووے ماء الشعیر مین
گوشت داخل کرین اوسکی دو تدبیرین ہین ایک یہ کہ گوشت کو مثل قورما کے مصالحہ مناسبہ کے ساتھ پکاوین
مگر روغن نہ ڈالین اگر ڈالین تو نہایت کم بقدر بھوننے و خوشبو کرنے کے اوسمین جو مقشر کا دو پانی رنگین
دفع کرکے شامل کرین و پانی جدید مثل شوربا کے ڈال کر پکاوین مگر پانی زیادہ نہووے کہ بخوبی اثر گوشت کا نکلے
دوسرے یہ کہ جب ماء الشعیر اخیر پانی مین پکانے لگین تب آب یخنی گوشت اوس مین داخل کرکے پکاوین اگر چاہین
کہ ماء الشعیر مین قوت قابضہ ہووے تو جو مقشر کو بریان کرکے پکاوین خواہ تھوڑا پوست خشخاش ایک پوٹلی مین

ماء الاصول
نافع تپ بلغمی و ضیق النفس
و جگر و طحال و مفتح سدہ

باندھ کے داخل پخت اخیر کے کرین **ماء الاصول** کہ تپہاے بلغمی و ضیق النفس و گرفتگی آواز و تفتیح سدہ ہاے
جگر و طحال کو مفید ہی ص پوست بیخ بادیان پوست بیخ کاسنی اصل السوس مقشر ایک ایک تولہ بیخ اذخر بیخ
کرفس سنبل الطیب چھ چھ ماشہ مویز منقی عناب بیس بیس دانہ سوا سیر پانی مین جوش کرین جب چہارم حصہ
باقی رہے بدون ملنے کے صاف کر رکھین بقدر مناسب لے کر اوسمین کوئی شربت خواہ نبات سفید ملا کر پیا کرین

مقی دافع اخلاط صفرا
و بلغم از معدہ و نافع تپ

## فصل ایکسو گیارھوین مقیات مین

**مقی** کہ اخلاط صفرا اور بلغم کو معدے سے نکالے اور درد سر
و تپ کو نفع دیوے ص بیخ و برگ مولی برگ سواے اصل السوس غیر مقشر نیمکوفتہ سب کو بقدر مناسب جوش کرکے پانی صاف لیکر

مقی کہ خلط صفرا و بلغم
و سودا کو معدے سے خارج کرے

سکنجبین سادہ و نمک ملا کے شیر گرم بہت سا پی کر قے کرین **مقی** کہ خلط صفرا و بلغم و سودا کو معدے سے خارج کرے و تفتیح
وسوء النفس و درد گردہ کو نفع دیوے ص تخم خردل جوز القی تخم ترب تخم شبت اصل السوس چھ چھ ماشہ جوش کرکے
صاف کرکے سکنجبین سادہ دو تولہ نمک چار ماشہ ملا کر بتدریج پیوین و بعد تھوڑے توقف کے قے کرین

مضمضہ نافع درد دندان
و جوشش خون

## فصل ایکسو بارھوین مضمضہ مین

**مضمضہ** کہ قرحہ مسوڑھا و اندرون لب و جنبش و درد دانت و جوشش

مضمضہ دافع خون لثہ

خون کو نافع ہی ص گلنار ماز و نیمکوب کزمازج سماق مساوی الوزن جوش کرکے مضمضہ کرین **مضمضہ**
کہ خون آنا مسوڑھوں سے دفع کرے ص سماق سنبل الطیب زر ورد تین تین ماشہ برگ کنار باغستانی

مضمضہ نافع درد
دندان و قلاع حار

بیخ کنار جنگلی ایک ایک تولہ ماز و چار ماشہ جوش کرکے مضمضہ کرین **مضمضہ** کہ درد دندان و قلاع حار کو
بہت مفید ہو ص کشنیز خشک بار تنگ چھ چھ ماشہ پانی مین پیس کر صاف کرین و نو ماشہ اسپغول کا لعاب و ایک ماشہ

کافور ملا کے مضمضہ کرین واگر آب برگ تازہ مکوے یا آب برگ خرفہ ایزاد کرین زیادہ تر مفید ہوئے **ایضاً**
نافع درد دندان کہ رطوبت ونزلے سے ہوئے **ص** عاقرقرحا بزرالبنج چھ چھ ماشہ عدس ایک تولہ پوست خشخاش
سات ماشہ جوش کرکے **مضمضہ** کہ درد دندان کو دفع کرے **ص** پوست درخت سرس چار تولہ برگ چنبیلی
دو تولہ بادبرنگ تین ماشہ جوش کرکے **ایضاً** مکوے پوست خشخاش اسپند ایک ایک تولہ مجیٹھ چھ ماشہ جوش
کرکے **مضمضہ** کہ قلاع گرم وسرد کو دفع کرے **ص** انجیر چار عدد اکلیل الملک تخم السی ایک ایک تولہ جوش کرکے
صاف کرکے قدرے زعفران وروغن چنبیلی ملا کے **ایضاً** سماق زرور نونو ماشہ اقاقیا مازو چھ چھ ماشہ
جوش کرکے **مضمضہ** کہ گندہ دہنی کو بعد تنقیہ بلغم کے مفید ہو **ص** عود خام مصطکی قرنفل بسباسہ جوزبوا
تین تین ماشہ نیمکوب کرکے پوٹلی باندھ کر گلاب مین جوش کر رکھیں شبانہ روز مین بدفعات مضمضہ کیا کرین **ایضاً**
دافع بدبوے دہن **ص** شہد خالص کو پانی مین گھول کر مضمضہ کیا کرین **مضمضہ** کہ بطلان وفساد ذوق کو
دفع کرے اگر بلغم سے ہوئے **ص** خردل وعاقرقرحا ومویزج جوش کرکے واگر حرارت سے ہووے **ص** گل سرخ
وسماق جوش کرکے **مضمضہ** کہ دانتونکو مستحکم اور اوسکے درد کو دفع کرے **ص** گلنار اقاقیا کزمازج جفت بلوط
فوفل گل سرخ صندلین پوست انار ناگرموتھا بوزن مساوی جوش وصاف کرکے تھوڑا دم الاخوین ملا کے
**مضمضہ** کہ استرخاے زبان کو مفید ہو **ص** خردل زنجبیل مرچ سیاہ عاقرقرحا نوشادر نمک سجی کلونجی
پودینہ خشک نمک مساوی جوش کرکے **مضمضہ** کہ ورم زبان ودہان کو مفید ہو **ص** برگ بنفشہ میتھی تخم
السی اصل السوس مکوے نونو ماشہ انجیر چار عدد خیارشنبر تین تولہ جوش کرکے صاف کرکے نیمگرم مضمضہ کرین

**فصل ایکسو تیرھوین** مطبوخات دافع امراض معدہ وامعا وجگر وطحال واستسقا مین **مطبوخ** کہ ورم بلغمی
معدے کو نفع کرے **ص** گل گاؤزبان اذخر مصطکی تخم کرفس انیسون تین تین ماشہ پرسیاوشان بیخ بادیان پانچ پانچ ماشہ
جوش کرکے صاف کرین وبا اضافہ شیرہ مغز بادام پانچ دانہ شکر سرخ ایک تولہ کے پیوین **ایضاً** دافع ورم معدہ **ص**
بادیان کرفس مکوے مساوی جوش کرکے با اضافہ شیرہ مغز بادام وشکر سرخ کے **مطبوخ** کہ معدے کو قوت دیوے
وقے موقوف کرے **ص** انار دانہ نو ماشہ مصطکی پودینہ عود خام تین تین ماشہ بدستور جوش کرکے با اضافہ ایک تولہ
نبات سفید کے پیوین **مطبوخ** دافع سنگرہنی **ص** ناگرموتھا بیل گری کشنیز خشک تیز بالا زنجبیل خس
جملہ بوزن مساوی حسب مزاج جوش کرکے با اضافہ شکر سفید کے **مطبوخ** کہ ورم طحال کو دفع کرے **ص**
ہلیلہ سیاہ ہلیلہ زرد تین تین ماشہ شاہترہ وتخم کاسنی چھ چھ ماشہ تخم کشوث دو ماشہ آلو بخارا پانچ دانہ

مضمضہ نافع درد دندان
مضمضہ دافع قلاع حار وبارد
مضمضہ نافع گندہ دہنی
مضمضہ دافع بطلان وفساد ذوق
مضمضہ مستحکم کنندہ دندان ودافع درد
مضمضہ نافع استرخاے زبان
مضمضہ ورم زبان ودہان
مطبوخ نافع ورم بلغمی معدہ
مطبوخ مقوی معدہ وحابس قے
مطبوخ دافع سنگرہنی
مطبوخ دافع ورم طحال

گلقند آفتابی دو تولہ بدستور طیار کرکے مطبوخ کہ ورم جگر و معدہ و طحال و استسقا و یرقان کو دفع و تلطیف
اخلاط غلیظہ کی کرے و جگر و معدہ کو قوت دیوے ص مجیٹھہ مصطکی پوست بیخ بادیان پوست بیخ کرفس پوست
بیخ کاسنی انیسون تخم کرفس سنبل الطیب تین تین ماشہ تخم کشوث دو ماشہ مویز ایک تولہ بدستور طیار کرین
و باضافہ شکر سفید ایک تولہ و شیرہ بادام شیرین سات دانہ کے پیوین مطبوخ ریوند کہ سدہ مقعر جگر کو کھولے
ص ریوند چینی دو ماشہ افسنتین شگوفہ اذخر تین تین ماشہ سداب حلبہ چار چار ماشہ مویز دس عدد انجیر زرد
دو عدد بدستور طیار کرکے شکر سفید ڈیڑھ تولہ روغن بادام دو ماشہ ملا کے مطبوخ کہ ورم جگر کو دفع کرے
ص ریوند چینی ڈیڑھ ماشہ تخم کشوث تخم کرفس بادیان تین تین ماشہ افسنتین بسفایج ہلیلہ کابلی بلیلہ
پانچ پانچ ماشہ مویز منقی پندرہ عدد بدستور طیار کرین و ترنجبین خراسانی دو تولہ حل کرکے پیوین

**فصل ایک سو چودھوین مطبوخات دافع علل گردہ اور مثانہ مین** مطبوخ کہ درد گردہ اور دشواری
بول کو نفع کرے ص کاکنج تخم خبازی پانچ پانچ ماشہ زیرہ سفید چار ماشہ تخم خربزہ نیکوفتہ نو ماشہ مطبوخ
دافع درد گردہ ص حلبہ نانخواہ تخم گزر تخم کرفس تخم سداب گل بابونہ مساوی الوزن مطبوخ کہ درد
و ریگ گردہ و مثانہ کو دفع کرے ص بادیان انیسون گوکھرو کلان پرسیاوشان تخم خبازی
گل بنفشہ تخم کشوث تخم قلت تین تین ماشہ تخم خربزہ نو ماشہ تخم خیارین ایک تولہ ساتھہ شربت بزوری بارد
دو تولہ کے مطبوخ کہ درد گردہ کو مجرب ہے ص تخم خربزہ نیکوفتہ دو تولہ شکر سرخ دو تولہ
ڈیڑھ پاؤ پانی مین پکاوین جب سیوم حصہ رہے صاف کرکے شیر گرم نوش کرین ایضاً
گل داؤدی زرد بقدر مناسب پیس کر شکر سرخ ملا کے صاف کرین و شیر گرم پیوین

**فصل ایک سو پندرھوین مطبوخات مدر حیض مین** مطبوخ کہ انسداد و قلت اجرای خون حیض کو
دفع کرے ص اسارون تین ماشہ سداب دو ماشہ بادیان چھہ ماشہ تخم لوبیا نو ماشہ بایام حیض
تین روز متواتر پیوین ایضاً تخم سداب بادیان تخم کرفس چھہ چھہ ماشہ انجیر زرد پانچ عدد گلقند آفتابی
دو تولہ ایضاً لوبیا سرخ انیسون مجیٹھہ تخم سداب بوزن مساوی ایضاً کہ مجرب لکھا ہے ص
تخم گزر نیکوفتہ برگ گاؤزبان تخم خربزہ نیکوفتہ بوزن مساوی جوش و صاف کرکے شکر سرخ ملا کے پیوین

**فصل ایک سو سولھوین مطبوخات دافع اوجاع مین** مطبوخ سورنجان کہ درد مفاصل کو ساتھہ اسہال
کے دفع کرے ص سورنجان شیرین بوزیدان چھہ چھہ ماشہ تربد سفید مجوف و مغز تخم گزر زنجبیل شحم حنظل

مطبوخ دافع ورم جگر و معدہ و طحال و یرقان وغیرہ
مطبوخ ریوند کہ سدہ مقعر جگر کھولے
مطبوخ دافع ورم جگر
مطبوخ نافع درد گردہ و دشواری بول
مطبوخ دافع درد گردہ
مطبوخ دافع ریگ گردہ و مثانہ
مطبوخ مجرب دافع درد گردہ
مطبوخ دافع خون حیض
مطبوخ سورنجان دافع درد مفاصل

تین تین ماشہ مجیٹھ تخم کرفس انیسون سات سات ماشہ بدستور طیار کرکے شکر سرخ ایک تولہ ملاکے نوش کرین مطبوخ بوزیدان کہ درد زانو و درد پشت اور سب دردون کو مفید ہی ص بوزیدان شیطرج ہندی زنجبیل پانچ پانچ ماشہ سورنجان بیخ اذخر پوست بیخ کرفس پوست بیخ بادیان چار چار ماشہ مویز حلبہ دس دس ماشہ بدستور بناوین و باضافۂ نو ماشہ روغن بیدانجیر کے پیوین مطبوخ ہلیلہ کہ اوجاع مفاصل کو نفع دیوے ص سورنجان بادیان پوست بیخ بادیان تخم کرفس انیسون پانچ پانچ ماشہ پرسیاوشان گاؤزبان بادرنجبویہ چار ماشہ گل سرخ ہلیلۂ زرد چھہ چھہ ماشہ سنائے مکی سات ماشہ گلقند آفتابی ڈیڑھ تولہ بدستور طیار کرکے ترنجبین تین تولہ حل کرکے صباح نوش کرین مطبوخ کہ وجع الورک و عرق النسا کو دفع کرنے مین قوی الاثر ہی ص مصطکی انیسون پانچ پانچ ماشہ زنجبیل بیخ اذخر تین تین ماشہ مجیٹھ شیطرج ہندی سورنجان بوزیدان تخم کرفس حلبہ رازیانہ چار چار ماشہ مویز پندرہ عدد بدستور طیار کرکے باضافۂ ایک تولہ روغن بیدانجیر کے پیوین

**فصل ایک سو سترھوین** مطبوخات دافع حمیات مین **مطبوخ** کہ تپ بلغمی و تپ ربع کو باخراج مواد دفع کرے ص بیخ اذخر شاہترہ شکاعی کباب چینی چار چار ماشہ افتیمون تین ماشہ ہلیلۂ کابلی چھہ ماشہ مویز پندرہ عدد بدستور طیار کرکے باضافۂ سکنجبین دو تولہ کے نوش کرین مطبوخ کہ اوس تپ کو دفع کرے جو ہر روز لاحق رہے اور ایک روز درمیان دیگر شدت کرے ص اصل السوس بیخ کرفس پوست بیخ رازیانہ پانچ پانچ ماشہ شکاعی تین ماشہ پودینہ مصطکی دو دو ماشہ کشنیز خشک گل سرخ چار چار ماشہ بدستور طیار کرکے ترنجبین چار تولہ حل کرکے پیوین مطبوخ کہ اوس تپ بلغمی کو دفع کرے جو باوقات مختلفہ آوے ص سنبل الطیب انیسون کشنیز خشک گل سرخ پانچ پانچ ماشہ مصطکی دو ماشہ افسنتین تخم کشوث بیخ اذخر بیخ کرفس پوست بیخ رازیانہ چار چار ماشہ ہلیلۂ زرد سات ماشہ مویز پندرہ دانہ گلقند عسلی تین تولہ بدستور طیار کرکے سکنجبین دو تولہ ملاکر پیوین مطبوخ کہ مواد تپ ربع کو بتلیین دفع کرے ص برگ سنائے مکی افتیمون برگ بنفشہ تخم خربزہ نیمکوفتہ تخم شبت پانچ پانچ ماشہ ہلیلۂ کابلی و ہلیلۂ زرد سات سات ماشہ بدستور طیار کرکے تین تولہ سکنجبین ملاکر پیوین مطبوخ کہ تپ ربع کو بتلیین دفع کرے ص بادرنجبویہ برگ گاؤزبان آملہ پانچ پانچ ماشہ بسفایج فستقی افتیمون غاریقون تین تین ماشہ ہرسہ ہلیلہ چار چار ماشہ سنائے مکی سات ماشہ آلو و مویز دس دس دانہ گلقند آفتابی تین تولہ مطبوخ کہ تپ بلغمی و درد احشا کو

مطبوخ بوزیدان نافع درد زانو و پشت وغیرہ

مطبوخ ہلیلہ نافع اوجاع مفاصل

مطبوخ دافع وجع الورک و عرق النسا

مطبوخ دافع تپ بلغمی و ربع

مطبوخ نافع تپ لازمی و تپ غب

مطبوخ دافع تپ بلغمی کہ باوقات مختلفہ آوے

مطبوخ دافع مواد تپ ربع بتلیین

مطبوخ دافع تپ ربع بتلیین

مطبوخ دافع تپ بلغمی و درد احشا

دفع کرے ص بیخ کرفس بیخ بادیان بیخ اذخر پرسیاوشان انیسون مصطگی بوزن ساوی مطبوخ
کہ تپہاے کہنہ و تپ لرزہ مزمن کو دفع کرے ص خس صندل سرخ کشنیز خشک زرچوب زنجبیل گلوے تازہ
بوزن مساوی جوش کرین جب آٹھوان حصہ پانی باقی رہے صاف کرکے نبات سفید بوزن مناسب
ملاکر نوش کرین مطبوخ کہ واسطے تپ ربع کے مجربات سے ہے ص پوست کوکنار بقدر تحمل مزاج کے
ساتھ ششم حصہ مرچ سیاہ نیمکوفتہ کے جوش کرکے پیوین مطبوخ کہ واسطے تپ ربع کے مفید ہے ص پوست بلیلہ
کابلی تخم کاسنی چھہ چھہ ماشہ بیخ بادیان شاہترہ چار چار ماشہ تخم کشوث تین ماشہ آلو عناب دس دس دانہ گلقند تین تولہ
مطبوخ کہ تپ بلغمی کو دفع کرے ص اصل السوس پانچ ماشہ بادیان چار ماشہ گلوے تازہ سات ماشہ
انجیر زرد دو عدد شکر سرخ دو تولہ مطبوخ کہ تپ و کھانسی کو دفع کرے ص پرسیاوشان تخم خطمی
تخم خبازی بیخ تھوہک بادیان چار چار ماشہ بہیرا مورو ماشہ شکر سرخ دو تولہ مطبوخ کہ تپ و کھانسی خشک کو
دفع کرے ص بیخ تھوہک گل بنفشہ برگ گاوزبان چار چار ماشہ بہدانہ دو ماشہ سپستان دس دانہ شکر سفید ڈیڑھ تولہ

## فصل ایک سو اٹھارہوین مطبوخات متفرقہ مین

مطبوخ کہ تصفیہ خون فاسد کا کرے ص ناگرموتھا
بابچی چرایتہ پوست اندرونی درخت بکاین صندل سفید تین تین ماشہ گلوے کٹائی خرد و کلان بلیلہ بلیلہ
آملہ چار چار ماشہ کٹکی باربرنگ زرچوب وج زنجبیل کوٹ شیرین اندرجو بھنگرہ بابچی سار دو دو ماشہ آدھ سیر
پانی مین جوش کرین جب ڈیڑھ چھٹانک پانی باقی رہے بدون ملنے کے صاف کرلین اور ایک تولہ نبات سفید
ملاکر پیوین مطبوخ کہ جذام و ضرر و امثال اوسکے کو دفع کرے ص مجیٹھ پوست جھاو ناگرموتھا گرچ تازہ
زنجبیل زرد چوب چوب کٹائی کلان و خرد برگ تنبول شگلہ باو برنگ چیتا و رو ڑا اندرجو بھنگرہ ستاور
چوب کنیر زرد ترپھلا چرایتہ پوست درخت بکاین بابچی سار گل فرنگ کٹکی صندل سفید اترچھال و رکت بیار
زمہ اترچھال کرنج بت پاپڑا اتیس بیخ اندراین ہر ایک دو دو ماشہ بدستور تیار کرین مطبوخ کہ واسطے
دفع آتشک کے مجرب و مفید ہے ص پوست درخت نیب پوست درخت کچنار بیخ حنظل مونڈی
بیخ و چوب کٹائی خرد و قند سیاہ کہنہ ایک ایک چھٹانک تین سیر پانی مین جوش کرین جب چہارم
حصہ رہے صاف کرکے ایک شیشے مین رکھین اور بقدر احتمال طبیعت کے پیا کرین

## فصل ایک سو انیسوین مربا ہاے مین

مربا ے زنجبیل گرم و خشک ہے برودت معدہ و گردہ
و مثانہ کو دفع و ادرار بول و قوت باہ زیادہ کرے و تپہاے بلغمی کو مفید ہے ص زنجبیل بے ریشہ کو ایک رات تک

مطبوخ دافع تپہاے کہنہ و تپ لرزہ مزمن

مطبوخ نافع تپ ربع مجرب

مطبوخ نافع تپ ربع

مطبوخ دافع تپ بلغمی

مطبوخ دافع تپ و سرفہ

مطبوخ دافع تپ و سرفہ خشک

مطبوخ مصفی خون فاسد

مطبوخ دافع جذام و ضرر و مثل آن

مطبوخ کہ براے دفع آتشک مجرب است

مربای زنجبیل دافع برودت معدہ و مثانہ و مدر بول و نافع تپ بلغمی

رکھہ کر باکوسے بند کورین اور اوسپر پانی ڈالین اکیس روز تک اسیطرح تر رکھین پھر نکال کر خوب دھوئین اور کسی چیز
نوک دار سے خوب کچہ کر پانی اور شہد کے ساتھہ جوش دیوین کہ قوام ہو جاوے اور قوام مین زنجبیل ڈوبی رہے
مربای ترنج کہ دل اور معدے کو قوت دیوے اور تفریح طبیعت کی کرے ص پوست ترنج کو جوش کرین
جب نیم پخت ہو جاوے نچوڑ کر ساتھہ شہد یا قند سفید کے جوش دیوین جب قوام ہو جاوے اوتار لین مربای
آملہ کہ مقوی دل و دماغ و معدہ و مفرح طبیعت ہی و اجزای مناسب کے ساتھہ حابس بطن و مقوی باہ و ہاضم
طعام ہی ص آنولہ تازہ کہ قریب پختگی کے ہو تیلی یا بانس سے گود کر پانی چونے مین گھول کر آنولہ کو ڈوبا
رکھین تین روز کے بعد نکال کر دھو ڈالین اور خفیف سا جوش دے کر پانی دفع کر دیوین جب اثر
پانی کا نرہے تھوڑے سے گھی مین بھون لین اور چکنائی گھی کی دفع کرکے قوام شکر سفید مین ڈال دین
جب قوام پتلا ہو جاوے تب اوس قوام مین تھوڑی شیر ہی اور ملا کر قوام کرین اور اوسمین آملہ پڑا رکھین
ایسا ہی جب قوام رقیق ہو جایا کرے اوسکو گاڑھا کر لیا کرین مربای ہلیلہ کہ ملین شکم و دافع ریاح و مقوی
معدہ ہی ص ہلیلہ تازہ اگر ہو تو بہتر ہی ورنہ ہلیلہ مسلم خشک کہ چند روز پانی مین تر رکھہ کر پانی بدل کر
جوش دیوین کہ پوست اور مغز اوسکا نرم ہو جاوے اوسکے بعد مثل تدبیر مربای آملہ کے طیار کرین مربای
پیٹھا جسکو کدھا سفید کہتے ہین تپہای گرم کو مفید ہی خصوص دق کو اور خفقان اور درد سر
گرم کو نفع دیوے ص پیٹھے کو چھیل کر تراشہ مغز سخت اوسکا علیحدہ کر لین اور مغز نرم اوسکا کہ جسمین تخم
ہوتے ہین پھینک ڈالین اور پانی جو پیٹھے کے تراشنے مین نکلا ہو ملا کر چھان لین اور اوس پانی مین تراشہ ہای سخت کو
جوش دیوین جب پانی جذب ہو جاوے تراشہ ہا نیم خشک کرکے روغن زرد مین نیم بریان کرکے چکنائی
اوسکی کپڑے سے صاف کرکے قوام قند سفید مین ڈوبا رکھین جب قوام رقیق ہو جایا کرے مثل قوام مربای
آنولہ کے درست کر لیا کرین مربای گزر کہ مقوی باہ و مفرح طبع و مولد خون صالح ہی ص گزر استخوان اور پوست سے
صاف کرکے شیر گاو مین جوش دین جب پختہ ہو جاوے نیم خشک کرین ازان بعد روغن زرد مین نیم بریان
کرکے قوام شکر سفید مین ڈوبا رکھین اگر قوام رقیق ہو جاوے تو پھر اوسکو گاڑھا کر لیوین
**فصل ایک سو بیسوین** مرہمون مین مرہم سفیداب کہ گوشت جماوے اور زخم کو خشک کرے
اور گرمی زخم کی دفع کرے ص قلعی کشتہ چھہ ماشہ موم سپید ایک تولہ روغن گل دو تولہ بدستور مرہم بناوین
مرہم سفیداب کافوری کہ مواد ناقص پھوڑے کو دفع کرکے گوشت اور پوست صالح جماوے ص موم

مربای ترنج مفرح دل و مقوی معدہ
مربای آملہ مقوی دل و دماغ و معدہ و مفرح طبع و حابس بطن و مقوی باہ و ہاضم طعام
مربای ہلیلہ ملین شکم و دافع ریاح و مقوی معدہ
مربای پیٹھا نافع تپہای گرم خصوص دق و خفقان و درد سر حار
مربای گزر مقوی باہ و مفرح طبع مولد خون صالح
مرہم سفیداب کہ گوشت جماوے اور زخم کو خشک کرے
مرہم سفیداب کافوری دافع مواد دنبل

سفید ایک تولہ روغن گل مین نو تولہ مین گداخت کرکے قلعی کشتہ پانچ ماشہ مرداسنگ چار ماشہ کافور تین ماشہ
ملاکے بدستور مرہم بناوین **مرہم** کہ ورم اور سختی پھوڑے کو دفع اور زخم کو آرام کرے **ص** موم زرد مغز ساق

مرہم دافع اورام و سختگی دنبل

گاؤ چربی گردہ بز ایک ایک تولہ روغن گل تین تولہ زردۂ تخم مرغ ایک عدد آگ پر رکھہ کر باہم مخلوط کرین اور زعفران
گل بابونہ کو تین تین ماشہ سفوف کرکے باہم ملاوین **مرہم آبی** کہ قروح اور جراحات کو نفع تمام دیوے

مرہم آبی نافع قروح و جراحات

اور ناصور کو دفع کرتا ہی **ص** مقل چار ماشہ رسوت ایک ماشہ دونون کو پانی مین خوب حل کرین اُنکے بعد
سیماب چار ماشہ ملاکر حل کرکے مرہم بناوین **مرہم اُشق** کہ تحلیل صلابات وخنازیر اور ناصورہا مین
نہایت نافع ہی **ص** اُشق مقل پانچ پانچ ماشہ چار تولہ روغن سرشف مین حل کرکے ایک تولہ موم زرد ملاکر
آگ پر رکھین خردل وکف دریا زراوند طویل گندھک آملہ سار پانچ پانچ ماشہ سفوف کرکے ملاوین اور
جہان کہ پھوڑے کا پکانا جلد منظور ہو تو ایسے مرہم مین گل خطمی اور برگ خطمی ایک ایک تولہ پیس کر ملاوین
اور نیم گرم پھوڑے پر باندھین

مرہم اُشق محلل صلابات وخنازیر و نافع ناصور

**مرہم اعجاز** کہ زخم بندوق اور اور زخم اور ناصور اور قروح خبیثہ
اور سوداویہ کو کہ کسی دوا سے اچھے نہوتے ہون دفع کرے **ص** روغن کنجد و آب چاہ شیرین پانچ پانچ تولہ
ملاکر ایک برتن کسکٹ مین ہاتھہ سے خوب گھوٹین کہ مثل گھی کے ہوجاوے اُسکے بعد پھٹکری نیلہ
تھوتھا کات سرخ رال سفید سوا سوا تولہ سفوف کرکے اسقدر ہاتھہ سے رگڑین کہ مثل مرہم کے ہوجاوے
اور چینی کے برتن مین رکھین اور جب استعمال اس مرہم کا کرین تب نمک کی پوٹلی سے قرحہ اور زخم کو
سینکا کرین

مرہم اعجاز دافع زخم بندوق اور زخم ناصور و قروح خبیثہ وسوداویہ

**مرہم باسلیقون** کہ قرحہ ہاے اعضاے عصبانی و دیگر قروح وجراحات کو صحت دیوے
اور پھوڑے کو نرم اور تحلیل کرے **ص** آدھ پاؤ روغن تلخ مین پانچ تولہ موم زرد پگھلاکے ایک تولہ
بہروزہ مخلوط کرنیکے بعد رال سفید دو تولہ پھٹکری بریان مصطگی چھہ چھہ ماشہ سفوف کرکے ملاوین
اور خوب حل کرکے مرہم بناوین

مرہم باسلیقون نافع قروح عصبانی و دیگر جراحات ومحلل دنبل

**مرہم جاذب** جس چیز نے کہ بدن مین چُبھہ کر پھوڑا کردیا ہو اوسکو
نکالے اور قرحہ ہاے عمیق کو گوشت صالح سے پُر کرے اور زخمون کو اچھا کرے **ص** رال سفید ایک تولہ
مصطگی رومی موم زرد ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ روغن سرشف چار تولہ بدستور طیار کرین

مرہم جاذب اشیاء خلیدہ وغیرہ

**مرہم خمیر**
کہ پھوڑے کو پکاکر توڑ دیوے حاجت نشتر لگانے کی نہووے **ص** بورۂ ارمنی تین ماشہ
صابون چھہ ماشہ خمیر خشک آرد گندم نو ماشہ چونا آب نارسیدہ سوا تولہ سپخال کبوتر و مرغ اڑھائی
اڑھائی تولہ روغن تلخ بقدر کفایت مین مخلوط کرین

مرہم خمیر کہ نضج دادہ دنبل را بشکافد بدون نشتر

**مرہم داخلیون** کہ تالیف بقراط کا ہی معالجات

مرہم داخلیون دافع دبیلہ و دنبل و بستہ ... وغیرہ ومحلل سختی اورام

بقراطی مین بہت صفات اسکے لکھے ہین اورام اور پھوڑا و بتوڑی سخت کو پکا و بہاوے و توڑ کر آرام کرے وخنازیر کو
سخت و کیوے اور اورام گرم کے درد اور اعصاب کی سختی کو دفع کرے **ص** تخم خطمی اسپغول تخم یتھی تخم السی ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ
رات کو پانی مین تر کرکے صبح کو لعاب گاڑھا جدا کر لیوین پھر روغن زیت خواہ روغن سرشف کہنہ دس تولہ مین اڑھائی
تولہ مردار سنگ سفوف کرکے ملاوین اور آگ پر رکھین اور ایک لکڑی سے حرکت دیا کرین جب گاڑھا و سیاہ
ہوجاوے لعابات مذکور ملاکے مثل مرہم کے پکاوین زان بعد خاکستر چوب انگور و آرد بھٹوانس چھہ چھہ ماشہ

**مرہم عسل محلل اورام سخت وغیرہ**

پھٹکری و زنگار تین تین ماشہ سفوف کرکے ملاوین **مرہم عسل** کہ ذنبل اور اورام سخت کو توڑے اور
پاک کرے **ص** شہد کو جوش کرین کہ غلیظ ہوجاوے اور پھٹکری چہارم حصہ اوسکی سفوف کرکے

**مرہم مصری نافع قرحہ کہنہ**

ملاوین **مرہم مصری** مخترعہ اطبائے مصر کہ قرحہ پورانے اور سخت کو دفع کرے **ص** سرکہ و شہد
پانچ پانچ تولہ باہم ملاکے جوش دیوین جب غلیظ ہوجاوے زنگار چھہ ماشہ سون ماکھی ایک تولہ سفوف

**مرہم سیندور مندمل قروح**

کرکے ملاوین **مرہم سیندور** کہ زخم اور قرحہ کو پر کرے **ص** روغن کنجد چار تولہ موم سپید دو تولہ
گداخت کرکے سنگ بصری چھہ ماشہ سیندور لوبان سات سات ماشہ سفوف کرکے باہم مخلوط کرین

**مرہم نافع زخمہائے گوش**

## فصل ایکسو اکیسوین

مرہم ہائے خاص مین **مرہم** کہ زخمہائے اندرون کان کو صحت دیوے
**ص** سرکہ خالص ڈیڑھ تولہ شہد خالص دو تولہ باہم جوش کرین جب گاڑھا ہوجاوے زنگار چھہ ماشہ

**مرہم سفرجل مندمل قروح بینی وغیرہ**

باریک کرکے ملاوین **مرہم سفرجل** کہ قرحہ ناک و دیگر قروح کہنہ کو مندمل کرے **ص** گل بنفشہ نو ماشہ
بہدانہ چھہ ماشہ تھوڑے پانی مین جوش کرکے لعاب نکالین اور صاف کرکے دو تولہ روغن گل اور ایک تولہ
موم سفید ملاکے مرہم بناوین **ایضاً** ناگرموتھا مازو زعفران تین تین ماشہ روغن گل دو تولہ موم سفید

**مرہم کہ ہونٹھ پھٹنے اور خشک ریشہ کو دفع کرے**

ایک تولہ بدستور بناوین **مرہم** کہ ہونٹھ کے پھٹنے اور خشک ریشہ کو دفع کرے **ص** موم سپید ایک تولہ
روغن کنجد سفید دو تولہ گداخت کرکے کتھہ سفید کشتہ قلعی نشاستۂ گندم مازوے سبز تین تین ماشہ سفوف کرکے

**مرہم نافع بواسیر لب**

ملاوین **مرہم** کہ بواسیر لب کو مفید ہے **ص** خبث الحدید مردار سنگ کشتۂ قلعی زعفران پھٹکری تین تین ماشہ

**مرہم دافع شقاق مقعد**

سفوف کرکے موم زرد ایک تولہ روغن گاؤ دو تولہ مین گداخت کرکے ملاوین **مرہم** کہ شقاق مقعد کو
دفع کرے **ص** موم سفید دو تولہ برگ حنا نو ماشہ روغن گل چار تولہ بدستور مرہم بناوین

**مرہم کافوری نافع ورم وشقاق مقعد**

**مرہم کافوری** کہ ورم و شقاق مقعد کو دفع کرے **ص** موم سپید ایک تولہ روغن گل تین تولہ مردار سنگ

**مرہم نافع درد وخروج مقعد**

تین ماشہ نشاستہ چھہ ماشہ افیون دو ماشہ **مرہم** کہ درد و خروج مقعد کو مفید ہو **ص** بکوے و مسور مقشر گل سرخ

**مرہم نافع نواصیر مقعد**

مساوی سفوف باریک کرکے آب کشنیز تازہ ملاکر پکاوین اور روغن گل ملاکر مرہم بناوین مرہم کہ نواصیر
مقعد کو مفید ہی ص موم سفید ایک تولہ روغن سرشف چار تولہ مردارسنگ گلنار آنبہ ہلدی دم الاخوین

**مرہم نافع جراحت قضیب**

پھٹکری بریان سنگ سرمہ شاخ گوزن سوختہ دو دو ماشہ مرہم کہ جراحت قضیب کو مفید ہو ص
موم دو تولہ روغن گل چار تولہ مین گداخت کرکے چھہ ماشہ طوطیا صلایہ کرکے مخلوط کرین مرہم رال

**مرہم رال دافع قرحۂ قضیب و مجرب**

کہ دافع قرحۂ قضیب مین بے نظیر و مجرب ہی ص موم سفید دو تولہ پانچ تولہ روغن گل مین گداخت کرکے
رال سفید ایک تولہ قلعی کشتہ دم الاخوین مردارسنگ طوطیا گلنار مرچ سیاہ چھہ چھہ ماشہ سفوف باریک
کرکے ملاوین ہر روز زخم کو آب برگ حنا یا آب چوب چینی سے دھوکر پھاہا اس مرہم کا لگاوین مرہم شنگرف

**مرہم شنگرف دافع قروح خصیہ وغیرہ**

کہ قروح خصیۂ خنازیر و سرطان کو دفع کرے ص مردارسنگ گندہ بہروزہ چھہ چھہ ماشہ لوبان مصطگی
رومی اشق صمغ عربی شنگرف نو نو ماشہ روغن سرشف بقدر کفایت ملاکر صلایہ کرین مرہم کہ زخمہای تر باریم

**مرہم نافع زخمہای تر باریم و بے ریم اعضای تناسل**

و بے ریم اعضای تناسل کو خشک و آرام کرے ص خبث الحدید مردارسنگ چھہ چھہ ماشہ دو تولہ سرکہ مین کھرل
کرین جب خشک ہو جاوے دم الاخوین نو ماشہ [illegible] کاغذ پھٹکری سوختہ چھہ چھہ ماشہ روغن گل چار تولہ
ملاکر مرہم کرین مرہم مجرب دافع قروح قضیب و خصیہ ص موم سفید ایک تولہ روغن بنفشہ یا روغن بادام

**مرہم مجرب دافع قروح قضیب و خصیہ**

چار تولہ مین گداخت کرکے مردارسنگ زرد و مردارسنگ سفید کشتہ قلعی پھٹکری سوختہ چھہ چھہ ماشہ سپیدۂ
تخم مرغ ایک عدد مخلوط کرکے کھرل کرین مرہم مجرب کہ ایک روز مین دانہ ہا و زخم آتشک کو خشک کرے ص

**مرہم مجرب دافع بثور و زخم آتشک**

گرد چوب چینی دو ماشہ شنگرف نو ماشہ طوطیا شستہ ایک تولہ خاکستر پارچۂ گزی جسمین پارہ بدفعات چھان کر
سیاہ کیا ہو تین ماشہ زردی تخم مرغ جسکو خاکستر مین بریان کیا ہو دو عدد روغن گاو اوسقدر کہ مرہم
ہو جاوے باہم ملاکر کھرل کرین **ایضا** مرہم دافع آتشک ص زنگار سیماب ایک ایک تولہ کندر ابلیلہ چھہ چھہ ماشہ

**مرہم مزیل برص و بہق**

روغن گاو چھہ تولہ مین کھرل کرکے مرہم بناوین مرہم کہ برص و بہق کو زائل کرے ص کشتہ تانبا گندھک
آملہ سار چونہ سنگ جتا ور زراوند مساوی سفوف کرکے سرکہ تند مین گھول کر ۲۰ روز تک آفتاب مین

**مرہم نافع سرطان مقرح و غیر مقرح**

رکھین بعد اوسکے کھرل کرکے استعمال کرین مرہم کہ سرطان مقرح و غیر مقرح کو صحت دیوے ص کشتہ سیسہ
طوطیا مغسول چھہ چھہ ماشہ ساتھہ لعاب اسپغول ایک تولہ اور قدرے روغن گل کے مخلوط کرکے
مرہم بناوین **ایضا** ہاون و دستہ سیسے مین گل ارمنی سرکہ ڈال کر گھسین کہ سیاہ ہو جاوے اوسپر تھوڑا

**مرہم نافع درد شدید بواسیر**

روغن گل ملاکر گھسین کہ مرہم ہو جاوے مرہم کہ درد شدید بواسیر کو مفید ہی ص کرم کلا ایک عدد

پانی مین جوش کرین جب گھل جاوے پیسین اور سپیدی و زردی تخم مرغ ایک ۱۸ در روغن گل تین تولہ افیون

مرہم شلجم محلل و مندمل زخم و اورام وغیرہ

دو ماشہ سب کو آگ پر رکھکر مرہم بناوین مرہم شلجم کہ پر کرے زخم اور تحلیل کرے اورام اور سختیون مین نظیر
ص آدھ پاؤ روغن گل مین شلجم بقدر پانچ تولہ ٹکرا ٹکرا کرکے بریان کرین جب شلجم جل جاوے روغن کو صاف

مرہم کہ گوشت زائد کے کاٹنے مین مجرب ہی

کرکے دو تولہ سیندور ڈال کر نیب کی لکڑی سے خوب حل کرکے چھہ ماشہ کافور ملاوین مرہم کہ گوشت
زائد کے کاٹنے مین مجرب ہی اور درد نہین ہوتا ص حب السلاطین ۲ دو تولہ زنگار ایک تولہ دونون کو خوب

مرہم سیاہ نضج دادہ دنبل ہارا انشقاق میکند

پیسین اور گوشت زائد پر لگا کر کسی مرہم کا پھایا اوسکے اوپر رکھین مرہم سیاہ کہ بلفظ کالا مرہم مشہور ہی
ہر طرح کے دنبل کو پکا کر توڑتا ہی اور مواد نکال کر جلد اچھا کرتا ہی اور زخمون کو خشک کرتا ہی ص
روغن کنجد پانچ تولہ سپیدہ کاشغری دو تولہ پہلے سپیدہ کو خشک صلایہ کرکے روغن مین ملا کر
ظرف آہنی مین آگ پر رکھین اور نیب کی لکڑی سے گھوٹین جب ایسا گاڑھا ہو جاوے کہ ایک قطرہ مرہم

مرہم زبد البحر مصفی و مندمل و خشک و آرام کنندۂ زخم

پانی مین ڈالین وہ قطرہ بندھ جاوے پانی مین مخلوط نہو آگ سے اوتار لین مرہم زبد البحر کہ حکیم علی گیلانی نے
اپنی تصنیفات مین واسطے پر کرنے قرحہ اور خشک و آرام کرنے زخمون کے تعریف لکھی ہی ص روغن گاؤ
تین تولہ مین موم سفید ایک تولہ ڈال کر گداخت کرین زان بعد سیندور و مردار سنگ
و کف دریا ایک ایک تولہ نیلا تھوتھا چھہ ماشہ خوب صلایہ کرکے مخلوط کرین

## فصل ایکسو بائیس معجونات دافع ہر قسم امراض و مقوی اعضا مین

معجون نجاح دافع جنون و صرع وغیرہ

معجون نجاح کہ امراض سوداوی
و جنون و صرع کو دفع اور تنقیۂ دماغ کرتا ہی ص ہلیلۂ سیاہ بلیلہ آملہ ایک ایک تولہ بسفایج فستقی افیتمون
اسطوخودوس تربد سفید مجوف و مقشر اڑھائی اڑھائی تولہ غاریقون نرم کوفتہ و بیختہ چھہ ماشہ

معجون دافع لقوہ و فالج وغیرہ

ساتھہ سہ چندان شہد کے بناوین معجون مؤلفۂ محمد زکریا رازی کہ مداومت اسکی صرع و لقوہ و
فالج کو دفع کرے ص افیتمون اسطوخودوس بسفایج فستقی عاقرقرحا بوزن مساوی ساتھہ سہ چندان

معجون افیتمون منقی سودا و بلغم از دماغ وغیرہ

سکنجبین عنصلی کے یا سہ چندان مویز منقی کے معجون کرین معجون افیتمون کہ تنقیہ سودا و بلغم کا دماغ اور
تمام بدن سے و مالیخولیا اور جنون کو دفع کرے ص افیتمون بسفایج سنائے مکی غاریقون تربد سپید
ایک ایک تولہ گاؤزبان اسطوخودوس بادرنجبویہ نو نو ماشہ بالوبرنگ فرنجمشک لاجورد چھہ چھہ ماشہ

معجون زبیب دافع صرع

قسط شیرین تین ماشہ شہد سہ چندان مجموع کے معجون زبیب دافع صرع ص ہلیلۂ کابلی ہلیلۂ زرد بلیلہ
آملہ اسطوخودوس ایک ایک تولہ عود صلیب چھہ ماشہ عاقرقرحا چار ماشہ ساتھہ پاؤ آثار مویز منقی کے معجون کرین

ایضاً ہلیلہ زرد تربد سفید زنجبیل مصطگی عود صلیب ایک ایک تولہ اسطوخودوس ہلیلہ سیاہ آملہ دو دو تولہ
دارچینی ڈیڑھ تولہ روغن بادام شیرین مین چرب کرکے ساتھہ شہد سہ چندان کے بناوین بعد چالیس
روز کے استعمال کرین

معجون نافع نسیان

معجون کہ نسیان کو بہت مفید ہی ص کندر وج سفید اڑھائی اڑھائی تولہ
زنجبیل مرچ سیاہ سوا سوا تولہ ساتھہ شہد سہ چندان کے بناوین

معجون دافع نسیان و مقوی دل و دماغ مجرب

معجون کہ واسطے دفع نسیان و تقویت
دل و دماغ کے مجرب ہی ص دارچینی سنبل الطیب حب بلسان عود صلیب مصطگی زعفران کندر بیخ سوسن
درونج عقربی سعد کوفی بہمنین وج اسطوخودوس کباب چینی اسارون تین تین ماشہ ہلیلہ کابلی
مغز نارجیل مغز فندق چھہ چھہ ماشہ ابریشم مقرض مویز منقی ایک ایک تولہ پپرامور زنجبیل مرچ سیاہ
دو دو ماشہ ساتھہ دو چند شکر سفید و ہم چند شہد کے بناوین

معجون یونس مقوی حافظہ و دافع نسیان

معجون یونس مقوی حافظہ
دافع نسیان ہی ص سلیخہ وج زراوند دارچینی مصطگی دو دو تولہ قسط شیرین تخم سداب فلفل سفید
تین تین تولہ بلادر افتیمون غاریقون ایک ایک تولہ ساتھہ شہد سہ چندان کے بناوین

معجون مجرب دافع مالیخولیا مراقی

معجون
مجرب کہ دافع مالیخولیا مراقی ہی ص آملہ بادرنجبویہ ہلیلہ کابلی طباشیر سفید جوزبویہ ساذج ہندی
قرنفل بسباسہ دانہ الایچی سفید عود خام نو نو ماشہ پوست ترنج چائے خطائی پوست بیرون پستہ ایک
ایک تولہ ساتھہ چار چند نبات سفید کے کہ آب انارین یا عرق گلاب یا آب زرشک یا آب لیموں مین
قوام کیا ہو ملاوین ایضاً معجون تالیف حکیم سید اسمعیل جرجانی کہ مالیخولیا مراقی کو مفید ہی ص
ہلیلہ کابلی چار تولہ آملہ برگ گاؤزبان چھہ چھہ تولہ ڈیڑھ سیر پانی مین جوش کرین جب نصف رہے مل کر
چھان لین شہد خالص ایک پاؤ شکر سفید آدھ سیر ملا کے قوام کرین و بادرنجبویہ پوست ترنج بہمن
زرنباد تخم بالنگا دارمشک سنبل الطیب ایک ایک تولہ قرنفل جوزبوا قرفہ زعفران تین تین ماشہ
مصطگی دانہ الایچی سفید درونج عقربی چھہ چھہ ماشہ سفوف کرکے ملاوین

معجون سیر نافع لقوہ و رعشہ و فالج وغیرہ

معجون سیر لقوہ و فالج
و رعشہ و بواسیر بادی نہایت ہی نفع و بلغم کو دفع کرے و معدہ و اشتہا و حرارت غریزی کو قوت
دیوے و رنگ بدن کو سرخ و بہتر کرے پٹھون کو نہایت مفید ہی ص سیر یعنی لہسن پوست دور
کردہ اڑھائی پاؤ آدھ سیر دودھ گائے مین پکاوین جب دودھ جذب ہو جاوے او سب کو پیس کر
تین پاؤ شہد اور پاؤ سیر روغن زرد مین ملا کے پکاوین جب اثر پانی کا باقی نہ رہے لونگ جاوتری جائفل
مرچ سیاہ مصطگی دانہ الایچی خرد و کلان ہلیلہ کابلی عود خام دارچینی زنجبیل ایک ایک تولہ زعفران

معجون اذاراقی نافع عرق النساوغیرہ

چھہ ماشہ کوٹ چھان کرملاوین معجون اذاراقی جسکو اکسیر البدن و مبدل المزاج بھی کہتے ہین واسطے ترک عادت
افیون و دفع استرخاوفالج و امراض باردہ و درد مفاصل و عرق النساو سلس البول کے نہایت مفید ہی ص
اذاراقی یعنی کوچلہ چھہ تولہ شیر گاؤ مین تر کرکے پوست دفع کرین و باریک ورق تراش کے خشک اور سفوف کرین
وگل گاؤزبان چار تولہ دانہ الایچی سفید زرنباد شقاقل صندل سفید آملہ ہلیلہ سیاہ دو دو تولہ عود ہندی

معجون وج نافع ضیق در ابتدا

معجون حکیم ارسطوناخس نافع نفث الدم وسعال وغیرہ

قرنفل ایک ایک تولہ اسطوخودوس مغز چلغوزہ کتیرا انارجیل تین تین تولہ شہد سہ چندان معجون وج کہ ابتدائے
ضیق کو مفید ہی ص وج انگورہ زنجبیل بادیان مساوی شہد دوچندان مجموع کے معجون تالیف حکیم
ارسطوناخس یونانی کہ نفث الدم و سعال و قرحہ ریہ و ریم مجتمعہ سینہ و سوزش پہلو و قی طعام و ہیضہ
وسنگریزی کو و قروح امعاو بیماریہائے مثانہ و اختناق رحم و حمیات نائبہ کو قبل ایک ساعت نوبت سے و لاغری
بدن و دفع سموم خوردنی و زہر حیوانات گزندہ و نیش زن کو از بس مفید و عجیب الاثر ہی ص بہروزہ مصفی
میعہ سائلہ ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ پاؤ آثار شہد مین ملا کر آگ پر رکھین جب گداخت ہو جاوے صاف کرکے سفوف
دارچینی قسط شیرین فلفل سیاہ دارفلفل ایک ایک تولہ جندبیدستر چھہ ماشہ افیون دو ماشہ مخلوط کرین

معجون صندل دافع خفقان گرم وغیرہ

معجون صندل تالیف حکیم اکمل خان غفر اللہ لہ کہ خفقان گرم و صعود ابخرہ معدہ و مراق و رحم کو دفع کرے
ص شکر سفید تین پاؤ کا قوام بناوین و نو تولہ صندل سفید گھس کر آب لال بیس تولہ تمر ہندی کا اور ڈیڑھ پاؤ
آب انار ترش ملاکے قوام کرین و طباشیر سفید و عود خام ایک ایک تولہ زعفران چھہ ماشہ سفوف کرکے مخلوط

معجون بقراط نقوی جگر و معدہ وغیرہ

کرین معجون بقراط کہ تقویت جگر و معدہ و گردہ و باہ و اشتہا کی کرے و بلغم و ریاح و بدہضمی و سیلان
لعاب دہن کو دفع و دہن کو خوشبو کرے اور پیٹ کے کیڑون کو مارے ص نانخواہ تخم گزر زنجبیل اڑھائی

معجون مقوی دماغ و معدہ و باہ وغیرہ

اڑھائی تولہ زعفران بسفایج پانچ پانچ ماشہ بیخ کرفس سوا تولہ شہد سہ چندان معجون تالیف محمد زکریا کہ دماغ
و معدہ و باہ کو قوت دے اور بدن خوشرنگ اور طعام کو ہضم اور دہن کو خوشبو و مسوڑھو نکو مستحکم اور
ریاح کو دفع اور مثانہ کو پاک اور قضیب کو سخت کرے ص تخم کرفس نانخواہ تخم شبت تخم گزر تخم گندنا
اڑھائی اڑھائی تولہ مصطکی قرنفل قرفہ عقرقرحا اسارون بسباسہ عود خام پانچ پانچ ماشہ زعفران تین ماشہ
مشک ایک ماشہ مویز آدھ پاؤ پیس کر ڈیڑھ پاؤ شکر سفید کے ساتھہ پکاوین جب پختہ ہو جاوے سفوف ادویہ

معجون ملوکی مقوی باہ و معدہ وغیرہ مجرب

مذکور ملاوین معجون ملوکی کہ واسطے تقویت باہ و معدہ و اشتہا و قوت مجامعت کے مجرب ہی ص جوزبوا
قرنفل بسباسہ اندرجو بیخ اذخر زنجبیل دارچینی مصطکی زعفران عود غرقی ایک ایک تولہ دانہ الایچی سفید

کندر مختشہ چھہ چھہ ماشہ قند سفید شہد خالص تین تین چھٹانک آدھ پاؤ عرق گلاب کے ساتھ قوام کرکے
ملاوین معجون اسود کہ زحیر و اسہال کہنہ کو دفع کرے ص افیون بزر البنج زعفران اسارون تخم کرفس
انیسون سنبل الطیب سلیخہ گل ارمنی مساوی ساتھ سہ چندان نبات سفید کے بناوین معجون مقل کہ بواسیر
بادی و خونی و ریاح امعا و درد مقعد کو دفع کرے ص مقل چار تولہ مویز منقی انجیر دو دو تولہ پانی مین پیس کر
پکاوین و ہلیلہ کابلی آملہ بلیلہ گل سرخ تخم اسبغول تخم گندنا سات سات ماشہ سفوف کرکے ملاوین معجون
خبث الحدید کہ خون بواسیر کو بند کرے ص خبث الحدید مدبر سوا تولہ ہلیلہ سیاہ بلیلہ آملہ کزمازج نو نو ماشہ
سنبل الطیب اذخر سعد چھہ چھہ ماشہ ساتھ دو چندان نبات سفید کے ملاوین معجون حافظ الاحشا
کہ سوء القنیہ و استسقا و امراض باردہ دماغ و معدہ و جمیع اعضا کو مفید ہو ص دارچینی پوست بیخ کبر
بسفایج اذخر ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ زعفران ایک تولہ سنبل الطیب تین تولہ اسارون ریوند چینی قسط شیرین
مجیٹھہ ناگرموتھا ایک ایک تولہ سفوف کرکے روغن بابونہ مین چرب کرکے سہ چندان شہد مین ملاوین معجون
کہ وجع مفاصل و قولنج کو مفید ہے ص سورنجان دو تولہ سنائے مکی ایک تولہ زیرہ کرمانی دارفلفل نو نو ماشہ
شہد خالص سہ چندان معجون مسیحی کہ درد پشت و درد پا کو مفید و منقی و مقوی معدہ ہے ص گل سرخ
سعد کوفی سداب عقرقرحا قرنفل سنبل الطیب مصطکی زرنباد زعفران قاقلین جوزبوا بوزن مساوی شہد و قند
بالمناصفہ سہ چندان مجموعے سے معجون چوب چینی کہ امراض باردہ و اوجاع مفاصل و درد اعضا کو خصوص
جو بسبب آتشک کے ہوئے نہایت مفید ہو ص چوب چینی نو تولہ قرنفل جوزبوا بسباسہ گل سرخ زعفران
دانہ الایچی سفید زرنباد خولنجان سعد کوفی چار چار ماشہ دارچینی فلفل سیاہ مصطکی سورنجان شیرین بوزیدان
سنائے مکی لسان العصافیر ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ زنجبیل دارفلفل عقرقرحا جدوار خطائی نو نو ماشہ شہد سہ چندان
معجون جاوید تالیف حکیم عماد الدین محمود کہ مداومت اسکی امراض سخت مثل بہق و برص و فالج و لقوہ و قولنج و تاریکی
جسم و کرمی گوش کو دفع کرے و عورت کو حمل پر معین ہو ص قرنفل دارچینی سازج ہندی جوزبوا ہلیلہ کابلی
فلفلین ایک ایک تولہ زنجبیل بلیلہ دو تولہ آملہ تین تولہ نانخواہ چار تولہ زیرہ سیاہ پانچ تولہ سفوف کرکے سرکہ مین تسقیہ
دیکر قوام نبات ہمچند مین مخلوط کرین معجون فلاسفہ جسکو مادۃ الحیوۃ کہتے ہین مخترعہ حکیم اندروماخس کہ باستصواب
حکماے فلسفی معاصر اپنے کے ترتیب دیا وہی وجہ تسمیہ کی ہے مقوی قلب و ہاضمہ و اشتہاء باہ دافع بلغم و نسیان و سلس البول
و درد پشت و درد گردہ و مفاصل و دندان و موافق مزاج پیران ہے ص زنجبیل فلفل گرد فلفل دراز دارچینی

معجون اسود دافع زحیر و اسہال کہنہ

معجون مقل دافع بواسیر بادی و خونی وغیرہ

معجون خبث الحدید دافع خون بواسیر

معجون حافظ الاحشا نافع امراض باردہ دماغ وغیرہ

معجون نافع وجع مفاصل و قولنج

معجون مسیحی نافع درد پشت و درد پا وغیرہ

معجون چوب چینی نافع امراض باردہ و اوجاع مفاصل خصوص کہ از آتشک باشد

معجون جاوید دافع امراض بہق و برص وغیرہ

معجون فلاسفہ مقوی قلب و ہاضم وغیرہ

آمله بلیله شیطرج هندی نرراوند مدحرج ثعلب مصری مغز چلغوزه بیخ بابونه نانخواه جیل ایک ایک توله تخم بابونه خبث الحدید چهه چهه ماشه مویز منقی تین توله شهد دو و نیم چندان بدستور بناوین

**فصل ایک سو تیئیسوین** معجونات مخصوص امراض جگر و گرده و مثانه و نقرس **معجون گل** که ورم جگر کو دفع کرے **ص** گل سرخ ایک توله بیخ سوسن ڈیڑھ توله ریوند چینی لک مغسول چهه چهه ماشه سلیخه و زعفران تین تین ماشه آدھ پاؤ شهد کو ایک چهٹانک سرکۂ خالص کے ساتھ قوام کرکے ملاوین **معجون ریوند** که دفع درد و ورم جگر کو مخصوص درد معده و رحم کو بھی مفید ہی **ص** ریوند چینی وج بیخ کرفس بادیان انیسون نانخواه زرنباد چوب لک مغسول جمله مساوی شهد سه چندان مجموع **معجون ابن سرافیون** که سنگ گرده و مثانه کو توڑے و گراوے **ص** عقرب سوخته ایک توله زنجبیل چار ماشه فلفل سفید فلفل سیاه آٹھ آٹھ ماشه کاکنج ڈیڑھ توله کشته سیسا تین ماشه خاکستر پوست تخم مرغ جس سے بچه نکلا ہوئے حجر الیهود پودینه چهه چهه ماشه سه چندان شهد کے ساتھ بناوین و جوشاندۂ نخود سیاه و گوکھرو کلان سات سات ماشه بعد کھانے اس معجون کے پیوین **معجون حجر الیهود** که سنگ گرده و مثانه کو گراوے **ص** مغز تخم کدوے شیرین مغز تخم خیارین مغز تخم خربزه کاکنج ڈیڑھ ڈیڑھ توله حجر الیهود نو توله شهد سه چندان **ایضاً** حجر الیهود دس توله کاکنج اسارون مغز تخم خربزه تخم گزر تخم کرفس مغز تخم معصفر انیسون مغز تخم تربز مغز تخم کدوے شیرین مغز تخم خیار دراز ایک ایک توله شهد سه چندان **معجون کاکنج** که قرحۂ مثانه و گرده و بول الدم کو نفع دیوے **ص** بزر البنج تخم کرفس رازیانه چار چار ماشه مغز تخم خربزه تخم حماض مغز چلغوزه کتیرا مغز بادام شیرین مغز فندق ایک ایک توله افیون زعفران دو دو ماشه کاکنج تین توله شهد سه چندان **معجون ماسک البول** تالیف علوی خان که دفع سلس البول و بول فراش و سیلان منی و مذی و ودی کو مجرب ہی **ص** ہلیلۂ سیاه ہلیلۂ کابلی روغن زرد مین بریان کیا ہوا چهه چهه ماشه کندر ایک توله کتھا سپید جفت بلوط حب الآس ثعلب مصری نو نو ماشه کندر تین ماشه سفوف کرکے بیس توله مویز سرخ و کلان کو عرق گلاب مین جوش دیکر پیس کر ملادین **معجون** که نقرس بلغمی کو مفید ہو **ص** ہلیلۂ زرد سورنجان عاقرقرحا سوا سوا توله فلفل سفید پانچ ماشه زیرۂ سیاه دو توله راسن ایک توله زنجبیل سات ماشه افیون دو ماشه شهد دو و نیم چند **معجون مجرب** دافع نقرس **ص** سورنجان شیرین ڈیڑھ توله بیخ کنیر دار فلفل فلفل سیاه زیرۂ سیاه پانچ پانچ ماشه نوسادر زبد البحر میعۂ سائله تین تین ماشه تربد سفید خردل زنجبیل سات سات ماشه شهد سه چندان **معجون یحیی بن خالد** که نقرس و درد مفاصل کو نهایت مفید و مجرب ہے

معجون گل دافع ورم جگر

معجون ریوند دافع درد و ورم جگر وغیره

معجون ابن سرافیون که سنگ گرده و مثانه کو توڑے و گرادے

معجون حجر الیهود که سنگ گرده و مثانه کو گراوے

معجون کاکنج نافع قرحۂ مثانه و بول الدم

معجون ماسک البول دافع سلس البول و سیلان منی وغیره

معجون که نقرس بلغمی کو مفید ہی

معجون مجرب دافع نقرس

معجون یحیی نافع درد مفاصل نهایت مجرب

ص اسارون زنجبیل زیرۂ سیاہ دارفلفل سورنجان شیرین چھہ چھہ تولہ سنای مکی تین تولہ شہد سہ چندان

معجون موصلی مجرب مقوی باہ وغیرہ

**فصل ایک سو چوبیسوین** معجونات مقوی و مبہی و مغلظ منی مین **معجون موصلی** کہ مجرب ہی تقویت باہ و اصلاح

منی مین حتی کہ مایوس کو بھی مفید ہوتا ہی **ص** ثعلب مصری موصلیین موصلہ سینبھل کامراج زنجبیل ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ

تخم شلجم تخم شبت تخم گزر تخم پیاز فلفلین آٹھہ آٹھہ ماشہ شہد و شکر سرخ پاؤ پاؤ سیر بدستور بناوین خوراک

معجون دارچینی مجرب و مقوی باہ

نو ماشہ سے ایک تولہ تک و ترشی سے پرہیز کرین **معجون دارچینی** کہ تقویت باہ مین مجرب ہی **ص** دارچینی

ڈیڑھ تولہ قسط شیرین زنجبیل فلفل سفید گوکھرو کلان و خرد ساذج ہندی اسارون قرنفل

مصطکی دانۂ الایچی سفید تخم ترب تخم شلجم چھہ چھہ ماشہ کنجد سپید مقشر مغز بادام شیرین مغز پستہ مغز چلغوزہ

ثعلب مصری شقاقل مصری بہمنین عود غرقی ایک ایک تولہ نبات سفید ہموزن شہد دو چندان خوراک

معجون ثعلب مغلظ منی و مقوی باہ

چھہ ماشہ سے ایک تولہ تک **معجون ثعلب** کہ تقویت باہ و تغلیظ منی مین مجرب ہی **ص** ثعلب مصری پانچ تولہ

شقاقل مصری تین تولہ عقرقرحا خولنجان سمندر سوکھہ مغز بلادر اسگندھ ایک ایک تولہ فلفل دارفلفل مصطکی

تخم مالم جوز بوا زنجبیل بہمنین تودریین چھہ چھہ ماشہ کنجد سفید مقشر مغز تخم کنواچ تخم گزر ایک ایک تولہ بسباسہ

زعفران تین تین ماشہ قند سفید ہموزن شہد سہ چندان خوراک تین ماشہ سے چھہ ماشہ تک صبح و شام

معجون لولوی کثیر المنافع و زباہ

**معجون لولوی** کثیر المنافع مولفۂ جالینوس کہ امور باہ مین منفعت عظیم رکھتا ہی قریب وقت مجامعت کے

پانچ ماشہ کھاکر قدرے آبگرم پینا چاہیے **ص** مروارید ناسفتہ مرجان پانچ پانچ ماشہ انیسون بہمن سفید

دس دس ماشہ کاکنج بیخ لبلاب چار چار ماشہ فقاح اذخر سعد گزمازج سلیخہ دارچینی اسارون مصطکی

معجون مصری مقوی باہ

تین تین ماشہ صمغ عربی کتیرا دو دو ماشہ شہد سہ چندان **معجون مصری** مولفۂ اطبای مصر کہ تقویت باہ مین بے نظیر ہی

**ص** تخم گزر تخم ترب تخم شلجم شقاقل ثعلب دارفلفل فلفل دار بسباسہ عقرقرحا جوز بوا مصطکی ایک ایک تولہ

قرنفل دو تولہ زنجبیل چار تولہ سفوف کرکے زردۂ تخم مرغ چالیس عدد خفیف جوش دیکر باہم دست مال

معجون مقوی مبہی و منشط مجرب

کرکے قوام شکر سفید ہموزن مین مخلوط کرین خوراک نو ماشہ سے ایک تولہ تک **معجون مقوی مبہی**

و منشط مجرب ہی **ص** بہمنین شقاقل دارچینی بوزیدان بسباسہ کباب چینی خولنجان اندرجو قلتین

سنبل الطیب فرنجمشک **قرنفل** مصطکی ساذج ہندی نو نو ماشہ ثعلب مصری تین تولہ عود خام تخم ہلیون

چھہ چھہ ماشہ ورق الخیال چار تولہ مغز بادام شیرین مغز اخروٹ چھہ چھہ تولہ شکر و شہد بالمناصفہ

معجون ریگ ماہی مقوی باہ و مغلظ منی

دو چندان مجموع کے خوراک چھہ ماشہ سے نو ماشہ تک **معجون ریگ ماہی** مولفہ حکیم امان علی خان برادر راقم

کہ تقویت باہ و تغلیظ منی مین مجرب ہی ص ریگ ماہی لسان العصافیر تخم خشخاش سفید زرنباد صندل سفید
مغز نارجیل مغز بادام مغز پستہ مغز چلغوزہ مغز اخروٹ مویز منقی کنجد سیاہ مقشر دو دو تولہ تخم پیاز
تخم شلجم مغز تخم کنواچ تخم ہالم گزمازج تخم اسپند تخم گزر مصطکی سعد کوفی عود ہندی شیطرج پوست ترنج
سافج ہندی تخم شبت تخم ترب تودریین موصلیین ایک ایک تولہ سلاجیت عقرقرحا قرنفل بسباسہ
جوز بوا مرچ سیاہ دار چینی نو نو ماشہ شہد و شکر سفید بالمناصفہ دو چندان مجموعہ کے خوراک چھہ
ماشہ سے ایک تولہ تک معجون مسیحی کہ نہایت مقوی باہ و بہشت و ہاضم طعام ہی ص عقرقرحا ڈیڑھ تولہ
جوز بوا مین عدد ورق النشاط چرب کیا ہوا روغن بادام شیرین مین اڑھائی تولہ قوام شکر سفید سہ چندان

معجون مسیحی مقوی باہ و بہشت و ہاضم طعام

معجون بلادر کہ قوت باہ و امساک مین بے نظیر ہی و بوڑھون کو طاقت جوانی کی دیتا ہی موسم
سردی مین استعمال کرنا چاہیے ص بلادر ایک سیر نیم شکستہ کرکے ایک ہانڈی مین رکھین اور اس
ہانڈی کے نیچے بہت سے سوراخ کرین کہ شہد بلادر کے اون سوراخ سے نکل سکے و مونہہ ہانڈی کا چینی سے
وصل کرکے ہانڈی کو ایک دیگچی پر رکھ کے دیگچی کو گڑھے مین رکھین و ہانڈی کو پاچکڈشتی سے بند کرکے
جلا دیوین جب اوسقدر کنڈے جل جاوین اور کنڈے رکھ کر آنچ دیوین اسیطرح تین دفعہ کرین تب سرد کرکے
دیگچی کو نکالین جسقدر شہد دیگچی مین جمع ہوا ہوسے اوسکا بیس چند شیر گاو ملاکے پکاوین جب چہارم حصہ
باقی رہے تب تین چوتھائی شہد بلادر کا روغن کنجد سفید ملاکے پکاوین کہ بالکل یکذات مثل
معجون کے ہو جاوے ہر صباح نو ماشہ کھایا کرین معجون کہ واسطے قوت باہ کے بے نظیر ہی رنگ کو

معجون بلادر رو قوت باہ و امساک بے نظیر

سرخ و بدن کو فربہ و منی کو زیادہ کرتا ہی ص زردی و سفیدی تخم مرغ روغن گاو آب پیاز لب گزر
شہد ہر پنج بوزن مساوی پکاکر معجون بناوین و بقدر احتمال طبع کے چالیس روز تک کھایا کرین

معجون مد قوت باہ بے نظیر و رنگ را سرخ و بدن را فربہ و منی را زیادہ کند

معجون گھیکوار کہ تقویت باہ و دفع امراض باردہ مین نہایت مجرب ہی ص مغز گھیکوار پاو سیر
شیر گاو سوا سیر مین جوش دیکر دست مال کرکے مخلوط کرین و شکر سفید سیر بھر ملاکے پکارین
کہ معجون ہو جاوے معجون کہ تقویت باہ و استحکام قضیب بخوبی کرتا ہی ص اسپند جاوتری
جایفل لونگ دارچینی ایک ایک تولہ کنجد سیاہ مقشر دو تولہ شہد سہ چندان

معجون گھیکوار دافع امراض بارد و مجرب

معجون مستحکم کنندہ قضیب و مقوی باہ

## فصل ایک سو پچیس مفرحات مین

مفرح کہ مالیخولیا کو بعد تنقیہ کے نفع کرے ص جوشاندہ
ہلیلہ کابلی دس تولہ آملہ پندرہ تولہ مین ایک رطل شہد ملاکے قوام کرین و سفوف بادرنجبویہ پوست ترنج

مفرح نافع مالیخولیا

قرنفل سعکی جوز بوا قرفہ قاقلہ نار مشک بہمن سفید درونج عقربی زرنباد زعفران تخم بادروج فرنجمسک ساتے ساتے ماشہ مشک دو ماشہ مخلوط کرین **مفرح** کہ مالیخولیا کو جو احتراق سوداسے ہو دفع کرے و مقوی دل ہے **ص** گل سرخ سعد قرنفل سوا سوا تولہ لسباسہ تخم فرنجمسک قرفہ نو نو ماشہ مشک دو ماشہ سفوف کرکے آدھ سیر شربت سیب مین ملاوین یا قوام مین کہ آدھ سیر قند کا عرق گاؤزبان مین بنایا ہوئے **مفرح بارد** کہ واسطے ضعف قلب و خفقان و وسواس و مالیخولیا کے نہایت مفید ہے **ص** مروارید ناسفتہ تین تین ماشہ کہربائے شمعی بسد صندل سفید کشنیز خشک سات سات ماشہ طباشیر سفید بہمن سفید گل سرخ گل گاؤزبان سوا سوا تولہ بہمن سرخ پوست بیرون پستہ تخم خرفہ مقشر زرشک ابریشم مقرض نو نو ماشہ گل ارمنی چار ماشہ ورق نقرہ بیس عدد ورق طلا دس عدد قند سفید آدھ سیر بدستور بناوین **مفرح حار** کہ تفریح طبع و تقویت دل مین قوی التاثیر ہے **ص** سنبل سلیخہ قاقلین پانچ پانچ ماشہ درونج عقربی اسطوخودوس تمام ایک ایک تولہ کندر زعفران زرنباد عود غرقی ساذج دارچینی تخم بادرنجبویہ کہربا برگ گاؤزبان گل سرخ نو نو ماشہ شہد سہ چندان **مفرح دلکشا** کہ ضعف دل و وسواس سوداوی و مالیخولیا و خفقان کو زائل کرے و دل کو قوت دیوے و نشاط تمام لاوے **ص** مروارید ناسفتہ مرجان تین تین ماشہ تخم بادرنجبویہ پوست اترج پوست بیرون پستہ صندلین گل سرخ تخم فرنجمسک طباشیر سفید نو نو ماشہ کہربائے شمعی سنگ یشب سبز قرنفل زعفران کافور پانچ پانچ ماشہ کبابۂ چینی بہمنین دارچینی عود غرقی کشنیز مقشر زرنباد گل گاؤزبان آملہ زرشک سات سات ماشہ نبات سفید آدھ سیر ساتھ عرق گلاب و عرق کیوڑہ بالمناصفہ کے قوام کرکے بدستور بناوین **مفرح معتدل** کہ مقوی اعضائے رئیسہ و دافع خفقان و اختلاج قلب و وسواس ہے **ص** برگ گاؤزبان کہربائے شمعی کشنیز مقشر ابریشم مقرض بہمن سفید گل سرخ پوست اترج تخم خرفہ صندل سفید سب مساوی الوزن نبات سفید سہ چندان **مفرح** کہ مقوی باہ و دل و جگر و مولد منی و ملذذ جماع و منقی گردہ و مثانہ و دافع کدورت حواس ہے **ص** شقاقل خولنجان ثعلب مصری بہمنین تودریین لسان العصافیر تخم بابونہ خارخسک تخم شلجم مغز تخم خربزہ مغز تخم خیارین دانہ خشخاش سفید مغز تخم کرڑ مغز تخم پنبہ دانہ نو نو ماشہ جوز بوا زنجبیل کبابۂ چینی اسارون عود خام بوزیدان چھ چھ ماشہ نبات سفید ڈیڑھ پاؤ بدستور بناوین

مفرح دافع مالیخولیائے سوداوی

مفرح بارد نافع خفقان و وسواس وغیرہ

مفرح حار مفرح طبع و مقوی دل

مفرح دلکشا مزیل ضعف دل و خفقان وغیرہ

مفرح معتدل مقوی اعضائے رئیسہ و دافع اختلاج وغیرہ

مفرح مقوی باہ و دل و جگر وغیرہ

## حرف النون

نبیذ خرما مولد منی و مقوی باہ وغیرہ

**فصل ایک سو چھبیسوین** نبیذ مین **نبیذ** خرما کہ تولید منی و تقویت باہ و فربہی بدن کی کرے و منشط
و منشی ہو **صں** خرما سات سیر ایک من پانی مین جوش کرین جب نصف پانی باقی رہے جوزبوا قرنفل دارچینی
زنجبیل سافج ہندی الایچی سرخ دو دو تولہ پوست ترنج تین تولہ برگ نارنج پانچ تولہ زعفران چھہ ماشہ
جملہ نیمکوفتہ کرکے ملاوین و بدستور مرقومہ بالا طیار کرین **نبیذ** کشمش کہ خون صالح پیدا کرے و مقوی

نبیذ کشمش مولد خون و مقوی و منشط وغیرہ

و منشط و منشی ہے **صں** کشمش پانچ سیر گز مصطفی تین سیر بیس سیر پانی اور دس سیر آب نیشکر مین جوش کرین
جب نصف باقی رہے دارچینی سافج ہندی پوست ترنج پانچ پانچ تولہ بزرالبنج قرنفل زنجبیل دو دو تولہ
نیمکوفتہ کرکے ملاوین و بدستور طیار کرین **نبیذ فواکہ** کہ مصلح خون و مقوی و منشی و منشط ہے **صں**

نبیذ فواکہ مصلح دم و مقوی وغیرہ

خرما کشمش ڈیڑھ ڈیڑھ سیر آلو بخارا عناب پاؤ پاؤ سیر پوست اندرونی درخت مغیل و کنار
وانبہ آدھ آدھ پاؤ بیس سیر پانی مین جوش دین جب نصف باقی رہے بزرالبنج دارچینی
سعد کوفی خس قرنفل دو دو تولہ ملا کے بدستور بناوین

نطول نافع صداع حار و سرسام وغیرہ

**فصل ایک سو ستائیسوین** نطولات مین **نطول** کہ صداع حار و تشنج یابس و جنون و سرسام کو
مفید ہے **صں** برگ بنفشہ تخم کدو سے نیمکوفتہ تخم کتان تخم خشخاش تخم خطمی تخم کاہو گل سرخ جو نیمکوفتہ

نطول دافع صداع خماری

بوزن مساوی پانی مین جوش کرکے بدستور سر پر نطول کرین **نطول** کہ صداع خماری کو دفع کرے

نطول دافع سرسام سوداوی کی

**صں** عرق گلاب آدھ پاؤ سرکہ ایک چھٹانک پانی سرد دو سیر مین ملاکے سر پر نطول کرین **نطول**
کہ سرسام سوداوی کو دفع کرے **صں** برگ بنفشہ گل بابونہ شاہسفرم شبت گل نرگس مساوی الوزن

نطول محلل ورم پستان

جوش کرکے تھوڑا روغن کنجد سفید ملاکے نیمگرم استعمال کرین **نطول** کہ ورم پستان کو جو اجتماع
شیر سے ہوا ہوئے تحلیل کرے **صں** گل بابونہ شبت تمام حلبہ اکلیل الملک پودینہ بوزن

نطول دافع سنگ گردہ و مثانہ

مساوی **نطول** کہ سنگ گردہ و مثانہ کو ٹکڑہ ٹکڑہ کرکے براہ بول دفع کرے **صں**
اکلیل الملک گل بابونہ گل سرخ ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ پوست خربزہ خشک پرسیاوشان تخم قلت
نیمکوفتہ دو دو تولہ اشنان اصل السوس پوست بیخ رازیانہ کاکنج حلبہ ایک ایک تولہ برنجاسف

نطول دافع سنگ و درد گردہ و مثانہ

بنفشہ برگ نیلوفر نونو ماشہ **نطول** کہ سنگ و درد گردہ و مثانہ کو دفع کرے **صں** تخم بیدانجیر
پرسیاوشان خارخسک گل بابونہ گل بنفشہ اکلیل الملک گل خطمی تخم کرفس حب القلت حلبہ
عنب الثعلب مرزنجوش پوست بیخ رازیانہ کاکنج برنجاسف برگ سداب گل سرخ انیسون

تخم کشوت تخم کتان دو دو تولہ پوست خشک خربزہ سبوس گندم چار چار تولہ تخم ہلیون ایک تولہ **نطول** که ورم بارد خصیہ قضیب کو مفید ہی اور اوسکے مواد غلیظہ کو تحلیل کرے **ص** پودینہ مرزنجوش عنب الثعلب دو دو تولہ زہرۂ گاؤ ایک عدد شہد ایک تولہ باہم جوش کرکے نطول کرین

## فصل ایک سو اٹھائیسوین نفوخات مین

**نفوخ** کہ درد سر بارد و درد نیم سر و نزول آب اور دوسرے امراض بارده مزمنۂ آنکھ کو مفید ہی **ص** غلۂ گندم کو تین بار شیر آک مین تسقیہ دیکر سفوف کرکے ناک مین استعمال کرین **نفوخ** کہ درد سر بارد و شقیقہ کو مفید ہی **ص** جوز بوا نہ زنجبیل قرنفل دارچینی فلفل سیاہ تین تین ماشہ دانۂ الایچی خرد زعفران دو دو ماشہ صندل سفید چار ماشہ سفوف کرکے عرق گلاب مین خم کرکے بعد خشک کرنیکے استعمال کرین **نفوخ** کہ صرع کو دفع کرے **ص** شحم حنظل نوساور شونیز کندش فلفل گرد بوزن مساوی سفوف کرکے **نفوخ** کہ سکتہ کو نفع کرے **ص** جند بیدستر فلفل گرد کندش سداب ہموزن **نفوخ** کہ مفلوج کو مفید ہی **ص** کندش فلفل سیاہ عقرقرحا زنجبیل بورۂ ارمنی نوساور صبر دارچینی خربق سفید مرزنجوش خشک بوزن مساوی سفوف کرکے نفوخ کرین خواه سب کے سفوف کو آب مرزنجوش مین حل کرکے ناک مین قطور کرین **نفوخ** کہ رعاف کو بند کرے **ص** کاغذ سوختہ صدف سوختہ ایک ایک جزو سوہاگہ نیم جزو **ایضاً** مازو نیم سوختہ کشنیز کندر خون سیاوشان صبر شب یمانی بوزن مساوی **نفوخ** کہ سقوط لہات کو مفید ہی **ص** مازو سبز گل سرخ گلنار پودینہ چار چار ماشہ عقرقرحا دانۂ الایچی سرخ طباشیر دو دو ماشہ زعفران ایک ماشہ سفوف کرکے بدستور حلق مین پھونکین کہ لہات پر پہونچے **ایضاً** عدس نوساور زرد ورد مساوی الوزن

## فصل ایک سو انتیسوین نقوعات یعنی خیسانده مین

**نقوع** زرشک کہ حرارت جگر دفع کرے ومعدہ و جگر کو قوت دیوے **ص** زرشک چھہ ماشہ تخم کشوث تخم کاسنی نیمکوفتہ چار چار ماشہ نبات سفید ڈیڑھ تولہ **نقوع** کہ یرقان زرد و سدۂ ماساریقا کو دفع کرے **ص** تخم کاسنی چھہ ماشہ بادیان بیخ بادیان تین تین ماشہ مکوے چار ماشہ سکنجبین سادہ دو تولہ **نقوع** کہ یرقان سیاہ کو دفع کرے **ص** گل سرخ بادرنجبویہ چار چار ماشہ برگ شاہترہ افتیمون تین تین ماشہ مویز منقی ایک تولہ سکنجبین سادہ دو تولہ **نقوع** کہ تپ صفراوی کو دفع کرے **ص** برگ گاؤزبان برگ بنفشہ گل نیلوفر گل سرخ چار چار ماشہ آلو بخارا دس دانہ نبات سفید ڈیڑھ تولہ **ایضاً** تخم کاسنی نیمکوفتہ نو ماشہ تخم خرفہ نیمکوفتہ چھہ ماشہ

نطول دافع ورم خصیہ وقضیب

نفوخ نافع درد سر بارد وغیرہ

نفوخ نافع درد سر وشقیقہ

نفوخ دافع صرع

نفوخ نافع سکتہ

نفوخ نافع مفلوج

نفوخ حابس رعاف

نفوخ نافع سقوط لہات

نقوع زرشک دافع حرارت جگر ومعدہ وغیرہ

نقوع دافع یرقان زرد وغیرہ

نقوع دافع یرقان سیاہ

نقوع دافع تپ صفراوی

*نقوع دافع تپ مرکب بلغم و صفرا وغیرہ*

گل سیوطی چار ماشہ آلو بخارا سات دانہ تمرہندی دو تولہ نبات سفید ڈیڑھ تولہ **نقوع** کہ تپ مرکب بلغم و صفرا کو
دفع کرے **ص** عنب الثعلب بادیان تخم کاسنی تخم کاہو تخم خرفہ چار ماشہ مویز منقی دس دانہ تخم خطمی نیلوفر
تین ماشہ شکر سفید دو تولہ **ایضاً** برگ شاہترہ کشنیز خشک گل نیلوفر گل سرخ چار چار ماشہ
تخم خطمی تخم خبازی اصل السوس پانچ پانچ ماشہ سکنجبین سادہ ڈیڑھ تولہ

## حرف الواو

*وجور دافع حالت صرع*

**فصل ایک سو تیسوین** وجور مین **وجور** کہ حالت صرع کو دفع کرتا ہے مصروع کو ہوش مین لاوے **ص** حلتیت
دو جز چند بیدستر ایک جز پانی مین گھول کر **ایضاً** بادیان انیسون زیرہ سیاہ ساوی پانی مین پیس کر شیر گرم **وجور**

*وجور دافع سرفہ بلغمی اطفال*

کہ کھانسی بلغمی اطفال شیر خوار کو دفع کرے **ص** اتیس بیج چار چار ماشہ بہارنگی کاکڑا سینگی ناگر موتھا پیپا بانسہ
ہلیل جھجھہ ماشہ سفوف سرمہ سا کرکے یک نیم چند شہد مین ملا کر رکھین بقدر دو رتی یا زیادہ اوس سے موافق
مزاج مریض کے شیر دایہ خواہ پانی مین گھول کر **ایضاً** کہ جمیع اقسام کھانسی اطفال کو مجرب ہے **ص** پھٹکری مول
کاکڑا سینگی پیپر اموں شکر تیغال بوزن ساوی شہد یک نیم چند خوراک بقدر مناسب ساتھ شیر دایہ یا پانی کے

*وجور دافع صرع اطفال*

**وجور** کہ صرع اطفال کو مفید ہے **ص** صعتر چند بیدستر زیرہ سیاہ ایک ایک رتی ساتھ شیر دایہ کے

*وجور کہ دفع غشی مجرب است — وجور دافع غشی کہ بعارضہ ہیضہ باشد*

**وجور** کہ دفع حالت غشی کو مجرب ہے **ص** مشک و عنبر قدرے قدرے عرق گلاب مین گھس کر **وجور** کہ غشی کو
جو بعارضہ ہیضہ کے ہو فوراً دفع کرے **ص** نارجیل دریائی عرق گلاب مین گھس کر حلق مین ٹپکاوین

## حرف الیاء

**فصل ایک سو اکتیسوین** یاقوتی مین **واضح** ہو کہ بعضون کے نزدیک یاقوتی کی ترکیب [illegible]
دریافت ہوتا ہے کہ ارسطو نے واسطے سکندر کے یاقوتی بنائی تھی پس قدامت اوسکی ظاہر ہے اور یاقوت سب جواہرات
خوردنی سے مضبوط زیادہ اور قوی ہے لہذا گھسنا اوسکا زیادہ چاہیے کہ زیادہ گھسنے سے طبیعت قبول کرتی ہے بارہ
پہر سے کم نچاہیے و اٹھائیس پہر سے زیادہ نہین و یاقوت کو مع دیگر جواہرات کے عرق کیوڑہ و گلاب مین کھرل کرنا

*یاقوتی دافع جنون و وسواس وغیرہ*

چاہیے و باقی اجزا کو علیحدہ سفوف کرنا چاہیے **یاقوتی** شیخ الرئیس نے واسطے جنون و وسواس و جمیع
امراض سوداوی کے مفید و مقوی دماغ و قلب لکھا ہے **ص** یاقوت رمانی تین ماشہ مروارید ناسفتہ پانچ ماشہ
حجر ارمنی حجر لاجورد سات سات ماشہ مشک دو ماشہ زعفران کافور تین تین ماشہ عرق گلاب مین صلایہ
کی جاوین و سفوف گل گاوزبان تخم کاسنی کہربا ے شمعی ابریشم مقرض سرطان محرق تخم فرنجمشک اسطوخودوس

بہمن سفید حب خام دانۂ الایچی سفید جدوار خطائی عود روبخ عقربی سنبل الطیب گل سرخ مغز تخم خیار ریدار چہہ
چھہ ماشہ سب چیدان شربت انار شیرین مین بدستور مخلوط کرکے بعد چالیس روز کے تین ماشہ سے چھہ ماشہ تک

یاقوتی نافع جملہ اقسام مالیخولیا

استعمال کی جاوے **یاقوتی** مرتبہ حکیم حاذق الملک اکمل خان کہ جملہ اقسام مالیخولیا کو مفید و مقوی باہ ہو **ص**
یاقوت مروارید کہربا بسد یشب لاجورد نو نو ماشہ ساذج ہندی گل سرخ برگ گاؤزبان بہمنین تودریین
کشنیز خشک آملہ صندلین دو دو تولہ عود ہندی دانۂ قاقلتین دارچینی ابریشم مقرض سنبل الطیب بہمن ترنج
ایک ایک تولہ مشک دو ماشہ زعفران فرنجمشک درونج عقربی بوزیدان چھہ چھہ ماشہ ورق نقرہ بیس عدد
ورق طلا بیس عدد نبات سفید یک نیم رطل عرق کیوڑہ و گلاب ڈیڑھ ڈیڑھ پاؤ مین قوام کرکے بدستور

یاقوتی مقوی دل و دماغ وغیرہ

بناوین **یاقوتی** کہ اخراج فضلات محترقہ و رطوبات غلیظہ و سوداوی و دفع مالیخولیائے مراقی کرے
و تقویت دل و دماغ و اعضائے رئیسہ و حرارت غریزی و باہ و ازالہ توحش و ملال مین بے نظیر ہو **ص**
یاقوت رمانی بسد مروارید ناسفتہ کہربا سات سات ماشہ لاجورد نو ماشہ برگ گاؤزبان مصطگی رومی تخم خرفہ
تخم فرنجمشک تخم کاہو مغز تخم خیار مغز تخم کدوے شیرین صندل سفید ایک ایک تولہ طباشیر دانۂ الایچی سفید
سنبل الطیب زعفران چھہ چھہ ماشہ ورق نقرہ ورق طلا بیس بیس عدد نبات سفید ایک رطل بدستور بناویں

## خاتمہ مشتمل اوپر دو فصل کے

دوا دافع سوزاک مزمن و ضیق النفس وغیرہ

**فصل پہلی** نسخہ جات اسرار الاطبا مین **دوا** کہ سعال مزمن و سوزاک کہنہ و ضیق النفس و تپ ہائے
باردہ و امراض باردہ معدہ و جگر و طحال و گردہ کو دفع کرے و مقوی باہ و مغلظ منی ہو **ص** صدف
کلان و شفاف جس سے موتی نکلا ہو یہ چار چیز سفوف کرکے ہرن کھوپری رانگا ورق ہائے باریک ریزہ
ریزہ کرکے ایک جز ایک کو ٹھلیا مٹی مین مغز گھیکوار اسقدر ڈال کر دو نون چیزین مذکورہ الذکر بیان مین
ہو جاوین اور کو ٹھلیا کو گل حکمت کرکے ایک گڑھے مین پانچ دشتی بھر کے پھونک دیوین بعد سرد ہونے کے
نکال کر سفوف کر ڈالین اور ایک رتی سے دو رتی تک زبان پر رکھکر نگل جاوین اور ایک ماشہ کھاویں

دوا دافع درد مثانہ و معدہ و جگر وغیرہ

**دوا** کہ درد مثانہ و درد جگر و ضیق النفس کو دفع کرے و تقویت باہ مین عجیب الاثر ہو **ص** خصیہ
گوسفند جوان کو پھاڑ کر زہرہ اور اندر جو ریزہ سا ہے نطرون تین تین ماشہ سفوف کرکے اوس پر
چھڑکین اور خشک کرکے سب کو سفوف کر رکھین صباح چھہ ماشے کھا کر تھوڑا پانی اوس پر پیوین

دوا کہ باستعمال بر قضیب زن فریفتہ گردد

**دوا** کہ اگر مرد قضیب پر لگا کے مباشرت کرے عورت اوس پر فریفتہ ہو و اگر عورت فرج مین

لگاکے مجامعت کراوے تو مرد اوسکا فریفتہ ہو **ص** فلفل دراز سوپاگا خام پنجال کبوتر کافور جملہ بوزن

**روغن نخود مقوی باہ بے نظیر**

مساوی شہد مین ملاکے **روغن** روغن نخود شیشۂ معکوس سے جیسا دستورات مین لکھا ہی طیار

کرین اگرچہ بدبو ہوتا ہی مگر کسی تدبیر سے کھانا اوسکا کسی چیز مین ملاکے ازبس مقوی باہ ہی نظیر نہین

**ضماد مقی ومسہل ومدر بول وحیض**

رکھتا **ضماد** کہ اگر معدے پر رکھین قی لاوے واگر ناف پر رکھین اسہال لاوے واگر پیڑو پر رکھین ادرار

بول وادرار حیض کرے **ص** برنگ کابلی عصارۂ قثاء الحمار تین تین ماشہ خربق سفید مرداسنگ

چار چار ماشہ سفوف کرکے اولاً چار تولہ روغن زیت یا روغن سرشف کہنہ مین موم سفید و چربی

**ضماد مسہل سودا وصفرا وبلغم**

گوسفند ایک ایک تولہ گداخت کرکے سفوف مذکور ملاوین **ضماد** کہ اگر پارچۂ کتان پر لگاکے

فم معدہ پر رکھین اسہال سوداوی کرے واگر زیر بغل کے لگاوین اسہال صفراوی کرے واگر

جانب پشت درمیان دونون ورک کے ضماد کرین اسہال بلغم کرے **ص** ترمس مقشر ایک چھٹانک

دیگچی مین رکھکر اسقدر شیر تازۂ مادہ گاو ڈالین کہ ترمس بند ہو جاوے پھر اسقدر آنچ دیوین کہ بالکل

**طلا محافظ ودافع رودہ کہ در خصیہ فرود آید**

دودھ جذب ہو جاوے تب پیس کر روغن گاو ملاکر استعمال کرین **طلا** کہ خصیہ پر لگانے سے اوتری

ہوی آنت کو چڑھاوے وآیندہ کو حفاظت وانسداد اوترنے آنت کی کرے **ص** افیون دو ماشہ

بھروزہ چھہ ماشہ پانی مین گھولا کرکے (ادرک میں گھول کر) ایک ٹکڑے کپڑے پر لگاکے اوسپر چار ماشہ لوبان چھہ ماشہ

مازو سفوف کرکے چھڑکین وخصیہ پر روغن بابونہ خواہ روغن سرشف لگاکے کپڑا مذکور رکھکر

**لعوق دافع تپ وسرفۂ مزمنہ**

باندھین وبعد چار پہر کے تجدید کرین وبعد آنت چڑھنیکے بھی چند روز استعمال کرین **لعوق**

کہ تپ وکھانسی کہنہ کو دفع کرے **ص** دانۂ الایچی سفید طباشیر سفید چھہ چھہ ماشہ پیپر خرد ایک عدد

دارچینی ورقی ایک ماشہ سفوف کرکے جسقدر شہد مین قابل چاٹنے کے ہو جاوے ملاوین اور

**معجون دافع صرع**

ایک ایک ماشہ صبح اور دوپہر روز اور شام کو چاٹین **معجون** مخترعۂ جالینوس کہ دفع عارضۂ صرع مین

اسرار سے ہی **ص** عاقرقرحا پانچ تولہ سفوف باریک کرکے پانچ تولہ سرکۂ کہنہ کے ساتھہ کھرل

**معجون دافع صرع در سہ ہفتہ**

کرکے سات تولہ شہد مین ملاوین وہر روز چار ماشہ کھاکر تین تولہ پانی پیا کرین **معجون**

مخترعۂ محمد بن زکریا رازی کہ باستعمال تین ہفتہ کے دفع عارضۂ صرع مین اسرار سے ہی **ص**

عاقرقرحا افتیمون اسطوخودوس بسفایج فستقی مساوی الوزن سفوف کرکے دوچندان مویز

**اسرار مقوی باہ ودافع استسقائے رطوبی**

طائفی مین پیس کر ملاکے پکاوین خوراک چار ماشہ سے سات ماشہ تک **اسرار** نیولے کا گوشت

خشک کر سفوف بناکے کھانا تقویت باہ و دفع استسقاے رطوبی مین عجیب الاثر و فا. زہر جملہ سموم کا ہی

اسرار دافع درد عرق النسا

**اسرار** درد عرق النسا اگرچہ علت سخت ہی مگر علامۂ محمد زکریا رازی نے اپنا تجربہ لکھا ہی کہ صبر سقوطری و ہلیلۂ زرد و سورنجان شیرین ہموزن گولی بناوین و نو ماشہ کھاکر قدرے آب گرم نوش کرے پانچ چھہ اسہال ہوتے ہین و فوراً مرض دفع ہوتا ہی **اسرار** ہیترہ جو تالاب و جھیل و آب کثیر کے کنارے جمتا ہی اوسکو گوندھی کہتے ہین اور اوسکا بوریا بناتے ہین جلاکر خاک اوسکی پانی مین گھول کر پینا نفث الدم کو دفع کرتا ہی اور سرکہ مین گھول کر ٹپکانے سے ناصور دفع ہوتا ہی

اسرار تدھارا دافع وجع المفاصل

**اسرار** تدھارا پانی مین پیس کر نیمگرم لگانے و باندھنے سے وجع المفاصل یعنی گٹھیا دفع ہوتا ہی

**فصل دوسری** برء الساعۃ مین **واضح** ہو کہ بعض امراض دوا مناسب سے بحکم آلٰہی فوراً دفع ہوتے ہین اونمین سے **درد سر** ہی اگر ہو مقدم سر و پیشانی مین دفع ہوتا ہی بحکم آلٰہی فصد سر و حجامت دیگر سے و افیون سونگھنے و اندر ناک کے و کنپٹی پر لگانے سے و پھول تازۂ گلاب یا خشخاش سفید سونگھنے و لگانے سے و اگر ہو درمیان سر مین دفع ہوتا ہی کپڑا روغن گل مین تر کر کے مقام درد پر رکھنے سے اور روغن گل و نمک تلوون پر لگانیسے و مشک سونگھنے و ناک مین ٹپکانے اور پوست تازہ ہدہد کا سر پر باندھنے و کباب چینی گلاب مین پیس کر سر پر لگانے سے و اگر ہو موخر سر مین مائل بگردن دفع ہوتا ہی مقیات بلغم سے و ریوند چینی و گل بابونہ نیمگرم لگانے سے **شقیقہ** یعنی درد نیم سر کسی طرف ہو دفع ہوتا ہی ناک مین دھوان لینے سے استخوان سگ سے یا دونا مروا کی پتی ناک مین نچوڑنے و نیمگرم لگانے و ریٹھا پانی مین پیس کر ناک مین ٹپکانے سے **صرع** کی حالت دفع ہوتی ہی ریٹھا روغن بادام تلخ مین گھس کر ناک مین ٹپکانے اور زنجبیل و مرچ سیاہ و کندش یا پیخال فاختہ و زنجبیل ناک مین پھونکنے سے و غاریقون و کمون و عقرقرحا و اسطوخودوس مساوی الوزن دوچندان شہد کے ساتھ معجون بناکے کھانے سے **حالت سکتہ** دفع ہوتی ہی کندش مرچ سیاہ ناک مین پھونکنے و مشک ناک مین ٹپکانے دونا مروا ناک مین نچوڑنے سے **صرع اطفال** دفع ہوتی ہی جدوار شیر مادر مین گھس کر پلانے سے یا عود صلیب یا عود فاوانیا پانی مین پیس کر گلے مین ٹپکانے سے یا مرجان یا پشنک بزسے درمیان دونون ابروکے داغ دینے سے **زکام** دفع ہوتا ہی آب گرم کے نطول سے اوسط سر پر ایسا

کہ گرمی وسکے دماغ میں محسوس ہوئے یا کپڑا گرم کرکے سینکنے سے یا غلہ بارہ ہریا نخود یا موٹھ

نمک ملاکر پوٹلی بناکے سینکنے سے **ہیجان چشم** اگر ہو دھوپ میں چلنے سے دفع ہوتا ہی فورًا

افیون سونگھنے و آنکھ پر لگانے سے و شیر دختران یا شیر بز سے روئی ترکرکے آنکھ پر رکھنے سے

و اگر ہو آگ کے نزدیک بیٹھنے سے دفع ہوتا ہی ہلیلۂ زرد لگانے یا آملہ عرق گلاب میں پیس کر

لگانے یا عرق گلاب میں روئی ترکرکے آنکھ پر رکھنے سے **درد دانت** کا دفع ہوتا ہی دو تین

مویز روئی میں لپیٹ کر پانی سے ترکرکے تخم اوسکا نکال کر دانت کے دبانیسے یا پوست درخت

مولسری دانت کے دبانے سے یا پوست درخت مولسری و افیون و کافور کے منجن کرنے سے بحکم الٰہی

**گندہ دہن** دفع ہوتا ہی مویز طائفی و قرنفل و قاقلہ خرد کی گولیاں بناکے مونہہ میں رکھنے سے

یا اشنہ و سعد جوش کرکے باضافہ شہد مضمضہ کرنے سے **خناق** فورًا دفع ہوتا ہی بحکم الٰہی

غرغرہ کرنے سے آب توت و سرگین گرگ سے یا خیار شنبر و پیخال ابابیل سے **حلق** میں لگی جونک

یا چھا کانٹا و ہڈی دفع ہوتا ہی غرغرہ کرنے سرکہ شراب سے یا غرغرہ جوشاندہ نانخواہ سے

**درد گوش** دفع ہوتا ہی زرد پتا مدار کا یا سداسوہاگ یا سودرسن کا پتا یا جھاؤ کا پانی کان میں

نچوڑنے سے یا افیون گھول کر کان میں ٹپکانے سے یا ر سوت شیر بز میں گھول کر کان میں ڈالنے سے

**آواز گوش** علامہ محمد بن زکریا رازی نے اپنے رسالہ برء الساعۃ میں جو بجماعت حکماے ہم عصر

بحضور وزیر الممالک ابی القاسم کے تحریر کیا تھا لکھا ہی کہ افیون جید پانی میں گھول کر کان میں

ڈالنے سے فورًا دفع ہوتا ہی بحکم الٰہی اور روغن شبت یا روغن ترب یا روغن سیر ٹپکانے سے **رعاف**

بند ہوتی ہی فورًا سفوف پھٹکری بریاں کا ناک میں پھونکنے سے یا حجامت پس گردن سے یا ابر مردہ کی

خاک یا مے شتر کی خاک ناک میں پھونکنے سے یا کافور پانی میں گھول کر ناک میں ٹپکانے سے یا گج کہنہ یا آملہ پیشانی پر

لگانے سے **قولنج** دفع ہوتا ہی فورًا معجون ملوکی یا حب الملوک کی گولی کھانے سے یا شحم حنظل کا شافہ کرنے سے

یا جوشاندہ بیخ بانس یا روغن بید انجیر پینے سے و پیخال تازہ مرغ یا کبوتر کہ گرمی اوسکی باقی ہو

ناف پر رکھنے سے **مغص** دفع ہوتا ہی آگ کی جڑ پانی میں پیس کر نیمگرم پیٹ پر لگانے سے یا شیرہ مغز تخم کدو

و شیرہ تخم بادام نیمگرم پینے سے **زحیر اطفال** دفع ہوتا ہی حب الرشاد و زیرہ سیاہ مساوی سفوف

کرکے روغن گاو سے چرب کرکے شیر دایہ میں گھول کر پلانے سے **خروج مقعد** علامہ موصوف نے

مین لکھا ہو کہ دفع ہوتا ہی پوست سم و شاخ گو سفند سوختہ جفت بلوط و گلنار و مازو و زرور و دانۂ انار ہموزن پیس کر لگانے و باندھنے یا انھین اجزا کو پانی مین گھول کر بطور آبزن بیٹھنے سے **حبس بول** دفع ہوتا ہی پشک موش یا نمک سجی یا شورہ قلمی پانی مین گھول کر ناف پر رکھنے سے یا ریشۂ زعفران احلیل مین رکھنے سے **زوال** درد و آسانی ولادت ہوتی ہی بال انسان یا بال اسپ جلا کر دھونی دینے سے وکندش سفوف کرکے شہد ملا کے ناف پر رکھنے سے **بواسیر** علامۂ ممدوح نے کتاب مذکور مین لکھا ہی کہ توت شامی و مقل ہموزن کے گولی بنا کر بقدر مناسب کھانے و لگانے سے دفع ہوتی ہی فوراً **راہ** زیادہ چلنے کی ماندگی و سختی و بستگی اعضا فوراً دفع ہوتی ہی اس طرح کہ جملہ ناخن پر کسی قسم کا تیل لگاوے یا کہ بایام گرما سرد پانی مین و بایام سرما گرم پانی مین تا بزانو کھڑا ہوئے اور دلک کرے وہین تلک اور باقی جسم پر پانی نہ پونہچاوے **خارش** خشک اطراف کی دفع ہوتی ہی فوراً اگرم پانی مین نمک ملا کر دھونے سے واللہ اعلم

## تمت

**خاتمۃ الطبع** خدا کا شکر ہی کہ افادات نافعۂ حکیم بیبدیل حاذق فقید المثیل مطرح فیوض فیاض واہب جناب حکیم احسان علی صاحب مفید مبتدیان عین منتہیان نسخۂ لاثانی یعنی **قرابادین احسانی** مع ضمیمۂ جدیدہ کہ جناب مصنف نے پھر اضافہ فرمایا باہتمام راجی غفران **محمد عبد الرحمن** بن حاجی محمد روشن خان اسکنہ اللہ فرادیس الجنان شہر ربیع الآخر ۱۲۸۶ ہجری مطبع نظامی واقع شہر کانپور مین چھپی

## اشتہار

یہ کتاب حسب مراد قانون بستم ۱۸۶۷ء داخل ہی جسٹر سرکار ہوئی ہی بغیر اجازت فقیر مہتمم کے کوئی صاحب ارادہ چھاپنے کا نفرماوین فقط

### وجہ مہر کی خاتمہ پر

واسطے سند اس بات کے کہ یہ کتاب جو چھپی ہوئی مطبع نظامی واقع کانپور کی ہی مہر و دستخط مہتمم کے اخیر مین ثبت کیے گئے

محمد روشن خان حنفی ۱۲۷۳
محمد عبد الرحمن بن حا

العبد
عبد الرحمن عفی عنہ بن حاجی محمد روشن خان حنفی بقلم خود

# علم اجمالی فوائد نسخۂ لاثانی یعنی فہرست قرابادین احسانی

جدول تسہیل اسمائے ادویہ مندرجہ اس کتاب کی مگر جس دوا کا نام دوسرا نہین ہی یا کہ نام معروف لکھا گیا ہی وہ اس جدول مین نہین ہی

| اسمائے طبیہ مندرجہ کتاب ہذا | اسمائے عرفیہ خواہ ماہیت مختصر | اسمائے طبیہ مندرجہ کتاب ہذا | اسمائے عرفیہ خواہ ماہیت مختصر | اسمائے طبیہ مندرجہ کتاب ہذا | اسمائے عرفیہ خواہ ماہیت مختصر | اسمائے طبیہ مندرجہ کتاب ہذا | اسمائے عرفیہ خواہ ماہیت مختصر |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **الف** | | اشنان | گھاس ہی | بیخ لفاح | جڑ ہی | چرک مس | تانبے کا میل |
| راذخر | گندھیل | آگ | مدار | بہمنین | جڑ ہی | | جو گھلانے |
| اسارون | سوگندہ بالا | رازا راقی | کچلہ | بید انجیر | ریند وارند | | مین نکلتا ہی |
| | ودنتر بالا | اسفاناخ | پالک | برسیاوشان | سنبل چاہی | چرک آہن | لوہے کا میل |
| انیسون | بادیان رومی | اسفنج | ابر مردہ | | گھاس ہی | | جو گھلانے |
| اسطوخودوس | گھاس ہی | **ب** | **پ** | بادروج | تلسی جنگلی | | مین نکلتا ہی |
| اختیمون | بیل ہی بدون جڑ کے | بلادر | بھلاوان | **ت** | | چشنام | چاکسو |
| | درختون پر پھیلتی ہی | بنجنگشت | سنبھالو منڈی | تربد | نسوت | **ح** | |
| اکلیل الملک | ناخنہ | بذرالبنج | خراسانی اجواین | ترب | مولی | حنظل | اندراین و |
| ایلوہ | مصبر اور کالا | بادرنجبویہ | بلی لوٹن | ترہ تیزک | دانہ ہی | | واندوسن |
| اظفار الطیب | نکھ | برنگ کابلی | باسے برنگ | ترنج | لیموں ہی | حلبہ | میتھی |
| ابہل | کنکول مرچ | برنجاسف | تلسی | تودریین | دانے ہین | حب القلت | کلتھی |
| افسنتین | گھاس ہی | بادیان | سونف | ترمس | بھٹوالنس | حب الغار | تخم جوالسہ |
| اشنہ | چھڑیلہ | بیخ کبر | جڑ ہی | **ج** | **چ** | حماض | چوکا |
| انگزد | ہینگ | بسد | مونگا | جند بیدستر | سنگ دریائی کا | حلتیت | ہینگ |
| انگوزہ | ہینگ | بسباسہ | جاوتری | | خصیہ ہی | حضض | رسوت |
| انزروت | لائی گوند ہی | بسفایج | جڑ ہی | جرجیر | لٹ جیرہ | حسک | گڑ وبرے |
| اصل السوس | ملٹھی | بوزیدان | جڑ ہی | جاوشیر | گوند ہی بدبو | حرمل | اسپند |
| اقاقیا | عصارہ ہی | بورہ ارمنی | نمک ہی | جندبلیانا | پکھان بید | **خ** | |
| | ببول کی پھلی کا | بیخ خہک | ملنہٹھی | جوزبوا | جایفل | خردل | رائی خرد |
| انار دانہ | غلہ ہی ہمشکل | بیخ لی | نرگل کی جڑ | جدوار | نربسی | خردلہ | رائی خرد |
| | منڈوا کے | بلوط | پھل ہی | جوزالقی | مین پھل | خربق | کٹکی |
| اشق | گوند ہی | پشک موش | چوہے کی مینگنی | جوزماثل | دھتورہ | خطمی | خیرو |
| انجرہ | تخم اوٹنگن | باقلا | فلہ ہی | | تاتورہ | خولنجان | کلیجن یعنی پان کی جڑ |

| اسمای طبیہ مندرجہ کتاب ہذا | اسمای عرفیہ خواہ ماہیت مختصر |
|---|---|
| خارخسک | گوکھرو کلان وخرد |
| خبث الحدید | چرک آہن |
| خشخاش سفید | پوستہ جسکا پھول سفید ہوتا ہی |
| خشخاش سیاہ | لالہ جسکے پھول سرخ مین سیاہی ہوتی ہی |
| **د** | |
| دار فلفل | پیپل پور پیپرا مول |
| دوقو | تخم گذر جنگلی |
| درونج عقربی | جڑہی نوک کی طرف ٹونڈہی |
| دارچینی | لکڑی بودار ہی |
| دیودار | لکڑی چکنی ہی |
| دم الاخوین | رنگ برت گوند ہی |
| **ذ** | |
| ذراریح | تیلن کیڑا پرندہ ہی ابلق سرخ وسیاہ برسات مین گھاس پر پیدا ہوتا ہی |
| **ر** | |
| رازیانہ | سونف |
| ریوند چینی | جڑہی زرد مائل بسرخی |
| ریوند خطائی | ایضاً |
| راتینج | گوند ہی صنوبر کا |

| اسمای طبیہ مندرجہ کتاب ہذا | اسمای عرفیہ خواہ ماہیت مختصر |
|---|---|
| روغن بیدانجیر | رینڈی کا تیل |
| **ز** | |
| زراوند طویل | جڑہی |
| زراوند مدحرج | جڑہی |
| زنجبیل | سونٹھ |
| زعفران | کیسر |
| زرنباد | نرکچور |
| زرنب | تالیس تالیسر |
| زرشک | پھل ہی ترش |
| زردچوب | ہلدی |
| زردچوبہ | ہلدی |
| زرورد | گلاب کے پھول کا زیرہ |
| زوفای یابس | گھاس ہی |
| زوفای رطب | میل وعرق ہی جو دنبے وگوسفند کوہی کے کنج ران وغیرہ مین ہوتا ہی |
| زبدالبحر | کف دریا |
| زبل گرگ | بھیڑیے کی بیٹ |
| **س** | |
| سعد کوفی | ناگر موتھا |
| سنبل الطیب | جٹا مانسی وبالچھڑ |
| سلیخہ | تج |
| سازج ہندی | تیج پات |
| سماق | تن تریک |

| اسمای طبیہ مندرجہ کتاب ہذا | اسمای عرفیہ خواہ ماہیت مختصر |
|---|---|
| سداب | تیلی بعد برسات کے خود رو ہوتی ہی |
| سدر | کنار |
| سنگ پشت | کچھوا جانور ہی پانی کا |
| سقمونیا | ایلوہ |
| سوسن | نرگس بستانی وصحرائی ہوتی ہی |
| سورنجان شیرین | جڑہی بشکل سنگھاڑا |
| سورنجان تلخ | جڑہی |
| **ش** | |
| شونیز | کلونجی |
| شیطرج | چیت چیتا چیتاور |
| شبت | سویا |
| شقاقل | جڑہی شیرین |
| شاہسفرم | نازبو قسم تلسی |
| شب یمانی | پھٹکری |
| شکاعی | گھاس ہی خاردار وچمکتا رنگ |
| **ص** | |
| صبر سقوطری | ایلوہ گھلوار کا عصارہ ہی |
| صعتر | قسم پودینہ ہی کوہی |
| صمغ عربی | گوند ببول |
| صمغ پلاس | گوند ڈھاکہ |

| اسمای طبیہ مندرجہ کتاب ہذا | اسمای عرفیہ خواہ ماہیت مختصر |
|---|---|
| **ط** | |
| طباشیر | بنسلوچن |
| طلق | ابرک |
| **ع** | |
| عاقرقرحا | لکڑی ہی |
| عود بلسان | لکڑی ہی بلسان کی |
| عود خام | اگر |
| عود ہندی | اگر |
| عفص | مازو |
| عود صلیب | پھل ہی نکیلا |
| عقرب | کژدم وبچھو |
| عذبتین | مائین خرد وکلان |
| عدس | مسور |
| عنب الثعلب | مکوے |
| عصفور | گنجشک خانگی |
| عصافیر | چڑا چڑی |
| **غ** | |
| غاریقون | لکڑی ہی |
| غنچہ گل | گلاب کی کلی ہی |
| غافث | ایک گھاس ہی |
| **ف** | |
| فلفل گرد | مرچ سیاہ |
| فلفل سیاہ | ایضاً |
| فلفل سفید | مرچ سفید |

| اسماے طبیہ مندرجہ کتاب ہذا | اسماے عرفیہ خواہ ماہیت مختصر |
|---|---|
| قلفل دراز | پیپر |
| قرنجمسک | دانۂ خرد مائل |
| | بسیاہی |
| فستق | پستہ |
| قوہ | سنجیٹھہ |
| قلفل مویہ | پیپرا مور |
| فوفل | سپیاری |
| **ق** | |
| قسط شیرین | کوٹ میٹھا |
| قسط تلخ | کڑوا کوٹ |
| قرنفل | لونگ |
| قعنبیل | کمیلہ |
| قرفہ | تج |
| قلت | کلتھی |
| قاقلتین | الاچی چھوٹی |
| | بڑی |
| قثاء الحمار | کریلہ |
| **ک** | |
| کندر | لوبان |
| کبریت | گندھک |
| کمون | زیرہ سیاہ |
| کرکم | زعفران |
| کرفس | اجمودھ |
| کندش | نک چھکنی گھاس ہی |

| اسماے طبیہ مندرجہ کتاب ہذا | اسماے عرفیہ خواہ ماہیت مختصر |
|---|---|
| کشتۂ ارزیز | بنگ |
| کراث | گندنا |
| کشنیز | دھنیان |
| کتان | السی |
| کاکنج | پٹ کوا |
| کباب چینی | سیتل چینی |
| کبابہ | ایضاً |
| کنار | بیر |
| کڑ | بڑی |
| گوگرد | گندھک |
| گلسرخ | گلاب کا پھول |
| گلنار | قسم انار جونہین پھلتا |
| گل ارمنی | گیرو |
| گل شیرازی | گل سرشوی |
| گزمازج | مائین |
| کھیلی کھیلا | ایضاً |
| کرسنہ | مٹر |
| کشنوث | دانہ ہاے خرد بھورا رنگ |
| **ل** | |
| لسان العصافیر | اندرجو |
| لک مغسول | چوری لاکھہ |
| لبلاب | عشق پیچہ سرخ پھول کا |

| اسماے طبیہ مندرجہ کتاب ہذا | اسماے عرفیہ خواہ ماہیت مختصر |
|---|---|
| **م** | |
| مصطکی رومی | گوند ہی |
| مقل ازرق | گوگل |
| مرزنجوش | دونا مروا |
| مر | بول گوند ہی |
| موصلیین | جڑ ہین |
| مغیل | ببول |
| مغاث | دلانے ہین |
| مرو | کنوچہ |
| مشنک | مٹر غلہ ہی خوردنی |
| میعہ سائلہ | سلارس |
| **ن** | |
| نسرین | سیوتی |
| نانخواہ | اجواین دیسی |
| نوشادر | معدنی چیز ہی بشکل قلمی شورہ |
| نمک اندرانی | نمک لاہوری |
| نمک سنگ | ایضاً |
| نشاستہ | گیہون کا ست |
| نمام | قسم تلسی |
| نطرون | گھاس ہی |
| نحاس | تانبا |
| نبیذ | بوزہ |
| نخاع | حرام مغز |
| نخالہ | سبوس و چوکر |

| اسماے طبیہ مندرجہ کتاب ہذا | اسماے عرفیہ خواہ ماہیت مختصر |
|---|---|
| **و** | |
| وج | بچ |
| وسخ | چرک و میل |
| ورق الخیال | بھنگ |
| ورق القنشا | بھنگ |
| ورد | گل سرخ وگلاب کا پھول |
| ورل | گوہ جانور ہی |
| **ھ** | |
| ہالم | چنسر |
| ہلیون | پھل ہی مشل مکوے کے مگر اوس سے کلان |
| ہندبا | کاسنی |
| ہریسہ | غذا ہی |
| **ی** | |
| یاسمین | چنبیلی |
| یاسمن | ایضاً |
| یتوع | جس درخت سے دودھ نکلتا ہی |

تمام شد اسماے ادویۂ طبیہ مندرجۂ قرابادین احسانی در سنہ ۱۲ ہجری نبوی صلعم

# صحت نامۂ قرابادین احسانی

| صفحہ | سطر | غلط | صحیح |
|---|---|---|---|
| ۳۳ | ۵ | صغیر | صعتر |
| ۳۷ | ۵ | شریان | شرناق |
| ایضاً | ۱۵ | لیس | گھس |
| ۴۱ | ۱۳ | فنجنوش | فنجومش |
| ۴۸ | ۵ | ثمد | تُند |
| ۴۹ | ۱۹ | کردات | کرامات |
| ۶۷ | ۱۰ | لگاوین | پکاوین |
| ۷۳ | ۲ | بیخ کنیر | بیخ کبر |
| ۷۷ | ۱ | ہمہ | بیجبند |
| ۷۷ | ۱۳ | برگ تر | برگ گز |
| ۷۸ | ۳۲ | نبات سفید من | نبات سفید تین ماشہ |
| ۷۹ | ۱ | ببسابسہ | نشاستہ |
| ۷۹ | ۱۹ | یکسر خند | یکنیم چند |
| ۱۱۰ | ۲۰ | تحدید | تخدیر |
| ۱۱۱ | ۷ | قلق | فتق |

تمت

ہو الشافی

## اشتہار

یہ کتاب بموجب قانون بستم سنہ ۱۸۴۷ع ہی بارجسٹری گورنمنٹ مین داخل ہے کوئی شخص بدون اجازت
عاجز کے قصد چھاپنے کا نکرے

## وجہ مُہر کی خاتمہ پر

سند اس بات کی کہ یہ کتاب چھپی ہوئی مطبع نظامی واقع کانپور کی ہے مُہر و دستخط مہتمم کے اخیر مین ثبت کیے گئے

محمد روشن خان حنفی ۱۲۶۳ سنہ
محمد عبد الرحمن بن حاجی

العبد
عبد اللطیف بن حاجی محمد روشن خان حنفی تعلم

هوالشافی
سرود سینهٔ اهل نیاز خاموشیست
چراغ خلوت اشراق راز خاموشیست
برای کعبهٔ معنی نماز خاموشیست